ناگنت مین بل ہین پیچ مین دل پھانس لیتے ہین | سنبل سے بڑھ گئے تری زلف دوتا کے بال
ملتا نہین اے پری نہ سنبستان غیب مین | گندھوا کے چوٹی اپنی کمر سے اٹھا کے بال
اندھیر دن دہاڑے ہوا میری آنکھ مین | اے رشک مہر چھپ گئے جیب تم کھا کے بال
پالے ہین آستین مین سانپ آپنے مگر | بازو سے لپٹے رہتے ہین زلف دوتا کی بال
بیمار کو ہے سنبل طبیب اسکے بوسے سر | ہین کھونے والے ہر مرض لا دوا کے بال
کیا گرم پیچ کرکے مرا کھودیا جنون | آسیب تار آتش رخ سے جلا کے بال
مہندی لگائی جاتی ہے زلفونکے بال سے | گویا ہین دام طائر رنگ حنا کے بال
ہے گیسوؤن مین تیغ سیہ تاب کی چمک | کرتے ہین قتل ہمکو وہ اپنے دکھا کے بال

بال

[illegible]

وہ خود یہ کہتی ہین ... پیچ و تاب کھاتی ہی
کرتی ہی خود سری چوٹی
مجھے پڑے سے کبھی کر سے نظارہ ...
کرتی ہی مشق ستمگری چوٹی
کچھ آج ... خدا کرے کہین اڑ جائے یہ پریشانی
نہ دیکھو ... میرے حضور ... کے وہ پری چوٹی

بالونمین

[illegible]

ہوا نمناک مرا تار نظر بالون مین
جسنے سونگھا نہ جیا سانپ سے سونگھ گیا
پیچ سے دانت یہ کنگھی کے بھی کھٹے کرتا
آ گئے اشک جو مژگان پہ تو بیقدر ہوئے
اُسکی بالیدگی زلف کا اللہ رے اثر
کوچۂ زلف مین برسات ہی اسکو نیسے مر
رہروے ملک عدم مجھکو کیا پیری نے
نیشکر نے ہو جو وہ طفل شکر لب ہوسوار
گورے ہاتھون سے جو موباف سیہ کو چھولو
خواب غفلت سے ہو بیدار کہ پیری آئی
سایۂ زلف سے آسیب پری ہوتا ہی
ہو جو نظر دل سے نہان اڑ کے اُسے دیکھ آئین
اوس پڑ جائے اگر دیکھ لے شبنم سنبل
سر چڑھے کیا کوئی اُس قاتل عالم کی بلا
چاندنی دھوپ کی ہی سایہ نمایان محسن

... کی ہوئی عمر بسر بالون مین
سنبل تر کا ہی عالم ترے تر بالون مین
زہر افعی کا وہ رکھتے ہین اثر بالون مین
دل صد چاک کا ہوتا جو گذر بالون مین
پڑ گیا بال پروئے جو گہر بالون مین
پڑھکے شانہ ہوا کنگھی کا شجر بالون مین
چمکین جگنون کیطرح کیون نہ گہر بالونمین
یہ سفیدی نہین ہی گرد سفر بالون مین
گرد اُڑ کر جو پڑے ہو وہ شکر بالونمین
ابھی یہ مشک ہو کافور سحر بالون مین
صاف ظاہر ہی سفیدی سحر بالون مین
کس بلا کا ہی مری جان اثر بالونمین
طاقت آ جائے اگر آنکھ کے پر بالونمین
ایسی تاثیر ہوا ای گل تر سے تر بالونمین
تیغ ہی مانگ تو حلقہ ہی سپر بالونمین
ہین جو تعویذ کے یہ شمس و قمر بالونمین

ضامن علی جلال ولد حکیم اصغر علی ... گو باشندہ لکھنؤ شاگرد امیر علیخان ہلال

[illegible]

ہوش کسکو ہی کھلا ہی کہ بندھا ہی چوٹی / ناک چوٹی میں

کالا موہی ہر اک بال مرے بیٹے کا / مرد موذی کا ڈسے دل دہا نیم جاں چوٹی

بندی درگاہ جو تو چندی کو درگاہ گئی / ایک سے ایک نظر آئی ہی نرالی چوٹی

وصف میں چوٹی کے اک شعر نہ چوٹی کا کہا / جانصاحب نے بھی کیا ہی یہ چھوٹی چوٹی

ولہ

آتی ہی اڑکے آنکھ پہ جو بار بار زلف / جنگلو ہرن کا کھیل رہی ہی شکار زلف

گویا گھٹا نے آج چمن کو ہی چھا لیا / مکھڑے پہ انکے ہی یہ دکھاتی بہار زلف

سنبل لٹا پہ ختم ہی چوٹی کا گوندھنا / چوٹی کی موڑتی ہی میری نوبہار زلف

اٹھتے دھوین ہین دلسے مین کھاتی ہون پیچ و تاب / زلفن کی یاد آتی ہی بے اختیار زلف

خود دم الجھ رہا ہی جدائی سے یار کی / میرے گلے کا ہار ہنوز نہار زلف

لاکھون ہی مردے تجھے دیتے ہین نقد دل / اللہ رے کیا بڑھا ہی ترا اعتبار زلف

مکھڑے پہ اسکے ہلنے سے عقدہ یہ کھل گیا / دل لوں کسیکا اسلیے ہی بیقرار زلف

ہوتی ہی بیکلی مجھے گلنجان کمال حبیب / دیتی الجھ الجھ کے ہی کنگھی کو خار زلف

کچھ بل کی بات تو نہین سیدھی یہ بات ہی / کاکل سُنی ہی دیکھی نہین پیچدار زلف

سنبل لٹا نہا کے نچوڑے جو تونے بال / پانی کی بوندین موتی ہین اور ابر دار زلف

سپند وکے بدلے باجی یہ عنبر سے کیون لٹی ہی / مشکی کی اس خطا پہ کردن تار تار زلف

گویا ان کی موتیون سے بھری مانگ ایسی ہی / دن رات کی دکھاتی ہی گویا بہار زلف

زلف

... ہی چین جعد ختن ہی تتار زلف

... جانگے الٹے خدا اچھا ... / عقرب ہی خال زہر خط سبز مار زلف

کرنا نہ اتنے ربط کسے دیتے ہین یہ ہم / شانے کیطرح دلکو کریگی فگار زلف

پوشیدہ رکھتی ہی رخ پرنور یار کو / اندھیر کیا ہی کرتی ہی لیل و نہار زلف

کسطرح اوج زخم جگر کو ہوا التیام / مرہم کی جا چھڑکتی ہی مشک تتار زلف

سعادت خان **ناصر** ولد رسالت خان باشندہ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہی شاگرد چھوٹے مرزا مذنب

صدمے سے باد کے ہی اگر تار تار زلف / دکھلا رہی ہی سنبل تر کی بہار زلف

گلگشت باغ کی ہی عبث تجھکو آرزو / گل سے ترے عذار ہین سنبل ہی یار زلف

کیا بن پڑی ہی تیری بھی او آفتاب آج / سکھلا رہا ہی دھوپ مین وہ گلعذار زلف

پردے مین خط کے لیتی ہی بوسے وہ آپکے / ٹٹی مین خوب کھیل رہی ہی شکار زلف

کیون مطمئن مرے دل صدچاک سے نہین / شانے کا بھی نہین تجھے کیا اعتبار زلف

مار عذاب قبر مین لپٹینگے جب مجھے / آئیگی یاد آپ کی بے اختیار زلف

نقش قدم ہی **ناصر** شوریدہ سر تو ہو / ہاتھون سے نکلی ہی ترے قامت سے یار زلف

مرزا سرفراز علی مرحوم **جعفری** ولد مرزا نوازش علی بن مرزا غضنفر بیگ زمیندار محمود نگر محلہ لکھنؤ شاگرد فتح الدولہ برق

مانند موج کیون نہ رہے بیقرار زلف / آب رواں سے ہو گئی دریا کے پار زلف

... چھوٹے مرزا مذنب

... کرتی ہی رو سے یار کو ...

دامن سے پاک کرتی ہی گرد و غبار زلف

... دل بیقرار کو

زلف

... زلف

زلف

سنبل کا بوجھ اُٹھ نہین سکتا ہی باغ سے — رخسار پر ہی فرط نزاکت سے

تا صبح پیچ اُٹھاتے ہین آشفتہ رہتے ہین — ہی حق مین عاشقون کے شب انتظار زلف

لاتے ہین بال کان کے بندے کو بیچ مین — اپنی گرہ مین باندھتی ہی زیر بار زلف

نرگس کے پھول بالون مین رکھے اگر وہ گل — بنجائے صاف شاخ گل انتظار زلف

ڈوبی ہوئی ہی عطر لطافت مین اسقدر — اے گل بنیا ہی موج نسیم بہار زلف

بالون مین خط جو گرد دہن آگیا نظر — دکھلا چکی سواد عدم بار بار زلف

نسبو کے پھول کھل گئے کھولے جو تونے بال — صحن چمن مین ہوگئی شام بہار زلف

شانے سے بال ایک نہ سیدھا ہوا فہیم — قسمت سے میری پیچ جو ہے مستعار زلف

بخشی عمل سلطانی اسد الدولہ منشی حسن یار خان **افضل** ولد باقر علیخان بن محمد یار خان
رسالدار باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

شانے کو تونے خوب بنایا ہی یار زلف — ڈرہی خفا نہو کہین بگڑے جو تار زلف

شانے تک آنے دیجیے نہ آگے بڑھائیے — نازک ہو تم کمر سے نہ اُٹھیگا بار زلف

خلوت مین انجمن مین ہر صاحب پن وہی — آئینہ رخ کا دوست ہی شانہ ہی یار زلف

چاہے پھنسائے دام مین چاہے رہا کرے — کیا اس مین میرا زور ہی ہی اختیار زلف

جب ہم نہین تو اُسکا کوئی مبتلا نہین — سر سے ہی سر تلک ہی پہ دار و مدار زلف

جب ہم نہونگے اسکی کہان قدر و منزلت — **افضل** ہمارے دم سے ہی یہ اقتدار زلف

مرزا یوسف بیگ **یوسف** ولد مرزا قاسم بیگ باشندہ لکھنؤ شاگرد مولوی محمد بخش شہید

ـت چشم — ہم جانتے ہین جو کہ ہی مد نظر زلف
دیہین پریشان ہو گرحال — اے باد صبا تو مجھے لادے خبر زلف
سر پھوڑتا پھرتا ہی وحید اپنا پہ پیرد — مرجاے نہ دیوانہ شوریدہ سر زلف

ولہ

لہراتی ہی دلکو جو اڑاتی ہی صبا زلف — رشک آتا ہی کیون چھوتی ہی اس گلکی ہوا زلف
کیا کفر نے اسلام کا پہلو ہی دبایا — ہوتی نہین دم بھر ترے عارض سے جدا زلف
ایڑی سے بھی بڑھ نکلی کہ مجھ پہ ٹپکا ڈر ہی — آجاے نہ تیرے کہین زیر کف پا زلف
ہی تجسے مہ و مہر کو کیا حسن مین دعوے — ہمسر ہین تو دکھلائین تمھاری سی بھلا زلف
رہ رہ کے میرے دلکو دبا کرتی ہی جھٹکے — کیا کیا گنہ عشق کی دیتی سزا زلف
اُس یار فسون ساز کو آتے ہین وہ لٹکے — کیسے تو ابھی بنتی ہی موسے کا عصا زلف
اس دل کی گو زلف گرہ گیر نے کھولی — اس عقدۂ لاحل کی ہوئی عقدہ کشا زلف
سرتاج شہنشاہ حسینان تجھے کیسے — سر پہ ہی ترے سایۂ اقبال ہما زلف
بو پائینگے سودائی تو پھر دوڑ پڑینگے — خوشبو جو اُڑائیگی تو پائیگی خطا زلف
یکتاے زمانہ ہو نزاکت مین تم ای جان — دُہرے ہوے جاتے ہو جو ہوتی ہی دوتا زلف
نقد دل عشاق لٹانے کو ہی موجود — خسپچ اپنی گرہ کا نہین کرتی ہی ذرا زلف
کس قہر و غضب کی ہین خود آرائیان تیری — ایمان ڈگا جاتا ہی او بت نہ بنا زلف
عالم کی کمندون سے ہی بڑھ چلنے کو موجود — اڑ چلنے کو ناگن سے ہی دو ہاتھ سوا زلف

زلف — سراپا سخن

شیخ ولی اللہ مرحوم محب شاہجہان آبادی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا رفیع السودا

کاش یون ہوتا دل اپنا بستۂ زنجیر زلف	خال عارض جن ہی اُس کافر کا دامنگیر زلف
دل اُلجھتا ہی مرا اک حلقے کو اُسکے کر خیال	مو بمو ہووے زبان سے کسطرح تقریر زلف
انکھڑیان صیاد پلکین تیر سے ابرو کمان	وحشی دل کیون نہین بے دام ہو نخچیر زلف

اہلخط مرزا رستم علی مرحوم رقت باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد قلندر بخش جرات

مین کہا مانی سے اُسکی کھینچ تو تصویر زلف	آہ کھینچی آہ اُسنے سنتے ہی تقریر زلف
کیون نہ دیوانے گریبان کو کرین صد چاک آہ	دست شانہ ہو جو گستاخی سے دامنگیر زلف
پھنس گیا یہ آپ سے اُسنے پھنسایا تو نہین	ہی گناہ دل عزیزو کچھ نہین تقصیر زلف
بے پریشان دلکی اپنے اب خبر رقت ذرا	بیطرح اب ہو گئی ہی اُسکو کچھ تاثیر زلف

محب دلی شیخ الہی بخش عشقی ولد شیخ محمد بخش باشندۂ کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

اب کریگا کون پیارے عزت و توقیر زلف	رہی ملک عدم مین بستۂ زنجیر زلف
کیون نہ اے مانی پریشانی مجھے دن بھر رہے	رات بھر پھرتی ہی آنکھون مین یہان تصویر زلف
پیچ کھلتا ہی نہین ہی گلشن ایجاد مین	کیون ہی اے سنبل پریشان عاشق دلگیر زلف
صاحب اسلام کرسکتے نہین تحقیر کفر	جیسے تیرے عارض تابان نے کی توقیر زلف

ای سلسلہ خوبان جہان دل ہوا تسخیر زلف — ہی عجب دام محبت حسن عالمگیر زلف

عرش پہ ہی آپ دماغ کافر بے پیر زلف — طائر طوبا و سدرہ ہوتے ہین نخچیر زلف

سلسلے سے آج کرتا ہون جو مین تقریر زلف — دست فکر شوق مین ہی یار کی تصویر زلف

مشک کے دانے گرین آنکھون سے اسکے جائے اشک — گر تصور مین کوئی دیکھے تری تصویر زلف

صفحۂ رخسار گل پر لکھیے اس گل کی شبیہ — زلف سنبل کے قلم سے چاہیے تسطیر زلف

جسطرح سانپون مین اک سردار ہوتا ہی ضرور — یار کی بھی زلف کو زلفون مین کہیے میر زلف

کاٹنے سے اسکے مرجائین تو اسکو دیکھکر — ہی زیادہ مار سے قاتل کہین تاثیر زلف

آپکا سگھڑاپا جوڑا باندھنے سے کھل گیا — لوٹتی تھی خاک پر کیا خاک تھی توقیر زلف

ہین بہم پیوست اسکے سر کوچے مین دل عشاق کے — بزم زندان ہوگیا ہی خانۂ زنجیر زلف

غنچۂ دل کے کئی ٹکڑے ادھر جب آ گئے — موج نکہت حق مین میرے ہوگئی شمشیر زلف

گرد بالون مین پڑی اسکے تو افشان ہوگئی — زرفشان کاغذ پہ لکھیے نسخۂ اکسیر زلف

عاشقونکے ہی دل پہ داغ سے طرفہ بہار — ہی مرصع کار ساری آپکی زنجیر زلف

اسقدر نخوت نہو گی بادشاہ زنگ کو — جسقدر مغرور ہی یہ کافر بے پیر زلف

خانہاے نقش جب بیجا ہوگئے صحرا چین — مشک سے تعویذ جب لکھائیے تسخیر زلف

ہوگیا سیماب دل قائم جب اُس سے جا ملا — ہی عجب اے گل خواص سنبل اکسیر زلف

ہو سراپا محو اسے سلطان جہان یار مین — چشم کا بیمار رخ کا شیفتہ دلگیر زلف

میر وارث علی خوشنویس سیفی ولد میر بشارت علی باشندہ نواب گنج توابع

زلف

دنیا کے موذیون کی زبان زد ہی نام زلف
ہی مثل لام ولین بلا کے مقام زلف

چھیڑینگے داستان جو بالون کے طول کی
شام ابد سے بڑھکے ملیگا کلام زلف

بالونکی یاد رہتی ہی دور شراب مین
پکتا ہی آفتاب مین سوداے خام زلف

کرتے ہین قطع خنجر ابرو سے اپنے بال
انگشت ماہ نو سے مٹاتے ہین نام زلف

بالون کا عکس چاہیے جام شراب مین
کھودو عقیق مہر پہ اے ماہ نام زلف

دونون کے طول مین سر مو فرق کچھ نہین
لکھون سیاہی شب ہجران سے نام زلف

مشاطہ طلب ہی آئینہ دارون مین آپکے
کرتا ہی یاد شاہ ختن انتظام زلف

خوشبو سے لبکہ شیفتۂ زلف مرگیا
بھاگا عدم کو مشک چرا کر غلام زلف

ہی رات دن مناظرۂ طول موے یار
پڑھتے ہین ہم رسالۂ علم کلام زلف

کہتے ہین لعل لب مین وہ اکثر دبا کے بال
پھولی ہی آج شہر بدخشان مین شام زلف

زلف سیہ کا رنگ بڑھیگا شباب مین
فصل بہار آتی ہی پھولے گی شام زلف

بالون کا نقشہ جب خط پیچیدہ مین لکھا
مار سیہ بنا دیا طغراے لام زلف

گرتے ہین زلفون والے سراسر زمین پا
مسی وہان کو رکھی ہی مشک شام زلف

دیکھا جو بال کھول کے کر دی نگاہ سے
بادام تلخ ہوگئے ہر چشم دام زلف

اے کردگار کولتے مجنون کے سوگ مین
ابتک سیاہ پوش ہی لیلاے شام زلف

بالونکے حلقہ حلقہ مین چہرے کا نور ہی
قندیل شمع طور کی جالی ہی دام زلف

کھولین وہ بال ہو دل پروانہ گرم آہ
طاؤس نالہ کش ہو گھرے ابر شام زلف

عبد اللہ خان مہر ولد مصطفی خان صاحب مطبع مصطفائی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نسیم دہلوی

[illegible] اسلام زلف
[illegible] دام زلف
[illegible] شام زلف

مولوی ناصر علی مرحوم **نصیر** ولد مولوی عبد العلی باشندۂ لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

بھولا ہی شیخ کیون حرم احترام زلف	اک دل مین دیکھیے دل اسلام لام زلف
جاتی شب وصال ہی چھیڑو نہ ذکر مو	ہی عرض اب بڑھاؤ نہ طول کلام زلف
گر لکھین ہم سواد شب ہجر سے نصیر	دلین الجھ رہے سخن ناتمام زلف

خوشنویس خفی وجلی شیخ اشرف علی **اشرف** ولد شیخ مظہر علی باشندۂ
قصبہ مصطفے آباد عرف کسمنڈی توابع لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید
اصغر علی خان نسیم دہلوی

ہرگز نچھوڑیگا دل وحشی مقام زلف	گو روز لاکھ سر پہ بلا لاے شام زلف
میرا ہی کچھ نہین دل وحشی ہی رام زلف	ہر طائر نگاہ ہی پابند دام زلف
سودا ہی مجھکو کاکل مشکین یار کا	ہی بتیس روز مشغلۂ مشق لام زلف
کافر نے غلبہ آنکے کعبے مین پھر کیا	اوبت ہمارے دلین ہوا پھر مقام زلف
افشان نہین چنی ہی یہ گیسو پہ یار نے	رومی نژاد آکے ہوے ہین غلام زلف
ہی مانع نظارۂ صبح عذار یار	اندھیر کر رہی ہی شب مشکفام زلف
طول شب فراق کو کوتہ کرے نصیب	صبح وصال ہو تو نظر آئے شام زلف
پھر رخ پر اپنے چھوڑے اس آئینہ رو نے بال	پھر تا حلب ہوا عمل شاہ شام زلف
سودا نہ اسکا بعد فنا سر سے جائے گا	اشرف بلاے جان رکھا جسنے نام زلف

پھینکو میان چشمۂ خورشید دام زلف
[illegible] کیون نہ دیکھی بیری [illegible] زبان [illegible]
ہی درس مین رسالۂ علم کلام زلف
دیکھا ہی بال چہرے سے ہوسے [illegible]
لکھون بیاض صبح پہ اوصاف شام زلف

زلف

[illegible]

حلقے پہ حلقے پیچ پہ ہین پیچ با نصیب
کا ہیکو اب چھٹین گے اسیران دام زلف

تو کان رکھ کے سن تو کبھی شکوہ ای پری
فریاد کر رہے ہین اسیران دام زلف

ہے شب کی تیرگی کے سبب حسن ماہتاب
گھٹ جاتی رخ کی قدر جو ہوتی نہ شام زلف

قلاب مین پھنساتے ہین مچھلی کو جسطرح
یون دلکو کھینچ لیتا ہے سینے سے لام زلف

چھوٹے نہ ایکی عید مین بھی واہ رے نصیب
لٹکے برس دن اور اسیران دام زلف

ہے لعل لب کے قند برنگین کشور یمن
اور ہے سواد ملک ختن پا شام زلف

مونس یہ رات دیکھیے کیونکر گذرتی ہے
پھر بند ہوگیا تصور لیلاے شام زلف

مرزا اکبر علی ساحل ولد مرزا باقر علی باشندۂ دہلی مقیم کانپور شاگرد میر علی اوسط رشک

موسے سے چلکے کیجیے طول کلام زلف
ہو جاے آج وادی ایمن ہین شام زلف

اہل سخن مین آج مجھے سلطنت ملی
قبضے مین میرے آگئی اقلیم شام زلف

دن رات دیکھتا ہون جو گیسوے یار کو
کاجل کسطرح رہتی ہے آنکھوں مین شام زلف

زلفین دکھا کے لاتے ہو زاہد کو پیچ مین
مارا ہے تمنے مرغ مصلا پہ دام زلف

دل پھنکر ہوا ترے گیسو سے مستفید
قیمت مین جنس دل کی ملا غلام زلف

کیون آنکھ پھیر لیتے ہو گیسو کے ذکر مین
کاٹا کرو نہ تیغ نظر سے کلام زلف

گیسو کی یاد بعد فنا بھی نہ بھولین گے
قرطاس صبح حشر پہ لکھین گے نام زلف

منظور ہے نہ مجھکو ذکر مین زلفون کے دور سے
تار نظر سے بڑھ کے نہ الجھے کلام زلف

فرہاد کو بھی عشق ہوا تیری زلف کا
ہے بیستون پہ خیمۂ لیلاے شام زلف

مصحف کی شرح ہون ... ہی وہ دام زلف
دن رات اک صحیفہ مین رہتی ہی شام زلف
راحت سے ان شانہ دل کی ہے چشم دام زلف
حسن ... ہین اس کے ... شام زلف
گیسو سے ... ہین ... ظلمات شام زلف
چھٹتی ہی خوب ... دل ہوا ... دام زلف
کب وہ اسیر ... جلنے لگی چشم دام زلف
کہتی ہے سے میری

زلف سخن

سنکر وہی غزل کو یہ کہتا ہے وہ صنم
ساحل بہت بڑھا دیا طول کلام زلف

یال مکند لعل ہوتی حضور ... کھاتی باشندہ دہلی صاحب دیوان شاگرد میر ... منصور

ہے پردہ دار مہر قیامت سحاب زلف
مت کھینچ اپنے منھ سے ابھی تو نقاب زلف
آفت بلا و فتنہ و مار سیاہ و ابر
دیتے ہین عاشق ... سبھی کیا کیا خطاب زلف
چمن شانہ کس بلا مین پھنسا ہے حضور آہ
دل چاک چشم خشک ہم ... خراب زلف

... خان ... تخلص برادر ... اور رشک ... مستقیم خان وست باشندہ رام پور
... کبھی بلا سے ... تاثیر زلف کی
... ہری آنکھون مین تصویر زلف کی
میر علی حسین ... ولد میر امان علی
باشندہ لکھنؤ مقیم حیدرآباد دکن
... ہ

چہرۂ یار پہ بکھری ہوئی کیا خوب ہی زلف	دستۂ سنبل گلشن سے یہ منسوب ہی زلف
مصحف جو اسکا ہی اعجاز نما ہی طوبے	پر مجھے اسکی بہت سستنا ہی مرغوب ہی زلف

نادر تخلص بادشاہی احدی باشندۂ دہلی معاصر میان ولی

اتنی بڑی ہیولی ہی ذرا بھی نہین شعور	لپٹی ہی جائے چہرے سے خورشید رو کی زلف

میر سجاد سجاد دہلوی

میرے تمام حال کی تقریر ہی وہ زلف	روز سیاہ نالۂ شبگیر ہی وہ زلف

مرزا سرفراز علی قادر ولد مرزا ہنبگا داروغہ میر علی مرثیہ خوان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد طالب علیخان عیشی

زیبائے روئے یار کے اوپر شکست زلف	بالی کی مچھلی پھانس کے لائی ہی شست زلف
ہی پیچدار میری طبیعت سا اسکا حال	سنبل چمن مین مجھ سے زیادہ ہی مست زلف
دل چھین لو چرا لو جو عشاق یون دین	وہ انتظام رخ کا ہی یہ بندوبست زلف
کالی کو پوجتا ہی سیہ قلب ہو گیا	ہی کیا ہی یہ بلا دل ہندو پرست زلف
مثل شکست بند کرے شانہ کیا درست	بہتر نہ مومیائی سے ہو سے شکست زلف
عارض کو ہو نصیب دو چندان شکوہ حسن	سر سے ترے بلند رہے شان پست زلف

مرزا احمد بیگ خان مرحوم طپان ولد نواب عطاء اللہ خان اولاد مین نعیم شخان والی دشت قبچاق باشندۂ شاہجہان آباد مقیم کلکتہ صاحب دیوان شاگرد مرزا جان طپش

زلفین

...ھکے ہین عنبر سارے بھی خوشبو زلفین
ساحری سے بھی سوا کرتی ہین جادو زلفین
جان پر کھیل گئے دیکھکے ہندو زلفین
وصف مین صورت شانہ جو الجھا دل یار
خود بیاد ہی ہین مضمون کا پہلو زلفین

ہو خجالت سے نہاں ابر تنک میں آفتاب
چہرہ پر نور سے جب وہ پری سرکائے زلف

مار پیچی اک نہ اک دن یاد زلف عنبرین
کیا عجب افعی کی صورت گر مجھے ڈسجائے زلف

طول دو رتاریک ہو ایسا کہ دل الجھا کیا
اے فلک فرقت کا دن ہو یا شب یلدائے زلف

کسنے کھولے گیسوئے مشکین چمن میں اے صبا
بس گئی باغ جہاں میں بوئے عنبر سائے زلف

حشر تک مجموعۂ عالم رہیگا منتشر
اے صنم جبتک رہیگا منہ پہ تو بکھرائے زلف

شہر میں چار و نطرف زنجیر کی جھنکار ہے
کو بکو پھرتے ہیں شاید آجکل شیدائے زلف

نور رخ چمکا جو اسنے بال باندھے اے حسین
بڑھ گیا دن گھٹ گئی جیسے شب یلدائے زلف

مولوی احمد حسین واصف ولد تاج الدین باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان
شاگرد اشرف خان خان تخلص

اے جنون سر کو تو ہے ہوا سودائے زلف
جان جائے گو بلا سے ہاتھ اسکی آئے زلف

نقد دل دیکر خریدیگا اسے شیدائے زلف
عاشق بیچا نہ چھٹنے کا نہیں سودائے زلف

مار و طاؤس ایک جا رہتے نہیں باہم کہیں
ہے دل پر داغ کو کس طرح سودائے زلف

یہ وہ ناگن ہے کہ جسنے مار ڈالے سیکڑوں
زہر کا اسکے نہیں افسون ہے اے شیدائے زلف

دود پیچان کیطرح غیرت سے بل کھایا کرے
تو چمن میں جا کے سنبل کو اگر دکھلائے زلف

ہوں پس محمل نہ کیونکر نعرہ زن مثل جرس
کھا رہی ہے بل رخ پر نور پر لیلائے زلف

اختر تابان شب یلدا میں آتے ہیں نظر
موتیے کے ہار میں لپٹے نہیں بالائے زلف

دود پیچان کیطرح کھاتا ہوں دل میں پیچ و تاب
جبسے اے واصف ہوا ہوں عاشق سودائے زلف

زلف

تیرہ ہوا ہی مثل سویدا سم دل بسا ہواے زلف
اسمین کوئی خیال نہین ہی سواے زلف منڈوا لی سے زلف تو پیچ پڑ گیا
موے کمر پہ ہونے لگا افتراے زلف مین نے کیا ہی اپنی پریشانیون کا ذکر

زلف ردیف

حلقے کمند کے ہین نہین حلقہاے زلف
سوجھا انسیان ہین کہ مین ہون مبتلاے زلف

افشا ہوا راز حسن کھلین عقدہاے زلف
شانے کی ہر زبان پہ ہوا ماجراے زلف

اے خوشخرام پیچ نزاکت کا ہی بڑا
موے کمر دوتا ہوا گر جھونکا کھاے زلف

ہو قطع سلسلہ نہ ترے حسن کا کبھی
جب ابتداے خط ہو تو ہو انتہاے زلف

ہی دردسر ہوا ہو مصالح کے تیل سے
صندل کا عطر چاہیے تمکو براے زلف

سودا ہی مجھکو سنبل باغ مراد کا
چلتی ہی اپنے گلشن دل مین ہواے زلف

روز سیہ نصیب ہو سودی کے واسطے
دنیا مین کوئی ہو نہ پریشان سواے زلف

آئینہ دل جو ہو تو وہ صورت نظر پڑے
شانہ بنے جو ہاتھ تو وہ ہاتھ آئے زلف

شانے کی جا انھین دل صد چاک دیجیے
وہ پیچ کیجیے کہ بہت پیچ کھاے زلف

نفرت کمال دلکو دورنگی سے ہی صبا
ہم آشناے رخ ہین نہین آشناے زلف

حکیم اور فاضل سید علی ضامن **شوق** خلف اکبر اور شاگرد میر علی اوسط
رشک باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان

ایسا نہو کھلین یہ کہین عقدہاے زلف
جاری زبان پہ ہی جواب ماجراے زلف

کوڑی کے مول مشک کوئی پوچھتا نہین
بارے گران ہوئی ہی بہا مشک بہاے زلف

یارب کہین لگا طبیہ آپس کے رو برو ہون
مین آئینہ دکھاؤن اوسے وہ بناے زلف

ڈر ہی گہن پڑے نہ کہین مہر و ماہ مین
اس ماہ وش کے گالون پہ آنے نہ پاے زلف

مارا کبھی ہمین تو ڈرایا کبھی ہمین
کس سے بیان کیجیے جور و جفاے زلف

کیا گورے گورے گال ہین پروانہ خلق ہی | اسپے چراغ کو تہ دامن چھپائے زلف
ہو جائے اسقدر تو بھلا سے بے آنکھون | ہین آئینہ دکھاؤن اُسے وہ بنائے زلف
چوٹی ہین آج یار لپیٹے ہین یار سے | طرفہ بہار ہو جو کوئی گل کھلائے زلف
تار نگاہ بال ہون حلقے ہون تیلیان | آنکھو نہین ہی جگہ اگر اسمین سمائے زلف
غیر و نکو دے شمیم گل سپید مشک کی | ہین غش کرون لگو رکی مٹی سنگھائے زلف
آئی بہار سبزۂ خط کی مراد پر | طوطی کا آشیان گل و سنبل سے چھائے زلف
آسے بچہ شاہ حسن کی ظلمت ہین نور ہی | آنکھون ہین روشنی ہو اگر وہ دکھائے زلف

مولوی الٰہی بخش **نازش** خلف مولوی محمد صالح باشندۂ خیرآباد لواحق لکھنؤ شاگرد مظفر علی اسیر

پستی ہین سربلند ہون گر ہاتھ آئے زلف | ہی دستگیر بے سر و پایان عصائے زلف
پابند ہین کسی کا نہین ہون سوائے زلف | زنجیر میرے حق ہین ہی موج ہوائے زلف
پہلون کا سایہ سر پہ ہی جمشید وقت ہون | چتر شہی سے کم نہین ظل ہمائے زلف
اشکو ن کا تار ہینے نہ توڑا تمام شب | گو ندھا کیے وہ موتیون سے تارہائے زلف
افسانہ طویل ہی قصہ دراز ہی | نازش کہان تلک ہین کہون ماجرائے زلف

مرزا علی **بہار** خلف مرزا حاجی بیگ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

تشکر جو ہو وہ گل تر و کھائے زلف | بیچان دھوئین کیطرح سے ہون مبتلائے زلف
پیچ کر رہین ہین بھنور کی طرح پیچ و تاب سے | ابتر ہی مثل موج ہر اک آشنائے زلف

[illegible]

سودا اسے زلف یار نہ خاطر سے جائیگا	تو ایک عمر سے ہی ظفر مبتلائے زلف

سید ابوالعلی ہجو خلف سید ناصر علی زمیندار بری برون باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان رشید تلامذہ خواجہ وزیر

ولین خیال خطر ہے سر مین ہوائے زلف	جاسئے الہی اوپری اوپر بلائے زلف
یہ سرکشی کسی مین نہین ہی سوا اسے زلف	کنگھی جو اچھے بال سے چابک لگائے زلف
کیا ضد ہی اسطرف جو اڑا لائے بو کبھی	سپک صبا کو مشک کی چوری لگائے زلف
ہین یادِ مار پیچ فسون ساز عشق ہون	لٹ دہاری سانپ بنکے نہ مجھکو ڈرائے زلف
صحبت سے بھی زیادہ تصور مین ہی اثر	دلکو سرے سیاہ کریگی ولائے زلف
اکثر کر ہوا سے آتی ہی ہر دم عذار پہ	منہ چڑھتی ہی ترے نہ کہین منہ کی کھائے زلف
کیا ضد ہی سر جو حال پریشان سے ہو	دو باف مین نہ رہے خوشی کے سمائے زلف
چوٹی مین تم جو بار لپیٹو یہ گل کھلے	گل دام بنکے طائر دل کو پھنسائے زلف
کیون انکو جنبش دلکی طلب وحشیو نسے ہی	کچھ بھی گرہ مین رکھتے نہین حلقہائے زلف
جسدن یہ مبتلائے بلا ہو مری طرح	ایسی پڑے کہ پھر نہ کبھی سر اٹھائے زلف
ایسا ہجوم دل ہی سر مو نہین جگہ	گویا مسافرون سے بھری ہی سرائے زلف
کیون ہم سیاہ بخت نہ آشفتہ سر رہین	سر مین بھری ہوئی ہی ہمارے ہوائے زلف
ہجو وسوال بوسہ ترے حق مین زہر ہی	مار سیاہ بنکے کہین کف نہ لائے زلف

مولف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد شاہ حسین حقیقت باشندہ لکھنؤ کمترین تلامذہ خواجہ وزیر

ہندو کا کیا دھرم جو ہو مبتلائے زلف	کالی بلائین لے جو تری دیکھ پائے زلف

زلف

[illegible]

سر مین بھری ہوئی ہی از بسکہ ہو لے زلف — کچھ مجھکو سوجھتا نہین ہرگز سوائے زلف
دن بھر فراق رخ مین ہین نالے زبان پہ — دل سے صدا یہ رات کو آتی ہی ہائے زلف
دشمن کبھی پھنسے نہ کوئی ایسے دام مین — یارب کسیکو پیچ مین کوئی نہ لائے زلف
چلتے بہت ہین آپ تو اٹھکھیلیوں سے چال — ڈر ہی کہین قدم کے تلے آنہ جائے زلف

ولہ

کہین کیونکر نہین سنبل کے برابر گیسو — گیسوے حور سے بھی ہین ترے بہتر گیسو
جی پریشان غم ہجر مین رہتا ہی مرا — یاد آتے ہین شب تار مین اکثر گیسو
آگے اسطرح نہ تھا حال پریشان میرا — کیا بگاڑا ہین اے جان بنا کر گیسو
بیڑیان پاؤن مین پہنون نہ بھلا مین کیونکر — تو نے دیوانہ بنایا ہے دکھا کر گیسو
سایہ خورشید سے ہوتا نہین اے ماہ جدا — رہتے ہین روز قریب رخ انور گیسو
عشق زلفون کا ہی اک سانپ کے کاٹیکی لہر — ہو گئے ہین مجھے افعی کے برابر گیسو
دل حسرت زدہ کیونکر نہ پریشان ہو جائے — آئینہ لیکے بناتے ہین وہ اکثر گیسو
نہ کبھی سلسلہ جوش جنون جائیگا — مجھکو پہنائینگے زنجیر مقرر گیسو

میر حسن علی آفاق ولد میر مجو بن احسان علی مخلوق ریختی گو باشندہ لکھنؤ
شاگرد مہدی حسین خان آباد

خوب بل کھاتے ہین رخ پر ترے دلبر گیسو — ہی یقین پیچ کوئی ڈالین گے ہمپر گیسو
لوٹتے سانپ حلب مین یہ نظر آئے مجھے — نہین لہراتے ہین رخسار صنم پر گیسو

[illegible] بخت تو حیران میں پریشانی سے [illegible]
[illegible] آئینہ [illegible] نظارے [illegible] گیسو
[illegible] گیسو [illegible] ناز [illegible]
[illegible] دریا [illegible]
[illegible] جام وہ [illegible] تمھارے گیسو
[illegible] پریشان [illegible] خاطر [illegible] گیسو
[illegible] نازل

مشرف تخلص
رضا علیخان ابن اللہ یار بیگ خان رسالدار
خواہر زادۂ امیر الدولہ حیدر بیگ خان باشندہ
لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امداد علی بحر

بسا طرح دل میں سمائی ہی ہوائے گیسو
کیا بلا دیکھئے سر پر مرے سایا سا گیسو

[illegible] گیسو

[illegible] نکل آیا [illegible] گیسو
[illegible] سودا [illegible]
[illegible] گیسو
[illegible] دل [illegible]
[illegible] بلبل [illegible] گیسو
[illegible]

گنج زر سے ہی فزون رنگ طلائی تیرا	تیرے عارض کی بدولت ہین توانگر گیسو
واہ رے مہر و وفا عاشق گیسو جو ہوا	پھر نہ چھوڑے کبھی اُس شوخ نے منھ پر گیسو
مر گئے پھر بھی سر زلف حسینان نہ گیا	لحد تیرہ مین یاد آتے ہین اکثر گیسو
صبح امید و شب یاس کو اکجا دیکھا	آگئے جب ترے عارض کے برابر گیسو
خوف چھوٹے ہین ہی اے سست ہوس کیا مجھکو	مار رہزن ہین نہ افعی ہین نہ اژدر گیسو
سلسلہ قطع ہو زنجیر سے کیا وحشت کا	چھوٹ جائین دل دیوانہ سے کیونکر گیسو
صورت عمر خضر طول سے گھبرائین نہ آپ	بڑھ کے پہونچین گے ابھی تا سر محشر گیسو
کیون نہون ذات سے تیرے تہ و بالا عالم	باعث فتنہ ہین آنکھین سبب شر گیسو
نقش بڑھ جاتے ہین ہر بار نزاکت کے سبب	صفحۂ عارض جانان کو ہین مسطر گیسو
حلقہ حلقہ نہین مانند سلاسل ہیو جہ	مجھکو دیوانہ بنائینگے مقرر گیسو
کیون نہ رکھین وہ تکلف سے قدم چلنے مین	پائے نازک مین اُلجھ جاتے ہین اکثر گیسو
سلسلہ اُلفت کی بخشش کا ابھی ہو جائے	نظر آ جائین جو یا سبط پیمبر گیسو

نواب شیر علی خان **وارفتہ** خلف نواب مرزا منگو اولاد مین نواب شجاع الدولہ
بہادر کے باشندۂ لکھنؤ شاگرد مرزا باقر ادراک مرثیہ گو

دیکھکر دنگ رہی جان تمھارے گیسو	کب عروس شب یلدا نے سنوارے گیسو
جلوۂ خال سیہ حور کا دکھلاتے ہین	چشم بد دور ہین کیا خوب تمھارے گیسو
صبح کی شکل کیا چاک گریبان اپنا	شب فرقت مین جو یاد آئے تمھارے گیسو

[illegible] عالم مین [illegible] گیسو
[illegible] عشق [illegible] بلبلان [illegible]
[illegible] ایران [illegible]
[illegible] صاحب دیوان [illegible]
[illegible] مصحفی [illegible]
[illegible] دل [illegible]

نازکی یارکی ہی وجہ پریشانی کی | بوجھ دامن کا سنبھالے کہ سنبھالے کاکل
صفت شانہ ہی گستاخ بہت دست رقیب | اڑ دہا بنکے الٰہی اُسے کھالے کاکل
شب مہتاب مین آجائے نظر چاند کہین | رخ روشن کے جو پہلو کو دبالے کاکل
فائدہ کسکو ہوا پرورش موذی سے | سانپ کیطرح نہ وہ دوش پہ ڈالے کاکل
وجد مین آئیگی بیشک صفت مار سیاہ | دلین نالان کے جو سُن پائیگی نالے کاکل
ہی شعور جگر افگار کو جسکا سودا | دم غلامی کا بھرین دیکھین جو کالے کی کل

ولہ

کیون شب ہجر پریشان ہی مثال کاکل | کیا اُسے بھی ہی تمنائے وصال کاکل
مصحف رخ پہ پریشان ہی جو حال کاکل | سورۂ شمس مین اب دیکھیے فال کاکل
رخ روشن سے ہی وہ نزات وصال کاکل | پھر شب قدر سے کیون دین مثال کاکل
شب مہتاب مین بھی تھا جو خیال کاکل | چاندنی تیرہ نظر آئی مثال کاکل
دو پہر دن کو ترقی نہین کرتا سایا | رخ روشن سے بڑھے کیا ہی مجال کاکل
قطع کر تو نہ اسے مثل امید عاشق | مفت ہوگا دل محزون کو ملال کاکل
ہاتھ مشاطہ لگائے اسے افسون پڑھکر | شیوۂ افعی پیچان ہی خصال کاکل
جان ہر تبہ اکسیر غبار رخ یار | سودۂ مشک سمجھ گرد ملال کاکل
کسطرح مین اسے تدبیر سے سلجھاؤن شعور | پیچ سے پیچ ہین قسمت مین مثال کاکل

مرزا اسحاق علیخان اسحاق ولد فدا علی خان بن مرزا علیخان سالار جنگی

ہر غزل کے مقطع مین بادشاہ دہلی کا تخلص ضرور لاتے ہین کہ حضرت کے شاگرد اور مرید ہین

باغ مین دیکھ کے اُس گل کی بہار کاکل — سنبل تر ہوئے سو جان سے نثار کاکل

جلوہ گر عارض رخشانہ نہین زلف سیاہ — دولت حسن پہ بیٹھا ہی یہ مار کاکل

وہ تو سودائی ہین جو دام بلا کہتے ہین — ہی دل آباد مگر نام دیار کاکل

بوجھ کاکل کا نہ تو دے کمر نازک پر — اس سے اُٹھنے کا نہین دیکھ یہ بار کاکل

دانہ خال سیہ دیکھیے جو کاکل کے تلے — مرغ دل ہو گیا افسوس شکار کاکل

گل عارض جو شگفتہ تہ کاکل دیکھا — دل بلبل مین لگا رشک سے خار کاکل

لام اسلام ہی وہ کاکل جانان مشتاق — یہ ظفر سے ہی سنا ہمنے وقار کاکل

جبین

مہدی حسین خان آباد ولد غلام جعفر خان عزیزون مین تخلص حسین خان کے باشندۂ لکھنو ہنر بحر مین غزل کے انکا ایک دیوان ہی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

ایسی کسی حسین کی نہ آئی نظر جبین — چاندی کی لوح ہی تری او سیمبر جبین

منہ بھی دکھائیگا نہ قمر شرم سے کبھی — کھل جائیگی نقاب سے تیری اگر جبین

گھٹتا ہی دیکھ دیکھ کے گردون پہ آفتاب — اس آب و تاب کی نہین آئی نظر جبین

دو مار حلقہ زن ہوئے اک لوح سیم پر — زلف دوتا مین گھر گئی او فتنہ گر جبین

سر ہی جھکا ہوا ترے ملنے کی یاد مین — اُٹھتی نہین ہی زانو سے دو دو پہر جبین

دست مژہ سے مردم دیدہ بلائین لین
آنکھو لیتے ہین رگاو شب وصل اگر جبین

ہیجو د حفاظت خط تقدیر کے لیے
سرنامہ صاف بنگئی ہو سر لب جبین

میر مہدی حسین مرحوم **جنون** خلف میر عباس میر مغل باشندۂ فیض آباد
مقیم لکھنؤ شاگرد رشک

ہی رشک مہر نور سے ای نازنین جبین
یا ہی لطافتون سے گل یاسمین جبین

پھر رات آئے وصل کی اے بت خدا کرے
لب میرے تیرے لب پہ ہون تیرے جبین

نرگس ہین آنکھین اور گل زنبق وہ ناک ہی
رخسار دونون گل ہین گل یاسمین جبین

رخسار دونون مہر ہین ابرو ہلال ہین
گر مانگ کہکشان ہی تو ماہ مبین جبین

خورشید ذرہ ہو گیا آنکی نگاہ مین
ذرہ بھی جسنے آپ کی دیکھی کہین جبین

اس پرتون کے نقش قدم کا نشان ہی
کیونکر نہ رکھین سجدے مین ہم برزمین جبین

ہر جزو روے یار ہی حرف کتاب حسن
آنکھین ہین صاد میم دہن حرف سین جبین

مانند مہر و ماہ یہ روشن ہی روز و شب
ایسی تو ای جنون نہین دیکھی کہین جبین

تھانہ وار کانپور شیخ شرف الدین حسین **شرف** خلف شیخ شہاب الدین باشندہ
علی گڈھ صاحب دیوان شاگرد رشک

ایسی کسی حسین نے بھی پائی نہین جبین
دیکھو ہی چہر رات کو ماہ مبین جبین

گیسو ہی رات تارے ہین تل مانگ کہکشان
ابرو اگر ہلال ہین ماہ مبین جبین

دونون بھوین کمان ہین پلکین خدنگ ہین
چین جبین سے رکھتے ہین سامان کین جبین

مولف تذکرہ سید محسن علی محسن ولدیت ... جبین تخلص ... موطن قدیم لکھنؤ ... رشک ...

یہ تل نہیں ہیں عکس مری پتلیوں کے ہیں
آئینہ صاف ہی تری ای نازنین جبین

سمجھون کہ آسمان پہ ہی چودھوین کا چاند
دکھلائے بام پر جو مجھے وہ حسین جبین

فانوس مین چراغ ہی یا ماہ ابر مین
یا ہاتھ رکھنے سے ہی تہ آستین جبین

مصحف اگر کہین گے تمھارے عذار کو
قرآن کی لوح سمجھین گے اہل یقین جبین

گلبرگ لب ہین سرو ہین قد ای ریاض حسن
نرگس ہی آنکھ غنچہ دہن یاسمین جبین

قطرے نہین پسینے کے تارے چمکتے ہین
ہی حسن کا فلک ترے ای مہ جبین جبین

موجین شکن ہین قطرے پسینے کے ہین حباب
دریاے نور ہی تری ای حور عین جبین

حکم خدا سے پاؤن محمدؐ نے وان رکھا
پہنچا نہ رکھ سکے کبھی روح الامین جبین

عشقی نہ سر اٹھائیگا سجدے سے اے صنم
جبتک کہ دم مین دم ہی رہیگی یہین جبین

محقق علم شعر از اثر کربلاے معلی میر علی اوسط رشک خلف میر سلمان باشندۂ
فیض آباد مقیم لکھنؤ تین دیوان ایک لغت ہندی انکا ہی شاگرد رشید
شیخ امام بخش ناسخ

تجھسا ہی کون غیرت ماہ مبین جبین
اے گلعذار غنچہ دہن یاسمین جبین

شام شب دراز مصیبت سواد زلف
صبح امید عاشق اندوہگین جبین

عشق جبین یار مین ایسا ہون جان بلب
کلمے کے بدلے ورد زبان ہی جبین جبین

کیا انکسار ہی کہ مہ و آفتاب سے
لاف ضیا و نور نہین ہی یہان جبین

پردہ اٹھا کے رشک کو نور جبین دکھا
اے قدرت خدا سے جہان آفرین جبین

... ہلال عید شب قدر زلف ہی ... جبین جبین
پامال ہی ... کشش ہر حسین جبین
افشان کو ... زلف ...
ایسی کہاں ... لائیگا ماہ مبین جبین
سر کی زمین پہ رکھتے تھین پاؤن ... جبین

پھاجبین

[illegible]

	ابرو

محقق علم شعر زائر کربلاے معلے میر علی اوسط رشک ولد سید سلمان باشندہ فیض آباد مقیم لکھنؤ تین دیوان ایک لغت ہندی انکا ہی شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

تا ولایت نہ بچے جسپر کرین وار ابرو	ہین حسام صفہانی ترے خمدار ابرو
نظر آتی ہی کمان ابرو خمدار کا عکس	تانتا ہی جو وہ سفاک کماندار ابرو
دو ہین تلوارین تمھاری تو یہ دو ہین جو رنگ	تم ہو خواہان دل وجان مجھے درکار ابرو
سامنے چشم تصور کے ہین او خانہ خراب	تیری آنکھین تری پلکین ترے خمدار ابرو
دو ہری تلوارین ہین زیب کمر قاتل خلق	ہو گیا پہلے مسین بھیگنے سے چار ابرو
پڑ گئین آہین ہماری وہ مسین بھیگتی ہین	چار بوسے نہ دیے اس سے ہو چار ابرو
بس مسین بھیگتے ہی ڈوب گئی سب غیرت	چو کہا لڑنے لگا جب سے ہوا چار ابرو
چار مد کلمۂ مصحف مین نہین کیا ای رشک	عیب صورت نہین ہو یار اگر چار ابرو

تھانہ وار ضلع کانپور شرف الدین حسین شرف خلف شہاب الدین حسین باشندہ علی گڈھ شاگرد میر علی اوسط رشک

چہرہ کو دیکھون تو بن جاتے ہین تلوار ابرو	کون کہتا ہی نہین مانع دیدار ابرو
نام سے بوسے کے چڑھتی ہین بھوین قاتل کی	کون کہتا ہی سمجھتے نہین گفتار ابرو
چہرۂ یار پہ ابرو کا سمجھنا ہی غلط	بال سب جوہر شمشیر ہین تلوار ابرو

عبداللہ خان قریشی کی باشندہ ہر اوّن صاحب دیوان

ہین سا جس روز سے دیکھی ہین وہ خمدار ابرو

کھینچ کے ساحر ہین اساحق ہین ہوسا تلوار ابرو

ابرو نے جو اشارہ وہ کیا کر گئے ہین

زرتشت ہوسے ہین پیشانہ ابرو

سا اسا یار ابرو

کچھ تو بتلا دے یہ خنجر ہین کہ تلوار ابرو	روز خون کرتے ہین قاتل ترے دو چار ابرو
تیر مژگان کی سکھاتے ہین قدر اندازی	میرے قاتل کو بناتے ہین کماندار ابرو
پڑ گیا رات جو پر تو مرے دو ابرو کا	روے روشن پہ نظر آنے لگے چار ابرو
ساتھ ہوتا ہی کج و راست کا دنیا مین ہم	موے مژگان ہین ترے راست تو خمدار ابرو
حفظ بیمار کو رکھتے ہین سرھانے تلوار	کیا مناسب ہین سر دیدۂ بیمار ابرو
خم محراب سمجھکر وہ گرا سجدے مین	جسنے دیکھے ترے قاتل دم رفتار ابرو
نام قاتل کا جو ناصر سے کسی نے پوچھا	آہ کی اور کہا آہستہ سے اکبار ابرو

سعادت خان ناصر ولد رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہی شاگرد مذنب

زینت عارض سادہ ہین ترے یار ابرو	چار چاند اسکو لگے تو جو ہوا چار ابرو
عید کے دن کے بھی روزے کو نہ سمجھو ہین حرام	جبتلک تو نہ دکھادے مجھے ای یار ابرو
آشتی مجھ سے یہ اے عربدہ جو کیسی ہی	پلکین خنجر مجھے دکھلاتی ہین تلوار ابرو
ایسی اصلاح ہوئی ابرو پیوستہ کی	ایک مصرع تھا ہوا مطلع انوار ابرو
رمضان مین بھی رہے شل رجب ہم محروم	تونے رخسار دکھایا نہ ہمین یار ابرو
روز دشنام ہین ہوے دیکھ ترے ابرو سے	کون زندہ رہے ایسے ہون جو دو چار ابرو
اب مرے قتل مین ہی کون ہی دیر ای ناصر	مستعد وہ بت بیباک ہی طیار ابرو

بلازم راجہ بھرت پور حکیم وحید اللہ خان وحید ولد حکیم سعید اللہ خان ابن حاذق الملک

صادق الوالا شیخ الٰہی بخش عشقی ولد شیخ محمد بخش باشندۂ کاکوری صاحب دیوان شاگرد شاہ

سا جو تصور مین بھی زنہار ابرو

ہین بیوجہ خمیدہ ترے سا اے یار ابرو

خون ناحق کا اُٹھاے ہوے سا ہین یار ابرو

ناتوانی کا بُرا ہو کہ مجھے کیونکر دیکھون

پیٹ آنکھیں ہوئی جاتی ہین پیہین یار ابرو

ابرو

[illegible]

[illegible]

رخ ہی والفجر اگر زلف ہی واللیل اما ہ	سورۂ نور ہین دونون یہ طرحدار ابرو
فاتحہ مستی مین ہر اک ماہ ہی ماہ رمضان	دیکھون ہر چاند مین تلوار ہین خمدار ابرو
یہ کمانین وہ ہین کہتے ہین جنہین تیر قضا	تان کر روز یہ کہتا ہی وہ خونخوار ابرو
خنجر و تیغ و کمان ہین پئے قتل عاشق	ہین جفا کار ستمگار دل آزار ابرو
اہل دین کہتے ہین محراب در بیت اللہ	کیون نہ مسجود خلائق ہون یہ خمدار ابرو
ہوگیا ہی جو ہرن نشانہ ہر اک آہو کا	کیا تری آنکھون پہ دیکھے بت میخوار ابرو
دعوی دید رخ یار نکرنا عشقی	کہ رہا کرتے ہین کھینچے ہوئے تلوار ابرو

رشید الدولہ ناصر الملک محمد جعفر علیخان بہادر عرف چھوٹے آغا رستم جنگ قہر تخلص خلف الرشید مظفر الدولہ ظفر الملک محمد ذکی خان بہادر غالب جنگ نواسے محمد علی شاہ کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مولوی محمد بخش شہید

جب ہوا سامنا سینے کے ہوئے پار ابرو	نوک نشتر کیطرح تیز ہین اے یار ابرو
حال کھلتا نہین کچھ چین بہ جبین ہونیکا	کیون چڑھاتے ہو مجھے دیکھ کے ہر بار ابرو
جب نظر آتا ہی مجھ زار کو گرد دنبہ ہلال	سامنے آنکھونکے پھر جاتے ہین ای یار ابرو
بوسہ لیتے ہوئے کسطرح نہو جان کا خوف	یار کے ہین صفت خنجر خونخوار ابرو
دو کمانین ہین کہ ہین نیچے یہ اے قاتل	ہمنے دیکھے نہین اسطرح کے زنہار ابرو
بوسۂ خنجر خونخوار لیا کرتا ہون	یاد آجاتے ہین جیسدم ترے ای یار ابرو
انکو خنجر کہون تلوار کہون یا مین کمان	کیا کہون کیا ہین ترے او بت خونخوار ابرو

ابرو

ناتوانون کی طرح سے یہ بہت بھاری ہین
چشم بیمار کی صحبت سے ہین بیمار ابرو
ناز سے کہتا ہی افشان جو چنی ہی ماتھے
چشم بد دور ہمارے ہوئے زردار ابرو
سر ہوا تن سے جدا قطع اشارہ جو کیا
ناخن عقدہ کشا ہوگئے خمدار ابرو
زور طینتی ہی چراغ رخ روشن پہ تری
صاف پہچو مک نظر آیا جو ہوا چار ابرو

بیت ابرو کی صفت ہوتی ہی ہر مطلع مین
قابل پیش نظر ہین جو ترے یار ابرو
مطلع حسن ہی پیشانی پہ نور نہین
دشمن چار عناصر ہین ترے چار ابرو

چشم

چشم بد دور جو صحبت کا اثر ہو جاۓ	صورت چشم سخنگو کرین گفتار ابرو
آپ کی چشم سخنگو جو دکھاۓ اعجاز	تو زبان بن کے ابھی کرتے ہین گفتار ابرو
حسب نظر آگئے بس عید ہوئی محسن کو	عید کا چاند ہوے ہین ترے اے یار ابرو

سید محتشم علی محتشم خلف سید ہاشم علی نواسے خواجہ حسن کے باشندۂ لکھنؤ

شاگرد حکیم باقر علی حشم

رکھتے ہین تیغ خراسان کیطرح خم ابرو	دیکھیے کرتے ہین کس کسکو یہ بیدم ابرو
خوف رہتا ہی یہی بوسۂ پیشانی سے	ہین بوسے مگا دین نہ کہین سم ابرو
ہی کھٹک دل مین جدا روح دہلتی ہو جدا	نیش عقرب ہین کہ موسے رخ ضیغم ابرو
چار تلوارین چلین ہو گئے چورنگ رقیب	میرے اسکے جو دم بوسہ ہوئے ضم ابرو
رات بھر صورت کابوس رہا ہون بخواب	سانپ بن بنکے ڈسے ہین ترے پیہم ابرو
کعبۂ عشق کی محراب ہین کیونکر یہ نہون	قابل سجدۂ عشاق دو عالم ابرو

آنکھین

سلطان ابن سلطان خاقان ابن خاقان ابو المنصور ناصر الدین سلطان عالم حضرت واجد علی شاہ اختر تخلص خلد اللہ ملکہ والی بیت السلطنت اختر نگر مشتہر بہ لکھنؤ ابن جنت مکان امجد علیشاہ تین دیوان تین مثنویان اور بہت سی تالیف اور تصنیف طبع ہو کے واسطے فیض عام کے مرحمت ہوئی ہین اسکی مدح کی گنجایش نہین

[illegible]

دیوار کے روزن مین سے جو سپہ پڑی آنکھ	دو چار گھڑی اُسکے مرے خوب لڑی آنکھ
ارمان مرے دلکے نکلجا ئینگے سارے	گر تیرے رہی سامنے دو چار گھڑی آنکھ

شیر بیشۂ سخنوری شیخ امام بخش مرحوم ناسخ خلف الرشید شیخ خدا بخش تاجر لاہوری

تین دیوان اُنسے یادگار ہین

اپنی تری موتی کی لڑی سے جو لڑی آنکھ	توڑے گی اب اے جان انگوٹھی کی لڑی آنکھ
سودا جو تری زلف پہ اے جان ہی مجھکو	ہر حلقۂ زنجیر کی پڑتی ہی کڑی آنکھ
ہم گھورے ہی جا ئینگے تو ہر چند خفا ہو	ٹلنے کی نہین ایسی ہی اسوقت اڑی آنکھ
تا دیدِ نظارا ہے جو بر رنگِ رگِ گل ہی	اُس غیرتِ گلزار پر آج اپنی پڑی آنکھ
آگے تری آنکھون کے چکارا ہی پریرو	ہر چند کہ ہوتی ہی چکارے کی بڑی آنکھ
برسات پہ موقوف اگر بادہ کشی ہی	کہیے تو لگا دے ابھی ساون کی جھڑی آنکھ
یہ روئے کہ شرمندہ کرے اودی گھٹا کو	دیکھے جو نم بھر تری مستی کی دھڑی آنکھ
دیکھا نظر بد سے اگر تجھکو کسی نے	ناسور کے مانند وہین اُسکی سڑی آنکھ
نرگس نہین گلگشت کو آیا ہی جو وہ گل	تعظیم کے خاطر ہی چمن کی یہ کھڑی آنکھ
ہوشیار جو زخمون کی طرح ہی یہ سرا ہی	اُس نرگسِ خونریز سے کیون جا کے لڑی آنکھ
نرگس کیطرح نخچۂ مژگان سے نہ چھوڑے	ایسجان ترے ہاتھ کی پائے جو چھڑی آنکھ
پھسلا ہی کیا پائے نگہ سارے بدن پر	ہی کیا ہی صفائی کہ کسی جا نہ گڑی آنکھ
ہون منتظرِ یار یہ ہی میری تمنا	ہو آٹھ پہر مین بھی نہ بند ایک گھڑی آنکھ

ضمیمہ آنکھ ۲

... ہی دیوان پہ ناصر کی پڑی آنکھ

حکیم تصدق حسین خان عرف نواب مرزا شوق خلف حکیم آغا علی خان متوطن لکھنؤ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

[illegible]

آنکھ

وہ بھی ہی کوئی حسن جیسے صورت تصویر ۔۔ حیران نہ رہے دیکھ کے دو چار گھڑی آنکھ

دم لینے کی بھی رونے سے فرصت نہیں ملتی ۔۔ دیکھا تجھے کیا یار مصیبت مین پڑی آنکھ

ہرگز نہ کرے پھر گل سوسن کا نظارہ ۔۔ اے حور جو دیکھے تری مسی کے دھڑی آنکھ

نالے جو ہوے کم تو ہوئی شدت گریہ ۔۔ صحت ہوئی گر دل کو تو بیمار پڑی آنکھ

صورت جو تری صانع قدرت نے بنائی ۔۔ یاقوت کے لب رکھے تو نیلم کی جڑی آنکھ

ہی حسن خداداد کی اک یہ بھی کرامات ۔۔ دکھلائی تری چھوٹے سے سن مین بڑی آنکھ

منظور تھا اے حور نہ دیکھون تجھے لیکن ۔۔ انسان تو تھا رہ نہ سکا جا ہی پڑی آنکھ

دیکھا نہ کر و میر یطرف آنکھ دبا کر ۔۔ ناقص ہوا چہرہ جو ہوئی چھوٹی بڑی آنکھ

ایک ایک سے دلچسپ ہی جو عضو بدن ہی ۔۔ رہ رہ گئی ہر دل وہین جس جا پہ پڑی آنکھ

نظارہ کیا شوق نے اُس چشم کا جیسے ۔۔ نرگس پہ پڑی آنکھ نہ آہو پہ پڑی آنکھ

مشتاق حسین مشتاق ولد قمر الدین حسین شاگرد اور مرید حضرت ظل سبحانی دہلی باشندہ اکبرآباد ہر غزل مین تخلص بادشاہ کا لاتے ہین

اک پل بھی جو اُس شوخ پہ اپنی نہ پڑی آنکھ ۔۔ تا صبح نہ بستر پہ لگی ایک گھڑی آنکھ

برسات ہی وہ کام کی جب برین ہو محبوب ۔۔ بیفائدہ آنسو کی لگاتی ہی جھڑی آنکھ

بیٹھا جو شب ماہ مین وہ بام پہ مہرو ۔۔ آئینے رہی نظارے مین یار و کئی گھڑی آنکھ

یاد در دندان مین ترے طفل گل اندام ۔۔ اشکون سے سدا کھیلتی ہی گیند تری آنکھ

جز جنگ دل و جان مین نہین صلح کی صورت ۔۔ کس شوخ ستمگر سے مری ہائے لڑی آنکھ

رسالہ دار اعتماد الدولہ راجہ یوسف علیخان بہادر عزیز ولد غلام رضا خان خواہرزادۂ سعید الدولہ علی محمد خان بہادر کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد

مولوی محمد بخش شہید

سلک در دندان صنم سے جو لڑی آنکھ — دکھلانے لگی اشک مین موتی کی لڑی آنکھ
مژگان پہ بن جاتے ہین گل لخت دل آکر — پلکون کو بنا دیتی ہی پھولونکی چھڑی آنکھ
ثابت یہ ہوا جب گل نرگس نظر آیا — اے گل پئے تعظیم چمن مین ہی کھڑی آنکھ
سمجھا کہ یہ مہتاب ہی یا مہر درخشان — پھیری جو کبھی اُس رخ انور سے لڑی آنکھ
آہو تو بھلا کیا ہی چکارا ہے چکارا — دنیا مین کسی کی بھی نہین تجھسے بڑی آنکھ
قاصد مرے معشوق کا لبس ایک پتا ہی — قد سرو سے بالا ہی تو آہو سے بڑی آنکھ
کیا ہی تری آنکھون کے تصور نے رولایا — گلشن مین جو میری گل نرگس پہ پڑی آنکھ
کہتا ہون عزیز اُنسے جو ہوتے ہین خفا وہ — ڈالو نہ خدا کے لیئے یہ مجھپہ کڑی آنکھ

راجہ طالب علیخان عرف سلطان جان سلطان خلف الرشید خواجہ حسین علیخان بخاری اور سلسلہ انکی والدہ کے نسب کا خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ سے ملتا ہی رئیس عظیم آباد کے صاحب دیوان

بے کھٹکے نہین رہتی مری ایک گھڑی آنکھ — ہی سوزن مژگان کے تصور مین گھڑی آنکھ
کس شعلۂ آتش سے مری آج لڑی آنکھ — جون شمع صفت رکھتی ہی اشکونکی لڑی آنکھ
پہچانتے ہین خوب اشارون کو تمھارے — ہی ہمکو بھی ان باتون مین واللہ بڑی آنکھ

آنکھ

اک رشک پری سے تھی جو دنیا مین لڑی آنکھ
حوران بہشتی پہ بھی اپنی نہ پڑی آنکھ

آ ہوے حرم کے لیے نیزے سے فزون ہو
مژگان کی جو دکھلائے کبھی اسکو چھڑی آنکھ

کیا نرگس و غنچہ کو ہو اُس گل سے تقابل
چھوٹا نہ دہن ہوئیگا ایسا نہ بڑی آنکھ

تسخیر کیے شش جہت اک چشم زدن مین
وا رکھی جو اُس ترک نے دو چار گھڑی آنکھ

نفرت ہی رہی اُسکو پریشان نظری سے
آئینہ سے اک روز بھی اپنی نہ لڑی آنکھ

بینا ہے نظارہ رہے دیدۂ باطن
کیا غم ہے بظاہر نہو نادر جو بڑی آنکھ

تھانہ دار ضلع بندیل کھنڈ عبد الغفور خان شہر خلف نور محمد خان پوتے شاہ محمد خان
کابلی کے باشندہ رام پور

اُس قامت دلچسپ پہ اپنی جو پڑی آنکھ
سر کی نہ پھرا سجا سے کہ جسپہ جا پہ گڑی آنکھ

کس سیم بدن پر مری ان روزون پڑی آنکھ
سونے نہین دیتی ہے مجھے ایک گھڑی آنکھ

ہان شرط لگا نا نہ کہین گریہ سے میرے
شرمندہ کریگی تجھے ساون کی جھڑی آنکھ

الشان تو کیا ہے بخدا ہوا بھی پانی
پتھر بھی مرے بیت کی اگر دیکھے کڑی آنکھ

کیون غنچۂ سوسن کو بھلا خار نہ سمجھے
گلشن مین نہ دیکھے جو وہ مسی کی دھڑی آنکھ

جلتے ہین ترے عشق کی آتش مین و ذرات
جس حور و پری پر کہ شہر تیری پڑی آنکھ

افصح الفصحا خواجہ وزیر وزیر خلف خواجہ فقیر باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد
رشید شیخ امام بخش ناسخ

تیغ عریان پہ تمھاری جو پڑی میری آنکھ
چشم جوہر سے اجی خوب لڑی میری آنکھ

یاد آتے ہین مجھے حضرت ناسخ جو ؔبریا	کیا لگا دیتی ہی اشکو نکی جھڑی میری آنکھ

مصاحب خاص حضرت سلطان عالم فتح الدولہ بخشی الملک مرزا محمد رضا خان بہادر
برق خلف مرزا کاظم علی صالح باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

برق زنجیر پہ اُسکی جو پڑی میری آنکھ	بنگئی رنگ سے سونے کی کڑی میری آنکھ
جاکے اُس قاتل عالم سے لڑی میری آنکھ	کیئے ستم سے زیادہ ہی کڑی میری آنکھ
اُسکے معمار سے کہتا ہی یہ ناظر اُسکا	کیون نہ روزن کی جگہ تو نے جڑی میری آنکھ
مُنہ چھپانے کا مزہ مین تمھین دکھلا دونگا	دیکھنے کو جو کسی روز اڑی میری آنکھ
روکے اے جان جہان دلسے نکالا جو غبار	خاک مین جوش کدورت سے گڑی میری آنکھ
میکشو آیہ رحمت ہون غنیمت سمجھو	سال بھر روز لگاتی ہی جھڑی میری آنکھ
آج کل ذوق ہی اُس جور کو مے خواری کا	کیون شب و روز لگائے نہ جھڑی میری آنکھ
چشم پوشی نکرو مجھکو دکھا دو صورت	آپ سے رکھتی ہی امید بڑی میری آنکھ
گھر مین جو چاہیے اپنے وہ حکومت کیجے	کیا کیا تمنے جو رستے مین لڑی میری آنکھ
تو اگر پاس نہو چار پہر رات ہی کیا	نہ لگے حشر تلک ایک گھڑی میری آنکھ
نیند فرقت مین اُڑی نور کہان چین کہان	رہگئی وقت پہ آخر کو چڑھی میری آنکھ
کثرت دید نے نیلم کو بنایا یاقوت	کیا اُڑا لیگئی مستی کی دھڑی میری آنکھ
چشم خورشید کو دیکھا تو یہ ہنسکر بولے	چرخ مین صانع عالم نے جڑی میری آنکھ
اُسکی وارفتہ رفتار کی گردش دیکھو	چال چلتی ہی زمانے سے کڑی میری آنکھ

آنکھ

چشم جو ہم سے اچھی خوب لڑی میری آنکھ

مرزا آغا حسن ثمر ولد محمد آغا فیض آبادی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

باطن کا حال ہوتا ہی ظاہر صورت کی آنکھ سے
پیر مغان کو دیکھ ارادت کی آنکھ سے
[illegible]
ناصح ہر ایک جنس سے [illegible] رفاقت کی آنکھ سے
ذرے سے کو بھی نہ دیکھ امانت کی آنکھ سے

میر کاظم حسین تخلص [illegible] میر حسین وارد [illegible] سرکار [illegible] بن میر [illegible] علی متقبل [illegible] باشندۂ [illegible] مقیم لکھنؤ شاگرد میر علی اوسط رشک

تلوون کے نیچے ملیے نکلوا کے میری آنکھ	مجرم ہون دیکھکر تمھین رغبت کی آنکھ سے
بے وصل یار آنکھون مین اندھیر ہی جہان	کب سوجھتا ہی کشتۂ فرقت کی آنکھ سے
اپنا یہ حال ہی نظر آئے ہو تم جہان	رہ رہگئے ہین دیکھ کے حسرت کی آنکھ سے
بھولے سے بھی نظر نہین کرتے وہ اسلیے	ڈرتے ہین مبتلائے مصیبت کی آنکھ سے
سن سن کے شوق بڑھگیا سیری ہو جب شریر	دیکھون جو قبر شاہ ولایت کی آنکھ سے

اہل خط ولایت علی سرور خلف محمد جعفر مخمور پہلے شاگرد اپنے والد کے بعد خواجہ حیدر علی آتش کے

محفوظ ہی گزند عداوت کی آنکھ سے	جو دیکھتا ہی خلق کو رحمت کی آنکھ سے
لازم ہی حسن دلکش لیلی کو دیکھنا	قیس غریق بحر محبت کی آنکھ سے
تنہا نہین ہین رند فریبندۂ صنم	زاہد بھی دیکھتا ہی کرامت کی آنکھ
رخسار یار چشم سے ہی گو نہان مگر	دل دیکھتا ہی داغ محبت کی آنکھ سے
ظاہر ظہور جلوۂ پروردگار ہو	ہر بت کو دیکھیے جو حقیقت کی آنکھ سے
تریاق وصل گر نہ ملا ہی محال زیست	زہر نگاہ افعی فرقت کی آنکھ سے
فرہاد اپنے وقت کا مین بھی ہون اے شریر	شیرین کو دیکھتا ہون محبت کی آنکھ

یہ مشاعرہ بیگا طوائف کے گھر مین تھا اسکا تخلص شیرین ہی کنایا اس مقطع کا باعث سرور حاضرین ہوا سعادت خان ناصر ولد رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ صاحب دیوان ایک تذکرہ انکا ہی شاگرد مرزا محمد حسن عرف چھوٹے مرزا مذنب مرثیہ گو

ردیف آنکھ

[illegible]

[illegible]

خواجہ حسن علی خلف [illegible] مرزا اکبر علی [illegible]

[illegible] کی آنکھ سے

دل کو شاید ہے اپنا نظر سے بھی [illegible]

حالی جہان بصارت عالی نظر سے [illegible]

روا یہی خوب دیکھئے عبرت کی آنکھ سے

[illegible] ہین عاشقون مین عاشق اس مزاج کا ہون

آنکھ سے ضمیمہ

پردہ دوئی کا اُٹھگیا وحدت کی آنکھ سے
دیکھا مجاز کو جو حقیقت کی آنکھ سے

دزدی جو کولی اسیکھے اس آفت کی آنکھ سے
کاجل چرالئے مہر قیامت کی آنکھ سے

گرد ملال جھونک کے چشم امید مین
دنیا کی دید کیجیے حیرت کی آنکھ سے

کیا پیر ہو کے مصحف رخسار دیکھیے
عینک اُتر گئی ہی بصارت کی آنکھ سے

محفل مین بیٹھکر یہ اشارے بھلے نہین
فتنے اُٹھین گے یار اس آفت کی آنکھ سے

تمنے رولا رولاکے یہ رسوا کیا ہمین
مانند اشک گر گئے خلقت کی آنکھ سے

موتی برس پڑے جو کبھی ہنسکے بات کی
بجلی چمک گئی جو اشارت کی آنکھ سے

پچتائے تم سے آنکھ لڑاکر ہم ای بتو
گنگا بہائی اشک ندامت کی آنکھ سے

احسان تنکے کا بھی نہ منظور کیجیے
جاتی نہین کھٹک یہ مروت کی آنکھ سے

اے ہجر قلب و روح کی تسخیر سیکھ لے
الطاف کی زبان سے شفقت کی آنکھ سے

میر نواب موزون خلف میر بندہ علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد منشی مظفر علی اسیر

دیکھے وہ اک نظر جسے نفرت کی آنکھ سے
گر جائے مثل اشک وہ خلقت کی آنکھ سے

شوخی سے مجھکو وہ تو دکھاتے ہین آئینہ
مین اُنکی شکل تکتا ہون حیرت کی آنکھ سے

جیسے ہوا ہی وہ صنم شعلہ رو دوچار
لڑتی ہی آنکھ مہر قیامت کی آنکھ سے

چشم امید کس سے زمانے مین ہم رکھین
دیکھے جو یار عین عداوت کی آنکھ سے

ہرگز نہ پایا کوچۂ دلدار کا مزا
دیکھی بہار گلشن جنت کی آنکھ سے

بندہ سا کو دیکھئے کا نہ نفرت کی آنکھ سے

اُس منع حیا مین ہی کیا شرم [illegible]

دیکھا جو مہر عفیفہ نے عفت کی آنکھ سے

مہدی حسین خان آغا خلف غلام جعفر خان باشندۂ لکھنؤ مرحوم [illegible] دیوان ہین شاگرد ناسخ

دیکھا کبھی نہ مجھکو مروت کی آنکھ سے

مرزا [illegible]

[illegible]

[illegible]

دیکھیں ادھر بتین بشر نفرت کی آنکھ سے

پروانہ وار شعلۂ عارض سے جل گیا
اُس شمع رو کو دیکھ کے الفت کی آنکھ سے

وہ ماہرو جو غیرون سے ہوتا ہی ہمکلام
گردون کو دیکھتا ہون مین حسرت کی آنکھ سے

پھر یون سے کہ پیچ یار کی پلکون سے رکھ لیا
مقتل ہوئی ہی بزم اُس آفت کی آنکھ سے

تلوارین چل گئین جو بھوین اُسکی بل گئین

مرزا آغا نجف سعید ولد مرزا امیر بیگ باشندۂ لکھنؤ شاگرد مقبول الدولہ مرزا مہدی قبول

تم دیکھتے ہو غیر کو الفت کی آنکھ سے
ہم تمکو دیکھتے ہین محبت کی آنکھ سے

وہ گلعذار آئے کبھی سیر باغ کو
نرگس چمن مین تکتی ہی حیرت کی آنکھ سے

گردش جو چشم یار کی صحرا مین آئی یاد
دیکھا کیا غزال کو نفرت کی آنکھ سے

ظاہر مین گالیان وہ ہمین دیتے ہین تو دین
باطن مین دیکھتے ہین محبت کی آنکھ سے

خوش چشم ہنسے تجھسا تو دیکھا نہین حسین
اے جان عین زیب ہی صورت کی آنکھ سے

جاتے ہی اُسکے کوچے مین آئی مری قضا
دیکھی ذرا بھی سیر نہ جنت کی آنکھ سے

ہی یہ سعید عین عنایت کریم کی
روضے کی شاہ کے جو زیارت کی آنکھ سے

حکیم باقر علی چشم خلف حکیم مرزا احمد باشندۂ لکھنؤ شاگرد امام بخش ناسخ

دیکھو حقیر کو نہ حقارت کی آنکھ سے
گر جاؤ گے سب اہل مروت کی آنکھ سے

رنگواپئے گا کوئی دوپٹہ گل انار
رینی ٹپک رہی ہی جراحت کی آنکھ سے

ناحق کسیکی آنکھیں نکلواپئے گا کیا
کیا ہنسکے آپنے یہ اشارت کی آنکھ سے

ارمان ہی رہا کہ ادھر دیکھیے کبھی
الفت کی چتونون سے محبت کی آنکھ سے

نرگس نے راز عشق چھپایا نہ چھپ سکا
پکڑا گیا یہ چور نقاہت کی آنکھ سے

یا بوتراب سرمۂ صنعت مس کرے چشم
خاک آستانہ در دولت کی آنکھ سے

سید ابو تراب ثمر خلف شاہ مرزا خان باشندۂ لکھنؤ شاگرد شیخ امان علی سحر

آنکھ

[illegible]

نظروں سے اپنے سر فلک قصر گر گئے | دیکھیں خرابیاں جو عمارت کی آنکھ سے
آئینہ رکھکے سامنے جب دیکھتا ہی وہ | تکتا ہی عکس یار بھی حیرت کی آنکھ سے
بزم نشاط عیش میں کیوں اشکہای شمع | آنسو رکین نہ اہل مصیبت کی آنکھ سے
کیوں تنگی معاش کا شاکی نہو شعور | دیکھی نہ اسنے شکل فراغت کی آنکھ سے

ولہ

رکھتی ہی مرے حال سے کیوں بیخبری آنکھ | بیمار محبت ہوں کرے چارہ گری آنکھ
جسنے نہ کبھی رخنۂ دیوار سے جھانکا | سیکھے وہ کہاں شیوۂ بیدادگری آنکھ
رسوا تو کیا گریۂ ہر وقت نے دل کو | ڈرتی ہی کہیں اپنی نہ کرے پردہ دری آنکھ
پروانہ کہاں اور کہاں شمع تجلی | جلجائے کبھی تجھسے ملائے جو پری آنکھ
وہ غیرت خورشید جو آتا ہی لب بام | دشت سے اٹھا سکتی نہیں رہگذری آنکھ
مہمان دم چند جو ہی طالب دیدار | بے نور ہی مانند چراغ سحری آنکھ
قاصد کے عوض مردمک چشم ہی جاوے | منظور کرے دلکی جو پیغامبری آنکھ
ڈرتا ہوں کہ ہو فتنۂ خوابیدہ نہ بیدار | ملتا ہی اگر نیند میں وہ رشک پری آنکھ
جب طور کو تو دم میں کرے خاک جلاکر | پھر دیکھ سکے کسکی تری جلوہ گری آنکھ
اے میر کماندار کے ابرو کا اشارہ | آہو کی یہاں طاق پہ رہتی ہی دھری آنکھ
جاتا ہی ترے گھر سے شعور بدل آشوب | جسطرح سے رکھے طرف در سفری آنکھ

شاعر بینظیر منشی عبدالبصیر حضور تخلص ولد مولوی عبدالغنی باشندۂ بلگرام مقیم لکھنؤ شاگرد میر وزیر صبا

زبان آور عالی خواجہ حیدر علی مرحوم [illegible] ولد خواجہ علی بخش باشندہ لکھنؤ شاگرد مصحفی

آنکھ

دم بھر جو نہ دیکھے تجھے اے رشک پری آنکھ
مژگان کی زبانوں سے کرے نوحہ گری آنکھ

کیا کرتی ہے دلکش سخن اے رشک پری آنکھ
لو سیکھ گئی طرز کلام بشری آنکھ

جم جائے تصور جو ترے بوٹے سے قد کا
پتھر اسکے بنے صاف عقیق شجری آنکھ

باتیں جو کرو نازسے تم منھ کو چھپا کر
سننے کے لیے کان ہوا رشک پری آنکھ

آیا ہے مرے دل کا غبار آنسوؤں کے ساتھ
لو اتنے ہوئی مالک خشکی و تری آنکھ

اتنا ہی وہی رونا ہے وہی حسرت دیدار
ہم مر گئے لیکن پھر بھی یکا فرنہ مری آنکھ

طیار کیا خامہ مو اپنی مژہ سے
کھینچے ہے مگر نقشۂ نازک کمری آنکھ

نرگس پہ نظر کیجے دوبارہ کہ وہ کھا جائے
ہو جائے نظر ثانی میں اسکی نظری آنکھ

صحبت کا اثر صاحب بینش کو ہو کیونکر
عینک ہو اگر سبز نہ ہو جائے ہری آنکھ

باتوں کو زبان مثل سخن منھ سے نکل جائے
نظارے کو ہو پائے نگہ سے سفری آنکھ

تیر نگہ یار کو مژگان ہی سمجھتے
کس آنکھ سے لڑتی ہے سدا بے جگری آنکھ

رفتار تو دکھلا کے زخود رفتہ بنا دو
نرگس کی طرح ہے ہمہ تن کبک دری آنکھ

دامن کی طرح چاک ہوے آنکھ کے پردے
او دست جنون سیکھ گئی جامہ دری آنکھ

ان آنکھوں نہیں صانع نے بھرے کوٹ کے موتی
قسمت یہ ہماری ہے کہ اشکوں سے بھری آنکھ

جو اہل نظر ہیں کبھی خودبین نہیں ہوتے
دیکھو کہ ہے اس عیب نمایاں سے بری آنکھ

کیا قہر ہوا آیت ابرو ہوئی نازل
ڈر ہے نہ کرے دعوی پیغمبری آنکھ

کشتی وہ لیے نوح کے مانند چلے آئیں
طوفان بپا کر شب فرقت میں اری آنکھ

آنکھ

بند ھوائی دم قتل نہ جلاد سے پٹی
تلوار سے جھپکی نہ تو قاتل سے ڈری آنکھ

رو رو کے نہ رسوا کرے دل دوست ہی اسکا
دشمن کی بھی رکھے نہ روا پردہ دری آنکھ

روتا ہون جو یاد لب لعلین مین لہو مین
خونابۂ دل سے ہی عقیق جگری آنکھ

یون گور کا رستا ہی مرے دلین تصور
منزل کیطرف رکھتے ہین جیسے سفری آنکھ

آتش نظر آتا نہین یہ ناف کا حلقہ
دکھلا رہی ہی یار کی نازک کمری آنکھ

ولہ

خوب آگاہ ہی نظارے کے دستور سے آنکھ
یہ شگوفہ ہی لڑاتا شجر طور سے آنکھ

نہ دبی یار کی میرے پری و حور سے آنکھ
نہ کبھی نار سے جھپکی نہ کبھی نور سے آنکھ

اثر عشق ہی پیری مین بھی اتنا باقی
دیکھ لیتی ہی حسینون کیطرف دور سے آنکھ

لالہ رو عشق مین تیرے ہی یہی اپنی دعا
داغ دل کی نہ دبی مرہم کافور سے آنکھ

غم نہ کھا رزق کا گو کور ہو گو لنگ ہو تو
پھیرتا خواجہ نہین بندۂ مغرور سے آنکھ

کیا توقع ہو بھلا اسسے ہم آغوشی کی
پاس کب آئے وہ دکھلاتے ہین جو دور سے آنکھ

روز روشن سے ہی روشن رخ نورانی یار
فوق ظلمت پہ ہی رکھتی شب دیجور سے آنکھ

ڈر یہی ہی مجھے احول نکہین ہو جاؤ
ٹیڑھی رکھتے ہو بہت عاشق رنجور سے آنکھ

حشر کے روز وہ دیدار خدا دیکھینگے
نیچی ہوتی نہین جنکی کسی مغرور سے آنکھ

دار پر بھی مجھے کھینچین تو انا الحق نہ کہون
سرخ ہر چند ہو میری مئ منصور سے آنکھ

خون ہو ہو کے شب و روز بہا کرتی ہی
کو رہو جائیگی ہجتشمی ناسور سے آنکھ

بن نواب محبت خان محبت بن نواب حافظ الملک حافظ رحمت خان صوبہ دار کیٹھر باشندہ بریلی مقیم لکھنؤ شاگرد نواب ظفریاب خان راسخ

رو برو مہر کے ہو سکتی نہین دو رسے آنکھ	غیر ممکن ہی لڑے اُس رخ پر نور سے آنکھ
سرد مہری صنم سے یہ ہوئی ہی آندھی	ہوگی اچھی نہ کبھی مرہم کافور سے آنکھ
جو برہنہ ہی اُسے جان کا خطرہ کیا ہی	راہزن بھی نہ لڑائیگا کبھی چور سے آنکھ
فرقت یار مین آنسو نہین تھمتے ہرگز	آج کل اپنی فزون ہوگئی ناسور سے آنکھ
جوش بوسے کا سوال اُس سے جو کرتے ہین ہم	در جواب اُسکے دکھاتے ہین ہمین دور سے آنکھ

وله

اُسنے پائی ہی جو غضب کی آنکھ	اُس سے پڑتی ہی اُسپہ سبکی آنکھ
نزع مین دیکھہ شکل آئینہ	محو ہی تیرے جان بلب کی آنکھ
بوسے کا جب سوال کرتا ہون	آپ دکھلاتے ہین غضب کی آنکھ
شمع شاہد ہی پوچھہ لو سےہمنے	شب فرقت مین بند کب کی آنکھ
رخ محبوب صاف دیکھ لیا	یاد مین اُسکے بند جب کی آنکھ
تجھے گر کج نگاہ سے دیکھے	بھنگی ہو جائے بے ادب کی آنکھ
آج ای جوش اُس پہ پیروںنے	ہمسے برگشتہ بے سبب کی آنکھ

مہدی حسین خان آباد ولد غلام جعفر خان باشندہ لکھنؤ بحر مین غزل کے انکا ایک دیوان ہی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

[illegible]

فرط الفت سے مین ہوا بیہوش
وصل مین اُسنے چار حبیب کی آنکھہ

ای فروغ اسکو ہم نہین ڈرتے
لاکھ دکھلاے وہ غضب کی آنکھ

مولوی میر ناصر علی مرحوم نصیر ولد مولوی میر عبد الغنی باشندۂ لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد ناسخ

کسکو دکھلاتے ہو غضب کی آنکھ
بند یان ہو گئی ہی کب کی آنکھہ

مردم چشم دلبران ہو سپند
چشم بد دور ہی غضب کی آنکھہ

بوسے بالین پہ چشم ما روشن
پھرتے دیکھی جو جان بلب کی آنکھ

نہین خط پر ہی مہر باد امی
کھلی ہی اے صنم طلب کی آنکھ

خاک گرد ملال مین ہو نصیر
ملتجی سرمۂ طلب کی آنکھہ

آفتاب الدولہ خواجہ اسد بہادر قلق ولد خواجہ بہادر حسین فراق بن خواجہ
مرزا خان انکی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید اور ہمشیرہ زادہ
خواجہ وزیر وزیر

رخ روشن سے چار حبیب کی آنکھ
جھپکی آئینہ حلب کی آنکھہ

فرض عین اُسکی دید ہی زاہد
پڑتی ہی جس صنم پہ رب کی آنکھہ

وہ نظر باز ہین کہ لاکھون مین
تاک لیتے ہین اپنے ڈھب کی آنکھ

ابرو آفت کے پر بلا گیسو
قہر کی چتون اور غضب کی آنکھ

آفتاب اور ماہتاب نہین
دن کی وہ آنکھ ہی یہ شب کی آنکھ

[illegible]

آنکھ ... مین

[illegible]

[illegible]

رونے سے تسکین ہوتی ہی ذرا
جسم بھر مین ہی فقط غمخوار آنکھ

بعد مرنے کے جو آئے قبر پر
کھول دین ہم سنکے نام یار آنکھ

کر دیئین کیا کیا بدلتے ہین پڑے
رات بھر لگتی نہین بے یار آنکھ

شب جدائی کی گئی ہی یا نہین
دیکھتے ہین کھولکر ہر بار آنکھ

وہ تو مائل غیر پر مائل ہوئے
اب چرا جاتے ہین ہم ناچار آنکھ

نقی علیخان عرف پیارے صاحب نقی ولد واجد علیخان بن سبحان علیخان کمبوہ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد فتح الدولہ مرزا محمد رضا خان برق و میر علی اوسط رشک

واللہ کیا غضب کی ہی اے گلعذار آنکھ
پڑتی ہی تیری آنکھ پہ بے اختیار آنکھ

کہتے ہین صاف صاف کہ کھو دینگے ہم تمھین
دکھلاتین آپ غصے سے ہمکو ہزار آنکھ

اے جان کیا عجب ہی ترے رخ کی دید کو
قمری سے سرو باغ جو لے مستعار آنکھ

عریان ہی تیرے پنجہ مژگان ذو الفقار
رکھتی نہین یہ سرمہ دنبالہ دار آنکھ

کیون تاکتے ہو تم دل وحشی خصال کو
اے جان کیا کریگی ہرن کا شکار آنکھ

گڑ جائیگی زمین مین خجالت سے اے قمر
نرگس سے ہو گئی جو تمھاری دو چار آنکھ

زلفونکی یاد مین نہین آتے ہین اشک سرخ
دکھلا رہی ہی شام و شفق کی بہار آنکھ

مد نظر تو کر چکے مژگان یار کو
کیا ہوئیگی اب اور مرے حق مین خار آنکھ

کیا سیر ہو نقی یہ تماشائے یار سے
میری طرح سے کرتی ہی اُس گلکو یار آنکھ

امیر باتوقیر نواب عالیجاہ بہادر موسوی عرف منجھلے صاحب شہید خلف نواب دبیر الدولہ

نوک مژگان کو کہون کیونکہ یہ پیکان تیر کا / سرخ ہی نشتر سے اسکی صورت سوفار آنکھ

پتلیان موجود ہین کیونکر نہ ہین کافر کہون / لشتے کا ڈورا نہین پہنے ہی یہ زنار آنکھ

جنسے آنکھین لڑتی تھین چشمک انھین سے چاہیے کر / ہمسے او بیداد ہرگز نہ اپنی مار آنکھ

پاؤن پڑنے کی تمنا ہین ترے سوتا نہین / بخت خفتہ ہی اگر صحبت کا تو بیدار آنکھ

نواب سید محمد خان مرحوم رند خلف نواب سراج الدولہ غیاث الدین خان بہادر نصرت جنگ نواسے نواب نجف خان کے باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید خواجہ حیدر علی آتش

بام پر آکر لڑاتے ہین سر بازار آنکھ / روزن در سے کبھی کرتے نہ تھے جو چار آنکھ

رات دن وا ہے مثال روزن دیوار آنکھ / چھوڑ ڈالیگا تو کیا اے انتظار یار آنکھ

غیر ممکن ہی جمال یار سے ہو مستفیض / خواب مین دیکھے مگر یہ دولت دیدار آنکھ

اسکے کوچے سے اگر میرا جنازہ جائیگا / کھول دونگا جاکے زیر سایۂ دیوار آنکھ

چشم پوشی پہلے کی تھی کیا سمجھکر آپنے / بیجا ہو اب جو مجھ سے کرتے ہو پھر چار آنکھ

بانکے ٹیڑھون کو ترا ابروے کج سیدھا کرے / مار ڈالے تندرستون کو تری بیمار آنکھ

دوست دشمن کا نہین پابند ترا فیض عام / رکھتے ہین تیرے کرم پر کافر و دیندار آنکھ

عشق مین رہتا ہون پڑا اکثر کیے آنکھونکو بند / کھولنے دیتی نہین ہی حسرت دیدار آنکھ

ہی کھٹکتی یار بن نظارۂ گلزار سے / برگ گل کو جانتی ہی مثل نوک خار آنکھ

حسن کی طالب اگر وہ ہی تو ہونے دے ولا / تجھکو کیا مطلب ہی اپنے فعل کی مختار آنکھ

آنکھ

لیگئی چھین کے دل ساقیِ سرشار کی آنکھ	آ گئی دیکھ جیسے نرگس بیمار کی آنکھ

شاعر معروف میر حسن مرحوم حسن ولد میر غلام حسین ضاحک باشندۂ شاہجہان آباد مقیم لکھنؤ صاحب دیوان اور مثنوی بدر منیر شاگرد میر ضیاء الدین ضیا

مجھسے اب وہ نہ رہی اُس بت عیار کی آنکھ	پھر گئی آہ زمانے کیطرح یار کی آنکھ
کس سے تو آنکھ ملاتا ہی نظر میں ہی مری	میں سمجھتا ہوں تری اب وہ نہیں پیار کی آنکھ
تا کہ عبرت کریں اور غیر نہ دیکھیں تجھکو	چھین آتا ہی نکلوا ئیے دو چار کی آنکھ
یار اک پل بھی نہ او جھل ہو نظر سے میری	جی سے بھاتی ہی مجھے اپنے طرحدار کی آنکھ
گریہ کرتا ہی حسن زیر درخت بادام	یاد آتی ہی اسے کیا کسی دلدار کی آنکھ

سعادت خان ناصر ولد رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہی شاگرد مرزا محمد حسن عرف چھوٹے مرزا مذہب مرثیہ گو

دیکھ لیگی ہنر و عیب مرے یار کی آنکھ	حبش کو خوب پرکھتی ہی خریدار کی آنکھ
رشک اغیار کو ہی وصل کی ہی یار کو شرم	مجھسے اب یار کی ملتی ہی نہ اغیار کی آنکھ
کینہ و مہر مذبذب ہی کوئی کیا سمجھے	کبھی غصے کی دکھاتے ہو کبھی پیار کی آنکھ
اسکی آنکھوں سے نہ دیوے کوئی نرگس کو مثال	تندرستی کی ہی یہ آنکھ وہ آزار کی آنکھ
سختی حشر بھی آسان ہی پھر اے ناصر	پڑ گئی تجھپہ اگر حیدر کرار کی آنکھ

آغا حسن آغا ولد مرزا میر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر وزیر صبا

نظر پڑی ہی تری جیسے ٹکی آڑ میں آنکھ	لگی ہی رہتی ہی اے بت مری کنواڑ میں آنکھ

یوسف تمھارے سامنے بازار مین جو آئے — دیکھین کبھی نہ اسکو خریدار آنکھ سے

کیا وصل مین لکھین گے فرشتے بجز ثواب — مس کر رہا ہون مصحف رخسار آنکھ سے

کٹ کٹ گیا ہی تیغ سے تار نگہ مرا — جب دیکھے تیرے ابروے خمدار آنکھ سے

یارب ندیم کی ہی یہی تجھ سے التجا — دیکھے مزار حیدر کرار آنکھ سے

مولوی محمد بخش شہید ولد شیخ خدا بخش خوشنویس اولاد مین محمد ابن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے باشندہ قصبہ سندیلہ مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

فتنا سے لال لال جو دلبر کی آنکھ ہی — اشکو لینے سرخ عاشق مضطر کی آنکھ ہی

کسدرجہ دلکش اس بت کافر کی آنکھ ہی — ہی سحر سامری کہ فسونگر کی آنکھ ہی

جلتا ہی تن بدن تری فرقت سے اسقدر — جو داغ جسم پہ ہی سمندر کی آنکھ ہی

کسطرح فرش خاک پہ رکھے وہ اپنے پاؤن — ہر نقش پا بھی عاشق مضطر کی آنکھ ہی

دیکھا جسے تباہ کیا دربدر کیا — چشم زحل ہی یا کہ ستمگر کی آنکھ ہی

زیبا ہو میل سرمہ مژہ ہو غزال کی — وحشی کمال ہی مرے دلبر کی آنکھ ہی

ہوتا ہون دیکھ دیکھ کے مین قتل اے شہید — کسدرجہ شرمگین مرے دلبر کی آنکھ ہی

میر محمد وارث علی مرحوم نالان ولد میر ارزانی بہاری مقیم عظیم آباد صاحب دیوان شاگرد اشرف خان فغان

سو گئے طالع بیدار ہمارے یارب — یار بالین پہ جب آیا مری تب آنکھ لگی

آنکھ

اشک جوشان کی نہ طوفان سے چھوٹے وہ آنکھ

جو نہ حیران ہوئی رخ یار پہ چھوٹے وہ آنکھ

نرگس چشم بت کافر سے نہ لگ چلیو دلا

دزد ہی چھوڑو نہ کہین مفت مین لوٹے وہ آنکھ

[illegible]

نہ خمارِ غمِ اندوہ سے چھوٹے وہ آنکھ	نشۂ عشق نہووے جسے چھوٹے وہ آنکھ

سید امام علی مرحوم صاحبقران تخلص ولد ملک غلام حسین بلگرامی زادۂ بلگرام عہد نواب آصف الدولہ مین وارد لکھنؤ دیوان انکا فحش سے مملو ہی اور نام انکا شہر و دیار مین مشہور کو بکو ہی

چتون غضب ہی تیغ کی ہی ہیبال آنکھ	چھوٹے سے سنمین اسکی بڑی ہی چھنال آنکھ
سبزی کو پیکے کہتی ہی فنجیا خضر سے	نشۂ چرس چڑھیگا ہوگی مری لال لال آنکھ
کہتی ہی نایکا کہ برا ہو بڑھاپے کا	پر بال پڑ گئی ہوگئی مجھکو وبال آنکھ
بھڑوا نظر سے کسبی کی گر ہوا ذلیل	پائے نظر سے کیون نہ کرے پائمال آنکھ
ہرجائی مرد مار رہی ایک کے نہ پاس	صاحبقران سے کہدو نہ دولتیٹڑی ڈال آنکھ

اقتدار الدولہ محتشم الملک معتمد الخاقان بہادر ضیغم جنگ حسن خلف مرزا امام الدین حیدر بن نواب شجاع الدولہ بہادر باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد سعادت یار خان ناصر

لاکھ مین ایک ہی تمھاری آنکھ	ایسی دیکھی نہین پیاری آنکھ
شعر برجستہ ہین ترے ابرو	کیون نہ اسپر پڑے ہماری آنکھ
نیم وا چشم اک قیامت ہی	دیکھ سکتا ہی کون ساری آنکھ
گل نرگس جو چشم پر وارے	کیون نہ اسپر سے میری واری آنکھ
چلے اسپر فریب نرگس کیا	حسن نے دیکھی ہی تمھاری آنکھ

میر مہدی حسن فراغ ولد میر طالب علی باشندہ لکھنؤ استاد مرزا رفیع الدین حیدر عرف منا خان

عبدالکریم خان جھا ولد سرور خان باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر وزیر صبا

جیسے ہی تیرا تصور ای گل تر آنکھ مین
رنگ برگ گل پر دسا ملتا آنکھ مین
جلوہ گر ہی یان خیال قد دلبر آنکھ مین
کب سماتے ہین بھلا سرو صنوبر آنکھ مین

آنکھ

[illegible]

در پہ تجھکو دیکھتے ہی ای صنم پتھرا گئی	پتلی حیرت سے بنی سد سکندر آنکھ مین
دیکھنے والا ہوں اسکے عارض رنگین کا مین	کیا سمائے باغبان رنگ گل تر آنکھ مین
کیا ہی اے گل دامن نظارہ مین چھپنے لگی	ہو گئی مژگان بھی خار ونکے برابر آنکھ مین

وزیر اعظم عالمگیر ثانی نواب اعتماد الملک غازی الدین خان مرحوم نظام خلف نواب قمر الدین خان وزیر اعظم محمد شاہ بادشاہ اولاد مین حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمہ کی قصیدہ مرزا رفیع سودا کا انکی مدح مین ہے

صبح ہوتے جو گئی آج مری آنکھ جھپک	دی خوشی نے دہین گرد دلبر دستک

باشندہ دہلی صاحب دیوان فارسی ہندی

آیا نہ کبھی خواب مین بھی وصل میسر	کیا جانئے کسوقت مری آنکھ لگی ہی

شیخ وزیر علی وزیر خلف معین الدین احمد خطیب بلگرام شاگرد اور خواہرزادے منشی احمد علیخان فارسی گو کے ملازم مظفر حسین خان کمبوہ کے ایک دیوان فارسی ایک دیوان ریختہ انکا ہی

سرمہ کی یہ کھنچی نہین تحریر آنکھ مین	ہی نون کی لکھی ہوئی تفسیر آنکھ مین
کیونکر سمائے اسمین کسی اور کا خیال	گھر کر گیا ہی وہ بت بے پیر آنکھ مین
کیا دیکھتے ہو مردمک چشم یہ نہین	کھینچی ہی ہمنے یار کی تصویر آنکھ مین
جو دیکھے وہ نشا سے بیہوش ہوا بھی	ساقی یہ طرفہ ہی تری تاثیر آنکھ مین
برسون سے ٹکٹکی ہی شب و روز ای وزیر	کب نیند لائے دیکھیے تقدیر آنکھ مین

آنکھ

یقین

ایک لفت سندی انکا ہی شاگرد شیخ [illegible]

وصل ہی دیکھنے مین [illegible]

[illegible]

امجد علی خان پسر سبحان علی خان [illegible] باشندہ لکھنؤ مقیم [illegible]

علی علیخان عرف پیارے صاحب [illegible]

عاریت لیجے کسی سے ید بیضا آنکھیں

شوق دیدار [illegible] جنون

الم مین [illegible] دریا آنکھیں

[illegible] اسرار [illegible]

[illegible] صحرا آنکھیں

[illegible] فتح الدولہ [illegible] رضا خان برق [illegible] شاگرد رشک [illegible]

میری نظرون سے [illegible] کیا کیا آنکھیں

مجھکو دکھلاتی ہی [illegible] نرگس شہلا آنکھیں

[illegible] تڑپاتے ہین

رقص بسمل کا دکھاتی ہین تماشا آنکھیں

آنکھ

[illegible]

عرف میر مغل باشندۂ فیض آباد مقیم کانپور شاگرد میر علی اوسط رشک

آشنا خواب سے ہوتی نہین اصلا آنکھیں	دیدۂ روزن دیوار ہین گویا آنکھیں
دیکھ مصروف نہ وہ چشم کی آرایش مین	تجھکو یوسف سے ملائینگی زلیخا آنکھیں
دیدۂ ابلہ و دیدۂ داغ سودا	میرے اللہ نے دی ہین مجھے کیا کیا آنکھیں
بولتے مجھسے نہین باتین اشارو نہین ہین	لب جو خاموش ہوے ہوگئین گویا آنکھیں
فرقت گل مین نکھائے کہین افیون بلبل	چار سو رکھتا ہی اسواسطے لالا آنکھیں
شکل طاؤس مرے تن پہ ہین داغ حسرت	دید کو تیری بنا ہوئین سراپا آنکھیں
ہی تصور مین جو اک پردہ نشین کی آمد	روشنی دور ہوئی کرتی ہین پردا آنکھیں
آنکھین ملتے کی کہان پاؤن جو دیکھون اسکو	شجر طور ہی قامت ید بیضا آنکھیں
آرزو ہی کہ رہا وادی ایمن دیکھے	عاریت اسکو عنایت کرد موسے آنکھیں

میر مہدی جنون ولد میر عباس عرف میر مغل فیض آبادی برادر خرد میر رضی رہا شاگرد میر علی اوسط رشک

گر وہ غصے سے دکھادے بت ترسا آنکھیں	ایک عالم وہین کر دین تہ و بالا آنکھیں
تجھکو دکھلائے اگر وہ گل رعنا آنکھیں	بند ہو جائین تری نرگس شہلا آنکھیں
تو نے غصہ سے جو دیکھا تو ہوئی جان فنا	ملک الموت ہوئین تیری مسیحا آنکھیں
اسکا دیدار جو ہوگا تو قیامت ہوگی	ہر بن موسے مرے ہو وینگی پیدا آنکھیں

[illegible]

[illegible]

رازاشاروں میں بھی سمجھاتی ہیں کیا کیا آنکھیں
لب تقریر ہیں اس شوخ کی گویا آنکھیں

مجھکو للہ دکھا ادیت ترسا آنکھیں
پھر دیدار رہا ہوا ہوئیں سراپا آنکھیں

چاہ بابل جو نہ سمجھے اُسے اندھا کہیے
رکھتا ہی سحر کے چشمے وہ مسیحا آنکھیں

الفت چاہ زنخداں جو جھکاتی ہی کوئیں
روکے اک پل میں بہا دیتی ہیں دریا آنکھیں

دست رنگین کو جو وزدیدہ نظر سے دیکھیں
مہندی کے چور کو سمجھیں ید بیضا آنکھیں

دام میں دانہ بھی ہی اسکی رہائی معلوم
رکھتی ہیں خال تہ زلف کا سودا آنکھیں

میرے گھر میں جو قدم رنجہ وہ فرمائیں عروج
فرش کے بدلے بچھاؤں میں سراپا آنکھیں

مرزا اکبر علی ساحل ولد میر باقر علی خویش منشی محمد حسن کے باشندۂ دہلی شاگرد
میر علی اوسط رشک

رات دن رہنے لگیں محو تماشا آنکھیں
کہیں آفت نہ کریں پھر کوئی برپا آنکھیں

ہمسری یار سے گلشن میں کیا کرتی ہی
کور ہو جائیں تری نرگس شہلا آنکھیں

ہر گھڑی یار پہ پڑتی ہی نظر خوف یہ ہی
کہیں ایسا نہو کر دیں مجھے رسوا آنکھیں

اتہام گل و نرگس ہی عبث اے گلچین
ہیں کسی عاشق مہجور کی بے وا آنکھیں

سیر دریا کا ارادہ ہوا گر اے یم حسن
ابھی رو رو کے بہا دیتی ہیں دریا آنکھیں

دیکھ لیتی مرے یوسف کو اگر خواب میں بھی
صاف یوسف سے پھر الیتی زلیخا آنکھیں

تیری خوش چشمی کا شہرا جو گیا تا بفلک
ہی یقین دیکھنے آئینگے مسیحا آنکھیں

شرمگیں چشم اگر یار کی دیکھے ساحل
پھر دکھائے نہ کبھی نرگس شہلا آنکھیں

آنکھ

لا کے دکھلائے ہمیں نرگس شہلا آنکھیں [illegible]

[illegible]

ابر برسات میں ایسا نہ برستا ہوگا ۔۔۔ ایسی روتی ہیں بہا دیتی ہیں دریا آنکھیں

ترچھی نظروں سے اشارے جو ہوا کرتے ہیں ۔۔۔ انھیں باتوں سے ہوا کرتی ہیں رسوا آنکھیں

لاکھ منت کروں آنکھوں کو ملوں قدموں سے ۔۔۔ نہ اٹھانا نہ اٹھانا نہ اٹھانا آنکھیں

زندہ ہو جاؤں جو دکھلائیے صورت اپنی ۔۔۔ قبر میں ڈھونڈھتی ہیں تجھکو مسیحا آنکھیں

مردم دیدۂ طوفاں کی بر آئے امید ۔۔۔ دیکھیں چلکے کہیں روضۂ آقا آنکھیں

شیخ کاظم علی قدوائی قیس خلف شیخ وحدت علی باشندہ جگور پرگنہ
نواب گنج توابع لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

ہجر خوباں میں بہاتی ہیں جو دریا آنکھیں ۔۔۔ کیا ہوئی تھیں اسی دن کے لئے پیدا آنکھیں

دشت غربت میں نکس طرح ہوں طوفاں انگیز ۔۔۔ کثرت گریہ سے ہیں غیرت دریا آنکھیں

شعلۂ رو لیکا تجسس اسے کیونکر نہ رہے ۔۔۔ دل پر داغ ہے داغوں سے سراپا آنکھیں

خواہش دید ہی انکو نہ تمنائے وصال ۔۔۔ رکھتی ہیں پیش نظر یار کا نقشا آنکھیں

ترک کیونکر کروں نظارۂ گلرو ناصح ۔۔۔ کہ بنائی ہیں مری بہر تماشا آنکھیں

چھوڑکر کوے محبت کو کہاں جاؤں قیس ۔۔۔ اور کوچے سے نہیں میری شناسا آنکھیں

مؤلف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد سید شاہ حسین حقیقت شاگرد خواجہ وزیر
وزیر اور میر علی اوسط رشک

نرگسین یہ نہیں ہو جو مری وا آنکھیں ۔۔۔ شاید آتا ہے وہ تکتی ہیں جو رستا آنکھیں

منتظر رہنے کی کچھ حد ہی کریں کیا آنکھیں ۔۔۔ وہ نہ آئے تو گئیں دیکھ کے رستا آنکھیں

[illegible]

ہوگئی ایک نگہ مین مجھے صحبت حاصل	گرچہ بیمار ہین لیکن ہین مسیحا آنکھین
کسطرح طائر جان دام بلا سے نکلے	زلف پرپیچ ہے حلقون سے سراپا آنکھین
تجھسے اے جان کدورت نرہیگی باقی	روکے دھوئین گئین غبار دل شیدا آنکھین
طوطیا خاک جو اُس کوچے کی ہوجاے رحیم	نکرین عذر کبھی ضعف بصر کا آنکھین

ارشاد علی شاہ سالک خلف محمد علی مرید شاہ افضل حسین اعظم آبادی باشندۂ پھلواری تال لکھنؤ مین برائے سیر آئے بہت دن مقیم رہے میر ہادیعلی بیخود سے انکو مشورۂ شعر تھا

مجھکو دکھلاتی ہین کیا نرگس شہلا آنکھین	دیکھ ڈالین ہین مری آنکھون نے کیا کیا آنکھین
نرہون ہین کبھی نظرون مین حسینونکی ولیل	چھوڑ دین حسن پرستی کا جو لپکا آنکھین
محو خوبان کبھی کرتی ہین رلاتی ہین کبھی	آفتین لاتی ہین النسان پہ کیا کیا آنکھین
چند روزہ ہی بہار چمنستان جہان	کھول نرگس کیطرح بہر تماشا آنکھین
دور ہووے یرقان تیرا ابھی او نرگس	گر دکھاوے تجھے وہ رشک مسیحا آنکھین
ابر کیطرح جو مینھ آنسوؤنکا برساوین	پاٹ دریا کا کرین دامن صحرا آنکھین
اے خدا تیرے سوا کچھ نہ نظر آئے مجھے	اپنے ہی نور سے کردے مری بینا آنکھین
اب کھلا حال پریشان نظری اے سالک	رکھتی ہین گیسوے پرپیچ کا سودا آنکھین

حکیم سید محمد صادق عرف صادق مرزا صادق ولد حکیم سید محمد حسن خان نبیرۂ سید روشن علی خان برادر نواب معتمد الدولہ بہادر باشندۂ لکھنؤ مقیم کانپور شاگرد سید ہادیعلی بیخود

آنکھ

میرا خوش چشم اگر سیر چمن کو آئے
ابھی کھل جائین تری نرگس شہلا آنکھین

قدرت اللہ کی آتی ہے نظر اے صادق
کرتی ہین حسن بتان کا جو نظارا آنکھین

سید آغا جان ضبط ولد سید روشن علیخان مرحوم برادر نواب معتمد الدولہ بہادر متولد کانپور مسکن لکھنؤ شاگرد میر ہادیعلی بیخود

[illegible]

ہادی علی ہیچ ولد میر ناصر علی [illegible] زمیندار بریلی برادر [illegible] باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر

[illegible] حسرت دید میں [illegible] ہو گئیں وا آنکھیں
[illegible] آنکھیں

[illegible] مری پیدا آنکھیں
زیست بھر حسرت دیدار نہ نکلی صد حیف
کاش اس سے تو ہوتیں مری پیدا آنکھیں
غافلو ہوش میں آؤ [illegible] فاعتبروا یا اولی الابصار پڑھو
[illegible] آنکھیں
چشم پوشی نہ کریں طالب دیدار سے آپ
آج کب مانتی ہیں وعدۂ فردا آنکھیں

سیر مژگان جو تجھے دیکھ کے جھک جاتی ہیں
سجدے کرتی ہیں مری ادب ترسا آنکھیں

نہیں بیوجہ یہ دزدیدہ نگاہیں ہر سو
کچھ نہ کچھ کرتی ہیں غیروں سے اشارا آنکھیں

تو سراپا چمن حسن ہے اے رشک بہار
رخ ہے گل سرو ہے قد نرگس شہلا آنکھیں

رشک اسے کہتے ہیں آتا ہے تصور جو ترا
مردم چشم سے بھی کرتی ہیں پردا آنکھیں

خوب ہم دولت دیدار کسی دن لوٹیں
ایک مدت سے یہ رکھتی ہیں تمنا آنکھیں

رخنہ انداز ہوئی حسرت دیدار ای ضبط
جھانکنے تاکنے سے ہو گئیں رسوا آنکھیں

شیخ قادر علی موحد ولد شیخ چراغ علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر

کیا کہوں جوشش گریہ سے ہیں کیا کیا آنکھیں
ابر ہیں نہر ہیں تالاب ہیں دریا آنکھیں

نظر پاک سے دیکھا جو انہیں کہنے لگے
ہو تو انسان مگر پائیں فرشتہ آنکھیں

وعدۂ وصل زبانی ہے یقیں ہو کیونکر
اجی بتیاسے جبھی پائے جو اندھا آنکھیں

آنکھیں وا کر کے کرو بند تو پھبتی یہ کہوں
گل نرگس تھیں مگر ہو گئیں غنچا آنکھیں

دید ابرو کی ہوس ہے تو خدا کے گھر میں
توڑ کر تار نگہ باندھ دیں چلا آنکھیں

چھوڑنا اپنی نہ عادت وہ ستمگاری کی
صلح کیوقت بھی غمزے سے لڑا آنکھیں

دیدۂ جوہر شمشیر نہ کیونکر گھورے
ڈالتی ہیں تری تلوار پہ ڈورا آنکھیں

گر تصور میں بھی آنے سے حیا ہو تمکو
کر لیں داماں نگہ کا ابھی پردا آنکھیں

حسرت دید ہے موحد انہیں محسن کیطرح
رو کے سوتے میں بہا دیتی ہیں دریا آنکھیں

آنکھ [illegible]

[illegible]

خواب رنجش کو ہین جو دیکھ کے بیدار ہوا — عقدۂ دل کی طرح ہو نسکین وا آنکھین
ناتوان ہین ہی وہ ای رشک چمن گلشن مین — کبھی نرگس کو نہ بھولے سے دکھا نا آنکھین
اے یم حسن گیا غسل کو تو جب پے دید — ہوئین دریا مین حبابون سے ہویدا آنکھین
دیدنی بزم خرابات جہان ہی بیخود — کیجیے جام کے مانند ذرا وا آنکھین

ولہ

کشتۂ دید جو کرتے ہین کبھی چار آنکھین — لال ہو جاتی ہین غصے سے وہ خونخوار آنکھین
آفت عشق مین کرتی ہین گرفتار آنکھین — دو بلائین ہین مری جان کو ای یار آنکھین
حسرت دید مین اسقدر جو ہوئین زار آنکھین — توڑ سکتی نہین اب آنسو ونکا تار آنکھین
روکے طوفان بپا کرتی ہین ہر بار آنکھین — آج کل نام ڈبونے کو ہین تیار آنکھین
اسقدر ڈھونڈھتی ہین آنکھین تجھے او بیدید — پاے نظارہ سے ہین مائل رفتار آنکھین
پھر گئین مثل مژہ کرکے ہمین کشتۂ دید — ہم نہ سمجھے تھے کہ جل دینگی وہ خونخوار آنکھین
دم بدم حسرت دیدار یہی کہتی ہی — گھورتے خوب انھین ہوتین اگر چار آنکھین
شوق نظارۂ مژگان کا ہوا پھر سودا — لے چلین پھر طرف وادی پرخار آنکھین
دید بازی کا مزا لوٹ لیا خواطر خواہ — چکھ چکین چاشنی شربت دیدار آنکھین
دم نظارہ بھی جی بھر کے نہ دیکھا انکو — دو کیا تیغ نگہ نے جو ہوئین چار آنکھین
آنکھ مد بینون کی پڑتی ہی مجھے خوف ہی — پھر حرارہ نہ کہین لائین وہ بیمار آنکھین
یہ مثل وہ ہی بدی آنکھ کی بھونکے آگے — مجھسے کرتی ہین شکایت تری ای یار آنکھین

آنکھ

ور یختہ فارسی مین شاگرد ناطق اردو مین خواجہ وزیر وزیر

پھیر لین ہوکے خفا کس لیے ای یار آنکھین	کیا کیا مین نے ذرا مجھ سے کرو چار آنکھین
نقد دل چھین لیا جیسے ہوئین چار آنکھین	رہزنی قہر کی کرنے لگین ای یار آنکھین
اُس مسیحا سے جو ہو جائین کبھی چار آنکھین	کھو اُڑے گل کی روشن نرگس بیمار آنکھین
کون مانع ہی جو دیتی یہ نہین مژدہ وصل	ہین سخنگو تو کرین شوق سے گفتار آنکھین
تم وہ قاتل ہو کہ جلاد فلک تھرائے	سرخ دیکھے جو دم نشاء وہ خونخوار آنکھین
میری آنکھون مین اُن آنکھون کی حیا پھرتی ہی	پھر دکھائے مجھے شرمائی ہوئی یار آنکھین
روبرو آپکے کیا یوسف مصری کی بساط	سر بازار بچھاتے ہین خریدار آنکھین
دیکھیے پھر وہ لڑی اُس در دندان سے نگاہ	کیا عجب آبکی برس پھر ہون گہربار آنکھین
شرم سے گھر مین یہ ڈرتے ہین کوئی دیکھ نلے	کہین پیدا نکرین روزن دیوار آنکھین
آپسے اپنا مداوا ابھی نہین ہو سکتا	کیسے عیسے ہو کہ جب دیکھو ہین بیمار آنکھین
ملنی ہی ہجر تصور مین بھی آئے جو نظر	محو نظارہ کی کر ڈالیئن ای یار آنکھین
دیکھیے بعد فنا کیا یہ دکھائین جوہر	لیچلین ساتھ مرے حسرت دیدار آنکھین

جانکی پرشاد مریخ تخلص ابن جگل کشور ساکن فرخ آباد وارد لکھنؤ شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر

نظر آتی ہین اگر آپ کی بیمار آنکھین	کاوش غمسے یہان بھی تو ہین خونبار آنکھین
نظر آئین جو ہمین یار کی بیمار آنکھین	ملک الموت نے کین آکے وہین چار آنکھین

منصف چنار کہ مرزا حاتم علی بیگ مہر ولد مرزا فیض علی بن رکن الدولہ

آنکھ

ردیف ن

تاک لیتے ہین نظرباز ہین ہم بھی صاحب / دل چرا یا ہی چراتے ہو جو ہر بار آنکھین
پیار سے دیکھتا ہون مین تو وہ فرماتے ہین / دیکھیے دیکھیے ہوتی ہین گنہگار آنکھین
چوم لین کیون نہ وہ آئینے مین آنکھین اپنی / لب مسیحائی کرینگے کہ ہین بیمار آنکھین
یہ مرا دامن تر دامن گلچین ہوگا / رنگ لائینگی ابھی تو مری خونبار آنکھین
مرغ دل ایسے کسیطرح نہین بچ سکتا / کہین شاہین شکاری سے ہین طیار آنکھین
چشم مخمور مین ساقی کی یہ کیفیت ہے / نشۂ مستون کے دوبالا ہو جو ہون چار آنکھین
بنگیا پنجۂ مژگان بھی مرا دست دعا / رکھتے ہین مہر بہت حسرت دیدار آنکھین

میر مہر علی انس خلف میر مستحسن خلیق مرثیہ گو بن میر حسن صاحب مثنوی بدر منیر باشندۂ لکھنؤ شاگرد اپنے والد ماجد کے

اُسکے دیدار کی رہتی ہین طلبگار آنکھین / آشنا خواب سے کیا ہون مری بیمار آنکھین
دیکھو دکھلاؤ خفا ہوکے نہ ہر بار آنکھین / اب کبھی بزم مین رو ئین تو گنہگار آنکھین
نہ ملائے کوئی اُس ترک سے زنہار آنکھین / تیغ سے دو ہی کریگا جو ہوئین چار آنکھین
لو قسم وصل ہوا ہو جو کبھی ہمکو نصیب / اک نظر دیکھنے کی تو ہین گنہگار آنکھین
مرگئے جاگتے ہی جاگتے فرقت مین تری / سوئین اب چلکے بہت رہ چکین بیدار آنکھین
رخ روشن کو نہ دامن مین چھپاؤ للہ / اب نظر بھر کے جو دیکھین تو گنہگار آنکھین
کبھی حیرت نہ گئی دیدۂ تصویر کی شکل / جیسے ہین عاشق آئینہ رخسار آنکھین
دیکھیے صاف مین کہتا ہون لڑائی ہوگی / آپ غیرون سے لڑا ئینگے جو ہر بار آنکھین

آنکھ

[illegible]

آنکھ

قمر تخلص خلف الرشید مضفر الدولہ ظفر الملک محمد ذکی علی خان بہادر غالب جنگ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مولوی محمد بخش شہید

کس ستم کی ہیں تری او بت عیار آنکھیں / دل ہی قالو میں نہیں جیسے ہوئیں چار آنکھیں
کیا بیان کیجیے اوصاف تمہارے صاحب / ہو طرحدار نہ کیونکر ہوں طرحدار آنکھیں
جو سزا دیجیے ایمان روا ہی لیکن / میری تقصیر نہیں ہیں یہ گنہگار آنکھیں
انکو آہو کہوں بادام کہوں یا نرگس / سچ بتا کیا کہوں کیا ہیں تری دلدار آنکھیں
مرض ہجر مرا خاک ہوا اچھا تم سے / خود مسیحا ہوا جی اور ہیں بیمار آنکھیں
یا نہیں نرگس شہلا جو نظر آتی ہے / یاد آجاتی ہیں مجھکو تری ای یار آنکھیں
ایک دم بھر نہیں ہوتی ہیں فراموش مجھے / سامنے آنکھوں کے پھرتی ہیں تری یار آنکھیں
دختر رز پہ مری آنکھ نہیں پڑتی ہی / کیوں دکھاتا ہی مجھے ساقی میخوار آنکھیں
تری آنکھیں ہیں کہ یہ سحر مجسم ہی صنم / دین و دنیا سے گئی جیسے ہوئیں چار آنکھیں
نہیں معلوم کہ کیا سحر ہی چتون میں بھرا / جب قمر آنکھ ملی ہو گئیں بیمار آنکھیں

میر آغا حسن عرف میرن صاحب نامی تخلص ولد میر بندہ حیدر اولاد میں میر ابو تقی خراسانی کے باشندۂ لکھنؤ شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر

لذت نشاء سے واقف نہیں تمہارا آنکھیں / چشم ساقی کو ہوئیں دیکھ کے سرشار آنکھیں
دل چرا لیتی ہیں دزدیدہ نگہ سے او ترک / جان نثار ونکے ہوئیں درپئے آزار آنکھیں
ساکن دشت ہو دیوانوں کی صورت نامی / کون سے آہوے وحشی سے ہوئیں یار آنکھیں

کرونگا آنکھ چرانے کے سیکڑون شکوے — کبھی تو ہوونگی مری اور اسکی چار آنکھین
یہ جوش ہی غم سرور کا دلپہ آٹھ پہر — کہ شمع سان مری ظاہر ہین اشکبار آنکھین

شیخ امان علی سحر ولد محمد امین باشندۂ لکھنو صاحب دیوان شاگرد رشید فتح الدولہ مرزا محمد رضا خان برق

کم نہین ابرو سے یار آنکھین — وہ کیا ہو گئین جو چار آنکھین
وہ کھڑے ہین چمن مین نرگس کے — ایک پتلی ہی اور ہزار آنکھین
مشق اگر صاف ہو تصور کی — روز دیکھین نیا نکھار آنکھین
کیون تصور مین یار کو گھورا — واقعی ہین قصوروار آنکھین
وہی تیغ نظر کا عالم ہی — لڑ چکی ہین ہزار بار آنکھین
دیکھتا ہی وہانکا بھی عالم — وار ہینگی تہ مزار آنکھین
برق کے ہم ہین دیکھنے والے — ابر تر کی ہین یادگار آنکھین
نہین بجھتی ہی سحر لگی دل کی — پھر یہ کیسی ہین اشکبار آنکھین

محافظ دفتر کلکٹری ضلع الہ آباد میر علی سجاد سجاد خلف میر حیدر علی باشندۂ موضع کہڑا پرگنہ منیہ توابع ضلع مذکور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

اُس سے نہین جسے چار آنکھین — کس قدر رہتی ہین اشکبار آنکھین
صدقے ترے قد پہ لاکھون خوشقد — آنکھون پہ فدا ہزار آنکھین
گلرنگ ہین آستین و دامن — دکھلاتی ہین کیا بہار آنکھین

آنکھ

[illegible]
شاگرد مولوی محمد بخش شہید

گردش چشم نے پیغام اجل پہونچایا | للہ الحمد ہوئین اب تو میسر آنکھین
آج کل ہی شرف کوچۂ جانان حاصل | اپنے تلووں سے ملون کیون نہ کر آنکھین
سخت بیجان وہ ہون کہ دشمن بھی تماشائی ہو | بنگیا ہی ہمہ تن جوہر خنجر آنکھین
آتش عشق کی گرمی سے ہوئی خشک البتہ | ایک قطرہ بھی نہ نکلا نہ ہوئین تر آنکھین
کیا جمال آپ کو خالق نے عطا فرمایا | دیدبازی سے ہماری ہین منور آنکھین
منتظر شام سے ہون سنگدلی خوب نہین | آؤ پتھرا کے ہوئی ہین مری پتھر آنکھین
اور عالم مین نہین ہی کوئی پامال نگاہ | جب نہ تب روز نکالتی ہین مجھی پر آنکھین
ترچھی نظرون سے نہ دیکھو مجھے مرجاؤنگا | او ستمگر نہون مشہور ستمگر آنکھین
ای رسول عربی ہی یہی اشرف کی دعا | اور امت سے نہ چھپنیگین دم محشر آنکھین

رائے دولت رائے شوق ولد رائے شیو سنگھ باشندۂ لکھنؤ محلہ اشرف آباد
شاگرد منشی مینڈولال زار

یاد دندان مین ہین جانب اختر آنکھین | کیا کہون بند ہوئین رات نہ دم بھر آنکھین
شوق دیدار سے از بسکہ ہین مضطر آنکھین | ہین کبھی گھر کیطرف اور کبھی باہر آنکھین
تھا زلیخا پیش نظر اس رخ روشن کا خیال | ہم لڑاتے رہے خورشید سے دن بھر آنکھین
نہین معلوم ترے طالب دیدار کو آہ | خواب کیا چیز ہی لگجاتی ہین کیونکر آنکھین
دیکھ لے شوق ذرا گلشن عالم کی بہار | بند ہو جائینگی اک روز مقرر آنکھین

مرزا محمد ذکی رشید ولد مرزا مہدی برادرزادہ مرزا حاجی قمر باشندۂ لکھنؤ

مرزا محمد جعفر عرف مرزا فضا ولد مرزا بندہ حسن باشندۂ لکھنؤ شاگرد مولوی محمد بخش شہید

ردیف آنکھ

[illegible]

دیکھتے دیکھتے تار رگ جان کاٹ دیا	ہو گئین میرے لیے یار کی خنجر آنکھین
ہو کے ناچار جو دوبار پھر آئی تیوری	شوق دیدار مین ہو ہو گئین نشتر آنکھین
جسنے دیکھا رگ جان چھد گئی مذبوح ہوا	واہ کس نوک کی ہین صورت نشتر آنکھین
ہجر تھا کل پہ صواب وصل کی تاریخ ہے شوخ	آج کب ڈھونڈھینگی یہ صورت خنجر آنکھین

مرزا احسن مرحوم احسن دہلی مین داروغہ سرکار محمد یونس خواجہ سرا کے تھے لکھنو مین
مرزا حسن رضا خان جو نائب نواب آصف الدولہ کے تھے اونکی رفاقت مین بسر
کی والد مرزا عبد الرحمن جان صاحب دیوان شاگرد سودا

کل جو اس شوخ نے سر کھولا اٹھائین آنکھین	برق نے ابر کی چادر مین چھپائین آنکھین
شوخ چشمی پہ گھمنڈ اپنی ہے کیبو نرگس	آنکھین کھلجائینگی جب اسنے دکھائین آنکھین
دوسرے دن کسکو نہین اسمین کسی کی تقصیر	آفتین دل پہ مرے پھیری ہی لائین آنکھین
مل گئے خاک مین ہم پر بھی اس ظالم نے	نہ ملائین نہ ملائین نہ ملائین آنکھین
کل عجب طرح سے تڑپے تھا قیامت کو چھین	دیکھکر حال کو احسن کے بھر آئین آنکھین

درویش مشہور و معروف خواجہ حسن مغفور حسن خلف خواجہ ابراہیم نبیرہ
خواجہ کمہاری علیہ الرحمۃ باشندہ لکھنو صاحب دیوان ہر مقطع مین نام معشوقہ
مجازی کا دو معنی مین لاتے ہین شاگرد مرزا جعفر علی حسرت

اسکی جب جوش سے مستی کے جھکائین آنکھین	شرم سے پھر نہ اٹھائین نہ جھکائین آنکھین
جان بخشی کو نہ آیا وہ دم نزع حسن	اسنے اسوقت مین بھی ہمسے چھپائین آنکھین

حافظ رحمت خان ... صاحب دیوان

شیخ قلندر بخش جرأت

آنکھ

ہو غضب ناک جو قاتل ستاو دکھائین آنکھین
اور تو لیں پہ چلا ... پھر آئین آنکھین

مراد شاہ مراد تخلص

نرگسی چشم سے ... چھپائین آنکھین
روتے روتے ... ہو آئین آنکھین

فرحت تخلص باشندہ عظیم آباد

نواب سعادت یار خان مرحوم

دہلوی

دہلوی دیوان ریختہ دیوان ریختی فرسنامہ ایک رسالہ نظم ایجاد رنگین
انسے یادگار ہی شاگرد ظہور علی حاتم

دست قدرت نے عجب تیری بنائین آنکھین	مرگیا جسکو ذرا تونے دکھائین آنکھین
ہمکو معلوم نہین ہمرے سے اسنے رنگین	کسکے ماتم مین سیہ پوش بنائین آنکھین

شاعر زمانہ ماضی ماہر علم ریاضی میر ناصر علی مرحوم **محزون** ولد سید محمد نصیر رنج
سجادہ نشین حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ باشندہ شاہجہان آباد

جھوٹ ہی اور سے کب مینے لڑائین آنکھین	تمنے بیفائدہ رو رو کے سجائین آنکھین

مولوی قدرت اللہ مرحوم **شوق** باشندہ موضع موی ضلع سنبھل مراد آباد ایک
دیوان ایک تذکرہ طبقات الشعرا انسے یادگار ہی

خالی رہتی نہین جسدن سے لگائین آنکھین	شوق جب یاد کیا انکو بھر آئین آنکھین

حکیم محمد علی مرحوم تاجر **علی** تخلص ولد حکیم غلام حیدر باشندہ لکھنؤ راہ مدینہ منورہ
مین راہی ملک عدم ہوئے شاگرد جرات

کیسی اس دل نے یہ آفت مین پھنسائین آنکھین	خالی ہونے نہین پائین کہ بھر آئین آنکھین
آمد آمد جو سنی تیرے نظر بازون نے	شوق مین دید کے باہر نکل آئین آنکھین

حکیم میر ماشاء اللہ خان مرحوم **مصدر** باشندہ شاہجہان آباد والد میر انشاء اللہ خان انشا

دیکھو دزدیدہ نگہ سے جو چھپائین آنکھین	چور زخمون مین پڑے دلکے بھر آئین آنکھین

شاعر نامی میر غلام حسین مرحوم **ضاحک** ولد میر عزیز اللہ دہلوی میر حسن

باغ عالم مین جو اس شوخ نے پائین آنکھین
پھر نرگس سے کر ایسی نظر آئین آنکھین

مراد شاہ مرحوم لاہوری شاگرد اجل
اور حال کچھ معلوم نہوا

اپنے مشتاق سے جب تو نے چھپائین آنکھین
تو اجل نے وہین آ اسکو دکھائین آنکھین

آنکھ

[illegible]

آج کل روتے ہی پاتا ہون جو اگلی صبا	کیا تجھے یار نے غصہ سے دکھائین آنکھین

مولوی کرامت علی اظہر تاریخ گو ولد امانت علی باشندۂ شیخ پور ضلع فرخ آباد مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شاہ نصیر نصیر دہلوی

چاک در سے یہ نہین اُسنے دکھائین آنکھین	صف عشاق سے درپردہ لڑائین آنکھین
دیدۂ نقش قدم ایک نہین ہی پامال	سیکڑون خاکین گردون نے ملائین آنکھین

اسکول ماسٹر کانپور شیخ احمد علی کامل ولد مولوی عنایت احمد اولادین حضرت شاہ پیر محمد علیہ الرحمۃ کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ عبدالرؤف شعور

نظر مہر سے تمنے جو ملائین آنکھین	ہمنے درگاہ ہو نہین چاند یکی چڑھائی آنکھین
تیری خوش چشمی کا افسانہ سُنا جب مین نے	حسرت دید مین باہر نکل آئین آنکھین
تیری آنکھون کا جو مین دیکھنے والا تھا صنم	حور جنت سے بھی مین نے نملائین آنکھین
ہوکے بیہوش زمین پر مین گرا مثل کلیم	تیرے جلوے کی ذرا تاب نہ لائین آنکھین
مول لی ساری خدائی سے لڑائی ہمنے	دیکھیے آپنے جسدن سے لڑائین آنکھین
میرے یوسف نے جو دیدار دکھایا کامل	جوش رقت سے ہماری بھر آئین آنکھین

نواب احمد حسن خان عرف اچھے صاحب جوش خلف نواب مقیم خان مقیم فارسی گو اولاد مین حافظ الملک حافظ رحمت خان صوبہ دار کٹیھر کے مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نواب ظفر یاب خان راسخ

ہمسے اُس ترک نے جسوقت لڑائین آنکھین	زخم وہ دلپہ لگا بس کہ بھر آئین آنکھین

آنکھین

[illegible]

پھیرنا

فیض علی شاہ عزیز دہین حضرت پیر علی شاہ کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد ... نامی غلام ہمدانی مصحفی

اور خوش چشم کی تکتی ہین پیاری آنکھین
ہمکے تو دیکھی ہین اے جان تمھاری آنکھین
چشم حیرت زدہ سے میری یہ روشن ہے یار
کرتی ہین رخنئ آئینہ داری آنکھین
منتظر دیکھے طوفان نہ کہین برپا ہو
اسطرح جوش پہ ہین آج ہماری آنکھین

پھوڑ ڈالون گا اُسی روز مین آنکھین اپنی	سامنے میرے جو غیرونسے لڑائین آنکھین
دلبن چوری جو نہین اُسکی تو کسواسطے پھر	مجھسے کس شوخ نے محفل مین چرائین آنکھین
نہ کبھی حور نہ انسان نہ پری نے دیکھین	چشم بد دور جو اُس شوخ نے پائین آنکھین
خار غم کا نہ کہین تلونمین ہی کہ گلکے چبھین	راہ مین ہمنے نہ اس ڈرسے بچھائین آنکھین
گدگدی ہونے لگی پاؤنمین پلکین جو چبھین	جب تصور مین بھی تلونسے لگائین آنکھین
برق کا طرز جو حیدر کے سخن مین پایا	اُس سے محفل مین کسی نے نہ ملائین آنکھین

نام معلوم نہین تخلص سپہر دہلوی صاحب دیوان شاگرد شاہزادہ مرزا محمد قادر بخش صابر

باغمین تو نے جو نرگس سے ملائین آنکھین	ہمنے اس رشک سے رورو کے سجائین آنکھین
دل جو ملجائے تو ہی آنکھ ملانے کا مزا	اس سے کیا ہوتا ہی گر تمنے ملائین آنکھین
بعد مردن بھی کدورت گئی دل سے تیرے	کہ مری خاک سے بھی تو نے چرائین آنکھین
دو گھڑی بھی نرہا پاس ہمارے وہ بت	ہمنے تلوون کے تلے لاکھ بچھائین آنکھین
چاہیے آدمی کو دیکھے بھلا اور بُرا	اے سپہر اسلیے خالق نے بنائین آنکھین

الملخطب نواب محمد باقر خان باقر خلف نواب ظہیر الدولہ غلام یحیی خان بہادر دستور اعظم حضرت محمد علی شاہ بادشاہ باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر

غیر کے کہنے سے گو اُسنے چرائین آنکھین	ہوگئی صلح جو اکبار لڑائین آنکھین
شعلۂ رخسار دنکے جا جا کے کیے نظارے	ہمنے خود دیدۂ و دانستہ جلائین آنکھین
طالب دید جو معمار صنم سے نے جانا	گل نرگس کی جگہ میری بنائین آنکھین

آنکھ

ردیف الف

[illegible]

کیا البشر دیکھکے حورون کو غش آجاتا ہی
ذکر یہ کیا کہ بچے جسکی طرف وہ دیکھے
قطع ہو جنبش مژگان سے نکیون نخل حیات
لیجے تلووں کے تلے شوق سے مین راضی ہون

ایسی دیکھی نہین پریون کی پیاری آنکھین
رکھتی ہین تیر سنان برچھی کٹاری آنکھین
پاس نوک مژہ سے رکھتی ہین آری آنکھین
جان کیطرح نہین آپ سے پیاری آنکھین

عبد الکریم خان **حنا** خلف سرور خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر وزیر صبا

بند یارب ہون کہین جلد ہماری آنکھین
چاہ اُس غیرت یوسف کی جو ہی دلکو مرے
مسکرا کر جسے دیکھا اُسے تسخیر کیا
نگہ یار سے کِھلتا ہی مرا غنچۂ دل
ہی تصور جو کسی سرو روان کا مجھکو
اک نگہ مین کیا مجروح مرے دلکو حنا

غم سے چھوٹ جائین جو یاد آئین تمھاری آنکھین
اشک سو تون کی طرح رکھتی ہین جاری آنکھین
پتلیان سحر کی رکھتی ہین تمھاری آنکھین
رکھتی ہین کیا اثر باد بہاری آنکھین
آبجو رکھتی ہین اسواسطے جاری آنکھین
تیر ہین برچھی ہین یا تیری کٹاری آنکھین

نواب محمد حسن خان **مشک** خلف نواب محمد مرزا اولاد مین نواب شجاع الدولہ بہادر کے باشندۂ لکھنؤ شاگرد مرزا باقر آزاد اک مرثیہ گو اور آزاد اک شاگرد خواجہ وزیر وزیر کے ہین

کیون نہون ہمکو دل و جان سے پیاری آنکھین
دیدۂ دل مرا اُسوقت لہو روتا ہی
اسقدر روئے کہ آخر کو تری فرقت مین
زلف سنبل ہی دہن غنچہ ہی شمشاد ہی قد

چشمۂ نور ہین یہ دونون تمھاری آنکھین
یاد جب آتی ہین ای جان تمھاری آنکھین
او مسیحا ہوئین بیمار ہماری آنکھین
نرگس خلد سے بہتر ہین تمھاری آنکھین

آنکھ
مضمون

خوش ہوا اتو تو نسا عشق مین رو دین ایسا
سر سوے ملک عدم آج سدھاری آنکھین
دیکھا کرتی ہین کسی سکے رخ رنگین کیطرف
یعنی گلزار مین رہتی ہین ہماری آنکھین
دیکھا نرگس کو امانت نے نظر بھر کے
آنکھین یاد چمن مین جو تمھاری آنکھین

دیکھ لو صاحب بینش نہین ہوتے خودبین
عین نادانی ہی تجھسے جو کرین ہمچشمی
ایسے دیوانے ہون سر سنگ سے پھوڑین اپنا
اے قلق بالونپہ وہ ماہ جو افشان چھڑکے
روتے روتے ہجر مین بے نور آنکھین ہوگئین
ضعف سے طاقت نہین بینور آنکھین ہوگئین
فرقت ساقی مین مژگان ولرلبستان کی طرح
کرن لنشیلی انکھڑیونسے لڑگئی گلشن مین آنکھ
نارسان فرقت مین نالان ہی مرا تار نگاہ
دیکھکر مین گر پڑا غش کھاکے موسی کیطرح
لوٹ لیتی ہین متاع دل ہر اک انسان کا
خانہاے چشم مین پیسیمبر رہنے لگے
دیکھکر آنکھین تری پیدا ہوا آزار دید
صورت مژگان بھری رہتی ہین کیون دستانے
شیشۂ دل سنگ الفت نے کیا یان چور چور
تیر مژگان کے تصور نے مشبک کردیا
ایسی کین تیغ نگہ سے اندنون خونریز یان

ولہ

اپنے کر سکتی نہین آپ نظارے آنکھین
چشم انصاف سے دیکھین جو چکارے آنکھین
کبھی بادام جو دیکھین تری پیارے آنکھین
دیکھنے کے لیے بنجاین ستارے آنکھین
رفتہ رفتہ صورت ناسور آنکھین ہوگئین
دست و پا بیکار ہین معذور آنکھین ہوگئین
آنسوؤن سے خوشۂ انگور آنکھین ہوگئین
بلبلو نرگس کی کیون مخمور آنکھین ہوگئین
دیکھ مطرب کا سہ تنبور آنکھین ہوگئین
میرے خاطر اسکی برق طور آنکھین ہوگئین
اسلیے رہزن تری مشہور آنکھین ہوگئین
ہم فقیرونکی تو ذی مقدور آنکھین ہوگئین
مثل نرگس میری بھی رنجور آنکھین ہوگئین
حسن کے نشا سے کیا مغرور آنکھین ہوگئین
نشا مے سے جو اسکی چور آنکھین ہوگئین
صاف شکل خانۂ زنبور آنکھین ہوگئین
قاتل عالم تری مشہور آنکھین ہوگئین

آنکھ

باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

گر دیکھ لین اعجاز شہ بت شکن آنکھین	حق بین بخدا ہون تری اے برہمن آنکھین
اے بلبل دل خلد مین رضوان یہ کہیگا	بے حب علی دیکھین نہ ایسے چمن آنکھین
پہونچون جو نجف کو کہون خوشنا یہ بہا کر	لائین ہین یہ نذر عقیق یمن آنکھین
ہوتی نہ ولا شاہ ولایت کی جو دل مین	پاتا نہ مہ و مہر کی چرخ کہن آنکھین
دکھلا دو مجھے چہرۂ پر نور دم نزع	روشن کرو یا شاہ غریب الوطن آنکھین
رو رو کے غم شاہ مین ہر اشک کے بدلے	کیا جمع کیا کرتی ہین در عدن آنکھین
ظاہر ہی یہی ہر بن مو سے کہ پئے دید	رکھتا ہی مرا شوق سے ہر عضو تن آنکھین
یا شاہ نجف ہی ترے دیدار کا یہ شوق	پھرتی ہین سدا صورت چرخ کہن آنکھین
اس بلبل دلگو یہ تمنا ہی شب و روز	روضے سے ملون یا شہ گلگون کفن آنکھین
دکھلایئے اپنا رخ پر نور خدارا	اب ڈھونڈھتی ہین یا شہ خیبر شکن آنکھین
دن رات دعا ہے حسن خستہ ہی یا رب	دیکھین لحد پاک حسین و حسن آنکھین

سید محمد حسین گریان خلف سید حسین علی سوزان پوتے میر اکبر علی کے باشندہ لکھنؤ

نخچیرون سے لڑاتا ہی بہت گلبدن آنکھین	مجھسے بھی ذرا چار کرو سیم تن آنکھین
منظور ہی اسکے رخ روشن کا نظارا	ہون جسم پہ یارب عوض موئے تن آنکھین
ہم آئے تو چلمن مین لگائے گل نرگس	در پردہ دکھاتا ہی وہ رشک چمن آنکھین
یون ترچھی نگاہ ہونسے مجھے دیکھ نہ او ترک	ابرو سے کشیدہ سے کرین بانکپن آنکھین

آنکھ

شاعر زمانہ ماضیہ ہدایت علی ہدایت [illegible]

[illegible]

دیکھو اسطرح سوے یار کہ غصہ آجائے	جسمین پلکو ونسے لے ایسی کرو چار آنکھین
پاؤ لب مین نہ تھمین اشک رسا کی دم بھر	بھر یا قوت بیرو یا کہ ہوئین لال آنکھین

فرزند خواندہ شاہزادی وجیہ سلطان بیگم صاحبہ سید نصیر الدین عرف میر نواب نواب ولد حکیم میر علی جان بن حکیم میر مہتاب خان باشندہ دہلی مقیم بنارس شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

نہیں ہین اشک جرأت سی اس قاتل کی لال آنکھین	دلا خونریز ہے عاشق کا رکھتی ہین خیال آنکھین
بھری آنکھون مین کب تیرے سوا کوئی سماتا ہی	تصور ہی ترا ہی رکھتی ہین خیال آنکھین
مجھے جنت مین کب بھایا خرام ناز حورون کا	وہان بھی دیکھنا چاہینگی اس سرو قد کی چال آنکھین
تو اے خورشید رو جسدم سوار اسپ تازی ہی	سمگھوڑ دنکی نعلونسے تری آکر ہلال آنکھین
تمناے وصال یار ایسی ہی مجھے یارو	پس از مردن رہینگی ڈھونڈھتی ستور جمال آنکھین
عجب شوق دل ہر عاشقو نکے آسکے ہوتی ہین	مگر نواب اسکی رکھتی ہین نیزونکے بھال آنکھین

اجود ہیا پرشاد سحر پسر رام دیال دیوان اعتماد الدولہ میر فضل علی خان باشندہ لکھنؤ شاگرد کپتان مقبول الدولہ مرزا مہدی قبول

سمایا جب کہ وہ نونہال آنکھون مین	رہا نہ سرو چمن کا خیال آنکھون مین
خیال عارض گلرو مین شعلے اٹھتے ہین	اڑاتے رہتے ہین ہم غمسے بال آنکھون مین
تصور کمر یار مین ہین اشک روان	کھٹک ہو کیون نہ جو پڑجائے بال آنکھون مین
عجب ہی چشم فسون ساز یار کی گردش	پھرا ہی کرتی ہی آہو کی چال آنکھون مین
بساط فتنہ دکھائین جو تیری مردم چشم	بتائین شاطر گردون کو چال آنکھون مین

وہ سکھا ہی پڑھتے ہین ہم ہمارے طفل اشک رکھو ہین کب تلک انکو سنبھال آنکھون مین

میر محمد محسن مرحوم محسن ولد محمد حسین کلیم برادرزادہ اور شاگرد میر تقی میر کے باشندہ دہلی مقیم لکھنؤ

تک آکے دیکھ نہین کچھ بھی حال آنکھون مین
پھر سے ہی نسیم بھی تیر استیال آنکھون مین

تارک دنیا مشہور عالم شیخ ظہور الدین عرف شاہ حاتم مرحوم حاتم تخلص ایک دیوان

ردیف آنکھ

[illegible]

رہ گئیں تمسے جو آنکھیں ہو گئی یکبار صلح — کھینچیے دو تین باتین چار آنکھین ہو گئین

کشتی مے لیکے ای ساقی پہونچ بہر خدا — ہے ترے بخطین دریا بار آنکھین ہو گئین

ہی تصور لبکا آنکھوں مین خط رخسار کا — آئینے کیطرح جوہر دار آنکھین ہو گئین

ای بت کافر ہو بین بے عیب ذات اللہ کی — لب ترے عیسے ہوے بیمار آنکھین ہو گئین

بہ گئین پلکین برنگ خس سراشکونکے سات — اچھو نظرون مین گل بیخار آنکھین ہو گئین

پھیرے پاؤنکی طرح ہیہات اب گردشین ہین — کسکی یہ وارفتۂ رفتار آنکھین ہو گئین

سخت دل یاقوت ہین آنسوں مین موتی آبدار — آؤ دیکھو جوہری بازار آنکھین ہو گئین

دو تو ہین چشم سخنگو گر نہین ہو اک دہن — چپ رہیے قابل گفتار آنکھین ہو گئین

عشق پنہان دیدۂ گریان نے ظاہر کر دیا — ہنسنے کی جا ہے لب اظہار آنکھین ہو گئین

ابلق چشم صنم کس نازسے گردشین ہی — خوب کاوے ہوتے ہین رہوار آنکھین ہو گئین

جب کسی نے آنکھ جب ڈالی گلوے صاف پر — ہنسکے فرمایا گلے کا ہار آنکھین ہو گئین

تول لیتے ہین سدا نظرونمین جنس حسن کو — پلۂ میزان مری ای یار آنکھین ہو گئین

ہی تصور روز و شب کسکے طلائی رنگ کا — چشم نرگس کیطرح زردار آنکھین ہو گئین

کہتے ہو سب دیکھتے ہین تیری نظرونسے مجھے — سچ کہو اغیار کی بیکار آنکھین ہو گئین

ای خدا شاہد ہمارا تم وحید اللہ ہی — جب نگہ کی بت پہ تجھسے چار آنکھین ہو گئین

آپ پیدا انکو بنایا عشق تیر یار نے — ہین بہت نازک سو فار آنکھین ہو گئین

پیش نرگس ہاتھ پھیلائے ہین شاخوں سے درخت — کسکو دیکھینگے جواب دیدار آنکھین ہو گئین

[illegible]

اک پری سے جب شب دو دن چار آنکھیں ہو گئیں
اٹھ آٹھ آنسو رونیکو تیار آنکھیں ہو گئیں

دلکو دو ٹکڑے کیا جب چار آنکھیں ہو گئیں
بار حد کا ڈور انگہ تلوار آنکھیں ہو گئیں

نشہ کے ڈورون نے کیفیت کھائی دام کی
تم ہوے بیہوش تو ہشیار آنکھیں ہو گئیں

جفت ابرو بھی تمھاری طرح شوخی مین ہین طاق
تم ہوے عیار تو عیار آنکھیں ہو گئیں

دیدہ ظاہر کے رہے محتاج کب روشن ضمیر
چشم دل جب کھل گئی بیکار آنکھیں ہو گئیں

جام ہی جب دو چڑھا لے سوجھنے دونی لگی
رند مے آشام کی اب چار آنکھیں ہو گئیں

نشہ کے عالم مین کیفیت کا دیکھا انقلاب
جام خالی ہو گئے سرشار آنکھیں ہو گئیں

آیۂ ابرو کی رہتی ہے تلاوت رات دن
اب تو ای جوہر تری دیندار آنکھیں ہو گئیں

میر وزیر لور خلف میر بادشاہ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد فتح الدولہ

مرزا محمد رضا خان برق

دونون آنکھو لینے جو تیری چار آنکھیں ہو گئیں
مثل نرگس اور بھی بیمار آنکھیں ہو گئیں

دلین تھا کیا کیا شکایت ہم کرینگے یار سے
بات تک نکلی نہ جب دم چار آنکھیں ہو گئیں

ہیچ ہے نور چشم کھو دیتا ہے نور آفتاب
دید روے یار سے بیکار آنکھیں ہو گئیں

ہر کس و ناکس کب اپنی بھلا پڑتی ہے آنکھ
تیری آنکھیں دیکھکر ہشیار آنکھیں ہو گئیں

رات دن مینہ کی طرح آنکھوں نے برسائے ہیں اشک
غیرت ابر بہاری یار آنکھیں ہو گئیں

وہ نظر آتا ہے جب مین دیکھتا ہون جھانک کے
ہو تماشا روزن دیوار آنکھیں ہو گئیں

جان سے مارا اُسے بھر کر نظر دیکھا جسے
بہر قتل عاشقان تلوار آنکھیں ہو گئیں

آنکھ

[illegible]

اک نگہ سے لاکھ بیمارونکو دیتا ہی شفا	کیا ہوا گر خود تری بیمار آنکھیں ہوگئیں
سچ مثل ہی اوٹ ہوتے ہی پہاڑ الیس لپیں کھوٹا	پیار دلمین آگیا جب چار آنکھیں ہوگئیں
سن لیا جسکو حسین لبوں لگائی تاک جھانک	سچ تو یہ ہی سخت بد اطوار آنکھیں ہوگئیں
زیست ہین مثل ظفر مشتاق دیدار ہون	کچھ نہیں پھر بند جب اکبار آنکھیں ہوگئیں

مرزا علی اکبر بیگ مرحوم **مضطرب** خلف نصر اللہ بیگ باشندہ لکھنؤ
شاگرد قلندر بخش جرأت

زیر خنجر حسرت آگین دیکھکر میری نگاہ	رو دیا جلاد نے جب چار آنکھیں ہوگئیں

زائر کربلائے معلی نواب اعلی جاہ بہادر عرف منجھلے صاحب تخلص شیدا خلف نواب
امیر الدولہ محمد علیخان عرف آغا حیدر وطن بزرگونکا نیشاپور حال فیض آباد مقیم
لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا سرفراز علی قادر

کھینچیگے اے صنم تیرے اگر انداز آنکھونمین	کرینگی پتلیاں آنکھونکی سو سو ناز آنکھونمین
مقدر مین کسیکے غیر کا حصہ نہیں ہوتا	نہ آئی کانونکے بدلے کبھی آواز آنکھونمین
کبھی ماہ درخشان ہین کبھی مہر تجلا ہین	نئی شکلیں دکھاتے ہین ترے انداز آنکھونمین
لپکا دے تو نہ دین عصا جواب اپنے دین ہوکر	نہیں تار نظر ہی رشتۂ آواز آنکھونمین
تصور تیرا آنکھونمین ہی یہ بدگمانی ہی	نہوں پلکیں کہیں ای یار دست انداز آنکھونمین
عجب کیا ہی صنم گر پتلیاں آنکھونکی لوٹ اٹھیں	تو وہ رشک مسیحا ہی کہ ہی اعجاز آنکھونمین
لبوں سے پھر کیا زندہ نگاہوں سے جسے مارا	نئی ہی بات ہونٹونمین نیا انداز آنکھونمین

مسیحائی ملی ہو پھونکو پایا سحر پالون نے	کرشمہ ہی بچھو نین اور ہی اعجاز آنکھون نین
ہماری پتلیون کو روندتا ہی روز تلوون سے	عجب کاوش سے پھرتا ہی سمند ناز آنکھون نین
تلاش ای یار باطن مین ہی تیری کہ ظاہر مین	کیا ہی دلین گھر پایا ہی سراپا ناز آنکھون نین
لگا رہتا ہی پردہ لیے سراسر آنکھ کا پردہ	چلا آ پردے پردے ای سراپا ناز آنکھون نین
صغیر ابھی لگا ہو نہین سمائے وہ مژگان کیا	شمال عمر و رنگ پھرتا ہی وہ طناز آنکھون نین

نواب مالاجاہ عرف چھوٹے صاحب بہادر عاشق خلف نواب امیر الدولہ مرزا محمد علی خان عرف مرزا حیدر حیدر تخلص نیشاپوری فیض آبادی مقیم لکھنو صاحب دیوان شاگرد مرزا مہر علی

سنا ایسا سخن دیکھا نہ ایسا ناز آنکھون نین	کرامت ہی لبون مین آپکے اعجاز آنکھون نین
کھلا مطلب نہ باتون کا فرشتون نے بھی محفلین	ہوئی جب سے آپسے گفتگو ہے راز آنکھون نین
غرور حسن تھا جنکو وہ سب پانی سے پتلے ہین	پیے لیتا ہی سب محفل کو وہ دمساز آنکھون نین
بلا چاہ ذقن نین رہہ خط مین سحر باتونین	صفا رخسار مین اعجاز لب مین ناز آنکھون نین
نہین کچھ سوجھتا جز وحشت زرستی مین عاشق کو	کہان باقی رہا زاہد کا اب اعزاز آنکھون نین

میر باقر علی اخضر ولد میر اسد علی صبر باشندہ لکھنو شاگرد میر علی اوسط رشک

خدا جانے بتون نے پائے کیا اعجاز آنکھون نین	نظر آتے ہین جب کچھ نئے انداز آنکھون نین
خیال چشم جانان مین جو مین رو یا کیا اکثر	تو دیکھا ابر دریا بار کا انداز آنکھون نین
ستارے کے لیے کچھ یار اگر درکار ہو تجھکو	نگہ کے تار کھنچتے ہین ترے دمساز آنکھون نین
تری چشم سیہ کچھ کم نتھی ای میر نجتون کو	جگہ سرمہ کو دی بیکار ای طناز آنکھون نین

[illegible] وصف الفت [illegible] آنکھوں مین

کیا ہوا ہی بادہ خوار آنکھوں مین	نیند ہی یا خمار آنکھوں مین
گریۂ رنج ہجر مین ہوئین سرخ	ہی خزان سے بہار آنکھوں مین
ایک آئینہ رو کی فرقت سے	صاف آیا غبار آنکھوں مین
آئی کیا یاد چشم زلف مین نیند	رات کٹتی ہی یار آنکھوں مین
کام پر بال کا لگی کرنے	یاد مژگان یار آنکھوں مین
دل مین آتا ہی پتلیون کے عوض	رکھیے تصویر یار آنکھوں مین
مہر ہی فرط رنج فرقت سے	دل مین ورد انتظار آنکھوں مین

مصنف قصہ جان عالم مرزا رجب علی بیگ سرور ولد مرزا اصغر علی باشندۂ لکھنؤ ایک دیوان اور مشغلہ سلطانی ترجمہ شمشیر خانی اور شگوفۂ محبت انکا ہی شاگرد مرزا غالب نوازش

کیا غضب ہی کہ چار آنکھوں مین	دل چرا تا ہے یار آنکھوں مین
چشم کیفی کے سرخ ڈورون سی	چھا رہی ہی بہار آنکھوں مین
گر پڑا طفل اشک یہ مچلا	مین نے رو کا ہزار آنکھوں مین
نہین اٹھتی پلک نزاکت سے	سرمہ ہوتا ہی بار آنکھوں مین
اتنی چھانی ہی خاک تیرے لیے	چھا رہا ہی غبار آنکھوں مین
جیسے اپنا لقب ہوا ہی سرور	روز و شب ہی خمار آنکھوں مین

میر محمود علی وصف خلف الرشید میر محمد حسن وطن بزرگون کا فیض آباد مقیم کانپور شاگرد میر وزیر صبا

پھر رہی ہی زلف یار آنکھوں مین	پیچ کرتے ہین مار آنکھوں مین

آنکھ

[illegible] آنکھوں مین

فدوی [illegible] باشندۂ لاہور [illegible] آنکھوں مین

فدوی [illegible] آنکھوں مین

ناظر عدالت دیوانی لکھنؤ سید علی حسین ناظر ولد مولوی ارشاد علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مولوی محمد بخش شہید

سیاہ ہوگا صنم روزگار آنکھوں مین

لگانہ سرمۂ دنبالہ دار آنکھوں مین

آنکھ

اپنے رنگ کے یکتا زبان آور نامی میر محمدی مغفور سوز ولد میر ضیاء الدین اولاد مین حضرت قطب عالم گجراتی کے وطن بزرگوں کا بخارا انکا مولد و مسکن دہلی عہد نواب آصف الدولہ مین لکھنؤ مین آئے صاحب دیوان جو مضمون شعر مین ہوتا تھا اسکی صورت بناکے دکھا دیتے تھے

چھپ گیا حسن یار آنکھوں مین	کیا ہی پھولی بہار آنکھوں مین
کٹ گئین انتظار مین راتین	ایک دو تین چار آنکھوں مین

میر اکبر علی مرحوم اختر شاگرد قلندر بخش جرات

کھینچے سرمہ جو یار آنکھوں مین	ہووے دونی بہار آنکھوں مین
بزم مین کس کی رات جاگے تھے	ہی جو اب تک خمار آنکھوں مین

اشرف علیخان مخاطب بکوکی خان مرحوم فغان دہلوی مقیم بنگالہ شاگرد قزلباش خان امید

رچا ہی جب سے کہ وہ گلعذار آنکھوں مین	خزان ہوتی ہی چمن کی بہار آنکھوں مین

میر حسین مرحوم حسن ولد میر غلام حسین ضاحک باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر ضیاء الدین ضیا

نظر سے اسکے حسن گر چکا ہون مثل سرشک	رہا نہین مرا کچھ اعتبار آنکھوں مین

شیخ بہادر علی شجاعت ولد شیخ فتح علی عرف شیخ مداری باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد ناسخ

سمائی گیسو و رخ کی بہار آنکھوں مین	دیا ہی گردش لیل و نہار آنکھوں مین
کسے ہی پیسنا منظور یار آنکھوں مین	جو سرمہ دیتے ہو تم بار بار آنکھوں مین

[illegible]

اور دلگیر شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

پھر رہا ہے رخ رنگین نگار آنکھوں میں — ہے خزان گلشن عالم کی بہار آنکھوں میں
کیا سمائے ہیں دلا گیسوئے یار آنکھوں میں — روز روشن بھی ہے رشک شب تار آنکھوں میں
سرمہ کب ہے تری ای شاہسوار آنکھوں میں — خاکساروں کی طرف سے ہے غبار آنکھوں میں
سرمہ آنکھوں میں خمار آنکھوں میں پیار آنکھوں میں — کیوں نہ ان آنکھوں کو بچاؤں ہزار آنکھوں میں
حسرت دید کریگی مجھے اندھا اکدن — جلکے گل کھاؤنگا ای رشک بہار آنکھوں میں
نیند آتی نہیں پہلو میں کبھی اس گل کو — کیا کھٹکتا ہے ہمارا تن زار آنکھوں میں
گھونٹ شربت کا ہے شاید کہ وہ رشک شیرین — کہ پئے جاتا ہے ہر عاشق زار آنکھوں میں
ملکے خاک میں میرا تن زار ای بلبل — باغ عالم کے گلو نکے ہے یہ خار آنکھوں میں
دفن کر کر مجھے رویا نہ امانت کو لی — اشک بھر لائی مگر شمع مزار آنکھوں میں

نوازش

نوازش حسین خان عرف مرزا خانی **نوازش** ولد حسین علی خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر سوز

گو سبک ہو گیا وہ نور نظر آنکھوں میں — کچھ لشیدگا سا ہے اسپر بھی اثر آنکھوں میں
گر گیا آنکھ سے ہر چند وہ مانند سرشک — پھر بھی آوے تو ہے اسکا وہی گھر آنکھوں میں
وہ گئے دن جو بسر شب ہو ہم آغوشی میں — اب تو کٹتی ہے مری چار پہر آنکھوں میں
دیکھو دیدے کی صفائی ہے چرا تا آنکھیں — دل چرا کر وہ مرا شعبدہ گر آنکھوں میں
کیوں نوازش وہ ہوا جای نہ تھوڑا تھوڑا — لون مرے میں جو باندازۂ گر آنکھوں میں

آنکھ

[illegible]

وحید

حکیم وحید الله خان بن صادق الملک حکیم سید الله خان باشندہ بداؤن [illegible]

[illegible]

مستحیل آگ سے پانی یہ ہوا ای ناسخ	جا بجے اشک آنے لگے دلسے شرر آنکھوں میں

جناب شاہ غلام اعظم **افضل** خلف شاہ ابو المعالی عالی بن حضرت شاہ اجمل صاحب دائرہ الہ آباد دو دیوان ایک مثنوی انکی مشہور عالم میں ہی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

یہ شرارے ہیں کہ آتے ہیں نظر آنکھوں میں	ساتھ اشکوں کے نہیں لخت جگر آنکھوں میں
پھرتی ہیں آنکھیں تری آٹھ پہر آنکھوں میں	راتدن رہتا ہی آنکھوں کو سفر آنکھوں میں
دیکھ لیتا ہوں کمر اور دہن کو سر یار	ہی خداداد بتو نور نظر آنکھوں میں
بال عنقا سے ہی باریک وہ کیا آئی نظر	گو پھرا کرتا ہی وہ موئے کمر آنکھوں میں
آنکھیں عکس رخ روشن سے ہوئی ہیں پر نور	پتلیاں نگلیں ہیں رشک قمر آنکھوں میں
تشا رکے ڈورونسے اور پتلیوں سے روشن ہی	رکھتے ہیں آپ بہم تیغ و سپر آنکھوں میں
گیسو و رخ کا تصور جو رہا کرتا ہی	رہتی ہی آٹھ پہر شام و سحر آنکھوں میں
شعلہ رو تیرے تصور سے نہ جلجائیں کہیں	پتلیاں آنسوؤں سے رکھتے ہیں تر آنکھوں میں
یہ غنی رنگ طلائی کے تصور نے کیا	خاک کیطرح سے بیقدر ہی زر آنکھوں میں
آج اُس آشوب زمانے کا تصور پھر ہی	ہائے آشوب ہوا بار دگر آنکھوں میں
روز ہم سیر پرستان کیا کرتے ہیں	ان پریزادوں کا رہتا ہی گذر آنکھوں میں
پوچھنے کیا ہو جہاں چاہیے رہیے صاحب	آپکی دل میں جگہ آپکا گھر آنکھوں میں
ہی یقین نور بصارت ہو زیادہ **افضل**	سرمۂ خاک مدینہ لگے گر آنکھوں میں

[illegible] وہ بیدار کہ دیکھا ہی نہیں [illegible] سحر آنکھوں میں

جیسے اُس یار ستمگر کے [illegible] آنکھوں میں

وہی ہی پیش نظر آٹھ پہر آنکھوں میں

اُس وحید دل نالان کی گذر آنکھوں میں

شاہزادہ مرزا قادر بخش **صابر** ولد [illegible] قلعہ مبارک شاہجہان آباد صاحب دیوان

آنکھ **صابر**

[illegible]

[illegible] سید اسمٰعیل حسین [illegible] آنکھوں میں
[illegible] آنکھوں میں
[illegible] آنکھوں میں
[illegible] آنکھوں میں

شام کے خط سے چمکتی ہو شفق کی سرخی	کھل گیا سرمے کی ڈوری سے نشا آنکھوں میں
دل کا خون کرکے چراتے ہو نگاہیں ہمسے	چوریان کرتے ہو ایجان بھلا آنکھوں میں
نشاء عشق کی لہر و نکی دو بالا ہو ترنگ	کہ بسی ہی ہو وہ زلف دو تا آنکھوں میں
دلکشی کو ہین تری شوخ نگاہین جادو	اثر سرمۂ تسخیر ہی کیا آنکھوں مین
اب سبب کیا ہو جو کانٹا سا کھٹکتا ہو دل کی	یہ وہی دل ہو جو رہتا تھا سدا آنکھوں مین

نواب واجد علی خان بہادر **رضوان** فرزند نواب نجابت علی خان بہادر نواب مظفر جنگ بہادر مسند آرا ے فرخ آباد شاگرد رشید سید اسمٰعیل حسین منیر

تیرا جلوہ ہو جو اے ماہ لقا آنکھوں مین	چشم خورشید سے افزون ہو ضیا آنکھوں مین
کیون نہو جائے ہر انگشت مژہ فندق بند	پھرتی ہو دست نگارین کی حنا آنکھوں مین
آئینہ خانہ بنا خانۂ چشم عاشق	تیرے چہرے کی سمائی جو صفا آنکھوں مین
بیحجاب آپ مرے خواب مین آئے جب سے	دیکھیے ایک بھی پردا نہ رہا آنکھوں مین
اُس شہ کشور خوبی کو جو دیکھا ہمنے	بن گیا طائر نظارہ ہما آنکھوں مین
چادر ماہ بنا ہو مرا دامان نظر	رات دن رہتا ہو وہ ماہ لقا آنکھوں مین
موج بوے گل فردوس ہو ہر موج سرشک	پھر گئی کس گل خوبی کی ہوا آنکھوں مین
سنبل تر کو خجل کرتی ہو موج یم اشک	جیسے پھرتی ہو تری زلف رسا آنکھوں مین
سامنے رہتا ہو اُس حور کا کوچہ **رضوان**	باغ جنت کی سمائی ہو فضا آنکھوں مین

طالب علی خان **طالب** ولد دلاور علی خان باشندہ قصبۂ آنولا ضلع بانس بریلی

[illegible] آنکھوں میں
[illegible] نظر [illegible] آنکھوں میں
[illegible] زلف [illegible]
جب چھپ گئی ہو تری [illegible] دیکھا [illegible]
[illegible] ماہ لقا آنکھوں میں
اپنے پیالے کو [illegible]
[illegible] راست علی خان [illegible] تپش بیدی [illegible]

آنکھ
نمبر ۱۸

عبد الرسول خان عرف وقتی باشندہ لکھنؤ مقیم بریلی مدینہ منورہ میں جس وقت پہونچے اُسی وقت روضۂ مبارک کو دیکھتے جوش اشتیاق سے دم نکل گیا راہی جنت ہوئے صاحب دیوان شاگرد مصحفی

جلوۂ حسن کسی کا یہ بھرا آنکھوں میں [illegible]
[illegible] دیدہ [illegible] آنکھوں میں
سامنے میرے [illegible] آنکھوں میں
کبھی اُس شوخ کے [illegible] آنکھوں میں
کیا [illegible] جانان میں ہی [illegible]
اگر [illegible] تصور سے [illegible] آنکھوں میں
ایک [illegible] کیا [illegible] آنکھوں میں
[illegible] بھر رکھی تھی کیا آنکھوں میں

محمد تقی خان **تقی** ولد [illegible] بہادر خان باشندہ لکھنؤ مقیم [illegible] از اولاد محمد رضا [illegible] سے اصلاح لی
[illegible]

[illegible]

عارف کامل حضرت خواجہ میر علیہ الرحمۃ ورد فرزند خواجہ محمد ناصر عندلیب دہلوی

جب تصور رخ گلگون کا بندھا آنکھونمین	خار ہر گل ہوا ای باد صبا آنکھوں مین
ہاتھ مین شیشہ ہوا آغوش تمنا مین وہ مست	نشۂ بادۂ عشرت ہو دلا آنکھوں مین
شیشہ ٹوٹا تو برابر ہی مرا دل ٹوٹا	ٹھیس ساغر کو لگی درد ہوا آنکھوں مین
دل ائر دل کو ہوا تار نگہ صورت دام	زلف کے پیچ سے نکلا تو پھنسا آنکھونمین
وا رہے دیدۂ ساغر کیطرح خواب مین بھی	شوق نظارۂ ساقی جو رہا آنکھونمین
نہ دکھا روز سیہ مجکو خدارا ای حور	مان کہنا مرا سرمہ نہ لگا آنکھوں مین
ہم اگر جائین لگتی پیش ضریح شہ دین	کھینچین سرمے کے عوض خاک شفا آنکھونمین

میر اکبر علی عرف میر سنگی مغفور نگین باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا رفیع السودا

بنی ہر مردمک کی جلوہ گر تصویر آنکھونمین	رہا کرتا ہی ہر دم وہ بت بے پیر آنکھونمین
برنگ طائر بسمل نہ کیونکر ہر گھڑی تڑپے	ہو جب تیر مژہ سے مرغ دل نخچیر آنکھونمین
تری آنکھوں کے بھی ڈورے نہین ہین سرخ ای قاتل	نگہ لکھی ہی میرے قتل کی تحریر آنکھوں مین
دکھا جا آنکر صورت خدا کیواسطے اپنی	ترے عاشق کا دم آیا بت بے پیر آنکھونمین
تصور مین ترے یار کے جب ہو لی حاصل ہین نگین	لگائی ہے نہ خاک مرقد شبیر آنکھوں مین

مرزا احمد اصغر حسین ہجر ولد مرزا علی حسین خان نواسہ آغا مرزا چکلہ دار لکھنؤ کے
شاگرد خواجہ وزیر وزیر

پھرا کرتی ہی اس مہرو کی جو تصویر آنکھونمین	زیادہ دیدۂ اختر سے ہی تنویر آنکھونمین
تصور جلوہ گر ہی اُس کمان ابرو کے مژگان کا	نگہ کیطرح سے رہنے لگا یہ تیر آنکھوں مین

[illegible]

[illegible] الٰہ آبادی صاحب دیوان [illegible]

[illegible] نظامی [illegible] آنکھین

یہ میرے اشکو ننسے ہو جوش آب آنکھون مین	ہوا ہی پانی سے تپلا سحاب آنکھون مین
ہماری آنکھین تپ ہجر سے یہ جلتی ہین	جگر کے ٹکڑے ہوئے ہین کباب آنکھونمین
مجھے جو روے ہو تپاک یار کا ہی خیال	بھرے ہین اشک برنگ گلاب آنکھونمین
جو دل ہی شیشہ تو آنسو بھی ہین برنگ می	ہوا ہی عالم جام شراب آنکھون مین
وہ شوخ چشم جو کل سے نظر نہین آیا	غضب ہی پتلیون کو اضطراب آنکھونمین
یہ موج زن ہی یم اشک ہجر جانان مین	کہ آسمان ہی بشکل حباب آنکھون مین
سپید واتر پروین کو مین کرون کیوان	دیئے ہی سرمہ مرا ماہتاب آنکھون مین

میر بسم اللہ تخلص شاعر خلف میر نور وز علی ملازم راجہ نواب علی خان باشندہ لکھنو
صاحب دیوان شاگرد رشید کرامت علی خان فرخ

نہ سرمہ دے صنم بیحجاب آنکھون مین	خدا کا نور ہی ان لاجواب آنکھون مین
دم آرہا ہی مثال حباب آنکھون مین	کیا ہی روح نے اب پا تراب آنکھونمین
نظر پڑا ہی ترا جب سے چہرہ روشن	ہوا ہی ذرے سے کم آفتاب آنکھونمین
ہماری چشم سے کیا ابر تر مقابل ہو	ہر ایک پردہ ہی رشک سحاب آنکھونمین
ہی مرغ دل کی اسیری کیواسطے گلدام	نہین ہین نشتر کے ڈورے جناب آنکھونمین
جو دیکھے بھر کے نظر تیرا روے عبرت مہر	بھر آئے نرگس شہلا کے آب آنکھونمین
جسے نہین ہی مروت وہ آدمی ہی نہین	بشر کو چاہیے شاعر حجاب آنکھون مین

درویش باکمال حاجی شیخ غلام قطب الدین مغفور مصیب ولد حاجی شیخ محمد فاخر بن شاہ

آنکھ

ابھی ہو جلوہ گر آنکھون مین آکے جلوہ طور
ملون جو خاک در بوتراب سے آنکھین
عمل کرا بتو نظامی کلام مومن پر
لگا رہا ہون اس بت خانہ خراب سے آنکھین

حضرت فردوس منزل مرزا محمد علی گوہر شاہ عالم
بادشاہ غازی آفتاب تخلص خلف مرزا
محمد عزیز الدین عالمگیر ثانی فرمانرواے دہلی
جو ہو وین خاک رہ پاے بوتراب آنکھین
[illegible] عذاب سے حاصل کرین ثواب آنکھین

[illegible] حیدری مرحوم [illegible]
[illegible] محمد [illegible] سوز کے باشندہ دہلی [illegible]
نوجوان [illegible] آفتاب آنکھین
[illegible] جرات ولد سید امیر علی
[illegible] کا بار [illegible]
[illegible] احمد علی کامل
[illegible]

میر غلام علی مرحوم اعظم دہلوی ترک دنیا کرکے عظیم آباد مین گوشہ نشین رہے وہین وفات پائی صاحب دیوان فارسی و ریختہ شاگرد میر شمس الدین فقیر

ردیف ب آنکھ

اُٹھا کر جو صبح کو ملتا وہ مست خواب آنکھین
لگا چورانے مسیحا سے آفتاب آنکھین

خبر ہی آمد جانان کی بر لب دریا
ہین انتظار مین کھولے ہوئے حباب آنکھین

اسی طرح کی نشیلی اگر رہین چندے
کرینگی حضرت زاہد کو بھی خراب آنکھین

وہ بیحجاب اُلٹ دے جو رخ سے اپنے نقاب
فلک پہ شمس و قمر کی نہ لائین تاب آنکھین

غم فراق سے حیرت کی ابتو رہتی ہین
مثال ابر کے آٹھون پہر پرآب آنکھین

شیخ قادر علی موحد خلف شیخ چراغ علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید خواجہ وزیر وزیر

جو دیکھین مرقد پر نور بوتراب آنکھین
تو جانیئے کہ ہوئین آج کامیاب آنکھین

خیال گل مین اگر روئین خوناب آنکھین
تو عندلیب کی ہووین سدا گلاب آنکھین

نثار کیجیے نرگس کو برگ نرگس پر
کہ بے نظیر ہین ابرو تو لاجواب آنکھین

وہ طفل منھ کو چھپاتا ہی اپنے درس کے وقت
کہ دائرون سے نہ پیدا کرے کتاب آنکھین

نگاہ گرم ہی بجلی جو ای شریر تری
وفور اشک سے اپنی بھی ہین سحاب آنکھین

وہ بدگمان ہون کہ عاشق ترا اُسے سمجھا
نظر جو آئین کسیکی مجھے پرآب آنکھین

مثال آئینہ لپکا ہی دیکھ لینے کا
نظارہ بازی مین اپنی ہین لاجواب آنکھین

ہوئین ہین لال جو کیف شراب سے ای گل
بنی ہین ساغر نرگس سے آفتاب آنکھین

نقاب اُسنے اُٹھائی ہی وقت دید ہی یہ
اُٹھا کے شرم کا پردہ ہون بیحجاب آنکھین

بیان کرون مین اگر اُسسے اپنی حسرت دید
دہن کیطرح سخنگو ہون ہین جواب آنکھین

علم عروض سے باہر میر محمد حسین مرحوم **کلیم** اکثر رسالے شیخ محی الدین عربی علیہ الرحمۃ کے زبان اُردو مین ترجمہ کرکے سہل اُنکو کردیا ہی باشندۂ دہلی صاحب دیوان شاگرد میر تقی میر

درازی شب ہجران و زلف یار **کلیم**		تو مجھسے پوچھ کہ کالی ہو رات آنکھون مین

شیخ فرحت اللہ مرحوم **فرحت** مولد انکا فرخ آباد و بسبب رفاقت بہادر علی خان داروغہ ناظم بنگالہ مسکن مرشد آباد صاحب دیوان شاگرد سراج الدین علیخان آرزو

جون اشک گرا ہون مین گو یار کی آنکھون سے		لیکن مجھے دیکھے ہو وہ پیار کی آنکھون سے

میر حمایت علی مرحوم **مجنون** باشندۂ مرشد آباد شاگرد شاہ قدرت اللہ قدرت

ڈرنا ہی مناسب تھا دلدار کی آنکھون سے		مارا نہ مجھے آخر کس پیار کی آنکھون سے

میر ابوالحسن مرحوم **وحشت** باشندۂ شاہجہان آباد

کرونگا اس دل دیوانہ کی تدبیر آنکھون سے		لگی ہی بیندھنے موج اشک کی زنجیر آنکھون مین

خوشنویس علم جفر اور رمل کے مشتاق عبد اللہ خان مخاطب بمشتاق علی خان مرحوم **مشتاق** قوم افغان یوسف زئی ولد نواب سیف الدولہ موسوی کی ہوس مین مبتلا شعراے پایۂ تخت دہلی مین بے نظیر شاگرد میر تقی میر

رنگ کیون سبز ہی چہرے کا ترے ای **مشتاق**		کسنے دیکھا ہی تجھے زہر بھری آنکھون سے

میر فرزند علی مرحوم **موزون** باشندۂ ہسیانہ شاگرد میر شمس الدین فقیر

حسن اور عشق کی کیا خوب گل افشانی ہی		پھول جھڑتے ہین ترے منھ سے مری آنکھون سے

سید محمد خان مرحوم **ایمان** تخلص باشندۂ حیدر آباد دکھن

آنکھ

شیخ قلندر بخش جرات

جو کھلی ہین انتظار مین آنکھین

سید ہدایت اللہخان مرحوم عاشق باشندۂ دہلی احمد شاہ درانی کے باعث سے جب انقلاب دہلی مین ہوا یہ مرشد آباد مین مقیم ہوے دیوان ریختہ اور فارسی انسے یادگار ہی

بے دیکھے ترے ایسی ہین متصل آنکھین	بے نور ہوئین نور نظر تجھسے مل آنکھین

شاعر زمانہ ماضی تمنا تخلص باشندۂ دہلی اور کچھہ حال اُنکا معلوم نہوا

نرگستان کے تماشے سے اسے شوق نہین	آج دیکھی ہین تمنا نے تمھاری آنکھین

خادم قدم شریف دہلی میر محمد یار عرف میر کلو مرحوم خاکسار شاگرد حضرت مرزا جانجانان مظہر علیہ الرحمۃ

مرے باغبان کا یہ دیکھو سلیقہ	کہ نرگس کو بویا نہ بوئین یہ آنکھین

شاہ مبارک مرحوم آبرو فرزندون مین محمد غوث گوالیاری کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد سراج الدین علی خان آرزو

فجر اُٹھ خواب سے گلشن مین جب تمنے ملی انکھیان	اگئین منہ شرم سے نرگس کے پیالے جون کلی انکھیان

شاعر زمانہ ماضی ہمعصر ولی ہرکارۂ اخبار بادشاہی غلامی نام باشندۂ دہلی

سرخ لالی ہین نشیلی جو ڈورے انکھیان	دل زخمی پہ لگاتی ہین ٹکورے انکھیان

ملک الشعرا خاقانی ہند محمد ابراہیم ذوق استاد حضرت ظل الٰہی بادشاہ دہلی صاحب دیوان

دشنۂ ابرو سے بڑھکے ہوان ہین تری آنکھین	کہ ہیٹھین نہ کچھہ سیف زبان ہین تری آنکھین

سلیمان خان مرحوم سلیمان باشندۂ دہلی مقیم عظیم آباد شاگرد اشرف خان فغان

یہی رونا ہی تو کیونکر رہیگا نور آنکھون کا	الٰہی یہ کہین بھی دور ہونا سور آنکھون کا

شعور اُسنے کیا ہی منع گر محفل مین رونے کو | بجا لاؤنگا مین ارشاد نا مقدور آنکھونسے

شیخ پیر بخش سرور خلف حکیم حیات اللہ قلاش باشندہ کاکوری مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مصحفی

ہوا پنہان ہوا اُسکا چہرہ پر نور آنکھون سے
یہانتک ساروئے عاشق ہوگئے مجبور آنکھونسے

مجھے جنت کو لیجاتے تو ہین گر وہ نہو دیگا
نہ دیکھونگا نہ دیکھونگا مین وے حور آنکھونسے

سدا چشم تصور سے ہم اُسکو دیکھ لیتے ہین
وہ دل سے ہی بہت نزدیک گو ہی دور آنکھونسے

نگاہین دیکھنا سنگین محل کے رہنے والونکی
ہمارا شیشۂ دل کرچلے ہین چور آنکھون سے

لیا اغیار نے اُس نرگس بیمار کا بوسہ
نہ دیکھا تھا سو دیکھا ای دل مجبور آنکھونسے

کھڑا ہی کون یہ رشک پری غارتگر ایمان
ذرا تو سر اُٹھا کر دیکھا ای سرور آنکھونسے

داروغہ سرکار فقیر محمد خان رسالدار منور خان **غافل** ولد صلابت خان باشندہ
لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مصحفی

عبث وہ شرمگین رہتا ہی اب مستور آنکھونسے
کہ روتے روتے پانی جاتا رہا ہی نور آنکھونسے

کیا ہی مین نے طی ایک گام مین راہ حقیقت کو
قدم میرے لگائین شبلی و منصور آنکھونسے

مین نے سلکی کاوش مژگان کھدتے ایک ہی پل مین
بنایا دلکو میرے خانۂ زنبور آنکھون سے

نظر آتے ہین جیسے یار کے دست حنا بستہ
لہو رہتا ہی جاری صورت ناسور آنکھونسے

نکلوائین نہین آنکھین اگر نظارہ بازونکی
تو نرگس شان ہوا ہی اُسکا کیون معمور آنکھونسے

جمے ہین پر سر مژگان یہ میرے اشک کے قطرے
تجمل ہووے نہ کیونکر خوشۂ انگور آنکھون سے

نہ دیکھین اُسکی جانب مرتے مرتے ہمتو ای غافل
کرین کیا بس نہین چلتا کہ ہین معذور آنکھون سے

آنکھ

ہمیشہ تو کی چھڑا سے نرگس جب انسے دم سرچین چاری کی آنکھین
پڑی ہیں رقیبون سے بھی غصے کی نظر سے
میرے بت خوش چشم سے آنکھین جو لڑا کے
تو دونون سے ملون نرگس بیمار کی آنکھین
شاید کوئی پردہ نشین جھانک رہا ہو
آنکھین آج آئین نظر روزن دیوار کی آنکھین
منھ پھیر کے اس قاتل عالم نے کیا قتل
اتنا تو تھا بھی نہ ذرا چار کین آنکھین

باشندہ لکھنؤ شاگرد مرزا علی بہار
محمد حسن قرار ولد میر معصوم علی
دیکھین طرف یار جو اغیار کی آنکھین
کیا تجھ پہ ہوا ختم فقط نرگس بیمار کی آنکھین
مشتاق ہیں اب جلوۂ دیدار کی آنکھین
تجھ کو کون سے وہ پھر کی جاتی ہیں
کیون ظلم سے پھیر کے جاتی ہیں ہم کون سے
معلوم نہیں اسکی تھا کیا سوال صاحب

رقیب سے تجھے کیا جانے کیا ہی سمجھا یا	جو مجھسے پھیر لین ہی مہربان آنکھین
نظر پڑا نہ کوئی تجھسا دوسرا سفاک	لڑا ئین سبسے بھی جا کر کہان کہان آنکھین
خدا کے واسطے آجا کہ دم نکلتا ہی	چرا ؤ مجھسے نہ اے عیسیٰ مان آنکھین
دکھائے شوق نظارہ نے سیکڑون کوچے	لیے پھرین مجھے اے دل کہان کہان آنکھین
نہ آیا رحم مرے احتضار قاتل کو	پھر اسکے سرگیا کیا ہیں نہ پہچان آنکھین
خدا کے فضل سے امی شرق ایک دن ہوگو	دکھا ئینگی ورقشا ہنشہ زمان آنکھین

مرثیہ گوئی ہیں طاق صف آرائی اور مضمون خیزی ہیں شہرہ آفاق مرزا سلامت علی دبیر ولد مرزا غلام حسین متعلقان مرزا آغا جان کاغذ فروش باشندہ لکھنؤ ارشد تلامذہ میر مظفر حسین ضمیر مرثیہ گو و رباعی

ہر عضو مین سربلند گو آنکھین ہین	گر فرش کی ہی کی تو لو آنکھین ہین
کس کس کے بڑے پا بچھا ؤ نہین دبیر	ہر چشم بہت ہین اور دو آنکھین ہین

مرزا محمد عباس نجید ولد مرزا حیدر باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر وزیر صبا

وہ محو ہوا جسنے ذرا چار کی آنکھین	کس سحر کی ہیں اس بت عیار کی آنکھین
قاصد مری جانب سے زبانی یہی کہنا	ہین منتظر دید گنہگار کی آنکھین
للہ خبر آن کے لے مرتا ہی عاشق	چھت سے ہین لگین اب ترے بیمار کی آنکھین
دیکھا نہ کبھی آنکھ اٹھا کر بھی ادھر کو	جیسے نہ کبھی چار ہوئین یار کی آنکھین
جو ہر ترے جانباز کے کھل جائینگے جسدم	کھل جائینگی قاتل تری تلوار کی آنکھین

آنکھ

[illegible]

آنکھ
۱۹ زمین

ای رشک تجلی اسے دیدار دکھادے
موسی کیطرح رکھتی ہو شوق ارنی آنکھ

ہینبش مژگان نہین فرقت مین کسی کے
کرتی ہو شب و روز نگر سینہ زنی آنکھ

مجروح کیا طائر دل تیر نگہ سے
لو سیکھ گئی شیوۂ ناوک فگنی آنکھ

مژگان پہ نہین بیٹھے ہین پاؤن نکالے
چل نکلے ہین سیکھی ہو فن تیرزنی آنکھ

ہرگز نہ قمر آنکھ حسینون سے لڑاو
زخمیون مین ہوگی سبب خندہ زنی آنکھ

احمد علی مرحوم نسبت تخلص ریختی گو باشندۂ لکھنو صاحب دیوان

جب سے اسیر مری پڑی ہو آنکھ
تب سے اتنا یہ دکھ رہی ہو آنکھ

ہر کسی سے جو بل یہ کرتی ہو
کسی بانکے سے کیا لڑی ہو آنکھ

واہ کیا کتنا ہو ترا چھپا
تیری تو آنکھ نرگسی ہو آنکھ

جی ہر اک کا لبھائے لیتی ہو
تیری کیا کوئی موہنی ہو آنکھ

ای دوگانہ وہ اگلی آنکھ نہین
مجھسے تیری یہ پھر گئی ہو آنکھ

ای دوا شور کیون مچاتی ہو
ابھی نسبت کی تو لگی ہو آنکھ

میر بادیعلی بیخود خلف میر ناصر علی سحر زمیندار بری براؤن باشندۂ لکھنو صاحب

دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

جب نہ تب مجھپہ نئی کرتی ہین بیداد آنکھین
ستم ایجاد ہین تیری ستم ایجاد آنکھین

ہوئین جس روز سے محو ستم ایجاد آنکھین
وا رہا کرتی ہین مثل لب فریاد آنکھین

حسرت دید مین رہتی ہو پریشان نظری
ڈھونڈھتی ہین تجھے او بانی بیداد آنکھین

شب تنہائی فرقت ہی بہان سنین جی
کہدو اشکون سے تھین کرتی ہین برباد آنکھین

ہجر میں کاٹتی ہیں کوہ غم حسرت دید	ای بتو اپنے زمانے کی ہین فرہاد آنکھین
لن ترانی مین جو ہین محو زبان مژگان	رکھتی ہین نور تجلی وہ پریزاد آنکھین
انس کس سرو کی زلف سے انھین ہی جو	رکھتی ہین جا سے مژہ شانہ شمشاد آنکھین

ولہ

ظلم مین چشم فلک کی بھی ہین استاد آنکھین	کس ستم کیش سے سیکھی ہین یہ بیداد آنکھین
رشک مانع ہی جو ہوتا نہین مین طالب دید	ڈر ہی رکھتا ہو مری طرح سے ہمزاد آنکھین
ہو نہین محو محبت جب دیدار وہ آنکو	وہ سزا دون کہ کرین حشر تلک یاد آنکھین
دل سیران کی طرف دیکھ کے رو دیتی ہین	دیکھتی ہین جو کوئی خانہ آباد آنکھین
کیا مرے قتل پہ رغبت ہی جو دیکھا تجکو	خشمگین کر کے نگین وہ ستم ایجاد آنکھین
غیظ سے دیکھتے ہین یون وہ سوے طفل سرشک	جیسے لڑکون کو دکھاتے کوئی استاد آنکھین
کرتی ہین طالب دیدار پہ آفت نازل	بد بلا ہین تری او بانیے بیداد آنکھین
جرم نظارہ پہ اتنی خفگی زیبا نہین	دیکھنے کے لیے ہین او ستم ایجاد آنکھین
خط نہین گالون پہ تفسیر ہی ان دونون کی	سورہ نون اگر ابرو ہین تو ہین صاد آنکھین
کرتی ہین اک نگہ ناز مین عالم تسخیر	دلفریبی مین تمھاری ہین یہ استاد آنکھین
کم نگاہی کی شکایت پہ ہوئین مبدا ایسی	کھل پڑین مجھسے اشارون مین جلاد آنکھین
بعد مرنے کے بھی جاتا نہ غم حسرت دید	نزع مین دیکھ لیا تمکو ہوئین شاد آنکھین
پردہ کیا انکی جفاؤن کا کہین فاش ہوا	آج چھپی ہوئی ہین او ستم ایجاد آنکھین

[illegible]

صادق الولا شیخ الٰہی بخش عشقی خلف شیخ محمد بخش باشندہ کانپور صاحب دیوان
شاگرد میر علی اوسط رشک

سحر چتون ہے نگہ قہر ہے جادو آنکھین	دم نکل جائیگا دکھلائیگا جب تو آنکھین
وحشی چشم ہون گر فرش کا آجائے خیال	آکے صحرا مین بچھائین ابھی آہو آنکھین
اے پری موسے مژہ کیون نہین تار نگاہ	رہتی ہین آٹھ پہر جانب گیسو آنکھین
دیکھے ان چہرہ کو تو آئینہ بھی ششدر ہو جاوے	ذہن زلف و لب عارض و ابرو آنکھین
تیری آنکھونکے نظارے کی ہوئی یہ حسرت	مثل نرگس ہمہ تن بنگئے آہو آنکھین
کیون اک دام بلا مین ہین پھنسے دو آہو	اگر آجائین ہوا سے ترے گیسو آنکھین
خانۂ چشم مین موجود ہے پتلی کی طرح	کیون اسے ڈھونڈھتی پھرتی ہین یہ ہر سو آنکھین

سخت جانی کے سبب جیسے کھٹکتی ہے جو ہر	کیا دکھاتا ہے مجھے خنجر فولاد آنکھین
لیکے جاتا ہے چمن مین جو کسی روز قفس	بلبل زار کی سی دیتا ہے صیاد آنکھین
خواہ حق بین نہین خواہ ہو نکو گھورین	کچھ نہین قید ہر انسان کی ہین آزاد آنکھین
آب تیشہ ہے جو ہوا اشک ہمارا اے یار	سنگ خارا ہے مرا دل تو ہین فرہاد آنکھین
مجھسے لاغر کے لیے اور یہ بھاری زنجیر	دیکھ کیا پھوٹ گئی ہین تری حداد آنکھین
رخ روشن سے ترے دون جو ارم کو تشبیہ	صاف بنجائین گل گلشن شداد آنکھین
انھین آنکھو نسے سو ہر کی آنکھین ہین خجل	دیکھیے شان خدا ہین یہ خداداد آنکھین
اشک گوہر ہین تو ہین لخت جگر لعل حضور	صفت کرتی ہین یہ دولت مری باد آنکھین

آنکھ [illegible]

نکلین بالفرض اگر دم دیدہ کا پردہ [illegible]
ایسی لشکر مین نہین صاف بچاو آنکھین
اپنے گھر مین تجھے پتلی کی طرح سے رکھین
کیا کرین یار پہ پانی نہین قابو آنکھین
ہمہ تن گیسوئے محبوب کا نظارہ کرون
تن پہ پیدا ہون خدایا عوض مو آنکھین
شاخ نرگس ہوئین جوبن گل نرگس ہین جناب
[illegible] فلک یہ ہر بن کی یہ جو آنکھین
[illegible] ہے مجھکو

[illegible]

شب فراق مین یہ اشک خون نہین و بین
دلا یہ حال ہوا سبکے خدا پرستون کا
جو ہم بغل ہو وہ خورشید رو تو جل جلکر
چہار یار ہمیشہ کو ربع مسکون مین
یہ سمجھو لگر کبھی شرر و نہین کبھی تقبیون مین
شب وصال ہی جائین اسکے تلوون سے
ہم ای صنم عوض استخوان خدا کی قسم
وہ ماہرو جو کرے شب کو آنے کا وعدہ
دل رقیب سیہ رو کی آرزو بر آئے
بتون کو گھور لیا خوب ای ولی اپنو

بہاتی ہین دل صد چاک کا لہو آنکھین
جو دل ہی دیر کے جانب تو قبلہ رو آنکھین
ملائین مجھسے رقیب سیاہ رو آنکھین
ہمیشہ ڈھونڈھتی ہین اپنی چارسو آنکھین
بچایا چاہین اگر اپنی آبرو آنکھین
ہماری رکھتی ہین ای دل یہ آرزو آنکھین
سگ رقیب کو دیدین کسے جو تو آنکھین
بچھائے عاشق ناشاد کو بکو آنکھین
مری طرف سے جو پھیرے وہ تندخو آنکھین
خدا کی دید کی رکھتی ہین آرزو آنکھین

محمد مرزا انس خلف علی مرزا باشندہ فیض آباد مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

وضو رانک سے ہین شاک آبجو آنکھین
دکھاوہ برق سے ای ابر ہکو تو آنکھین
بتون کے عشق مین کھوتین نہ آبرو آنکھین
شب فراق مین تا صبح خون برسایا
شراب آتش ہملول ہجر یار مین ہی

بچائیو مرے پروردگار تو آنکھین
شب فراق ہی برسائینگی لہو آنکھین
مرے کریم وہ دیتا جو مجکو تو آنکھین
ہزار شکر ہوئین اپنی سرخرو آنکھین
نظر کرین نہ کبھی جانب سبو آنکھین

لڑا یا کرتے ہین ہر اک سے چار سو آنکھین
خدا بچائے بتون کی ہین جنگجو آنکھین

بجاے اشک دم گریہ جو ٹپکتی ہی
فراق ساقی مہوش مین ہین سبو آنکھین

ہوئے یہ تار نظر جمع بن گئے سیلی
گلے کا ہار ہوئین دیکھکر گلو آنکھین

کیا سوال جو بوسے کا گرمجوشی مین
یہ لطف ہی کہ دکھاتا ہر شعلہ رو آنکھین

گلا کٹے تو یہی دم کے ساتھ آئے صدا
دکھاتے جاؤ ذرا دیکھ لین گلو آنکھین

گرایا شیشہ و ساغر کو میری نظرون سے
دکھاکے ساقی مہوش نے گلو آنکھین

ہزار آبلے پا سے نگہ مین پڑ جائین
کرین تلاش مین اتنی تو جستجو آنکھین

یہی صفاے رخ یار جب نگاہ پڑی
پھسل کے پاے نگہ آئین تا گلو آنکھین

ہما کا دانت مری ہڈیون پہ بیڑھب ہی
بچا پیو سگ جانان دکھاکے تو آنکھین

بہشت کیا سمجھتے ہین تیرے کوچے کو
بہار ہی ہین جو رو رو کے آبجو آنکھین

قریب چشم سخنگو مژہ جو دیکھی کہا
زبان تیغ سے کرتی ہین گفتگو آنکھین

کسی کے دست حنائی پہ کیون لبین دم دید
یہی سزا ہی کہ رو یا کرین لہو آنکھین

چھوئین جو پنجۂ مژگان سے مصحف رخ کو
یہ چاہیے ہی کرین اشک سے وضو آنکھین

ہوا ہی تیغ نگہ سے یہ پارہ پارہ دل
کرینگی سوزن مژگان سے کیا رفو آنکھین

نگاہ پاک سے کرتی ہین دید او زاہد
یہ پاکباز ہین رہتی ہین باوضو آنکھین

خجل ہوا ایسی لگے چھپنے زیر دامن موج
جو دیکھے اپنی دم گریہ آبجو آنکھین

نگاہ ناز سے دیکھو گے تم جو نرگس کو
عطا کرینگی اُسے بوے ناز بو آنکھین

آنکھ

ایک دن بھی نہ ملین شوق سے باہم آنکھین
برسون دیکھا کیے اے شوخ تری ہم آنکھین
غیب سے ہوتی ہی ہمارا زل کی خدمت
دھوتی ہیں نرگس بیخواب کی شبنم آنکھین

گھورتے ہین نگہ قہر سے عاشق کیطرف	آج ہین قاتل بیرحم کی برہم آنکھین
پاک دامانی جانان ہی ہوں گریان تسلیم	انتساب عیسی ہین مری حضرت مریم آنکھین

شاعر نامور اپنے وقت کے استاد شاہ نصیر الدین عرف میان کلو نصیر سجادہ نشین شاہ صدر جہان علیہ الرحمۃ ولد شاہ غریب آخر عمر مین حسب طلب دیوان چندولال کے حیدر آباد دکھن کو گئے وہین وفات پائی صاحب دیوان

ہی دل کے پھپھولون سے ہمارا ہمہ تن چشم	نظارۂ ساقی کو ہی مینا ہمہ تن چشم
تو وہ چمن آرا ہی کہ ہر دستۂ نرگس	دیکھے ہی ترا بنکے تماشا ہمہ تن چشم
ای تیر فگن ہم ترے ہاتھو نکے ہین قربان	تو دے کی طرح مجکو بنایا ہمہ تن چشم
گل کھانے تو سے تن پر کہ دکھانے کو تماشا	جون سرو چراغان مین ہوا ہمہ تن چشم
برقع کو الٹ منہ سے جو کرتا ہی تو باتین	اب مین ہمہ تن گوش ہوا ہمہ تن چشم
کیا اُسنے ہو صیاد مجھے چشم رہائی	حلقون سے بنا دام یہ تیرا ہمہ تن چشم
ای رشک قمر شب کو کہان نکلے ہین تارے	نظارے کو تیرے ہی فلک کا ہمہ تن چشم
دیکھونگا تصور مین نصیر اسکو شب و روز	دل صورت آئینہ ہی اپنا ہمہ تن چشم

وجیہ الدین وجیہ برادر نواب حسام الدولہ

خون دل لیکر رہا آنکھ جم چشمون مین	پانی پانی ہوا خجلت سے مین چشمون مین

عسکر علی خان مرحوم عسکر باشندۂ بنگالہ

روتے روتے نہ رہا نام کو نم چشمون مین	آبرو کیونکہ رہیگی مرے چشمون مین

بھلا کس چشم پر دریا ہے خون مین		ڈبویا اپنا تو نے خانمان چشم

نظیر تخلص شاگرد مرزا رفیع السودا باشندۂ بنارس

تا ایک نظر دیکھے تجھے ای مہ تابان		رہتا ہی سدا مہر درخشان ہمہ تن چشم

طالب العلم غلام جیلانی مرحوم رفعت پہلے تخلص بیدم تھا باشندۂ پیلی بھیت حافظہ ایسا درست تھا کہ قصیدہ تمام ایکبارگی سننے مین یاد ہو جاتا تھا شاگرد مولوی قدرت اللہ شوق

بہتی ہی زور شور سے اپنی مدام چشم		اک بحر ہی عظیم کہ جسکا ہی نام چشم

میر سجاد مرحوم سجاد ولد میر محمد اعظم جد ان کے میر منشی دار الانشار شاہی کے تھے باشندۂ اکبر آباد صاحب دیوان

ایک دل رکھتا ہون جو چاہے سو لیجائے اُسے		خواہ زلفین خواہ ابرو خواہ مژگان خواہ چشم

میر غلام حسین مرحوم شورش خواہر زادۂ ملا وحید صاحب دیوان مع قصائد شاگرد میر محمد باقر حزین

ابر روتا ہی تو بھی رواے چشم		اسمین جو ہو نی ہو سو ہوای چشم

شاعر معروف میان دلگیر مرثیہ گو چھنگو لال نام پہلے طرب تخلص تھا کایست سکینہ مشرف بہ اسلام ہوئے دیوان اپنا موتی جھیل مین ڈبو دیا مرثیہ گوئی اختیار کی پہلے شاگرد مرزا اخانی نوازش کے بعدہٗ ناسخ کے

کسکو دکھاؤن مین یہ بھلا ماجراے چشم		ناسور بنگئے ہین عزیزو بجاے چشم

ردیف نون

پلکین

وہ گیسو خط جدول ہین وہ ابرو ہین بسم اللہ
وہ رخ قرآن ہی خط تفسیر ہین زیر و زبر پلکین
جو روشن دل ہین وہ محروم ہین نزدیک والون سے
زمانے بھر کی آنکھون کو ہین آئین نظر پلکین
ہین نابینا نہین تشبیہ دون جو تیری آنکھون سے
کہان ہین چشم نرگس مین بھلا ای سیمبر پلکین

مہدی حسین خان آیا د ولد غلام جعفر خان عزیزون مین تجلی حسین خان سے باشندہ ... اتھا ایک دیوان ہی

منشی امیر احمد امیر خلف مولوی [illegible]
کرم احمد اولاد مین حضرت شاہ [illegible]
قدس سرہ کے باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان
شاگرد رشید منشی مظفر علی اسیر

[illegible] ہین دل بیمار پہ جھک کر پلکین
ناتوان بار کے جو اوٹھا لاتی ہین تنہا پلکین
اثر سوز محبت سے [illegible] دریا ہو گئین تر پلکین
[illegible] عشاق سے بازی [illegible]
طاق ابرو کی طرف ہاتھ اوٹھا کر پلکین

عجب ابرون کا نہین ہی سبب کلفت دل
لاکھ اوٹھے گر نظر ہون نہ کدر پلکین
کیا ہی الجھنی کے ہے الجھن کو بڑا ہی و بال
آنکھین رویئن جو الجھین بال برابر پلکین
آنکھ کانٹون پہ پڑی کیون نہ سبھاتو نکی
واقعی دیدۂ انسان کو ہین زیور پلکین
ہون وہ دیوانہ امیر آتی ہی گر نیند مجھے
ڈھیلے آنکھون سے لگاتی ہین برابر پلکین

کیون نہ کاوش ول آباد سے وشرات کرین	کر طبیعت سے صنم کی تو ہین خوگر پلکین

سعادت خان ناصر خلف رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ کہ جسکے اتمام کی تاریخ تذکرہ شر کا ہی انکا ہی شاگرد وندنب

آنکھ لگنے نہین دیتین یہ ستمگر پلکین	ہوتی ہین روز رگ خواب کو نشتر پلکین
اپنا دکھلائین سیاہ ہی جو وہ خود سر پلکین	لے سلامی تری ہر چشم جھکا کر پلکین
کہتے ہین قامت جانان کی زبانی یہ ہم	چھوٹی قد پر ہین بڑی فتنۂ محشر پلکین
ایک سے ایک زیادہ ہی جفا کاری مین	کج ادا یار کی چتون ہی تو خود سر پلکین
کل کا رونا تھا مرے گریۂ خونی کا نچوڑ	قطرۂ اشک سے بھی آج نہین تر پلکین
تیر جیسے ہین نہین ہین یہ کمانین ویسی	نوک کی ابروؤن سے لینی ہین خود سر پلکین
سب یہ کہتے ہین کہ دیوانے کو ہی فصد مفید	یار بسم اللہ اگر تیری ہین نشتر پلکین
ایک پر ایک کو ترجیح خدا نے دی ہی	چشم ہی زینت رخ آنکھ کا زیور پلکین
قطرۂ اشک ہی اب دانۂ گوہر انکو	یاد ایام کہ تھین خون کی چادر پلکین
یا خدا مثل سحر وہ شب گیسو ہو سفید	پیر ایسا ہو کہ دیکھے وہ اوٹھا کر پلکین
فتنہ زائی مین قیامت پہ شرف رکھتی ہین	باندھین سنگر تو الٹ دین صف محشر پلکین
موج می یار کی رفتار ہی مینا قد ہی	چشم دلدار ہی ساغر خط ساغر پلکین
دخل اپنے کا بھی ہوتا ہی طبیعت کے خلاف	دین اذیت جو پڑین آنکھ کے اندر پلکین
آب گوہر ہی ترا آب سرشک ای ناصر	ماتم سبط پیمبر مین جو ہین تر پلکین

ردیف پلکین

سید علی حسن اشک ولد سید آغا میر [illegible] حسینی سلسلۂ نسب [illegible] اولاد مین [illegible] شاگرد [illegible] باشندۂ لکھنؤ [illegible]

[illegible] پلکین
[illegible] خلق مین [illegible] پلکین
ایسی ہین [illegible] پلکیان [illegible]

آنکھون مین [illegible] پلکین [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

شیخ امداد علی بحر ولد شیخ امام بخش خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

قوس ابرو کی حمایت سے ہین بل پر پلکین
دانت آری کی طرح رکھتی ہین مجھپر پلکین
خوش لگا ہونکو جلاتی ہین وہ دلبر پلکین
ایک دن مجکو پھنسائینگی مقرر پلکین
آرزو ہے کہ مین اس حور کی لکھون تعریف
مرض منتظری سے یہ نقاہت ہے مجھے
کس طرح عشق مین دل کھول کے روتا ہے کوئی
کیون لگا ہون کے تلے آٹھ پہر پھرتی ہین
یار کی بیٹھی لگا ہون سے یہ معلوم ہوا
سامری کی بھی یہان آنکھ جھپکتے دیکھی
رات بھر ڈھونڈھتی ہین تجھے اب ہین آنکھین اسکو
تو وہ بے دید ہے جسوقت پھرے تیری نظر
جسم انسان مین نہین جس سے خالی کوئی شے
منتسب نشا مین الٹی ہوئی آنکھین کیسی
نہ میسر ہو جو دیدار تھا رے صاحب

اوڑ کسی ہین جو تیرون کے برابر پلکین
کاٹ ڈالینگی مرے دل کا صنوبر پلکین
چشم حور آکے بچھا دیتی ہین تیور پلکین
آنکھ صیاد ہین ٹٹی ہین ستمگر پلکین
کاغذ آنکھونکی سفیدی ہو تو مسطر پلکین
تل ہے تپلی کو گران آنکھ کو دو بھر پلکین
ہین پسینے مین نہایا جو ہوئین تر پلکین
مثل تار نظر آنکھون مین کرین گھر پلکین
نقل بادام ہین آنکھین رگ نشتر پلکین
تپلیان سحر کے پتلے ہین فسونگر پلکین
کف افسوس ملا کرتی ہین اکثر پلکین
تل بھر آنکھین نہ کرین حکم نہ جو بھر پلکین
دانت تیز ئین ہین آنکھ کا زیور پلکین
تپلیان میری نہ باہر ہین نہ اندر پلکین
آنکھ ڈھیلے سے بڑی کوڑی سے بدتر پلکین

اور شیخ امام بخش [illegible]

[illegible]

پلکین امام بخش

سجدۂ شکر بجا لاتی ہین جھک کر پلکین
آتش عشق سے جلتی ہین یہ آنکھین اپنی
آگ مین ہین صفت بال سمندر پلکین
جوش پر اشک کا طوفان جو کبھی آتا ہے
کشتی چشم کو ہو جاتی ہین لنگر پلکین
عمر گذری کہ جھپکتی نہین مشتاق کی آنکھ
حسرت دید مین وا رہتی ہین اکثر پلکین
داستان غم کی بیان کرتی ہین آنکھین [illegible]

[illegible]

لکھنؤ

عضو عضو آپکا ہی میرے لہو کا پیاسا — برچھیان آنکھین لگاتی ہین تو خنجر پلکین

سوزش عشق سے جلتی ہین یہ آنکھین اپنی — سیخ کباب کیطرح پھنکتی ہین شب بھر پلکین

جب سے آنکھون سے چھپا وہ رخ روشن سائل — کف افسوس ملا کرتی ہین دن بھر پلکین

مصاحب حضرت سلطان العالم تدبیر الدولہ منشی مظفر علی اسیر خلف میر بدر علی اولاد مین حضرت عباس علیہ السلام کے باشندہ قصبۂ امیٹھی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان فارسی و ریختہ شاگرد رشید غلام ہمدانی مصحفی

ایسی برگشتہ ہین کیون مثل مقدر پلکین — دلمین آئین مری آنکھونمین کرین گھر پلکین

ٹکٹکی بندھگئی رخسارۂ قاتل کی طرف — واہ رے شوق نہ جھپکین نہ خنجر پلکین

ڈوبتے وقت تو تنکے کا سہارا ہو جاسکے — دیکھلون شرع مین یا خالق اکبر پلکین

ضبط اسرار محبت ہی یہ منظور نظر — ہو لہو خشک جو ہون آنسوؤن سے تر پلکین

کردیا صورت غربال مشبک سینہ — خاک چھنوائینگی عاشق سے مقرر پلکین

یہی جلتا ہی جو آنکھونکا حرارت کے سبب — جل ہی جائینگی نہین بال سمندر پلکین

قتل عشاق مین کیا عذر نزاکت ہی تجھین — تیغ کیطرح نہین رکھتی ہین لنگر پلکین

خون کا نام نہین میرے تن لاغر مین — نوک کی لیتی ہین کیا صورت نشتر پلکین

بعد مردن نہ رہے مجکو کفن کی خواہش — منھ چھپانے کو جو دین اشک کی چادر پلکین

کیا ترقی ہی ترے حسن کی ماشاء اللہ — قد سے ہی زلف سوا زلف سے بڑھکر پلکین

خواب مین ہاتھ لگی دولت بیدار اسیر — کہ ہوئین شانۂ گیسوے سمنبر پلکین

کیون نہ کھٹکین دل عاشق مین نشتر پلکین | ہین رگ جان کے لیے صورت نشتر پلکین

متحقق علم شعر زائر کربلاے معلی میر علی اوسط رشک ولد میر سلمان باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ تین دیوان ایک لغت ہندی انکا ہے شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

رہزن اگر آنکھین ہین تو درکار ہین پلکین
بے ساختہ خار سر دیوار ہین پلکین
قربان بھوون کا ہون کمانین ہین مژہ تیر
تیرون سے غرض کیا مجھے درکار ہین پلکین
وہم بھی نہین کی راہ رسائی اُسے منظور
خونریز نگاہین ہین تو خونخوار ہین پلکین
کانٹون مین تلین ایسی جواہر ہین وہ آنکھین
پھولون سے لڑین ایسی سرخار ہین پلکین
دن رات یہان خوف وہ بیمار نظر کو
دلدار ہین آنکھین تو دل آزار ہین پلکین
خالی نہین اہل نظر ارباب خلش سے
آنکھون کو جو دیکھا تو کمان یار ہین پلکین
کیونکر نہ ہون قتال نگاہون کے اشارے
آنکھین ہین ستم پیشہ جفا کار ہین پلکین
اے رشک گل آنکھون کی ملاحت سے ہے ثابت
کیونکر نہ رہین گرد نمکخوار ہین پلکین
آنکھون مین اگر ہے صفت دلبری اے رشک
دل چھیدنے کیواسطے طیار ہین پلکین

میر مہدی مرحوم جنون خلف میر عباس عرف میر مغل باشندۂ فیض آباد وارد کانپور شاگرد میر علی اوسط رشک

اُس گل کی محبت مین جو خونبار ہین پلکین
اندوہ دون مری غیرت گلزار ہین پلکین
چشم بت سفاک کے اوصاف کہون کیا
اللہ ری نزاکت کہ اُسے بار ہین پلکین
تا مردم دیدہ کو کوئی غیر نہ دیکھے
چلمن یہ پڑی ہے نہین اے یار ہین پلکین

پلکین

اسواسطے ابرو کی طرفدار ہین پلکین
جو گیسوؤن کی پھانسی ہے جلاد ہین آنکھین
سر بھاری ہے گردن کو بدن کو سرو گردن
کیا ضعف ہے آنکھون کو مری بار ہین پلکین
اُس گل نے ارادہ کیا کیا سیر چمن کا
گل بنگئے آنسو مرے گلزار ہین پلکین

تتمہ

قشقہ جو دی تیر سے ٹیڑھی ہوئین مجھسے
بیوجہ نہین یار رہے خمدار ہین پلکین

جاروب کش قصر گل رشک ارم ہون
جھاڑو کے لیئے حورون کی درکار ہین پلکین

آنکھین جو ملین تلو ون سے کہنے لگا وہ گل
چبھتی ہین مرے پانؤن مین کیا خار ہین پلکین

نسبت ہی ترے چہرے سے کیا شمس و قمر کو
زلفین ہین نہ آنکھین ہین نہ ای یار ہین پلکین

ای مہروش اُنگیا مین ہین نرگس کے یہ پھول
اب بدلے کرن کے انھین دی کار ہین پلکین

اُڑ جاۓ مین جو صوئین عشق مژہ مین تیغ بجا ہی
ای بت تری اللہ دھوئین دھار ہین پلکین

ہر روز جلاتا ہون کہ اُسکو نہ نظر ہو
باقی میری اب آنکھون مین دو چار ہین پلکین

آنکھون مین سما جاتا ہون مثل نگہ چشم
وہ زار ہون مجھسے مری طیار ہین پلکین

ہولی مین گلال اپنہ پڑا ہی نہ یہ سمجھو
خون دل عشقی سے یہ گلنار ہین پلکین

مؤلف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد شاہ حسین حقیقت مولد و مسکن لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر اور ...

جلتے ہین جسین کیا ہی طرحدار ہین پلکین
اُس طور کے شعلے کی دھوان دھار ہین پلکین

آنکھون کیطرح لڑنے کو طیار ہین پلکین
ای آفت جان کیا تری خونخوار ہین پلکین

بیٹھی تری نظرون نے رلایا ہی جو مجھکو
اشکون کے عوض آج تنکبار ہین پلکین

تم جاؤ جو گلشن مین تو جھاڑین روشون کو
اسواسطے نرگس کو بھی درکار ہین پلکین

کیون فاش کیا راز محبت یہ سزا ہی
منصور لو آنسو ہین مری دار ہین پلکین

حیران ہون کیون دیدۂ دانستہ ہین خاموش
ہین شکل زبان قابل گفتار ہین پلکین

چبھ جاتی ہین یہ پاۓ نگہ مین دم گلگشت
ای گل چمن رخ مین تری خار ہین پلکین

ولہ

خیال تم وش ان سے بڑھا وقار مژہ
بنا ہے خار شعاعی ہر ایک تار مژہ

ایضاً پلکین

مثال دون گل بادام سے جو آنکھون کو | رکھون زیر گل بادام ہین یہ خار مژہ
یہ جلتی ہین تری فرقت مین شعلہ رو آنکھین | زبانہ شمع کا بن بن گئے ہین تار مژہ
بہے گا خون رگ سنگ سرمہ سے پل مین | کہ نیشتر سے کہین تیز تر ہین خار مژہ
لگا کے کہتے ہین سرمہ وہ ناز سے دیکھو | سیاہ تاب ہوئی تیغ آبدار مژہ
بنائین اشک کے دانون سے سبحہ کیا رو کر | پہونچ سکین گے نہ کوتاہ ہین یہ تار مژہ
نہین ہین کم رگ خواب گران لحد سے | شریک دیگی سبک ہون نظر مین تار مژہ
ہر اسکے عکس پہ نیشتر شہاب کا دھوکا | یہ گرمیون پہ ہے وہ برق شعلہ بار مژہ
پلک جھپکتی ہے تو آنکھ کھل نہین سکتی | یہ ناتوان کو تمہارے گران ہے تار مژہ
عجب بہار ہے قطرات اشک خونی سے | اجی ہے دید کے قابل یہ لالہ زار مژہ
جو ترچھی نظرون سے دیکھو تو جان شیرین جائے | چھری ہے شہد کی یہ نیش دلفگار مژہ
ملا کے منھ مرے منھ سے کرو جو چار آنکھین | فدا ہون آنکھون پہ آنکھین مژہ نثار مژہ
خلش پہ انکے رگ سنگ سرمہ بیستی ہے | وہ کون دل ہے نہین جسکو عشق خار مژہ
وہ اپنی چشم کی گردش دکھا کے کہتے ہین | فسان سے تیز ہوئی تیغ آبدار مژہ
جو انکی آنکھ پہ صدقے کرون گل نرگس | تو شاخ نرگس شہلا کرون نثار مژہ
وہ اپنی جان کا ہوتا ہے دشمن اے محسن | جو دیکھ بھال کے ہوتا ہے دوستدار مژہ

ناک

شیر بیشہ سخنوری شیخ امام بخش ناسخ خلف شیخ خدا بخش تاجر باشندہ لکھنؤ

مژہ

کیا نسیم صبح لائی ہے مرا دم ناک مین
خوش جہان ہوتا ہے وہ خوش طبع جاتا ہے وہین
کس طرح آسکتے ہے ہماری خاطر غمناک مین
آپ اپنے عیب سے ہوتا نہین واقف کوئی
جیسے بو اپنے دہن کی آتی ہے کم ناک مین
تاک رکھی ہے پری کیونکر نہ اسکے سامنے
ہو سکے نتھنی کے سلیمان کی ہے خاتم ناک مین

[illegible]

صادق الولاء شیخ الٰہی بخش عشقی خلف شیخ محمد بخش باشندہ کانپور رضا صاحب دیوان

سنبل جنت کی بھی آئے جو بوے گیسو ناک مین
گوش گل سے بھی سوا خوشبو ہے کانو مین ناک
ہم گل رنگ کی زینتی کی ہی یون ناک مین
پہلوے مہتاب مین تارے نظر آنے لگین
گر جڑاؤ کیل پہنے میرا مہ رو ناک مین

ناک

[illegible]

منتظور وقت مرگ بھی تازہ دماغ ہو	آئے جو بوے زلف گرہ گیر ناک مین

میرجان مرحوم ذاکر خلف میر فخر الدین ماہر شاگرد اپنے والد ماجد کے باشندۂ لکھنؤ
تمام دیوان انکا اسی رنگ پر ہی

کرتا ہی اسکے آگے جو تقریر ناک مین	دیتا ہی اسکے شوخ دہن تیر ناک مین
ہر ایک پوچھتا ہی یہ کتنے کو مول لی	دم آگیا ہی سلے کے تو شمشیر ناک مین
چھینک آکے گھس نہ جائے کہین نقرہین کے	اے چلبلے نہ ڈال تو قفگیر ناک مین
ٹکے مین گاتا ہی تو ن کہا ہمنے سنا ویسے	مضطرب پسر پہ گاتا ہی تقدیر ناک مین
دانا ہوا جو ناک مین اُس طفل نے کہا	قلقل سکے ہی لگانے کی تدبیر ناک مین
ہر دم توڑا اعدا کو جاتا تھا اسلیے	بقدی شتر کے ڈالی ہی زنجیر ناک مین
نکسیر چھوٹتی نہین ہر دم رقیب کی	برعکس اُسکے ہی یہ ہوا اسیر ناک مین
سرسام دفع ہونے کے خاطر سنا ہی ہی	ڈالے ہی زکالی کی ہر اک شیر ناک مین
ہوتا ہی جنکو نزلہ تو ذاکر سنا ہی یہ	سمجھے ہین ناس لینا وہ اکسیر ناک مین

ڈپٹی کلکٹر اٹاوا کلب حسین خان بہادر نادر خلف نواب احترام الدولہ دبیر الملک
کلب علی خان بہادر رئیس بنارس کئی دیوان مع قصائد اور مرثیہ اور ایک تذکرہ
صولت نادری طبع زاد انکا ہی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

جب طلائی حلقہ اُس کافر نے پہنا ناک مین	دم ہر ایک خود بین کا خود بینی سے آیا ناک مین
دونون کانون پر گمان شق القمر کا کیون نہو	ہی اثر انگشت پیغمبر کا پیدا ناک مین

[illegible]

کیون مزاج آشفتہ ہی بیجان کیون ہین بدو دماغ
عنبر گیسو کی شاید بھر گئی بو ناک مین

کیون جلاتے ہو اسے رونا پڑیگا آپ کو
جائیگا دود دل عشاق گیسو ناک مین

سنبل جنت نہ کیونکر اسکو ای عشقی کہون
مر گیا جب مین تو آئی بوے گیسو ناک مین

مؤلف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد شاہ حسین حقیقت وطن بزرگون کا خوست مولد و مسکن لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر

گر سماے وصل کی شب بوے گیسو ناک مین
مشل شبو ہی یقین پیدا ہو خوشبو ناک مین

دل جلا کر پوچھتا ہی یار گرمی دیکھنا
آرہی ہی کچھ کباب خام کی بو ناک مین

ایک دم فرصت نہین ملتی ہی رونے سے کبھی
دم ہمارا لا رہے ہین کس مزے آنسو ناک مین

واہ ری تاثیر مارا ہی ہمین کس پیچ سے
زہر افعی بنکے آئی بوے گیسو ناک مین

ہوگئے دیوانے تجھ پر بھولے خود بینی حسین
کیل کیا پہنی پریرو پڑھ کے جادو ناک مین

بادہ خواری راس آئیگی نہ زاہد کو کبھی
مے جو لی منھ مین تو آئی ہوگی اچھو ناک مین

روے تابان کا پڑے گر عکس تو وہ اڑ چلے
نک چڑا او کیل کا بجائے جگنو ناک مین

جان شیرین مین ہی چھٹی کا دودھ یاد آیا مجھے
کوہکن کا لائی دم فرمائش جو ناک مین

آتش رنگ حنا سے نقش پا جلتا ہی کیا
ای پری آتا ہی دود نقش جادو ناک مین

تیغ عریان بنکے ہر دم قتل کرتی ہی مجھے
آگئی سفاک کیا تاثیر ابرو ناک مین

میں تعجب کیا پریان بھی پھندنکی پھڑک پر جان دین
آپ آنکھون کس طرح رکھتی ہین جادو ناک مین

مشک کو سونگھا جو تمنے یہ خوشی اسکو ہوئی
آئی خوشبو کس طرح سے روح آہو ناک مین

ناسخ

ناک مرحوم

زلف پیچان تری ہندو ہین مسلمان عارض
کس طرح خط شعاعی مین نہان ہو خورشید
نہین ممکن خط مشکین مین ہو پنہان عارض
دست گلچین مین ہو جسطرح سے کوئی گل تر
یون نمایان ہی پنجۂ مژگان عارض
جسطرح سے ہو گریبان سحر مین خورشید

[illegible] دکھا دو جو زلف پریشان عارض
ہو گیا ہے ہجر مین کیون مہ تابان عارض
[illegible] بلا سے شب ہجران عارض
[illegible] زلف پریشان عارض
لکھنو صاحب دیوان شاگرد [illegible]
[illegible] واجد علی شاہ بادشاہ [illegible]
[illegible] حسام الدولہ خلف نواب [illegible]
[illegible] عارض

وہ بجھو کا شب تاریک مین جاتا ہے اگر	آئینہ خانے مین گرتا ہے چراغان عارض
نہین معلوم کہ ہو روکش بھی ان یا کہ نہون	مگر ایسے نہین رکھتا کوئی انسان عارض
ہون مین حیران ہے کیونکر شب گیسو مین چھپ	ہین مرے ماہ کے خورشید درخشان عارض
کیون نہ و ذات کرا مین کرون ای ناسخ	ہو گیا ہے مرض عشق حسینان عارض

ملازم راجہ بھرت پور حکیم وحید اللہ خان وحید خلف حکیم سعید اللہ خان بن
حاذق الملک عبد اللہ خان باشندہ بداؤن

کیون چھپاتا ہے صنم تو تہ داماں عارض	پارۂ نور ہین یہ کب ہوئے پنہان عارض
کیون دکھاتے ہو مجھے آئینہ سکتے ہین عبث	یار دو دکھلا دو کہین وہ درخشان عارض
ہمنے بوسہ جو لیا اسمین گنہ کیا ٹھہرا	اہل اسلام ہوت لا ریب ہین قرآن عارض
چاک ہو شل کتان دیکھ لے داماں نگاہ	ہمکو دکھلائے اگر وہ مہ تابان عارض
صفحۂ دل پہ مرے سانپ سے لوٹے ہین وحید	ڈھانپ لیتی ہے جو وہ زلف پریشان عارض

مولوی کرامت علی مرحوم تاریخ گو اظہر ولد امانت علی باشندہ شیخ پور تعلقہ فرخ آباد
وارد لکھنو صاحب دیوان شاگرد نصیر دہلوی

نہ دکھا رشک قمر تو عرق افشان عارض	چشمۂ مہر پہ لا دینگے یہ طوفان عارض
نہ تو مہتاب ہین نہ مہر درخشان عارض	رحل یہ خط ہے ترا اُسپہ ہین قرآن عارض
جیسے قرآن پہ ہو سبز غلاف مخمل	یون خط سبز مین تیرے ہین یہ پنہان عارض
جا بجا [illegible] اسپہ گل مہتاب یہان جھڑتے ہین	ایسے دیکھے ہین ترے ہمنے تابان عارض

خط بلقیس ہے خط خال ہے ہمسر بلقیس
زلف اژدر ہے نہین پری ہے تو سلیمان عارض
عارضی حسن پر اتنا نہین لازم ہے غرور
ہون اگر چاند سے ای ماہ دو چندان عارض
زلف ہندو کی طرح تم ہے پرستش کے لیے
فلک حسن ہے تو مہر درخشان عارض

عارض

[illegible] عاشق
[illegible] داماں عارض
[illegible] عارض
[illegible] مسلمان عارض
[illegible] عارض

[illegible]

کفر و اسلام سے ہے حسن بتان کی ترکیب	زلف ہندو ہے جو کافر تو مسلمان عارض
تو جو ہو بزم مین پھر شمع کی حاجت نہ رہے	کیا ہی روشن ہین ترے اے مہ تابان عارض
روبرو کامل جنت کی اُٹھائے جو نقاب	ہو گیا آئینہ سان دیکھ کے حیران عارض

شیخ علی حسین جویا ولد شیخ فتح علی بسبب قرابت آنو صاحب قدسیہ محل عظیم آباد سے وارد لکھنؤ ہوے اُس زمانے مین انکا اور قادر علی خان کا دور دورا ہوا چند کانپور مین مقیم رہے اب وطن کو گئے صاحب دیوان شاگرد رشک

پوجتی ہین اے بت چالاک کہ قرآن عارض	دیکھا کرتے ہین جو ہندو مسلمان عارض
اب نہ پائینگے شفا آئین مسیحا بھی اگر	ہو گیا درد غم دوری جانان عارض
ورد یاقوت و گل و سنبل و نرگس اے گل	ہین ترے گیسو و چشم و لب و دندان عارض
ٹکڑے ٹکڑے ہوا بھی مثل کتان اے مہرو	دیکھنے پائے اگر مہر درخشان عارض
کیا صفائی ہے ٹھہرتی نہین چشم مردم	اے پری آئینے کو کرتے ہین حیران عارض
مثل بلبل ہے ہوس دیکھنے کی پریون کو	رشک گل ہین ترے اے رشک سلیمان عارض
اپنے جویا کی کہین آو مسیحائی کو	درد و اندوہ بہت ہے شہ مردان عارض

تھانہ دار کرنیل گنج ضلع کانپور سعادت خان سعادت ولد جہان خان ساکن اعظم گڈھ مقیم کانپور شاگرد میر علی اوسط رشک

ہنسکے چھیڑون سے دکھلائے جو جانان عارض	دیکھ تیرے نہین ایسے گل خندان عارض
آنکھ ڈالے نہ کسی گل پہ کبھی گلشن مین	دیکھ پائے جو ترے بلبل نالان عارض

عارض تخلص

اب سعادت نہ ستائیگی بلا سے گیسو
مثل مصحف ہین مرے جی کے نگہبان عارض

معاصر میرزا و میر شاعر خوش اطوار میر محمدی
بیدار مرحوم باشندہ دہلی صاحب دیوان بقول
میر حسن تلامذہ مرتضی قلی خان فراق اور
بقول سعادت خان ناصر شاگرد شاہ اللہ خان فراق

سبزہ ظاہر ہے ترا ابر بہار عارض

آتی ہے کوچۂ گیسو سے پریشان ہوا
نہ بکھر جائے کہیں شعلۂ نار عارض
خال رخسار دکھاتے ہیں اعجاز خلیل
تجھی گل ہے جو بڑھے شعلۂ نار عارض
کوچۂ زلف سے کیا آئی صبا پر ہوا
اڑ گیا تھا جو خط یار غبار عارض
یاد رخسار میں بوسے لیئے منہ رکھ رکھ کر
رات گل تکیہ سے لیتے رہے کار عارض

وطن بزرگون کا مدینۂ منورہ بعد دہلی انکا مسکن لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

دیکھے گر مرغ چمن اُسکی بہار عارض	لالہ و گل کو کرے لاکھ نثار عارض
نصب آئینے مری قبر مین کرنا یس گر	جانتے تا وہ بھی یہ تھا عاشق زار عارض
حیف ہے ہمتو نظر ایک جھلک کو ترسین	آئینہ لوٹے سدا اُسکی بہار عارض

فکر معاصرین

علم تکسیر مین یکتا افصح الفصحا خواجہ وزیر وزیر ولد خواجہ فقیر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان رشید تلامذۂ شیخ امام بخش ناسخ

سبزۂ خط سے بڑھا اور وقار عارض	خضر آباد ہوا نام دیار عارض
کیا ہی دلچسپ ہے ای یار بہار عارض	زنگہ بیٹھ رہی جا کے کنار عارض
او جوان خط سیہ ہوگا یہ پیری مین سفید	صبح ہو جائیگی اکدن شب تار عارض
ای گلو کیسے ہوا حسن دو روزہ پہ غرور	عارضی ہے چمن رخ مین بہار عارض
دولت حسن پہ یہ خاک اُڑا رکھی ہے	غازۂ عارض پہ ہے ایوا سے غبار عارض
اُس رخ صاف پہ کیا روے خط رکھون	پھول سے کانون مین چبھ جائینگے خار عارض
صاف ہوا آئینہ سا ان کی خط مشکین منڈ جائیگا	پھر طلب ہو مرے اللہ تشار عارض
ہر کہان خط سیہ صدمے سے اُسکے مین کہو	سایۂ زلف نزاکت سے ہے بار عارض
موجب نکہت گل ہے دل بلبل گلدام	عندلیب دل نالان ہے شکار عارض
گالا گال ذرا رکھکے تماشا دیکھو	اپنا رخسار یہ ہے عاشق زار عارض

برج میزان پہ غرفے رکھتے ہین تیر سا ابرو
پلہ ماہ مین تلتا ہی وقار عارض

گھر رہے ہین ارنی طالب دیدار تمام
پہ بینا سے نکلتا نہین کار عارض

پوچھتا کیا ہی ہوس مرے محبوب کا رنگ
دیکھ مے چھوٹ کے تا شیشہ ہے غبار عارض

ہاتھ کب آتے ہین رخسار گل اندامون کے
کم نہین سونے کی چڑیا سے شکار عارض

خوبرویون کو خدا نے یہ دیا ہی رتبہ
ہی خداوند جلب آئینہ دار عارض

محجوب افروختہ رو کرکے اسے زرد ہوئی
تپ چڑھی مہر کو اٹھا جو بخار عارض

بحر مصروف محبت ہمہ تن یار سے ہی
کان مشتاق سخن آنکھ دوچار عارض

مصاحب حضرت سلطان العالم منشی میر مظفر علی اسیر خلف میر بدو علی سید علوی اولاد مین حضرت عباس علیہ السلام کے باشندہ قصبہ امیٹھی صاحب دیوان فارسی وریختہ اور عشق نامہ شاگرد رشید غلام ہمدانی مصحفی

ہو سکے آئینہ کیا خاک دوچار عارض
ماہ و خورشید بھی ہین آئینہ دار عارض

زلف کا بوجھ اٹھے اسکی کمر سے کیونکر
عکس مژگان بھی نزاکت سے ہین بار عارض

سنبلہ گیسو ونپر قوس فدا ابرو پر
ماہ قربان جبین مہر نثار عارض

عندلیبون کیطرح کیون نہ ہون نالان عاشق
نو بہار چمنستان ہی بہار عارض

وہ حسین ہو کہ ہین معشوق بھی عاشق جسپر
شمع پروانے کی صورت ہی نثار عارض

پہلو ماہ مین سب کہتے ہین تارا چمکا
جلوہ گر خال نہین ہی یہ کنار عارض

گرمی جسم نے دیوانہ بنایا ہی مجھے
ہوش آئے جو اتر جائے بخار عارض

عارض تخلص

سید ہادی علی بچو خلف سید ناصر علی سہ زمیندار بریلی اون باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

نظر مشکین سے ہوا کم نہ وقار عارض
تھا طلب نگیا تا تار دیار عارض
... نہین خط ہے کنار عارض
... حصار عارض

ہو گیا چراغ سحری صبح بہار عارض

[illegible]

مشعل مہ کو کیا پیر فلک نے روشن	رات اونچا یہ ہوا شعلۂ نار عارض
جل گئے اُسنے جو بوسے ہمین ہنس ہنس کے دیے	آج غیرون پہ گرے برق شرار عارض
بیخود اُس عارض تاباں کا جو آتا ہی خیال	آنکھیں کرتی ہین دُر اشک نثار عارض

شیخ فضل احمد کیف ولد شیخ اکبر علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر وزیر صبا

کون دیکھیگا اب اے یار بہار عارض	خط سے مسدود ہوئی راہ دیار عارض
دور دور خط مشکین ہے خدا خیر کرے	دیکھیے گھٹتی ہے کیونکر شب تار عارض
وہ یہ کہتے ہین خدا نے جنھیں آنکھیں دی ہین	سرمۂ بلور سے بہتر ہے غبار عارض
ساتھ خورشید پرستون کے ہوا ہون محشور	کون مجھسا ہے بھلا عاشق زار عارض
تا زلیخا جو کوئی اُسکی خبر پہونچاتا	پونچھتی دامن یوسف سے غبار عارض
روبرو یار کے غیرون نے کہا عذرا سے	ہین لبون پر ہون فدا تو ہو نثار عارض
نگہ عاشق مشتاق پہونچ جاتی ہے	لاکھ گھونگھٹ کو کرے یار حصار عارض
آہ کھینچی ہے جگر سے تو لیے ہین بوسے	ہے مے شمشیر سے چھپتا ہے دیار عارض
یا علی رجعت خورشید کا مشتاق ہون مین	یار پھر آکے دکھا جائے بہار عارض
کیف سے شخص کو دیتے ہو ہزارون بوسے	مفت تم کھوتے ہو اے یار وقار عارض

میر نواب موزون خلف میر بندہ علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد منشی میر مظفر علی اسیر

تم جو دکھلا دو گلستان مین بہار عارض	گل خورشید بنے آئینہ دار عارض

جو یہان پیر و مرافقت ہین موزون
خط جانان کو وہ کہتے ہین غبار عارض

نواب غلام حسین خان حسین خلف
نواب شہزاد خان رئیس شاہجہان پور
وارد لکھنؤ فارسی اکثر اور ریختہ
کم فرماتے ہین

خط نہ سمجھو کہ یہ اُٹھا ہے غبار عارض
بے چشم ہوئی ناقۂ سوار عارض

عارض

کشور حسن مین کیا خوب ہی لیل و نہار	روز ہ عارض ہی تو خط آئینہ دار عارض
رشک سے داغ دل ماہ پہ ہی آج تلک	ہو گیا تھا کہین اکبار دوچار عارض
سرو بھی قامت موزون کا ترے بندہ ہی	گل فقط زر سے نہین باج گذار عارض
مضطرب کیون نہ پھرین گرد سر جانان ہم	دل ہی قربان جبین جان ہی نثار عارض

عبد الکریم خان حنا ولد سرور خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر وزیر صبا

خط نکلنے سے ہوئی اور بہار عارض	لے اڑا حسن کو پر بنکے غبار عارض
طوطی خط سے غزلخوان ہی چمن رو سے نگار	طائر رنگ بریدہ ہی بہار عارض
جلوۂ نور خدا حسن رخ جانان ہی	کم نہین وادی ایمن سے دیار عارض
روز روشن کو کیا شام سواد خط نے	ظلمت آباد ہوئی صبح بہار عارض
خواب سے اٹھکے کف دست جو دیکھے وہ حسین	پنجۂ مہر بنے آئینہ دار عارض
بڑھ گیا زخم جگر دیدۂ رخ تو خط سے	بنگیا مرہم زنگار غبار عارض
وہ یہان گلشن مین جو آیا انھین آرائش کا	بنگیا شاہد گل آئینہ دار عارض
عاشق زار ہون مین خال و خط جانان کا	نقش ہی دل پہ مرے نقش و نگار عارض
بوسۂ روے صنم ہی سبب مرگ حنا	صورت برق شرربار ہی نار عارض

شیخ ببر مرحوم فنا جنکی شہرت اپنے فن مین شہرۂ آفاق خلف شیخ طاہر باشندۂ لکھنؤ

ظاہر اگو خط تو رس ہوا نکھار عارض	پر حقیقت مین دوبالا ہی وقار عارض

عارض بسم

وصوم کی تہی صفائی کی وہان پہونچی ... ہو جلب ہوگا نثار عارض
... ہو محبت بھی کہ رنگ شعال بلبل
عارضی جاتے ہی ... بہار عارض
سبزۂ خط نہین ہی جسکے ... گلگون ... عالم
اگر جس گھر مین نہو کام چراغی آباد ... نثار عارض
دل مین لازم ہی رہی یاد تو شہرار عارض

میر بہادر علی عرف میر نصاحب فلک باشندہ لکھنؤ شاگرد شیخ ... اردو

خلف میر اکبر علی
محمد رضا خان برق

وا ہوئی چشم تو ہم دیدۂ بہار عارض
برق سے بھی ہی فزون شعلۂ نار عارض
اسقدر آپ عقبناک ہوئی ہون ... بہ ہر
پھر ہی اُٹھے وہ کہین شعلۂ نار عارض
نظر آنے لگی افشان کی چمک بالون مین
تا بہ گیسو جو گئے اُڑ کے شرار عارض
صورت برگ خزان خشک ہوا جاتا ہون

زلف جانان پہ لٹا دونگا مین تار رفتن		مہ و خورشید کرونگا مین نثار عارض
روبرو آتے ہی تیرے اُسے عشق آتا ہی		آئینہ ہو نہین سکتا ہی دوچار عارض
رشک ارژنگ ہو ہر صفحۂ دیوان اپنا		جوش گر کچھ بھی لکھون نقش و نگار عارض

مصحح مطبع مصطفائی میرزا ناصر علی مرحوم نصیر ولد میر عبد العلی باشندۂ لکھنؤ صاحب
دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

شام خط سے ہی ہم صبح بہار عارض		منقلب ہوتے نہین لیل و نہار عارض
قرب نیک اختر ون کا دیتا ہی سرکش کو ثبات		کب پسینے سے بجھے شعلۂ نار عارض
حاب بجا کب خط مشکین ہی پسینے مین عیان		روشن انجم سے ہوئی ہی شب تار عارض
حاشیہ ہی خط ریحان سے گلستان پہ رقم		سبزۂ خط سے نہین ہی یہ بہار عارض
ہم ہوئے جامے سے باہر جو اُٹھی رخ سے نقاب		قطع پیراہن ہستی ہی شعار عارض
آتشین چہرے پہ کب ہین یہ نشان چیچک کے		دود خط مین نظر آتے ہین شرار عارض
خط صفائی کا جو آیا ہوا معلوم نہین		کہ غبار اُٹھنے کا باعث ہی غبار عارض
خط کے آنے پہ بھی اندھیر وہ کرتے ہین نصیر		صبح ہو جائے الٰہی شب تار عارض

مہدی حسین خان آباد خلف غلام جعفر خان باشندۂ لکھنؤ ہر بحر مین غزل کے انکا
ایک دیوان ہی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

گل ہی بیقدر نظر مین ہی وقار عارض		ہم وہ بلبل ہین کہ تکتے ہین بہار عارض
گرم اسی غیرت خورشید ہی نار عارض		شرم جلا وے کہین آئینہ شرار عارض

عارض

... کے ... بہار عارض
... سے ... عارض
... لب ... بہار عارض
... مین ... عارض
... ہوئے ... کہین ... عارض
... سرخی ... عارض
دل ... مین ... ہون نثار عارض

... خلف ... علی خان ... باشندہ ...
... شاگرد ... جہان ...
[illegible]
... عارض
دل

[illegible]

دل نہ ہووے کسی عاشق کا اسیچ و پیچ میں
خال مشکین کا بنا نہ کنارہ عارض

رشک خورشید فلک غیرت ماہ و انجم
جان و تن کیون نہ کرون اپنا نثار عارض

ننگ و ناموس سے کیا کام رہا ہمکو حکیم
ایک مدت سے ہوئے عاشق زار عارض

رام چرن گرداب اور حال معلوم نہین

بھا گیا بلبل گلشن وہ پیارا عارض
گل سے بہتر ہے کہین یار تمھارا عارض

گل رعنا کیطرح ہوتے ہین وہ سرخ و سفید
کبھی چھوتے ہین جو اس گل کا تمھارا عارض

ہنس کے وہ شوخ یہ کہتا ہے کہ منھ بنوا کر
کبھی دھوکے سے جو چھوتا ہون میں یارا عارض

دسترس جب نہوا جان پہ ہم کھیل گئے
چھو لیا دست تصور سے تمھارا عارض

بوسہ دیتا نہین گرداب شب وصل پری رو
گھات پہ آن کے کرتا ہے کنارا عارض

مرزا مہدی ثاقب ولد مرزا انور علی بیگ استاد نواب محسن الدولہ بہادر باشندہ لکھنؤ شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

ہو گیا یار نگہ سے ترا نیلا عارض
کسنے دیکھا ہے بتا دے کوئی ایسا عارض

کسنے بوسے لیے کیون آج ہے مرجھائے ہوئے
گل افسردہ کی صورت ہے تمھارا عارض

شجر طور جو قامت ہے تو رخ شعلہ طور
اے بتو نور خدا کا ہے تمھارا عارض

شکل الفت نظر آتی ہے صفائی کے سبب
صورت آئینہ غماز ہے تیرا عارض

زلف ہے رات تو ہے عقد ثریا افشان
چاند پیشانی اگر ہے تو ستارا عارض

کرون نظارہ رخسار تو ہو دفع مرض
میرے حق مین ابھی ہو جائے مسیحا عارض

گال

مخمس

عزت میر مغل باشندہ فیض آباد وارد کانپور شاگرد میر علی اوسط رشک

جو مثل گل ہاین نزاکت سے وان تمھارے گال
[illegible]

میر کاظم حسین مرحوم [illegible]

میر علی حسین باشندہ لکھنؤ شاگرد میر علی اوسط رشک

[illegible]

[illegible]

مؤلف تذکرہ سید محسن علی محسن [illegible] حقیقت
ساکن لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر و [illegible] میر علی اوسط رشک

چھپتے ہیں جو گیسو جو پیارے پیارے گال
تمھارے بال تو ہیں رات اور ستارے گال
نمود سبزۂ خط ہے اڑا دیگا طائر حسن
کہ صاف طوطی کا پر بن گئے ہیں پیارے گال

عجیب نور کے ہیں یا شمعیان تمھارے گال	منور ان سے کسی دن تو ہوں ہمارے گال
شب فراق میں جب دیکھتا ہوں چاند کو میں	تڑپنے لگتا ہوں یاد آتے ہیں تمھارے گال
طبیعت اپنی نہیں مانتی کسی صورت	کبود ہو گئے بوسوں سے گو تمھارے گال
گلوری منھ میں ہے تو رنگ پان ہے صاف عیان	نگینۂ شجری ہیں یہی تمھارے گال
کس طرح سے کہوں آسمان حسن تجھے	چکور خفا ہے تو ہیں چاند تیرے پیارے گال
کہو تو کون سی ہے بات جس میں غصہ	کہ لال ہو گئے ہیں جو ایسے پیارے گال
شب وصال میں ایک دم صبح بخت جاگے ہیں	وہ سو گئے مری چھاتی پہ رکھ کے بارے گال

تھانہ دار ضلع کانپور شرف الدین حسین خان شرف ولد شہاب الدین حسین
باشندۂ علی گڈھ شاگرد میر علی اوسط رشک

کسی حسین کے ایسے نہیں پیارے گال	کہ جیسے غیرت خورشید ہیں تمھارے گال
ہمیشہ رہتے ہیں کیوں اپنے ناگ زلفوں کے	خزینہ زر کے نہیں ہیں اگر تمھارے گال
نہیں ہے گردش ایام سے مجھے کچھ کام	یہ زلفیں شام ہیں اور صبح ہیں تمھارے گال
مزے سے سوئیے کانوں پہ گال رکھ کر آپ	ذرا بھی کم نہیں گل تکیے سے ہمارے گال
نہیں ہے شام غریبی کو میری صبح وطن	چھپے ہیں گیسوؤں میں اس لیے تمھارے گال
لیے جو بوسے شرف تو نے پڑ گئے ہیں نیل	نہیں دکھاتا کسی کو حیا کے مارے گال

شیخ الٰہی بخش عشقی خلف شیخ محمد بخش باشندۂ کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

جو بوسے دو گے مجھے تم دکھا کے پیارے گال	یقین ہے گھس نہیں جائنگے کچھ تمھارے گال

[illegible]

دھواں ہی حسن کے شعلے کا خط جو نکلا ہی	دیے خدا نے دھواں دھار تکو بالے گال
بس اور کیا کروں اُس گل کا وصف ای محسن	گلو نکو خار ہی ایسے ہیں اُسکے پیارے گال

ہونٹھ

شاعر نامی ہمہ گو میر انشاء اللہ خان مرحوم انشا ولد میر ماشاء اللہ خان مصدر باشندہ لکھنؤ ایک دیوان فارسی ایک دیوان ریختہ ایک دیوان ریختی ایک دیوان بے نقط انسے یادگار ہی

پھر تو کہ بھر کے دم سرد مرے ہونٹھ پچوس	ہاں وہ کسطرح کہ بے درد مرے ہونٹھ پچوس
قہر ہی لعل میں زیب سے تیرے کہنا	رنگ یاقوت ہی یاں گرد مرے ہونٹھ پچوس
رہ فضیحت نہو پردہ تو ذرا چھوڑنے دے	دیکھ یہ جا گہہ ہی بے پردہ مرے ہونٹھ پچوس
مجکو حیران نہ کر او آہ تری دہشت سے	دیکھ رخسار ہوئے زرد مرے ہونٹھ پچوس
صدقے اس نازکے انشا سے یہ کہنا چاہی	چوٹ لگتی ہی ہوا درد مرے ہونٹھ پچوس

مولوی محمد بخش شہید ولد شیخ خدا بخش خوشنویس اولاد میں محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے باشندہ قصبہ سندیلہ مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

بوسے کے دھیان میں جو مجھے یاد آئے ہونٹھ	بے اختیار منہ سے یہ نکلا کہ ہائے ہونٹھ
کس درجہ چوسنے میں ملی ہیں حلاوتیں	صانع نے تیرے شہد و شکر سے بنائے ہونٹھ
کیونکر پڑھوں نہ آج دعائے ہلال میں	مانند ماہ نو مجھے اُسنے دکھائے ہونٹھ
غنچہ حیا سے پھر نہ چمن میں شگفتہ ہو	گل برگ سے کبھی جو ترے دیکھ پائے ہونٹھ
عشق لب نگار میں کاٹی ہی یونہیں عمر	گہ کاٹ کھائے چوسے کبھی گہ چبائے ہونٹھ

ہونٹھ

استاد ناسخ

ہونٹھوں میں دابکر جو گلوری دی یار نے
کیا دانت پیسے غیروں نے کیا کیا چبائے ہونٹھ
پانی بھر آئے غیروں کے منہ میں وقت دید
شیرین کی رال ٹپکے جو وہ دیکھ پائے ہونٹھ
دم آگیا لبوں پہ یہ ڈرکا یار نے
سو بار پاس ہونٹھوں کی لاکر ہٹائے ہونٹھ
لذت زبان سے بوسے کی جاتی نہیں فلق
کہتا ہوں ہائے ہائے وہ اب بھی کاہ ہائے ہونٹھ

ناسخ ولد شیخ خدا بخش تاجر باشندہ لکھنؤ تین دیوان اسکے یادگار ہیں

چوسے لب وصل مین تو کہنے لگا / کیون ہوئے مہربان ہونٹھون پر
ہم اگر رکھو کان ہونٹھون پر / ہم ہی مرتے تہین ہین ہونٹھون پر
عشق پنہان کو کوئی زد کر دون / مر رہا ہی جہان ہونٹھون پر
[illegible]

میر فخر الدین فخر خلف میر محمد علی مرحوم سید تخلص باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر

مسی کا رنگ ہے وہ ہی مہربان ہونٹھون پر / کہ ہوئے دور سے ہوا آسمان ہونٹھون پر

ہونٹھ

روز نخست جوہری بازار جب کھلا	ہیرے کے دانت لعل کے ظالم نے پائے ہونٹھ
سب برگ گل زمین پہ کتر کے گرا دیے	بلبل نے باغ مین جو ترے دیکھ پائے ہونٹھ
کیا ذوق بوسہ ہر کہ صنم بھول بھول کر	سو بار ہمنے آتش رخ سے جلائے ہونٹھ
آیا اگر خیال قدم بوسی یار کا	پھرون نہ مین نے نقش قدم سے اٹھائے ہونٹھ
مین جان بلب ہوا جو کہا اسنے وصل مین	کیا کاٹتا ہر سنگدلی سے پرائے ہونٹھ
ایسا عمل پڑھون کہ مرے ہونٹھ جب ہلین	خود بوسہ دینے کو وہ مرے پاس لائے ہونٹھ
لون تجھ بوسہ شوق سے پنہان ہینگے نیل	مسی لگا کے یار نے مجکو دکھائے ہونٹھ
لوگون مین ہونٹھ چوم لیے ہمنے کیا کیا	غصے سے کیون نہ دانت تلے وہ دبائے ہونٹھ
آب حیات بنگئی نل سخ شراب صاف	جب اسنے جام آب سے اپنے لگائے ہونٹھ

ولہ

ہونٹھ رکھنے دے جان ہونٹھون پر	آ لئی ہر مری جان ہونٹھون پر
نزع مین تجھسے کچھ کہونگا حال	رکھدے اے جان کان ہونٹھون پر
بوسۂ لب سے یہ ہوا شیرین	پھیرتا ہون زبان ہونٹھون پر
دانتون پر ہے بہار مسی کی	رنگ لایا ہر پان ہونٹھون پر
بوسے کی آرزو مین نل سخ سے	جان آ لئی ہر جان ہونٹھون پر

خواجہ بادشاہ سفیر خلف اکبر اور شاگرد رشید خواجہ وزیر وزیر باشندۂ لکھنؤ

تیرا نام آیا جان ہونٹھون پر	آگئی میری جان ہونٹھون پر

[illegible]

سراپا سخن

ہونٹھ

مرزا محمد رضا معجز ولد مرزا اکبر علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد محمد علیخان مسیحا اور خواجہ وزیر وزیر

رہین منہ مین اگر پیارے ہونٹھ — کیا ہی لوٹین مزے ہمارے ہونٹھ
تیرے ہونٹھون کا دلمین دھیان نہین — شیشے مین اے پری اُتارے ہونٹھ
دیکھنے سے وہ نیلے ہوتے ہین — کرنے دیتے نہین نظارے ہونٹھ
کیون نہ شیرین کلام کہلائین — چوستے تھے کبھی تمھارے ہونٹھ
بوسہ پایا تو دم مین دم آیا — آبحیوان ہین کیا تمھارے ہونٹھ
سخن گرم جب کیے تمنے — ہو گئے اک بات مین شرارے ہونٹھ
دانت اُنکے ہین قطرۂ شبنم — لب گل برگ ہین جو پیارے ہونٹھ
دم تقریر پھول جھڑتے ہین — شاخ گلبن ہین کیا تمھارے ہونٹھ
اُنکی باتون سے جی اُٹھے مردے — لب عیسی ہین پیارے پیارے ہونٹھ
بات کی تمنے جی اُٹھا معجز — لب معجز نما ہین پیارے ہونٹھ

مرزا علی حسین کیوان اولاد مین آغا تو کل کے خوہر زادے رفیق الدولہ بہادر کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد ناسخ

بوسہ لینے مین چپکے دلبر ہونٹھ — ہین حلاوت مین رشک شکر ہونٹھ
جان بلب اُن لبون کی یاد مین ہون — دیکھیے کب دکھائے دلبر ہونٹھ
دہن تنگ شکل غنچہ ہے — رگ گل سے ہین اے سمن بر ہونٹھ

ہم چپ سکر چھیڑ اٹھینگے لاکھون فریب سے — لاکھا جمائین لاکھ وہ ہنسنے چھپا کے ہونٹھ

مرجان بنا یا گوہر دندان کو عکس سے — کیا رنگ لائے ہین بت رنگین ادا کے ہونٹھ

پھبتی کہون کہ دام ہین یہ بولتا ہے لال — باتین کرو دوپٹے سے گر تم چھپا کے ہونٹھ

خرمن مین گل کے برق تبسم لگائے آگ — دکھلائیے چمن مین اگر مسکرا کے ہونٹھ

مردے جلانا بھول گئے اپنی پڑ گئی — پھڑکا دیا مسیح کو تمنے ہلا کے ہونٹھ

شیرین لبی کے خوب مزے لوٹتے ہین ہم — بیوجہ باتین کرتے نہین ہین چبا کے ہونٹھ

قاتل تو اسسے پوچھ مری آرزوے قتل — گویا زبان تیغ کو کردی ہلا کے ہونٹھ

پھیلائین کیون نہ پانون وہ بوسے کے دینے مین — چھوڑینگے پھر نہ پاے حنائی کو پا کے ہونٹھ

گرم اسقدر سخن نہ شرارت سے کیجیے — پچتائیے گا آپ کسی دن جلا کے ہونٹھ

ہم وہ مسیح ہین تجھے مو سے بنائینگے — کہتا ہے وہ شریر زبان سے ملا کے ہونٹھ

تم حال پوچھو اپنے ہوا خواہ کا اگر — پیدا ابھی ہون موج سے جانی صبا کے ہونٹھ

محسن جفائین سہتا ہے کرتا نہین گلا — گویا کہ سید لیے ہین تین سے باوفا کے ہونٹھ

ولہ

لب دوسرا ترا جو ہوتا مثال لب — تھا لاجواب مصرع رنگین لال لب

ہے اور تل سے اوج پہ حسن جمال لب — تارا ہے صبح عید کا خال ہلال لب

کسکو ملا ہے اس دہن تنگ کا نشان — یہ وہم ہے جو ہمکو ہوا ہے خیال لب

کرتے نہین ہو فرط نزاکت سے تم سخن — گویا دہن پہ مہر خموشی ہے خال لب

مر کر بھی ذکر ہے لب شیرین یار کا | منکر نکیر سے ہے جواب و سوال لب
دل مین خیال لائیے ہنسنے کا یار کے | شیشے مین بند کیجیے برق جمال لب
اُترینگے پار بحر غم و رنج و درد سے | ہاتھ آگئی ہے کشتی تیغ ہلال لب
آیا نہ دام فکر مین ہر چند کی تلاش | عنقا ہوا ہے طائر مضمون خال لب
اس قافیے کی فکر مین خاموش ہو گیا | قفل دہن ہوا مجھے مضمون خال لب
ساحل غزل کی فکر ہے اثناے راہ مین | ہے اس سفر مین ساتھ عروس جمال لب

سید علی جان قائل ولد میر فضل علی عرف میر مٹھن باشندۂ عظیم آباد بسبب قرابت شیخ فتح علی داروغۂ نواب قدسیہ محل لکھنؤ مین آئے بعد چندے سے مقیم کانپور ہوئے راہ کربلاے معلی مین گوشہ نشین گور ہوئے صاحب دیوان بلند گویون مین سب سے اونچے شاگرد میر علی اوسط رشک

آنکھون مین پھر رہا ہے خیال جمال لب | کیا دامن فلک کی دھنک ہے ہلال لب
ورد زبان ہے یاد گریبان مین خال لب | کنٹھے پہ پڑھ رہا ہون دعاے ہلال لب
یاد دہن مین حلقۂ اہل سخن ملا | مثل نگینہ باتین جڑیگا خیال لب
مکھڑے کی اُنکے طالب دیدار آنکھین ہین | تیغ نظر نے کھولی زبان سوال لب
کیا میٹھی باتین غنچہ دہن نے چمک کے کین | جیتا رہا نبات عروس جمال لب
ہونٹھون کی یاد لیس ہے دیوانہ کرنے پر | قوس سپہر سحر بنا ہے خیال لب
منھ چوم لون حضور کا نشتار مین لکھکر | لون دخت رز کے ہاتھ سے جام ہلال لب

لب ہمین

زینت سے ہو گئی ہے دگرگون بحال لب
مسی ہوئی ہے آپ کی شام ہلال لب
بے اذن مین نے بوسے لب یار کے لیے
میرا گلا ہے اور بل طوق ہلال لب
باتون مین تیرے چلتے ہے پھرتے ہے سرمۂ [illegible]
راہ فنا ہے جادۂ تیغ ہلال لب
دانتون سے اپنے ہونٹھ دبائے ہین نازسے
سلک گہر ہے رشتۂ تیغ جمال لب

[illegible]

مولد گجرات مسکن دہلی صاحب دیوان وجیہ الدین گجراتی علیہ الرحمۃ ولی تخلص اولاد دین شاہ [illegible]

روح بخشتی ہی کلام تجھ لب کا
دم عیسیٰ ہی نام تجھ لب کا
رنگ یاقوت کے قلم سے لکھوں
نظم رنگین کلام تجھ لب کا
ذوق شکر ہوے دایم کام و زبان
جب لبان مین ہو نام تجھ لب کا
ہو ولی کی زبان کو لذت بخش

حیرت دکھا رہا ہی یہ تیرا خیال لب	آئینے مین نظر نہین آتا ہلال لب
دل اپنا کوچۂ رم آہو سا بن گیا	وحشت دکھا رہا ہی یہ تیرا خیال لب
کیونکر کہون نہ اسکو سراپا ہی نور کا	لب ہی اگر ہلال تو تارا ہی خال لب
کھایا جو تونے پان تو ثابت ہوا مجھے	گویا شفق مین آگیا تیرا ہلال لب
شوکت کے فیض سے ہوئی فکر غنی رسا	موزون کیے ہین شعر بہت حسب حال لب

غلام علی خان مرحوم آزاد

کیا دھوان دھار اس مسی کی ہی تحریر لبا	دل جلون کا ہی یہ دود آہ دامنگیر لب

حکیم یار علی مرحوم شفا دہلوی ہمعصر میان ولی کے یا اُنسے پہلے کے شاعر ہین

جون غنچہ انگ پینے سے دونا کھلے ہی یاقوت	چمکا ہی رنگ پان سے شہرہ ترے لبان کا

منشی شیخ ظہور محمد ظہور ولد منشی اسمعیل عرف منشی نہال بن حافظ محمد صالح تاریخ تولد انکے نام مین ہی صاحب دیوان و مثنوی ظہور عشق شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

مزا ایسا ملا بوسے کا مجھکو	رہا مین مرتے دم تک چاٹتا لب

میر ولی محمد مرحوم نظیر مشاہیر شعراے اکبرآباد جوگی نامہ و کوڑی نامہ وغیرہ سے انکا دیوان مملو اور عالم مین مشہور ہی

جب کھلے اُس معجزہ آرا کے لب	بند ہوئے حضرت عیسیٰ کے لب
عشق مین اُس گوہر نایاب کے	آج تلک خشک ہین دریا کے لب
لعل بھی ہو رشک سے یاقوت زرد	دیکھے اگر اُس دریکتا کے لب

لب

[illegible]

کاش اُسکے ایک بوسۂ لب سے ہون کامیاب | قند و نبات دونون ہین جسکے غلام لب
جلتا ہی آج سوز جگر سے یقین کا دل | باد نسیم کچھ تو سنا دے پیام لب

مہاراجہ بلوان سنگھ بہادر راجہ خلف الرشید راجہ جیت سنگھ راجہ بنارس مقیم اکبرآباد صاحب دیوان شاگرد مرزا حاتم علی بیگ

کچھ مزا دیگی جو بوسے کی حلاوت لب پر | جان دم مرگ رہیگی کئی ساعت لب پر
ہاے کس منہ سے کرین یار سے بوسے کا سوال | رہتی ہی آٹھ پہر مہر قناعت لب پر
اُسنے عیسیٰ سے اشارہ کیا میرے خون کا | ناز سے رکھکے جو انگشت شہادت لب پر
غمزہ و عشوہ اس انداز کا دیکھا نہ سنا | شوخی آنکھون مین ہی ظاہر ہی شرارت لب پر
دل پہ صدمہ ہو کہ ہو جان پہ اذیت راجہ | آسکے پائے نہ مگر حرف شکایت لب پر

شیخ قادر علی موحد خلف چراغ علی باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر

موجۂ آب خضر سے کہین بہتر لب ہی | مصحف رو مین تری آیت کوثر لب ہی
کس طرح کہیے ترا برگ گل تر لب ہی | سخت باتون سے یقین ہوتا ہی پتھر لب ہی
ذبح عاشق ہوئے جنبش جو ذرا اسکو ہوئی | اجی تلوار یہ عیسیٰ ہی کہ خنجر لب ہی
میٹھی نظرون سے دیکھا کرین کیونکر عاشق | رشک شیرین ہی وہ بت قند مکرر لب ہی
وہ ہن زخم دہن ہوگا جو بوسے لونگا | بادہ گر موج تبسم ہی تو خنجر لب ہی
موج می نکلیگی ہر میری زبان ای ساقی | ہون وہ میخوار کہ میرا لب ساغر لب ہی
دیجیے موج تبسم کو رگ گل سے مثال | گریہ کیجیے کہ ترا برگ گل تر لب ہی

لب

دانت

[illegible] چھی کلکٹر ضلع اٹاوہ [illegible] بہادر نادر زمان خلف احترام الدولہ کلب حسین خان کلب علی خان باشندۂ بنارس صاحب دیوان مع قصائد وغیرہ شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

جب رکھا ہم خلال اس بت نے تنکا دانت مین
صورت در نجف ہے صاف پیدا دانت مین
مجکو گریان دیکھ کر وہ شوخ خندہ زن ہوا

[illegible]

ابھی تو دودھ کے ٹوٹے نہین تمھارے دانت
نہ انکو پیس کے کھٹے کرو ہمارے دانت

خلال کیا نہین رشتے کی انہین گنجائش
تمام گوہر ناسفتہ ہین تمھارے دانت

نہین یہ وصف جو گوہر سے دون انھین تشبیہ
گرہین وہ سلک گہر کہین پیارے دانت

اگر نہین ہے یہ نعم البدل تو پھر کیا ہے
مسوڑھے سے دانت ہوئے گر پڑے جو سالخوردہ دانت

وہ ننگ زیست تھا ناصر کہ اسکے لاشے کو
ہما تو کیا کسی کتے نے بھی نہ مارے دانت

بہت سے بحر محبت مین ہمنے مارے ہاتھ	لگا نہ ساحل مقصود پر ہمارے ہاتھ
جو کچھ کہ چاہو کرو اختیار باقی ہے	بکے ہین اب تو مری جان ہم تمھارے ہاتھ
جنون مین گرچہ گریبان سیکڑون پھاڑے	پہ تو بھی جامہ دریسی نہ میرے ہارے ہاتھ
ادا کنک کی جو دیکھی تو مصحفی نے دہین	تمھارے ہاتھ تو نہ حور و پری کے وارے ہاتھ

عنایت علی خان فروغ ولد قادر علیخان پسر خواندہ آغا صاحبہ قدسیہ محل
باشندۂ عظیم آباد مقیم کانپور شاگرد احمد علی کامل

کیا خوش ادا بنائے ہین حق نے تمھارے ہاتھ	کرتے ہو وقت رقص ہین کیا کیا اشارے ہاتھ
رنگ حنا سے کیا ہی چمکتے ہین دست یار	گویا ڈھلے ہین نور کے سانچے مین سارے ہاتھ
آنا ضرور فاتحہ خوانی کو قبر پر	عزت ہماری بعد فنا ہی تمھارے ہاتھ
مجھسے شب وصال بھی انکار ہو اُسے	کرتا ہی میرے پانون سے لو تر کے کنارے ہاتھ
وعدہ وفا نہ ایک بھی اُسنے کیا فروغ	ہر چند وصل کے لیے سو بار مارے ہاتھ

مخدوم بخش وحشت ولد شیخ خدا بخش باشندۂ کانپور شاگرد اسکول ماسٹر شیخ احمد علی کامل

جسدن سے ہمنے دیکھے ہین ایسے تمھارے ہاتھ	اُٹھتے نہین ہین ضعف کے مارے ہمارے ہاتھ

سر انگشت حنائی ہی برنگ غنچہ
شاخ گل ہین مگر اُس غیرت شمشاد کے ہاتھ

فصل گل ہین مجھے پہنا دی ہی لا کر زنجیر
جلد کٹ جائین الٰہی کہین حداد کے ہاتھ

کف نگین کی لکیرین نہین گلدام سے کم
پھانس لینگے دل بلبل بھی صیاد کے ہاتھ

مدعا ہی غیرت الفت نہین دیکھا جاتا
غیر کے ہاتھ مین ہین اُس ستم ایجاد کے ہاتھ

پانون مین نے جو دبائے تو نزاکت سے کہا
کسقدر سخت ہین گویا کہ ہین فولاد کے ہاتھ

اسمین شیرین تری کچھ شان نہ کم ہو جاتی
چوم لیتی لب شیرین جو فرہاد کے ہاتھ

گو اسیر قفس و دام نہین ہین ای دل
رشتہ طائر جان ہی اُسی صیاد کے ہاتھ

پانون پھیلاتے ہین کیا کیا مرے اطفال سخن
جیسے ہاتھون مین نہین طفل پریزاد کے ہاتھ

بعد مرنے کے بھی یہ شوق ہم آغوشی ہی
نکلے پڑتے ہین کفن سے ترے ناشاد کے ہاتھ

نشتر رشک سے کیونکر رگ جان ہو نہ فگار
مس کرین دست حنائی ترے فصاد کے ہاتھ

فیض بحر سے کی نہر معانی جاری
چشمۂ بحر کرم ہین مگر استاد کے ہاتھ

سعادتخان ناصر ولد رسالتخان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہی شاگرد مرزا محمد حسن عرف چھوٹے مرزا ندب مرثیہ گو اور ندب شاگرد مرزا رفیع السودا

حور کے ہاتھ مین لیسے نہ پریزاد کے ہاتھ
دم پھڑک جاتا ہی دیکھے اُس بت صیاد کے ہاتھ

آشنے آپ اپنی غلامی کا لکھا ہی سر خط
یار کے پاس کئی رکھے ہین شمشاد کے ہاتھ

ہی مزا نغانہ بد وحشی کا مجھے او صیاد
بیچنا مجکو کسی مردم آزاد کے ہاتھ

اور کیا زخم گلو سے کوئی دریا بہتا
بے حنا سرخ ہوئے اُس ستم ایجاد کے ہاتھ

ہاتھ

رخسار صنم سے اُلٹ کر نقاب کو
دکھلا رہے ہین قدرت پروردگار ہاتھ

پہنچی شب وصال سحر تک کیا کیے
پائے حبیب کے رہے خدمتگزار ہاتھ

صیاد افگنی کا لطف دکھاتا ہی دام فکر
مضمون کو بجاتا ہون کر آیا شکار ہاتھ

خواجہ حیدر علی آتش مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد

میر دوست علی خلیل ولد سید جمال علی باشندۂ ...

کرتے ہیں پیرہن کو مرے تار تار ہاتھ — ہو جاتے ہیں بہار میں بے اختیار ہاتھ

بے غیر ہل سکیں نہ مرے زینہار ہاتھ — ضعف بدن سے ہو گئے ہیں پشت خار ہاتھ

دیکھے جو سرخ پوش تجھے یار رشک سے — ملتی پھرے چمن کی روش پر بہار ہاتھ

اُس بت کو دیکھتے ہی ہیچ اول اسیر عشق — پتھر کے نیچے دب گئے بے اختیار ہاتھ

ہر ساق پا میں شمع سر طور کی چمک — دست کلیم سے ترے روشن ہیں یار ہاتھ

کڑیاں حسین شہ کے پھندے میں جال کے — کھیلیگا مرغ رنگ حنا کا شکار ہاتھ

سوز دروں سے ہر کف افسوس جب ملے — پتھر کی طرح سے لگے دینے شرار ہاتھ

آیا جو روز وصل شب ہجر کا خیال — سینے میں دل اچھلنے لگا چار چار ہاتھ

کر دے گدا کو شاہ جو منظور ہو تجھے — دینے کے ای کریم ترے ہیں ہزار ہاتھ

گل خندقیں ہیں زرد حنا سو تیا کے پھول — گلدستہ جہاں ہیں ترے ای نگار ہاتھ

ہر طرح مل رہیگا بس مرگ ای خلیل — دس گز کفن گزی کا ہیں تین چار ہاتھ

وارد غذ لو سیچانہ مصاحب خاص حضرت سلطان العالم کپتان مقبول الدولہ مرزا احمد علی خان
بہادر قبول خلف واقف خفتہ داصول مولوی محمد مرزا اولادین حضرت مالک
اشتر رضی اللہ عنہ کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد ناسخ

گل سے سوا ہیں سرخ ترے او نگار ہاتھ — دکھلا رہے ہیں مجکو چمن کی بہار ہاتھ

دوں جاسے سر سے آنکھ میں مژگاں کی بیل — گر آئے پائے یار کا میرے غبار ہاتھ

مجھسے دو چار ہو تو زبردست وہ نہو — جانان نہیں رقیب سیہ رو کے چار ہاتھ

ہو رزق کو میں تو وہ دے بڑھکے چار ہاتھ	رکھتا ہی دینے کو مرا خالق ہزار ہاتھ
افضال بیشمار ہین کب ہو ادا ے شکر	سودا نے بیچ کے ہین کرے کیا شمار ہاتھ
کیا کاسۂ حباب سے ہاتھ آیا موج کو	پھیلا کسی کے آگے نہ تو بار بار ہاتھ
فرا یا سرفراز تو ہو جا ؤ بیحجاب	جھٹکو نہ سینے پر سے مرا بار بار ہاتھ

فقیر آزاد مشرب تجلی تخلص مشہور شاہ تجلی باشندۂ حیدر آباد دکن

دامن کا کیسکے عکس پڑا ہی کہ چرخ تک	پھیلا رہا ہی سرو لب جو سے بار ہاتھ

اشرف حسین شاغل مخاطب الرشید اور شاگرد کاشف علی کاشف باشندۂ لکھنو مقیم کانپور

نازک جو تیرا حد سے زیادہ ہی یار ہاتھ	رنگ حنا کا کیونکہ اٹھا ئیگا بار ہاتھ
محرم گلابی ساقی مہکش کی دیکھکر	کیا دوڑنے لگا مرا وقت خمار ہاتھ
گل کھاے مین فراق مین تیرے جوامی لگا	گلدستہ بنگیا ہی مرا داغدار ہاتھ
کہتا ہی وہ کہ وصل کا ہونا محال ہی	کیون جوڑتا ہی آگے مرے بار بار ہاتھ
شاغل غم مصیبت دنیا فضول ہی	دینے کے ہین خدا سے جہان کے ہزار ہاتھ

اسکول ماسٹر کانپور شیخ احمد علی کامل ولد شیخ عنایت محمد اولاد مین حضرت
شاہ پیر محمد علیہ الرحمۃ لکھنوی صاحب دیوان شاگرد شیخ عبد الرؤف شعور

محرم کا بند بھی نہ لگا نے دیا نہ ہاتھ	دوڑا سے ہمنے وصل کی شب لاکھ بار ہاتھ
شرم اسکو کہتے ہین کہ نہ کھولا نقاب کو	ہمنے شب وصال مین جوڑے ہزار ہاتھ
مہندی لگا کے باغ مین آیا ہی وہ صنم	دکھلا رہے ہین نام خدا کیا بہار ہاتھ

ردیف ہاتھ

دریاے آب تیغ سے ہوجاتین پار ہاتھ
پستان پر آپکی نہوا اپنا دست رس
آیا نہ باغ حسن سے کوئی انار ہاتھ

فصل بہار آتے ہی جوش جنون ہوا
دامان و جیب کرنے لگے تار تار ہاتھ

ہو معرکہ سخن کا مرے ہاتھ ای ظفر
رشتہ ... مرے ذو الفقار ہاتھ

نواب مرزا واجد علیخان مرحوم جلا ولد نواب فخر الدین حیدر بن نواب شجاع الدولہ بہادر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید نواب عاشور علیخان بہادر

مہندی سے سرخ ہین جو ترے او نگار ہاتھ
ملتی ہو مہر تو ن سے عروس بہار ہاتھ

دیکھے جو سرخ سرخ ترے ای نگار ہاتھ	پھیلاوے پیے چنار نے بے اختیار ہاتھ
سبزہ ہری ہری ہو اور شب ماہتاب ہو	وہ گل نہین تو ملتے ہین ہم بار بار ہاتھ
ای یار تیرے دست حنائی کو دیکھکر	خوبان مصر کاٹتے بے اختیار ہاتھ
ہمکو لپٹ کے سونے کی خو اُسکے ساتھ ہو	مرنے پہ بھی نہ پھیلین گے زیر مزار ہاتھ
یوسف کا سیر باغ سے جب دل شگفتہ ہو	ہو اُسکے ہاتھ مین ترا ای گلعذار ہاتھ

لالہ کنھیا لال تاثیر ولد کیول کشن باشندۂ فرخ آباد شاگرد سید اسمٰعیل حسین منیر

تیرے گلے مین پڑ نہ سکے ایکبار ہاتھ	شاخ خزان رسیدہ ہین ای گلعذار ہاتھ
خنجر سے دل کے سیکڑون ٹکڑے جو کر دیے	سیر اکلیجہ بڑھ گیا ای گل ہزار ہاتھ
کھجلا ئے اُسکی پیٹھ میرے سامنے رقیب	اللہ جنک ہو صفت پشت خار ہاتھ
بھڑکی ہوئی ہو آتش داغ جنون کمال	رکھنا نہ میرے سینے پہ ای گلعذار ہاتھ
ہاتھون کو تیغ مین جو بکر اُٹھائیے	دریا ے حسن آپکا بڑھ جائے چار ہاتھ
تاثیر کوئی دامن قاتل نہ چھو سکا	دوڑا ئے بسملون نے عبث بار بار ہاتھ

الحاج ظفر علی ظفر ولد مولوی کرامت علی تاجر باشندۂ لکھنؤ محلہ احاطۂ خانساماں شاگرد منشی مظفر علی اسیر

صحرا مین کیسے کیسے بڑھا تے ہین خار ہاتھ	جوش جنون مین ایک ہو دامن ہزار ہاتھ
منت کرون مین پانوٴن پڑون لیکے کوٹ ...	آ ے جو ایک دن وہ تغافل شعار ہاتھ
کشتہ ہون ابروون کا جو بانو میں ...	گھڑون مین رکھ کے تیغ کے قبضے پہ یار ہاتھ

ہاتھ

اڑتی رہین جو نہین گریبان کی دھجیان — بیکار ہون نہ ای مرے پروردگار ہاتھ
مداوسا تمہ پڑھتے ہین کیا کیا شب وصال — کھو نین سگے ایک روز مرا اعتبار ہاتھ
اسد رحمہ روؤن برق تبسم کی یاد مین — رومال ابر تر ہو نہین آبشار ہاتھ
جیسے چھڑا دہ دامن شمشیر بے پناہ — ہر دم ہین بسملون کیطرح بیقرار ہاتھ
اٹھے عروس حسن سے دین و نمائیان — افشان چھڑائی ہمنے بنے زرنگار ہاتھ
غافل محل سینگے نہ پیر جامہ زیبیان — وو گئے زمین ملیگی کفن تین چار ہاتھ
ای عشق کیا چلا کو ہون گستاخیان نصیب — سرکار حسن یار مین ہون بیکار ہاتھ

مصاحب خاص حضرت سلطان عالم فتح الدولہ بخشی الملک مرزا محمد رضا خان بہادر برق خلف مرزا کاظم علی صالح باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

خط شعاع مہر ہین صاف اُس قمر کے ہاتھ — زرین بدن ہی رنگ طلائی ہو زر کے ہاتھ
پہنچا رہا ہون ہاتھ یہ ای جان صر کے ہاتھ — ممکن نہین کہ جان بچے اور سر کے ہاتھ
حسرت رہی کہ دام مین عنقا کو لاسیے — مشتاق ہین ازل سے تمھاری کمر کے ہاتھ
لایا ہو خط یار قدم پر نثار ہون — آنکھون سے کیون لگاؤن نہ مین نامہ بر کے ہاتھ
ہر وار سے ملال دل و درد سر گیا — دیکھے نہین ہین آنکھ سے ایسے اثر کے ہاتھ
دل چھپ نہ سینہ میں کہ چھوٹون جو نیش نین — سر جائے پر ہو پانسے کبھی پھر نہ سر کے ہاتھ
پنجہ تمہارے پنجہ مژگان سے کم نہین — اللہ نے بنائے ہین خط نظر کے ہاتھ

[illegible]

فدا شاگرد مصطفیٰ خان شیفتہ کے

بیچھا ہوں سر کو کاٹ کے پیغامبر کے ہاتھ	ایذا نہ پائیں قتل میں تا فتنہ گر کے ہاتھ
سیب ذقن کے بوسے جو اس چھ رسید کے	دنیا میں سیب خلد یہ آئے بشر کے ہاتھ
اس بت کے زلف و رخ کی بلائیں لیا کرین	پیدا ہوں کاش چرخ پہ شمس و قمر کے ہاتھ
ہین جی اٹھا جو ہاتھ اٹھایا بہ طلب	اس بت کو کیا خدا نے دیے ہین اثر کے ہاتھ
پہ جان لے کر جان بچی جائیگی ہاتھ سے	دم بھر بھی تیرے گر میرے سینے سے سرکے ہاتھ
عار و میر سے پنجہ وحشت میں ہے جنون	چاہوں تو توڑ ڈالوں ابھی شیر نر کے ہاتھ
زینت سے کب ہے حسن خداداد کو غرض	زیور کے پائے بند نہین سیمبر کے ہاتھ
ہمت کچھ اور شعر ہو سنتا نہیں ضرور	ہوں دستگاہ فیض ہر اک اہل زر کے ہاتھ

عباس علی خان بیتاب ولد نواب عبد العلی خان بن غلام محمد خان بن نواب فیض اللہ خان رام پوری

آخر فریب کھا کے کیا اسنے مجکو قتل	ہمنے کہا تھا ہم سے اٹھائینگے مر کے ہاتھ

محمد امیر الدین آزاد باشندہ بریلی شاگرد میر غلام علی شرف

لوگ کہتے ہیں کہ بنتے نہیں تصویر کے ہاتھ	سر تلک جاتے ہیں کیوں عاشق دلگیر کے ہاتھ
وصل دلبر نہوا سیکڑوں تدبیریں کیں	سچ کہا ہو کہ ہر ایک کام ہو تقدیر کے ہاتھ
بن چھوٹے پائوں نچھوڑیگا ابھی سر کی قسم	آپ جس روز لگے عاشق دلگیر کے ہاتھ
جذب الفت سے گرا جائے پہنانے پہ وہ تو	پھر پاؤں میں نکالوں میں کفن چیر کے ہاتھ

[illegible]

صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

واشد اس عقدے سے کی ہر گز نہیں تدبیر کے ہاتھ	پیچ ڈالینگے اسے اسی بے پیر کے ہاتھ
اسکی تاثیر سے وہ دن کو جو آئے تو بنے	اتنو عزت ہو فقط نالۂ شبگیر کے ہاتھ
زیست سے ہاتھ کو دھو بیٹھا و لیکن تو بھی	نہ کھنچے مانی سے جانان تری تصویر کے ہاتھ
نہین کچھ دغدغۂ جرم و معاصی دل کو	مغفرت حشر مین ناور کی ہی شبیر کے ہاتھ

حکیم محمد مومن خان مومن مشاہیر شعرائے دہلی صاحب دیوان ہندی نا رسی

تکلیف سے جون پنجۂ گل لال ہوا ہاتھ	نازک ہی وہ بس چھوڑ دے اے رنگ حنا ہاتھ
ہی دست مرے نبض کی تف سے ید بیضا	یہ معجزۂ تازہ مسیحا کے لگا ہاتھ
ہنگام وداع آہ گلا کاٹ رہی تھی	کیا کھینچتے دامن کو ترے کام مین تھا ہاتھ
رکھے جو دل و چشم پہ اب اٹھ نہین سکتی	قربان نزاکت کے ہوں کیا پانؤن مین کیا ہاتھ
ہونے نہ دیا چاک گریبان کفن کو	یارون نے کیے دفن مرے تن سے جدا ہاتھ
جیسا مجھے آرام ترے ہاتھ سے آیا	اللہ کرے یونہین ترا سینہ مرا ہاتھ
بیٹھا کف افسوس ملیگا پس کشتن	غیرون سے بھی ظالم تو مرے ہاتھ اٹھا ہاتھ
ہم اور یہ بدعت طپش دل کے سبب سے	مومن ہیں مرے سینے پہ رہے بعد فنا ہاتھ

خوشنویس خفی و جلی شیخ اشرف علی اشرف ولد شیخ منظر علی باشندۂ مصطفی
باد عرف کسمنڈی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد اصغر علی خان نسیم دہلوی

مشاطہ نہ لیجائیو تا زلف رسا ہاتھ	کہتا ہو نہین ہوجائینگے محبوس بلا ہاتھ

ہاتھ

قیامت مین قیامت ہوگی برپا
ترا جب ہوگا دامن اور مرا ہاتھ
یہی ہی شدت گریہ تو ہم سے
بھی بیٹھین گے دھو یار آشنا ہاتھ
کہا اس بت سے کل یون منتظر کو
غم دل سے وہ ملتا تھا کو ہاتھ

حضرت شاہ سلیمان اولیا دہلوی سے

شیخ عبدالرؤف مرحوم

حسن رضا ... باشندہ بلگرام ... شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

اس گل کا دامن آج گیا گل چمن مین ہاتھ
پھولا نہین سماتا ہے اب پیرہن مین ہاتھ
دکھلا کے ہیہ لالہ دکھلا دون مین داغ دل

باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد امام بخش ناسخ

شمع کوہ طور سے ہیں تیرے سیمین ساق ہاتھ
حضرت موسیٰ نے کب پائے تھے یہ براق ہاتھ

دامن اپنا ہو و یا داماں کوہ طور ہو
دھجیاں کر ڈالنے میں ہیں یہ مشتاق ہاتھ

اے سکندر آئینے پر ہاتھ سبقت لے گئے
سو کے اٹھکر دیکھ لیتا ہے وہ سیمین ساق ہاتھ

یار کے گندنے کا لونگی تنا جب کھینچ ہم
قامہ آیا وہین تحمد سو نیکے اوراق ہاتھ

کھینچ ن سر صبر و عقل جان دین دل کو لوٹے عشق
لوٹنے سے کب اٹھاتے ہیں بھلا قزاق ہاتھ

ترچھی صاحب کی نگاہیں اپنی نظریں سیدھی ہیں
خلق سے کیونکر اٹھائیں صاحب اخلاق ہاتھ

ہاتھ میں مہندی لگا کر جب چھڑائی آپ نے
شاخ مرجان بنگئے اے یوسف آفاق ہاتھ

جامہ صبح قیامت کے اگر پرزے اڑا دیں
تھک سکیں کیونکر جنون اس کام میں ہیں چالاک ہاتھ

میرے ہونٹھوں کو لبوں کے چومنے کا شوق ہے
ہیں ترے منھ کی بلائیں لینے کے مشتاق ہاتھ

حاجت دو گز زمین کل ہو گی تجھکو بھر قبر
گو ترے کشور کشا کج آگیا آفاق ہاتھ

افعی کاکل نے کاٹا ہے شراب کر گیا
فائدہ کیوا ان ہنو آجائے گر تریاق ہاتھ

راجہ طالب علی خان عرف سلطان جان سلطان ولد خواجہ حسین علی خان نسبت مادری انکا سلسلہ حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ سے ملتا ہے وطن بزرگوں کا بخارا بعد دہلی مقیم عظیم آباد صاحب دیوان

پردہ اٹھا کے انسے جو اپنے دکھائے ہاتھ
مل مل کے ہاتھ اپنے کہا ہائے ہائے ہاتھ

صیاد کے ہے قبضے میں بے بس ہماری جان
ہے اختیار اب تو ہمارا پرائے ہاتھ

[illegible]

لگا یا میں نے جو شب زلف پرشکن میں ہاتھ
نسیم مشک سے لگے گلشن ختن میں ہاتھ

یہ شاخ نور ہو یا شمع ہو تہ فانوس
نہاں ہیں یار سے دلبر کے پیرہن میں ہاتھ

تمام عمر تو جامہ دری میں گذری ہے
قرار سے رہیں کیونکر مرے کفن میں ہاتھ

تری بلائیں نہ لیں پاؤں بھی نہیں آئے
یہ ہم سمجھتے ہیں بیکار ہیں بدن میں ہاتھ

تسلی دل بلبل ہوئی ہر ادق سی
ہوئے ہیں قطع جو صیاد کے چمن میں ہاتھ

لالہ شنکر لال ذرہ قوم کایتھ باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر علی اوسط رشک

عدو سے رنگ لائے ہیں رشک میں کے ہاتھ
پہونچے ہیں یاسمن سے گل نار دن کے ہاتھ

قامت ہے سرو لالہ ہے رخ نرگس آنکھیں ہیں
نسرین کے ساعد اور گل یاسمن کے ہاتھ

اس سبز خط نے تیرے غریب الوطن کیا
یہ خط میں لکھ کے بھیجیں گے اہل وطن کے ہاتھ

کیونکر نہ سونیکی ہو جہانگیر یوں ہے شوق
آتے ہیں زر سے زور ہیں اس سیمتن کے ہاتھ

زہرا و مصطفٰے و علی و حسن حسین
اے ذرہ مغفرت ہے انھیں پنجتن کے ہاتھ

مرزا حسن عسکری نیر ولد مرزا مظفر علی بیگ عرف آغا جان باشندۂ لکھنؤ شاگرد

مرزا خانی نوازش

کس حسن کے ہیں اس بت پیمان شکن کے ہاتھ
ہیرے کی ہے کلائی عقیق یمن کے ہاتھ

عالم میں اسکی تیغ نگہ سے نہیں پناہ
میدان قتل کا ہے اسی تیغ زن کے ہاتھ

سینہ ہمارا ناوک مژگان سے چھن گیا
چورنگ دل ہوا ہے ترے بانکپن کے ہاتھ

کسطرح ہم نہ دست تاسف سدا ملیں
آئے نہ ہاتھ اس بت پیمان شکن کے ہاتھ

ہاتھ

دست پری سے خوب ہے اس سیمبر کا ہاتھ
دیوانہ ہو گئے جو اٹھے ہے بشر کا ہاتھ
کیا روکے کوئی تیغ قضا و قدر کا ہاتھ
وہ ٹکڑے ہو جو منہ تلک آئے سپر کا ہاتھ
[illegible]
[illegible]
مردوں سے وقت جنگ [illegible]
[illegible]

[illegible]

یحیی مان عرف میان قلندر بخش جرأت ولد حافظ مان باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا جعفر علی حسرت

نہ دیکھو نبض مری آہ مت لگاؤ ہاتھ
طبیبو تم مرے جینے سے اب اٹھاؤ ہاتھ

ملون ہون ہاتھ یہ کتنا کسیکا کرکے مین یاد
رہے نہ مجھسے یہ گرمی اجی ہٹاؤ ہاتھ

قلق مجھے دل مضطر کا مارے ڈالے ہی
جو پیارے جھوٹ سمجھتے ہو تم تو لاؤ ہاتھ

ہین اسکے پاؤن تلک کیونکہ دسترس یا زون
کہ جیتے یہ نہ کہا ہو کبھی دباؤ ہاتھ

جب اسکو دیکھون تو کہتا ہون انتہی ہو گئے
بڑا مزا ہو جو پیارے تم اپنے آؤ ہاتھ

قریب مرگ ہون تو پاس آنکر بیٹھو
نہ دور سے مجھے تلوار کے دکھاؤ ہاتھ

وہ رشک گل نہین آئیگا ہاتھ حضرت دل
عبث تم اپنا نہ کھا کھا کے گل سجاؤ ہاتھ

شب وصال مین جتنی سا دیکھ مجکو وہ شوخ
کہے ہو دیکھو بس آگے نہ تم بڑھاؤ ہاتھ

تمہارے ہاتھ نہ آیا ہون مین نہ آؤنگا
مری بلا سے جو تم کاٹ کاٹ کھاؤ ہاتھ

کہاں ہی مجکو یہ جرأت کہ تمکو جانے نہ دون
پر اس قدر کہا ہی سے مجھسے نہ تم چھڑاؤ ہاتھ

سید مبارک علی مبارک باشندۂ الہ آباد شاگرد شاہ غلام اعظم افضل

اسکی زلفون تلک رسا ہی ہاتھ
ان دلون حد سے بڑھ گیا ہی ہاتھ

جذب الفت کہین نہ کھینچتی اسے
کاہ زلفین تو کبھی رہا ہی ہاتھ

پنجۂ مہر سے ہون ہم پنجہ
یار کے ہاتھ مین مرا ہی ہاتھ

عشق سنگین دلون کا ہی ناصح
اپنا پتھر تلے دبا ہی ہاتھ

[illegible]

دیکھا ہی سبو کو جو دھرے سر کے تلے ہاتھ	یاد آتا ہی ساقی کا وہ ساغر کے تلے ہاتھ
دامن کا خیال آتا ہی جب جامہ دری مین	دیوانون کے ہو جاتے ہین اوپر کے تلے ہاتھ
دل دوستی بت کا نہ پابند ہو یا رب	دشمن کا بھی دب جائے نہ پتھر کے تلے ہاتھ
یاد آتا ہی وہ قد کشیدہ جو چمن مین	ملتا ہون مین جا جا کے صنوبر کے تلے ہاتھ
عاشق سے لگا رکھین یہ کہتی ہین وہ آنکھین	مژگان جو چھوئین کہدیا خنجر کے تلے ہاتھ
صحرا کو چلو چاک گریبان کرو آتش	لنگر ہی نہ پانو رکھین نہ پتھر کے تلے ہاتھ

سعادت خان **ناصر** ولد رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہی مشورہ چھوٹے مرزا مذنب سے انکو تھا

پرویز کا شیرین کے رہے سر کے تلے ہاتھ	اور عاشق صادق کا ہو پتھر کے تلے ہاتھ
کیون لین تجھین بلائین مرے کیون ہاتھ تجھ کو	اس جرم پہ رکھتے ہین وہ پتھر کے تلے ہاتھ
ساقی کی محبت نے کیا ہی مجھے بندہ	کاندھے پہ سبو اسکے ہو ساغر کے تلے ہاتھ
کس چین سے مرقد مین اتارا مجھے اسنے	اک زیر کمر ایک رہا سر کے تلے ہاتھ
بہتر نہین ہی خاک سے ناصر کوئی بستر	بالش ہی ہمارا یہ کہ ہو سر کے تلے ہاتھ

خوشنویسی مین یکتا غلام رضا **رضا** ولد امبہ پرشاد داستان گو اور خود بھی داستان خوب کہتے ہین باشندۂ لکھنؤ

رکھ تو نہ سر عاشق مضطر کے تلے ہاتھ	ہر شب مرے ای مہ ہون ترے سر کے تلے ہاتھ
لینے کو بلائین تری او غیرت خورشید	گر ہوتے تو جھکتے مہ انور کے تلے ہاتھ

[illegible] مرزا جان جانان **مظہر** خلف مرزا جان [illegible] دیوان فارسی [illegible]

ردیف ہاتھ — مرزا انجمن [illegible]

اس گل کو بھیجنا ہی مجھے خط صبا کے ہاتھ
اسواسطے لگا ہون چمن مین ہوا کے ہاتھ
مرتا ہون میرزا سے گل دیکھ ہر سحر
سونچ سے ہاتھ جوڑی ہی [illegible] صبا کے ہاتھ
مظہر چھپا کے رکھ دل نازک کو اپنے تو
یہ شیشہ بیچنا ہی کسی میرزا کے ہاتھ

مصطفی قلی خان مرحوم [illegible]

[illegible]

پڑتا ہی پانون اُس بت کافر کے بار بار
کیا برہمن کو موہ لیا ہی دکھا کے ہاتھ

شاعر قبل زمانۂ میان ولی سید قمر علی سراج تخلص باشندۂ حیدر آباد دکھن صاحب دیوان

مدت سے گم ہوا دل بیگانہ اے سراج
شاید کہ جا پڑا ہی کسی آشنا کے ہاتھ

شیخ مہدی زرکی بسبب مراعت قطب الدولہ حضرت سلطان العالم نے انکو خطاب ملک الشعرائی کا دیا خلف شیخ کرامت علی شیخ زادۂ لکھنؤ مقیم مرادآباد صاحب دیوان فارسی و ہندی

انصاف عشق ہی بت رنگین ادا کے ہاتھ
ہوجائے دل کا خون لقب باندھے حنا کے ہاتھ

آئیگا ہاتھ پانسین دامن نگار کا
پوچھین منھ موڑ کے بھی ہم دکھا کے ہاتھ

کہنے لگے بس آگے بڑھو گے تو قہر ہی
چٹ چٹ بلائین لین جو نہین تنے بڑھا کے ہاتھ

یہ رشک دلکو آئے کہ ہو جائے خون خشک
چھوئے حنا جو اُس بت رنگین ادا کے ہاتھ

شرما کے طیش کھا کے خفا ہو کے ہنس پڑے
پانون پہ مین گرا جو بدن کو لگا کے ہاتھ

کیا چھو لیا ہی چوری سے پائے نگار کو
دل مین ہی چوم لیجیے دزد حنا کے ہاتھ

ہین زور دلبری مین زبردستیان تری
دل چھینتا ہی ہاتھ سے ظالم بلا کے ہاتھ

دل ٹر ہگیا کہ بزم مین لپٹے ہوئی نمود
دل لیلیا جو ہاتھ مین اُسنے بڑھا کے ہاتھ

کیا خاک منھ دکھا ئینگے وان جا کے اے زکی
محشر کے دن ہی شرم ہماری خدا کے ہاتھ

حکیم لاثانی اخبار نویس سلطانی محمد علیخان مسیحا ولد مصطفے خان باشندۂ لکھنؤ

[illegible]

رکھ تو دیا ہی سر بیت قاتل کے پانون پر	ہی آبرو مگر مری تنہا خدا کے ہاتھ

نواب ظفریاب خان راسخ خلف ملا میان اولاد مین حافظ الملک نواب حافظ رحمت خان بہادر کے باشندہ بریلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نواب منصور خان مہر

کہتا ہی مجھ مریض کو عیسیٰ لگا کے ہاتھ	عزت ہی اس علاج مین اپنی خدا کے ہاتھ
تیوری چڑھا کے سہگئے تم کیون اٹھا کے ہاتھ	چھوٹا ہی پنجہ تو لگا ؤ بڑھا کے ہاتھ
سرمہ بنادیا ترے آنکھون کے عشق نے	ہڈی ہماری آئی نہ کوئی ہما کے ہاتھ
وہ بوسہ زلف لائی ہی اور یہ جواب خط	قاصد کے پانون جیسے پیک صبا کے ہاتھ
ماہی سے ماہ تک تہ و بالا کرین گے یہ	نالون کے پانون بڑھگئے آہ رسا کے ہاتھ
دست سوال اٹھاتے ہین ہر ہر قدم پہ آج	لیتے نہ تھے سلام جو کل تک اٹھا کے ہاتھ
دیگا وہ رزق شرط ہی جسنے دیا دہان	بندے کو صبر ہو تو ہین لاکھون خدا کے ہاتھ
دریاے حسن اور بھی دو ہاتھ بڑھگیا	انگڑائی اسنے نشا مین جب کی اٹھا کے ہاتھ
اعدا ہون اپنی آتش حسرت سے جلکے خاک	جبتک کہ اعتدال ہی آب و ہوا کے ہاتھ
راسخ دعا یہ کیجیے دن رات صبح و شام	مسجد مین بیٹھ قبلے کی جانب اٹھا کے ہاتھ

نواب خواجہ نور الدین خان عرف سانونے صاحب شفیق خلف نواب احمد بخش خان بہادر بیتاب عزیزون مین نواب امیر الملک باشندہ کدورا متصل کالپی شاگرد رشید میر امجد علی قلق

[illegible]

ہاتھ

کیا رنگ شوخ شوخ کے ہاتھون مین لالی ہو
کیا خون کھا ہوا ہی ہمارا حنا کے ہاتھ
لیلی و شیرین ہمیشہ بجز ناز کرتے ہین
بام اور ہی بجا ہو سے ہین دلربا کے ہاتھ
[illegible]

پردے میں دست یار کے کرلی ہو دلکا خون ۔ یہ طرز قتل آیا ہو اچھا حنا کے ہاتھ
ہاتھ آیا بارہا دل مضطر مگر قلق ۔ پھر جذب عشق نے وہین بھیجا صبا کے ہاتھ

افصح الفصحا خواجہ وزیر عرف وزیر ولد خواجہ فقیر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان
ارشد تلامذۂ شیخ امام بخش ناسخ

شوخی تو دیکھو کہتے ہین اپنے چھپا کے ہاتھ ۔ ہین آج دست غیب ترے آشنا کے ہاتھ
اسمین ہو کیا گناہ نہ بگڑو ہٹا کے ہاتھ ۔ ہین مصحف عذار پہ مجھ پارسا کے ہاتھ
آپہونچی صبح اپنا گریبان پھاڑ کر ۔ مانگون دعا جو مین شب فرقت اٹھا کے ہاتھ
چھوتا ہو خط سبز کو کیا غیر زرد رو ۔ قسمت سے کاہ لگ گئی ہو کہربا کے ہاتھ
پہونچائے ہڈیان سگ و لدار تک مری ۔ لیجائے جیچ مین جو نہین مین ہما کے ہاتھ
صیاد پہ اڑا تا ہو بلبل سے تو چکر ۔ ای تیغ شاخ گل تو عوض لے اڑا کے ہاتھ
محشر مین میرا ہاتھ گریبان ہو آپ کا ۔ دامن سے اپنے جاتے ہو میرا چھڑا کے ہاتھ
کتنا ہو دل مرا کف رنگین پہ رکھکے یار ۔ کیا مال مفت آیا ہو وزد حنا کے ہاتھ
چاہے اگر خدا تو ہر اک عیب ہو ہنر ۔ موسی کو دیدیا ید بیضا جلا کے ہاتھ
الٹی جو آستین تو اک صف الٹ گئی ۔ تیغ برہنہ ہو گئی اس دلربا کے ہاتھ
ہو آرزوے قتل ابھی دم نہ دو مجھے ۔ چھوٹا ہو نیمچہ تو لگاؤ بڑھا کے ہاتھ
دیکھو تو کیا ہو دست نگر تمکو کر دیا ۔ کس ناز سے وہ کہتے ہین مجکو دکھا کے ہاتھ
مین بادہ کش فقیر ہون محروم خم کی خیر ۔ ساقی ادھر بھی ایک پیالہ بڑھا کے ہاتھ

[illegible]

جانبر ہو کوئی عاشق جانباز کس طرح | بازو ہین اس غضب کے ستم مین بلا کے ہاتھ
زور جنون سے عادت آزادگی رہی | شہرے نہ ہتھکڑی مین ترے مبتلا کے ہاتھ
خود رفتگی ہوئی مجھے سامان ہجر مین | دل ہاتھ سے گیا جو گئے تم چھڑا کے ہاتھ
اشرف غریق بحر گناہ عظیم ہین | محشر مین آبرو ہی ہماری خدا کے ہاتھ

صادق ابو الشیخ الٰہی بخش عشقی ولد شیخ محمد بخش باشندہ کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

بیٹھے صنم کدے مین برہمن اٹھا کے ہاتھ | اس بت نے بت بنا دیا اپنے دکھا کے ہاتھ
گر دیکھ لینگے اس مہ گلگون قبا کے ہاتھ | حور مین بلا مین لینگی ارم سے بڑھا کے ہاتھ
سائل اسی کے کیون نہون سب اٹھا کے ہاتھ | وصل و فراق عیش و الم ہو خدا کے ہاتھ
کہنے سے واعظون کے قدم ڈگمگاتے ہین | ہو آبروے عشق بتان اب خدا کے ہاتھ
اک دل تھا وہ بھی بیچکے ہم آزاد ہو گئے | سودا سوا بکے تری زلف دوتا کے ہاتھ
کھینچے ہر کیا ہی زلف کے لفتے کو والہو | ای مانیے خیال ترے ہین بلا کے ہاتھ
لایا جو غیر خط طلب ہم ہوئے فنا | گویا ہمین بلایا تھا پیک قضا کے ہاتھ
ابرو کی تیغ کی جو صفت کرتے ہین حضور | بجد ہر بھی اسکے دیکھیے مجھپر لگا کے ہاتھ
رنگ حنا بھی فرمانز اکت سے بار ہی | اٹھتے نہین ہین اس بت رنگین ادا کے ہاتھ
ساقی کو ہے ضد ہو نہ دیگا ہمین شراب | کیون آبرو گھٹائیے اپنی بڑھا کے ہاتھ
ہوگا نہ بیش پنجۂ رنگین اسے فروغ | سو بار اگر ملائینگے موسی جلا کے ہاتھ

ہاتھ

[illegible]

سید امانت حسن امانت تخلص [illegible]

آنکھون پہ کیون ملک نہ رکھین مرتضےٰ کے ہاتھ	عالم کے دستگیر ہین دست خدا کے ہاتھ
تارے بنا کے سر پہ رکھا آسمان نے	ذرے کچھ آ گئے جو ترے نقش پا کے ہاتھ
دھوکا ہر ایک گل کو ہوا پشت خار کا	مجھ زار نے جو پیٹھ پہ رکھا بڑھا کے ہاتھ
اُس گلبدن کو خطر اہو پہنچا سکیگی خاک	ہین اصل مین نہ پاؤن نہ باد صبا کے ہاتھ
شاخون پہ دسترس ہو تو پھل جا سکین کہان	بوسہ دہن کا لیتا ہون قابو مین پا کے ہاتھ
رہنا قدم کا زہد مین ثابت محال ہی	کانون پہ لوگ رکھتے ہین گھر مین خدا کے ہاتھ
رکھے چمن مین پاؤن جو وہ بادشاہ حسن	شاخین گلون کا نذر کرین ہر بڑھا کے ہاتھ
ہو دسترس جو خون کو مرے دست یار تک	پابند ہون نہ پھر کبھی رنگ حنا کے ہاتھ
چونمر لے لے اُنکو چڑھایا ہی زور پر	پنجہ کرین نہ مہر فلک سے بڑھا کے ہاتھ
رنگ حنا جو رقص مین ہوتا ہی شعلہ زن	کیا دستیون سے جلتے ہین اُس مہ لقا کے ہاتھ
دولت خدا پرست لٹائین جو فقر کی	پھیلائین بادشاہ بھی آگے گدا کے ہاتھ
سوچے مزاوہ زلف کے چھونے پہ دور کی	بھیجے ختن مین کاٹ کے اہل خطا کے ہاتھ
دریا پہ آشناؤن مین رہجائے آبرو	چھینٹا لگائیے مرے منھ پر بڑھا کے ہاتھ
عزت کے ڈر سے نغزش امانت ہی پانو نہین	عزت مری ہی عشق بتا ئین خدا کے ہاتھ

سید حسن لطافت خلف الرشید اور شاگرد سید آغا حسن امانت باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان

غنچے سے ہون عیان جو مرے دلربا کے ہاتھ	اُنگلین حسین جہان کہے بغل مین چھپا کے ہاتھ

کیا رنگ ہی حنا کا جما باغ دہر مین
پابند اُسکے رہتے ہین ہر دلربا کے ہاتھ
پھولی شفق زمین پہ مانند آسمان
دھوئے جو ہم سے شفق نے مہندی لگا کے ہاتھ
سرگرم راہ عشق علی مین رہین قدم
کر یہ دعا خدا سے لطافت اٹھا کے ہاتھ

ہاتھ

واللہ حنائی ہل کے تو محشر بپا کیا	دل پیستے ہین اُس بت رنگین ادا کے ہاتھ
محشر کو تشنگی کا عبادت عبث ہی غم	کوثر لو ہی علی و شہ کربلا کے ہاتھ

اسلام علی ریاضت ولد عبداللہ شاگرد و رشتہ زاد سید آغا حسن امانت

آئے نظر نہ اُس صنم مہ لقا کے ہاتھ	کب کی روانہ جانب قبلہ اُٹھا کے ہاتھ
حسرت سے پسکے ہو گیا دل میرا پائمال	اُس شوخ نے دکھائے جو مہندی لگا کے ہاتھ
محفل مین خون رقیب کا حسرت سے گھٹ گیا	مین نے اُسے گلے جو لگایا بڑھا کے ہاتھ
دیکھی جو نبض عشق کا بیمار بچ گیا	ای غیرت مسیح ترے ہین شفا کے ہاتھ
دو چار قتل ہوینگے اک آن مین دلا	تلوار وہ جو میان سے لیگا بڑھا کے ہاتھ
پابند صبر رہ نہ ریاضت ہو نا امید	عقدہ ہی دل کا ناخن مشکل کشا کے ہاتھ

سید کلب علی نجابت ولد سید حسن علی باشندہ لکھنؤ شاگرد سید آغا حسن امانت

جیسے چلے گئے وہ حنائی دکھا کے ہاتھ	ہم زندگی سے بیٹھ رہے ہین اُٹھا کے ہاتھ
آمین رقیب کہتے ہین بیساختہ وہین	دیتے ہین بد دعا جو وہ ہمکو اُٹھا کے ہاتھ
موج نہ صاف پنجۂ مرجان کا شک ہوا	دریا مین دھوئے اُسنے جو مہندی لگا کے ہاتھ
ابرو کی مدح بغیر اجازت جو مین لکھون	تلوار سے قلم نہ کرین کیون وہ آنکے ہاتھ
جا گین مرے نصیب سر دست ای فلک	دیکھون جو شب کو خواب مین اُس مہ لقا کے ہاتھ
بیٹھے ہین در سے تری دوری مین ساقیا	ہمکو بھی ایک جام عطا کر بڑھا کے ہاتھ
بیداد سے بتون کے ہر اسان نہو دلا	انصاف تیرا حشر کے دن ہی خدا کے ہاتھ

پالا پڑا ہی قلزم عالم مین عشق سے	ہی آبرو ہماری اضافت خدا کے ہاتھ

محمد حسن خان **صحت** ولد حکیم غلام عباس نواسے محمد یار خان وکیل کے باشندہ لکھنو شاگرد سید آغا حسن امانت

اے دل نہ مضطرب ہو دعا کر اُٹھا کے ہاتھ	پہونچیگا رزق لاکھ مین تیرے خدا کے ہاتھ
کیونکر بتان دہر بلائین نہ لین سدا	اللہ نے بنائے ہین اُسکے بلا کے ہاتھ
محفل مین سہگئے کف افسوس ملکے ہم	پردے مین یار نے جو چھپائے دکھا کے ہاتھ
یکدست زاہدون کی قضا ہر نماز ہو	گر دیکھ پائین اُس بت رنگین ادا کے ہاتھ
ابتو معاف کردو خدا کے لیے صنم	پہونچا سزا کو مصحف رخ کو لگا کے ہاتھ
لاتی ہی روز نکہت گل صحن باغ سے	کنج قفس مین زیست ہی اپنی صبا کے ہاتھ
سودائے زلف یار کا بازار گرم ہی	ہم جان بیچ ڈالینگے اکدن قضا کے ہاتھ
بیٹھا نہ ایکدن مرے پہلو مین وہ صنم	کیا کیا دعائین کین نہ خدا سے اُٹھا کے ہاتھ
جتنا جلایا جائے جلا دل کو اے صنم	ہی میرا تیرا فیصلہ اکدن خدا کے ہاتھ
بیمار ہجر فراق سے **صحت** کو ہو نجات	رشک مسیح اپنے لگا دے شفا کے ہاتھ

پنڈت شیو پرشاد **ناظم** ولد پنڈت نانک چند باشندہ لکھنو شاگرد سید آغا حسن امانت

مانی نے جب بنائے مرے دلربا کے ہاتھ	نازان ہوا خود آنکھون سے اپنے لگا کے ہاتھ
ٹکڑے کیا قلق سے گریبان کو غیر نے	دامن لیا جو یار کا مین نے بڑھا کے ہاتھ
پانی مین آگ لگ گئی اُٹھنے لگا دھوان	دھوئے جو اُسنے نہر مین مہندی لگا کے ہاتھ

کر بد دعا تو شوق سے مجکو اٹھا کے ہاتھ	عزت مری ہی ای بت کافر خدا کے ہاتھ
ملتا ہون وسکے خون کف افسوس رات دن	دکھلا دے ای خدا بت رنگین ادا کے ہاتھ
اختر مرے نصیب کا ہو جائے آفتاب	پاؤن جو اپنے ہاتھ مین اس مہ لقا کے ہاتھ
مہندی سے چھالے نقرئی سونے کے ہو گئے	ای سیم تن عجب ہین ترے کیمیا کے ہاتھ
فرقت رکھا ہی بزم امانت مین تیغ پا	چومے نہ کسطرح سے سخن پرور آکے ہاتھ

پنڈت کشمیری گنگا پرشاد رحمت ولد موتی لال باشندہ لکھنؤ شاگرد سید آغا حسن امانت

ہم رند کسطرح نہ دعا دین اٹھا کے ہاتھ	دیتا ہی جام پینے کو ساقی بڑہا کے ہاتھ
آنکھون سے اپنے پنجۂ خورشید گر گیا	جس روز آگئے نظر اس مہ لقا کے ہاتھ
ملتا ہون غم سے مین کف افسوس راہ مین	چلتے ہین ساتھ غیر کے جب وہ ملا کے ہاتھ
ای غیرت مسیح ترا عشق لیگا جان	ہی موت میری اس مرض لا دوا کے ہاتھ
رحمت خوشی سے پاؤن نہ پھیلاؤن کسطرح	دیکھون گلے مین اپنے جو اس مہ لقا کے ہاتھ

پنڈت کشمیری باس کرن عرف ناتھو جی مروت ولد پنڈت بستی رام دکھنی باشندہ لکھنؤ شاگرد امانت

مشکل کشا نہ کیونکہ ہون مشکلکشا کے ہاتھ	مشہور ہین جہان مین حیدر خدا کے ہاتھ
جب مجھ سے چھوڑ لیتے ہین تیغ جفا کے ہاتھ	دیتے ہین خون بہا وہ حنائی دکھا کے ہاتھ
اس بت شکن کا ہون مین مانے ہین معتقد	توڑے ہین جسنے لات کے گھر مین خدا کے ہاتھ
تڑپے مثال ماہی بے آب تا بہ حشر	دریا جو دیکھ پائے مرے آشنا کے ہاتھ

ہاتھ

فرہاد و قیس لیلی و شیرین کو بھول جائین
دیکھون اگر مین یار کی تصویر ہاتھ مین

[illegible]

ای عیش ہم عبث کف افسوس ملتے ہین	کب ہاتھ دیگا وہ بت بےپیر ہاتھ مین

خواجہ بادشاہ سفیر خلف اکبر اور شاگرد خواجہ وزیر وزیر باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان

لی ہی جو اُنکی زلف گرہگیر ہاتھ مین	اس جرم پر پنہائی ہی زنجیر ہاتھ مین
وحشت مین ہی دماغ مرا آسمان پہ	کیا آگئی ہی عرش کی زنجیر ہاتھ مین
دیوانہ مجکو آپ نے اچھا کیا کہا	لیلونگا اب تو زلف کی زنجیر ہاتھ مین
مثل خطوط دست جدا ہو نہ عمر بھر	لیلون اگر مین یار کی تصویر ہاتھ مین
بےچھیڑے دست یار مین نالان ہی دل مرا	نغمہ سرا ہی مثل مزامیر ہاتھ مین
ہوتا ہی صاف پنجۂ خورشید کا گمان	ای رشک ماہ ایسی ہی تنویر ہاتھ مین
وہ سحر کر کہ طائر رنگ حنا ترا	طوطے کیطرح سے کرے تقریر ہاتھ مین
دست جنون نے اسکو بھی ٹکڑے اُڑا دیا	ہی مثل جیب طوق گلوگیر ہاتھ مین

کوتوال صوبہ متعلقہ بندیل کھنڈ اشگر نور خان اشگر ولد نور محمد خان باشندہ رامپور صاحب دیوان

کیا میرے سیم تن کے ہی تاثیر ہاتھ مین	مٹی جو لے ابھی تو ہو اکسیر ہاتھ مین
کیونکر ہمارا عقدۂ دل واکسی سے ہو	آتی نہین ہی زلف گرہگیر ہاتھ مین
پرفیض نور ہی کہ اگر وہ ذرا چھولے	روشن ہو شمع شان ابھی گلگیر ہاتھ مین
خارش گلے مین شوق شہادت سے کیون نہو	عریان جو دیکھو نہین تری شمشیر ہاتھ مین
وحشت اگر یہی ہی تو پہنا لین گے عزیز	مرنے کے بعد بھی مرے زنجیر ہاتھ مین

ردیف ہاتھ

گردن مین طوق پہنین زنجیر ہاتھ مین

[illegible]

ای بت ہی تیرے قبضے مین اعجاز عیسوی	اغلب ہی بول اُٹھے مری تصویر ہاتھ مین
چٹکی بجا کے عاشق بیجان کو جان دی	کیا ہی لب مسیح کی تاثیر ہاتھ مین
ای محو کسکو خوف ہی دوزخ کی آگ کا	محشر مین ہوگا دامن شبیر ہاتھ مین

شیخ باقر علی چرکین تخلص باشندۂ قصبہ ردولی توابع لکھنؤ واسطے تحصیل معاش کے تمام دیوان ایسے مضمون کا اُنسے یادگار ہی

بگڑے اگرچہ وہ بت بے پیر ہاتھ مین	لے گو کا بوسہ عاشق دلگیر ہاتھ مین
اس وضع سے شیخ پھرتے ہین گلیون شہر کے	بوتل بغل مین مری کی ہی خنزیر ہاتھ مین
ازبسکہ اُسکی زلف کا ہگنے مین ہی خیال	پاخانے مین ہی پانوُن کی زنجیر ہاتھ مین
کیا حال مجھ ہگوڑے کا ہمدم ہو پوچھتے	گھیل پری کی رہتی ہی تصویر ہاتھ مین
رستم کا خوف سے وہین پیشاب ہو خطا	عریان جو دیکھے یار کی شمشیر ہاتھ مین
خوف ستم سے اب یہ زمیندار ہگتے ہین	دیتے ہین پیشگی زر جاگیر ہاتھ مین
رکھتا ہون گو کیطرح سے اسواسطے چھپا	دیکھے نہ غیر تا تری تصویر ہاتھ مین
چرکین شوق زیب ہی پاخانے مین اُسے	ہگنے مین لی ہی زلف گرہگیر ہاتھ مین

خواجہ فیض الدین عرف حیدر جان شائق ولد خواجہ جلیل الدین باشندۂ دھام وارد دہلی شاگرد اسد اللہ خان غالب

مت دے خدا کیواسطے نخچیر ہاتھ مین	دلکو ہمارے پہلو سے دے چیر ہاتھ مین
سودا ہی اُسکی کاکل پیچان کا سر مین آہ	ہو زلف یار کی مری زنجیر ہاتھ مین

ہاتھ

[illegible]

روز ازل سے تھا مرے تحریر ہاتھ مین

[illegible]

تار ستار تار شعاعی بنا دیے	اے مہر ہے عجب ترے تنویر ہاتھ مین
جھڑکی ہے ایسی اپنی تپ محرقا ے جنون	جھن جھن لگے ہین دانہ زنجیر ہاتھ مین
شید البقول حضرت ناسخ بروز حشر	ہوگی رکاب حضرت شبیر ہاتھ مین

روشن لعل دانا ولد مہتاب راے قوم کایتھ باشندۂ لکھنؤ شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر

آتی نہین جو زلف گرہ گیر ہاتھ مین	سودا نے لپیٹ لو زنجیر ہاتھ مین
کس درجہ راستی پہ ہے صیاد کا مزاج	کھینچے اگر کمان تو ہو تیر ہاتھ مین
دیکھے بغیر چین مجھے ایک دم نہین	رہتی ہے رات دن تری تصویر ہاتھ مین
سوز تپ فراق کا اللہ رے اثر	بنجاے آگ لون جو طباشیر ہاتھ مین
آہن کو مس کو مس جو کیا بن گیا طلا	ایسی ہے میرے یار کے تاثیر ہاتھ مین
دانا کے دل مین وصل کی شب یہ ہوس رہی	آنے نہ پاؤن او بت بے پیر ہاتھ مین

واحد علی خان واحد باشندۂ لکھنؤ شاگرد اصغر علی خان نسیم دہلوی

خنجر نظر پڑا کبھی شمشیر ہاتھ مین	رکھتا ہے کچھ نہ کچھ بت بے پیر ہاتھ مین
دیوانگی مین بھی میرے ایجاد کم نہین	پہنا ہے طوق پاؤن مین زنجیر ہاتھ مین
لی ہین بلائین سر سے قدم تک جو یار کی	ہے ہر لکیر نور کی تحریر ہاتھ مین
سو سو طرح سے ہمنے پریشانیان سہین	آئی نہ آہ زلف گرہ گیر ہاتھ مین
کرتی ہے شمع محفل جانان مین سرکشی	واحد اٹھاؤ بھی کہین گلگیر ہاتھ مین

سید محمد رضا مرحوم قدسی تخلص ولد سید علی مرزا داماد نواب ناصر الدولہ سید اسد علیخان

جام شراب ہو قدح ساقی بنے جو کلس تری چشم مست کا
طفلی مین روز تیر بہنین تب کو جاتے ہین
قرآن بغل مین یار کی تصویر ہاتھ مین
کس روز دیکھین دونون سبکدوش ہوتے ہین
سر مجھکو بار دوش اسے شمشیر ہاتھ مین
اکسیر سے زیادہ اسے قدسی سمجھو
آسکے جو خاک مرقد شبیر ہاتھ مین

شیر بیشۂ سخن شیخ امام بخش ناسخ ولد

ہاتھ

بیڑی کے بدلے ہون مرے پانوئین پائزگ
اُنزا امرا بنجار جو لو نے بدن چھوا
ہی ہتھیلیون کو آتش رنگ نا بین ہین
دو ٹکڑے چاند اشارہ اُنگشت سے کیا
کرتی ہو مجھکو قتل ترے ہیولون کی چھری
بے حکم ہین جو آپکو چھولون یہ کیا مجال
ناسخ ہین جبکہ عرصۂ محشر ہین جاونگا

دروازۂ صنم کی ہو زنجیر ہاتھ مین
تعویذ کی لکیرین ہین تحریر ہاتھ مین
واللہ کیا ہی رکھتے ہو تاثیر ہاتھ مین
کیا تمکو اور چاہیے شمشیر ہاتھ مین
کیا دی ہو گلفروش نے شمشیر ہاتھ مین
ایسی کہان ہو طاقت تقصیر ہاتھ مین
ہو گی رکاب حضرت شبیر ہاتھ مین

ولہ

چاک کرنیکی نہین پاتا ہون طاقت ہاتھ مین
صبح اُٹھکر کیون نہ دیکھے ہاتھ جانے آئینہ
وہ چلے جاتے ہین لیکن مین ہلا سکتا نہین
یاد کرتا ہون کسی کے مصحف رخسار کو
سمجھین شاخ سرو پر سب فاختہ کا آشیان
دیکھ پائے دست جانان کی تجلی گر کلیم
تیغ قاتل نے علم کی گال اُسنے چھو لیا
پونچھکر آنسو بنا یا ہمنے ٹکڑا ابر کا
ہاتھ اُسکے چوم لیتا ہون تیغ کیا کہتا ہو وہ

ہو گریبان فی پرسے ای جوش وحشت ہاتھ مین
یہ صفائی ہو نظر آتی ہو صورت ہاتھ مین
ضعف سے جنبش نہین بہر اشارت ہاتھ مین
زاہدا مصحف نہین بہر تلاوت ہاتھ مین
طائر دلکو جو لے وہ سرو قامت ہاتھ مین
روشنی ہو جائے مثل داغ حسرت ہاتھ مین
ہو زیادہ رستم دستان سے جرأت ہاتھ مین
جب لیا رومال وقت جوش رقت ہاتھ مین
ہین لکیرین کوئی یا لکھی ہو آیت ہاتھ مین

ہاتھ

ہاتھ دکھلا کر مجھے دیوانہ و معشوق کی
ہین لکیرین یا کہ ہو نقش محبت ہاتھ مین

میر امیر الدین آزاد باشندہ بریلی

پاؤن والی پاؤن تھامون ایک ساعت ہاتھ
مین وہ ہون زور سے لیتا ہون تحفت ہاتھ مین
کثرت صحبت جہان ہو وصے وہ ہو ...
طائران دست ...

شفیق مراد حقیقی شفق کہ حال انکا تحریر ہو چکا ہی صاحب دیوان شاگرد امجد علی قلق

واہ کیا ہی نور ہر اک مہر طلعت ہاتھ مین
ہی ید بیضا نہین مہندی کی رنگت ہاتھ مین

کسطرح سہلاؤنہین پاے حنائی یار کے
دم نہین ہی ناتوانی کی بدولت ہاتھ مین

سایۂ برگ گل نسرین بھی اُسکو بار ہی
ہی فزون گہاے گل سے بھی اکت ہاتھ مین

اُسکے منہ پر کاکل مشکین نے کیا کیا بل کیا
لیلیا شانہ جو مین نے بے اجازت ہاتھ مین

ہی تقین شاخ صنوبر مین نکا ہی پھول تب
آ رہی ہرگز نہین ای سرو قامت ہاتھ مین

ہجر مین مثل قلق مین و رہا ہون ای شفیق
دیکھ خط عمر کی اپنی طوالت ہاتھ مین

سررشتہ دار رجسٹری الہ آباد مرزا مغل بیگ مرحوم فریاد ولد مرزا لقی بیگ
صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

آئینہ کیا لے بھلا وہ ماہ طلعت ہاتھ مین
دیکھتا ہی آئینہ سان اپنی صورت ہاتھ مین

خون ہوگا عاشقون کا اسمین نہین کچھ اشتباہ
رنگ لائی ہی نیا مہندی کی رنگت ہاتھ مین

مس کیا مین نے جو اُسکے مصحف رخسار کو
آیا گویا صفحۂ آیات رحمت ہاتھ مین

میرے داغ دلکو بھڑکاتا ہی چھو چھو کر سدا
ہی عجب اُس طفل بدخو کی شرارت ہاتھ مین

ساقیا مین کیا کرون تیری می خوشرنگ کو
بادۂ عرفان سے ہی یان جام وحدت ہاتھ مین

شیر بیشۂ سخنوری شیخ امام بخش ناسخ ولد شیخ خدا بخش تاجر لاہوری مقیم لکھنؤ
تین دیوان تین مثنویان انسے یادگار ہین

بنتے ہین چاندی کے چھلے حلقۂ زر ہاتھ مین
ملتے ہین جاے حنا اکسیر دلبر ہاتھ مین

دشت غم مین دوڑتا ہی ہاتھ سر دم جسکے | ہی ہمارے پانؤن کے مانند چلیے ہاتھ مین
حشر مین تجکو حذر کیا نامۂ اعمال سے | مدح حیدر کا جو ای ناسخ ہی دفتر ہاتھ مین

شاعر بے نظیر عبد البصیر حضور ولد عبد الغنی باشندۂ بلگرام شاگرد میر وزیر صبا

شورش الفت نے بخشا ہی یہ جوہر ہاتھ مین | آبلے پڑ پڑ کے بنجاتے ہین گوہر ہاتھ مین
جانجہان تم کیون لیے پھرتے ہو خنجر ہاتھ مین | لیتے ہین رشک چمن گلدستہ اکثر ہاتھ مین
زندگی کا لطف یہ ہی کرتے ہون گلشن کی سیر | شیشہ ہی ہو بغل مین دست دلبر ہاتھ مین
استخوان کا ہاتھ کے شانہ بناؤ تمین ابھی | آئے گر اس پیچ سے گیسوے دلبر ہاتھ مین
آپ کے دست حنائی نے لگا دی دلمین آگ | کیا جلانیکو مرے لائے تھے اخگر ہاتھ مین
لعل لب کے عکس سے یاقوت فوراً ہو گیا | اس بھبھو کے نے جو دیکھا لیکے گوہر ہاتھ مین
ہو گیا مجکو یقین آیا شفق مین آفتاب | ملکے مہندی جب لیا ساقی نے ساغر ہاتھ مین
وار تیغ ناز کے مجھپر کیے جبدم حضور | لے لین قاتل کی بلائین دوڑکر سر ہاتھ مین

میر حسین علی شوکت باشندۂ دہلی

ہین اگر طالع رسا سر کے تو ای جوش جنون | اسکے دروازے کا آجاتا ہی پتھر ہاتھ مین
جسکے ابرو کا اشارہ ہی کرے عالم کو قتل | اس ستمگر کی بلا لیتی ہی خنجر ہاتھ مین

شیخ مہندی ذکی حضرت سلطان العالم کے عہد مین ملک الشعرا ہوئے ولد شیخ
کرامت علی شیخ زادۂ لکھنؤ مسکن مراد آباد صاحب دیوان

شورش وحشت ہوا اور دامان دلبر ہاتھ مین | پانؤن مین بیڑی ہو اور زلف معنبر ہاتھ مین

ردیف ہاتھ

[illegible]

خواب مین دیکھا ہی گریبان صبح کو
دیکھو آتا ہی کس انداز سے کا فر ہاتھ مین
جانقل بردے سرجلد ہین یان جانباز لاکر
کیون نکلتے ہو بھلا میرے لیے خنجر ہاتھ مین

شاگرد میان مصحفی

[illegible]

مرزا محمد رضا خان برق

آئینہ ہے حجاب کی دیوار ہاتھ میں

ردیف ہاتھ

آبلے بنجائین جسدم آئین گوہر ہاتھ مین	ہوکے خون بہ جائے لون گر لعل احمر ہاتھ مین
عالم ہستی مین دیکھے گلشن جنت کی سیر	آئینہ لیوے اگر وہ حور پیکر ہاتھ مین
دستگیری سے بری کھتی ہے استغنائے دل	کھینچ لون مین ہاتھ کوئی ہاتھ لے گر ہاتھ مین
ذوق ہے اسکو خود آرائی سے خود بینی سے شوق	آئینہ زانو پہ ہے زلف معنبر ہاتھ مین
کھیل تھا طفلی مین اعجاز مسیحائی تجھے	گو نجھے دیکھا ہے مٹی کا کبوتر ہاتھ مین
بادۂ عشرت تہی دستونکی قسمت مین کہان	اشک خون سے بھر گیا آیا جو ساغر ہاتھ مین
فوج حسرت گور کی منزل تلک ہمراہ ہے	گو لیے جاتا نہین ہے کچھ سکندر ہاتھ مین
غیر سودائے جنون بازار ہستی مین نہین	کی گدائی ہمنے لیکر کاسۂ سر ہاتھ مین
یار کی تصویر سینہ ہے دیدۂ دل کو سرور	رات بھر سینے پہ ہم رکھتے ہین دن بھر ہاتھ مین
سادے کاری ہین چھلے شد سر انگشت کے	دست قدرت نے بنایا خوب زیور ہاتھ مین
کب مصور سے کھینچے تصویر شفائے دہن	ہوش اُڑ جائین اگر لے خامہ پر ہاتھ مین
گنجفہ ہستی کا اپنی شوق سے اتر کرین	بارے شمشیر وہ رکھتے ہین ہم سر ہاتھ مین
بوسہ بازی رنگ ہی جو پڑا الٹ دے اے شعور	یار سے تکرار پانسے پر رہی سر ہاتھ مین

وحید الدین خان عرف خدا بخش خان فرزند ولد محسن خان قوم یوسف زئی ساکن دربھنگا توابع صوبۂ بہار مقیم کا پنور معلم پیشہ مولوی گری کا دم مارتے ہین شاعرون مین اپنے تئین سب سے اونچا جانتے ہین صاحب دیوان شاگرد مصحفی

دل جو کر لیتے ہین بت سب کا مسخر ہاتھ مین	ہین ہتھیلی کی لکیرین یا کہ منتر ہاتھ مین

ابرو سے خون خلق کرے کیون نہ چشم یار | دیتا ہی کوئی مست کے تلوار ہاتھ مین
کیونکر نہ دست بستہ رہون پیش چشم یار | رکھنا ضرور ہی دل بیمار ہاتھ مین
اے ضعف دست و پا مین ہلاؤن جنون مین کیا | دامن ہی الجھا پاؤن مین اور تار ہاتھ مین
جو ناخنون سے عقدۂ مشکل کو وا کرین | یان ایسی انگلیان نہین درکار ہاتھ مین
یہ لاغری ہی دیکھے جو تو نبض اے طبیب | آجائے جا سے نبض تن زار ہاتھ مین
بازار کسقدر مرے یوسف کا گرم ہی | لاتے ہین نقد عمر خریدار ہاتھ مین
شانہ نہ کھینچ زلف مین مشاطہ بار بار | اک روز کاٹ کھائیگا یہ مار ہاتھ مین
سید کبھی نہ طالب اکسیر ہون جو آئے | خاک مزار حیدر کرار ہاتھ مین

امیر علی خان ہلال ولد تراب خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان صاحب
مشاعرہ شاگرد میر علی اوسط رشک

دل تیرا کیون نہ لیتے ہم اے یار ہاتھ مین | شیشہ ہمیشہ رکھتے ہین میخوار ہاتھ مین
بیمار ہون مین نرگس جادوئے یار کا | رکھون نہ کیسے نرگس بیمار ہاتھ مین
کرتا ہون یاد صفحۂ رخسار پانچ وقت | رکھتا ہون تیرے سجدہ کو اے یار ہاتھ مین
تیری بلائین لینے کو بس ہو چلے ہاتھ مین | ہو جائیگی یہ تیری رفتار ہاتھ مین
دوران سر کی لکھتا ہون جب سرگذشت کو | پھرتا ہی خامہ صورت پرکار ہاتھ مین
لاغر ہون اے صنم مجھے پہنا نہ ہتکڑی | اپنے گلے کی باندھ دے زنار ہاتھ مین
سر کو جو ایک ہاتھ مین تن سے اڑا دیا | چو رنگ تن کو کیجے دو چار ہاتھ مین

ہاتھ

بطرز شوکت و دوسرا عاشقانہ ایک رسالہ سراج منیر انکا ہے شاگرد میر علی اوسط رشک

تیرے ماتھے کی گری افشان ہمارے ہاتھ مین
آسمان سے ٹوٹ کر آئے ستارے ہاتھ مین

کر گئی تاثیر وحشت کے اشارے ہاتھ مین
چلتی ہے نبض غزالی اب ہمارے ہاتھ مین

جان پڑ جائے بجا ہو ایک چٹکی تم اگر
طائر رنگ حنا بولے تمھارے ہاتھ مین

اُس پری پیکر نے بھی ہاتھون مین پہنا شوق سے
اب ہتھکڑی الو ہمارے ہاتھ مین

طائر رنگ حنا پر ہو گمان سرخاب کا
تم ملو مہندی جو دریا کے کنارے ہاتھ مین

خون ناحق کی گواہی گر طلب اُس سے کرون
طائر رنگ حنا حق حق پکارے ہاتھ مین

ہتھکڑی کے ٹکڑے ٹکڑے فرط جنبش سے ہوئے
قوت بازو ہوا رعشہ ہمارے ہاتھ مین

صاف خود بینی دکھا جائیگی اعجاز کلیم
آئینہ ہوگا ید بیضا تمھارے ہاتھ مین

چوریون سے دیکھ لیتے ہین تجھے نظارہ باز
کرتے ہین دزد حنا تیرے نظارے ہاتھ مین

آستین مین گر توکل کے یہ پوشیدہ رہا
ہوگا دست غیب کا عالم ہمارے ہاتھ مین

لکھنؤ سے تا نجف پڑھتے ہوئے جائین منیر
دفتر تعریف حیدر ہو ہمارے ہاتھ مین

میر وزیر صبا ولد مرزا بندہ علی پسر خواندہ اور ہمشیرہ زادہ میر اشرف علی باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

لی یار نے جو زلف سیہ فام ہاتھ مین
رنگ حنا ہوا شفق شام ہاتھ مین

اک شہسوار حسن سے ہے وصل رات دن
یان ہے عنان ابلق ایام ہاتھ مین

مجھ بادہ کش کو بھی ہین بخشا مرے کریم
حورین جہان کھڑی ہین لیے جام ہاتھ مین

یاد مین اُس بحرِ خوبی کی جو مین گریان ہا
دامن دریا بنا اشکون سے دامن ہاتھ مین

جام ہو بنجائے عکس چشم میگون سے ابھی
لے جو پانی کا کٹورا یار پر فن ہاتھ مین

جسم نورانی کا اللہ رے فروغ اُس ماہ کا
ہالۂ مہ نقرئی چوڑی گئی بن ہاتھ مین

اندنون اُس ماہ خوبی کے ہے جوبن پر بہار
رنگ مہندی کا نہین پھولا ہے جوبن ہاتھ مین

لالہ رو پونکے بہا تک کھائے ہین چھلونکے گل
بیخزان پھولا ہوا ہے میرے گلشن ہاتھ مین

کیون نہو مرغ دل عاشق کباب ہو شعلہ رو
آتش رنگ حنا ہے تی ہے روشن ہاتھ مین

کب تلک عشق بتان یاد خدا بھی ہے ضرور
اب تو ہو مالے کی جا تسبیح اکی ہمرن ہاتھ مین

سررشتہ دار پرمٹ کانپور پنڈت سندر لال آنجہانی **بسمل** ولد بخشی ٹیکا رام وطن بزرگون کا کشمیر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

یہ نہین ناقوس اے طفل برہمن ہاتھ مین
کر رہا ہے مرغ دل اپنا شیون ہاتھ مین

جو ہین وابستہ وہ ہین قید علائق سے بری
دیکھ تو آتا نہین صرصر کا دامن ہاتھ مین

گوری گوری انگلیان یون شب کو آتی ہین نظر
شمعین ہین کافور کی گویا کہ روشن ہاتھ مین

آئینے سے بھی کہین شفاف تیرا ہاتھ ہے
آرسی پہنی ہے کیون اے شوخ پرفن ہاتھ مین

ہے یقین واللہ اے بسمل تڑپکر جی اُٹھون
ہاتھ آجائے جو اُنکا بعد مردن ہاتھ مین

نواب امین الدولہ سید آغا علی خان بہادر مرحوم خلف اکبر نواب معتمد الدولہ بہادر ضیغم جنگ مولد انکا لکھنؤ مسکن کانپور کربلائے معلی مدفن صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

مجکو دکھاؤ پانوں تو سجدے کیا کروں	لون ہاتھ کی بلائیں جو دو ہاتھ ہاتھ میں
ای مہر اُسکو مہر بھی ہو تو ہری نہیں	کل بھی لیے ہو تجہ رون سکے ساتھ ہاتھ میں

شیخ ابو محمد فاروقی عیش تخلص ولد شیخ نور اللہ عرف ہیرون مین قاضی امین اللہ مغفور کا جو بیٹے صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

یا پھیرتے تھے وہ ہاتھ لیے ساتھ ہاتھ میں	یا دل کبھی دیتے نہیں ہاتھ ہاتھ میں
زاہد کو خوب ٹھونک کے لاتا ہیں اوپر	اس بیل کی جو آتی کبھی ناتھ ہاتھ میں
ہرگز نہیں ہے پاس سخن اُسکو آجکل	کیا فائدہ ہو دیوین جو ہم ہاتھ ہاتھ میں

صادق الوالمیان الٰہی بخش عشقی ولد شیخ محمد بخش باشندہ کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

دنیا کی دولت آئے ترے ساتھ ہاتھ میں	اس مفلسی میں ہو جو ترا ہاتھ ہاتھ میں
اٹھتا نہیں ہوں ضعف سے مانند نقش پا	کتنا اُٹھائیں لیے سے مرا ہاتھ ہاتھ میں
چلنا تو کیا زمین سے اُٹھنا بھی ہو محال	اکدم جو اُس صنم کا نہو ہاتھ ہاتھ میں
ای رشک گل مرے خفقان کا ہو علاج	دل پر دھرون جو لیکے ترا ہاتھ ہاتھ میں
کوہ الم دبائے نہ اُسکو کبھی اگر	عشقی دبائے لیکے ترا ہاتھ ہاتھ میں

میر احمد علی وصل ولد میر اصغر علی باشندہ لکھنؤ مقیم بنارس صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

ساقی مدہوش نے جب شیشہ اُٹھایا ہاتھ میں	میں یہ سمجھا ہو مرے دل کا پھپھولا ہاتھ میں

اُس مرے رشکِ چمن کو ہو یہ پیخواری کا ذوق	شاخِ گل کیطرح ہر گل کا پیالہ ہاتھ مین
ہجر کی کیونکر پریشانی ہو جانان ورنہ ہو	وصل کی شب ہو تری زلف چلیپا ہاتھ مین

مرزا کریم بیگ شفا ولد مرزا انور علی باشندۂ لکھنؤ شاگرد فتح الدولہ مرزا محمد رضا برق

کاٹتا کب میرا قاتل سے اُٹھایا ہاتھ مین	شکر ہو تڑپا نہ سر ہو پہنچا نہ صدما ہاتھ مین
چھو نہ جائے دستِ نازک آتشِ رخسار سے	خوف ہو دمہر کہ نہ پڑ جائے پھپھولا ہاتھ مین
آرزو ہو حشر مین اسطرح اُٹھون زاہدا	جام ہو منہ سے لگا ہو اور شیشا ہاتھ مین
دور ساقی پھر ہو بر پا میکدہ آباد ہون	جام پھر منہ سے لگائین پھر ہو شیشا ہاتھ مین
شرم کہتے ہین اسے بیٹھے چھپا کر سر نگون	آگیا کل شب کو جو اُنکا دوپٹا ہاتھ مین
وان پھپھولا آگ کا تھا خال یان اختر ہوا	وان یہ بیضا تھا یان نکلا ہو تارا ہاتھ مین
دستِ جانان مین جو دیکھا خال پہنچی کی جگہ	سحر کہتے ہین اسے تارا اُتارا ہاتھ مین
شعلۂ رنگِ حنا سے جلکے پیدا نہ ہوا	اُسنے قاصد سے لیا جسوقت نامہ ہاتھ مین
چھو لیا جسکو وہ عاشق جان و دل سے ہو گیا	اے شفا تعویذ جب صانع نے لکھا ہاتھ مین

میر بسم اللہ ثنا ہو تخلص ولد میر نوروز علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد کرامت علی خان فرخ

نازکی سے صدمہ جانکاہ پہونچا ہاتھ مین	پہنا اُس گلرو نے جو پھولون کا گجرا ہاتھ مین
ہر گھڑی تلوار کو قاتل نہ چمکا ہاتھ مین	سر لیے پھرتا ہون مین مدت سے اپنا ہاتھ مین
ہاتھ خالی آئے ہین سب ہاتھ خالی جائینگے	لائے تھے کیا ہاتھ مین لیجائینگے کیا ہاتھ مین

ہر سر دست اُسکی فرقت مین بھی تسکین کی شکل	ای مصور کھینچ دے تو اُسکا نقشا ہاتھ مین
عشق مین اک زنگ شیرین کے ہوتے ہین ہم فقیر	بدلے ہیرا کی نکے یا رہتا ہی تیشا ہاتھ مین
دیکھنا اپنے گریبان کی طرح پرزے کیا	آیا مجھ وحشی کے جب دامان صحرا ہاتھ مین
سمجھونگا اُس حور کا خط آیا صحبت بعد مرگ	نامۂ اعمال جب دیگا فرشتا ہاتھ مین

عبد الکریم خان حنا ولد سرور خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر وزیر صبا

زلف جانان شکل ثعبان ہے جو موسا ہاتھ مین	ہو ید بیضا ہر رنگ داغ سودا ہاتھ مین
صاف طینت کو نہین موج کثافت سے گزند	دخل کیا آے کبھی دامان دریا ہاتھ مین
خون مختر ہمکو ساقی میکشی کے ساتھ ہو	پنجۂ خورشید کی صورت ہو رعشا ہاتھ مین
لے جو اپنے ہاتھ مین مرغ عیسی وہ ران نغمگ	طوطی شیرین زبان بنجائے طوطا ہاتھ مین
عشق چشم یار مین شاید کہ نرگس ہو فقیر	خاک سے لیکر نکلتی ہو پیالا ہاتھ مین
ذکر اُسکی نرگس مخمور کا کرتے ہین ہم	دانۂ انگور رکھتے ہین کنٹھا ہاتھ مین
حشر مین کیا عید ہو مجھکو فرشتے دین اگر	نامۂ اعمال کی جا اُسکا نقشا ہاتھ مین
وصل کی شب مجھسے اور اُس سے بگڑیگی ضرور	پہنے ہو وہ جنگجو جھگڑیکا چھلا ہاتھ مین
ہو اثر اکسیر کا دست حنائی مین ترے	جام زر بنتا ہو تانبے کا کٹورا ہاتھ مین
جیسے اُس یوسف لقا کو دل دیا ہو ای حنا	سورۂ یوسف زبان پر ہو زلیخا ہاتھ مین

ولہ

ہم کبھی دشمن کو بھی یارب وہ دشمن سے نصیب

قتل کرتا ہی حنا دست حنائی یار کا

خون ہوتا ہی یہ معنی اپنا ہنسنے ہاتھ سے

مولوی محمد بخش شہید ولد شیخ فدا بخش ... اولاد مین محمد بن ابی بکر کے باشندۂ قصبہ ...

ردیف ہ

ہاتھ

نواب سرفراز الدولہ مرزا ابوطالب خان بہادر **شرف** خلف نواب منیر الدولہ مرزا ابوالحسن خان نواسے محمد علی شاہ کے صاحب دیوان باشندۂ لکھنؤ

وحشت دلکا دکھاؤنگا تماشا ہاتھ سے	چاک کر ڈالونگا مین دامان صحرا ہاتھ سے
کھینچے مہندی لگاکر خون ہمارا ہاتھ سے	آج قاتل دیکھیے رنگین تماشا ہاتھ سے
مثل مجنون کیون نہ آنکھون پر رکھے پڑتے ہین	جب اُلٹ دے پردۂ محمل وہ لیلا ہاتھ سے
جب تپ غم کا ندای خورشید رو چارہ ہوا	نبض میری چھوڑکر بھاگا مسیحا ہاتھ سے
صورت شانہ پریشان او رُدل ہونے لگا	چھٹ گئی جب وصل مین زلف چلیپا ہاتھ سے
عکس خط سے صورت طوطی وہ گویا ہوگیا	اُس مسیحا نے جو آئینہ اُٹھایا ہاتھ سے
یار خود رنگین ادائی سے ہوا ہیون آشنا	لیلیا دز دحنا نے صاف چھلا ہاتھ سے
سیف ہی انباسے یوسف کچھ نہ سمجھے ای **شرف**	پایا کیا یوسف سے بھائی کو جو کھویا ہاتھ سے

الٰہی بخش خان **معروف** باشندۂ شاہجہان آباد

چھٹ گئی اُسکی تمامی کی جو انگیا ہاتھ سے	ہاتھ ملتا ہون گئی سونے کی چڑیا ہاتھ سے

میر مہندی مرحوم **جنون** ولد میر عباس عرف میر مغل باشندۂ فیض آباد شاگرد میر علی اوسط رشک

یہ کیے دیتے ہین ہم ہمکو نہ کھونا ہاتھ سے	پھر نہین ملتا ہی جو جاتا ہی شیدا ہاتھ سے
کیا نزاکت ہی کہ بل موے میان مین پڑگیا	جب اُٹھائی یار نے زلف چلیپا ہاتھ سے
چشم کے خانے مین جب آیا تصور یار کا	خود اُٹھایا مردم دیدہ نے پردا ہاتھ سے

شعرا و تخلص باشندہ ہندوستان — مرزا مہدی **ثاقب** ... زلف چلیپا ہاتھ سے ...

مہربخش [illegible]

ہاتھ

تیغ ابرو مار کر مارا تیغ ہاتھ سے
تھام کر بازو اُٹھا لیتے ہین جب اُٹھا ہی عشق
ڈوب جاتا ہون تو دیتے ہین سہارا ہاتھ سے
الفت دنیا تھی پہلے دیکھا جب قد قیامت
سو رہے ہر قدم کر آپ موسا ہاتھ سے
بھول جاتے ہین خدا کو یہ بتون کی یاد مین
آخرت کرتے ہین غارت اہل دنیا ہاتھ سے
جان بلب ہی شربت دیدار ... [illegible]

[illegible marginal verses in diagonal script along top and bottom borders; bottom margin heading:] نواب نصیر الدولہ معین الملک ... محمد حسین خان بہادر ... خلف نواب شوکت جنگ ...

نواب ناصر جنگ مسند آرائے فرخ آباد سید اصل حسین منیر انکے ملازم تھے اُنکے واسطے یہ غزل کہی

سلجھائیے نہ گیسوے خمدار ہاتھ سے	جاتے رہینگے مفت خریدار ہاتھ سے
لاکھون مین قبضہ کیجیے ابروے یار پر	کیون معرکے مین چھوڑیئے تلوار ہاتھ سے
ہو دسترس جو آئینے کی طرح ای پری	رکھون نہ جام شربت دیدار ہاتھ سے
اچھا نہین ہے دامن محشر کا پھیلنا	چھوڑو نہ پانچے دم رفتار ہاتھ سے
پیکر شراب رکھو دل عاشق نہ ہاتھ سے	شیشہ گرے نہ او بت میخوار ہاتھ سے
شاخ نبات صاف نہین اپنی اُنگلیان	چھولون جو اُسکا لعل شکر بار ہاتھ سے
جلدی خبر لے اپنے ظفر کی اب ای مسیح	جاتا رہے نہ عاشق بیمار ہاتھ سے

مرزا آغا نجف سعید ولد مرزا امیر بیگ باشندۂ لکھنؤ شاگرد کپتان مقبول الدولہ مرزا مہدی قبول

چھوٹے کب اُسکی ابروے خمدار ہاتھ سے	ہم سو رہین نہ چھوڑینگے تلوار ہاتھ سے
ساقی خم شراب مین جبتک شراب ہے	دامن ترا نہ چھوڑینگے میخوار ہاتھ سے
ہے آمد بہار گریبان تو اک طرف	دامن مین بھی بچیگا نہ اک تار ہاتھ سے
جو بو الہوس ہین نا نہین نہ ہمکو ملائیے	انصاف کو نہ دیجیے زنہار ہاتھ سے
پہونچے نجف مین تو تو خوشا بخت ای سعید	مَس کر مزار حیدر کرار ہاتھ سے

مولوی فرحت علی امید ولد غلام شاہ باشندۂ غازیپور شاگرد ڈپٹی کلب حسین خان بہادر نادر

چھو جوے زلف بتاب پیرا ہے ہاتھ سے	ڈالے اپنے پانون مین زنجیر اپنے ہاتھ سے

ناطق ولد شیخ محمد شاہ باشندۂ سکندرپور ... عظیم آباد ...

مرزا عنایت علی ماہ

زلف کا مضمون کیا ... ڈالی پانون مین زنجیر اپنے ہاتھ سے

ردیف ہا ... ہاتھ

ردیف
ہاتھ

سینۂ دل کو ابھی رکھدون نشانے کیطرح
گر لگا لے وہ ستمگر تیر اپنے ہاتھ سے

جوش وحشت یہ ہوا مجنون کہ عشق زلف مین
آج توڑی اُسنے پھر زنجیر اپنے ہاتھ سے

خاک پا تیری جو ہاتھ آجائے او سیمین بدن
تو ہوس پھینکدے اکسیر اپنے ہاتھ سے

شکل سے مین کسکی ہر دم پیچ و تاب افسوس تو
کیون نہین رکھتا ہر تو تصویر اپنے ہاتھ سے

پنڈت ستھو تیا ناتھ جوہر ولد پنڈت دیبی پرشاد عرف سالیاسے باشندہ لکھنو شاگرد آغا حسن امانت

قتل کرا و قاتل بے پیر اپنے ہاتھ سے
غیر کو دیتا ہر کیون شمشیر اپنے ہاتھ سے

زلف چھو کر اُس بت کافر کی قیدی ہم ہوئے
پاے دل مین پڑگئی زنجیر اپنے ہاتھ سے

جب تلک ساہوتی نہین تقدیر اے جوہر ہم
بن نہین پڑتی کوئی تدبیر اپنے ہاتھ سے

صاحب مثنوی بدر منیر میر حسن مرحوم حسن ولد میر غلام حسین ضاحک باشندہ دہلی مقیم فیض آباد اور لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر ضیاء الدین ضیا

جو ہوا ہم پر ستم ایجاد تیرے ہاتھ سے
کیا کرین اب آہ ہم فریاد تیرے ہاتھ سے

درد دل بھی ہر تجھی سے اور تو ہی درمان بھی ہر
داد تیرے ہاتھ سے بیداد تیرے ہاتھ سے

غیر سے شکوہ شکایت کچھ نہین دل کو کہ ہے
شاد تیرے ہاتھ سے ناشاد تیرے ہاتھ سے

دست بھلا وا مجکو تیرے ہاتھ پر بوسہ دیا
کس مزے سے جیتے ہین یاد تیرے ہاتھ سے

سب گرفتار محبت تیری جان کندنی مین ہین
کاش مرکر ہو حسن آزاد تیرے ہاتھ سے

نواب مرزا تقی خان بہادر مغفور ہوس خلف نواب مرزا علی جان بن نواب سالار جنگ

تو نے اُس محبوب پر مارا ہی خنجر گل ای نظیرا — کوئی بچتا ہی ارے اُستاد تیرے ہاتھ سے

محمد عیسیٰ مرحوم تنہا باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نامی غلام ہمدانی مصحفی

گرچہ اک عالم پہ ہی بیداد تیرے ہاتھ سے — وہ نہ کر جو میں کرون فریاد تیرے ہاتھ سے

کچھ نہیں شکوہ مجھے ہر آن ہر دم شکر ہی — شاد ہو نہیں یا کہ ہون ناشاد تیرے ہاتھ سے

اُس گلی میں بھی نہ رہنے پائی ای باد صبا — مشت خاک اپنی ہوئی برباد تیرے ہاتھ سے

پھر ہمیں سوے چمن شوق اسیری لیگیا — جب ہوئے صیاد ہم آزاد تیرے ہاتھ سے

کم کوئی دیکھا ہی تجنے تجھسا تنہا ننگ عشق — اُسکا فریادی ہی تو فریاد تیرے ہاتھ سے

ذاکر کربلاے معلی نواب جلال الدولہ مہدی علی خان بہادر شجاعت جنگ مغفور

مہدی تخلص خلف نواب یمین الدولہ نواب سعادت علی خان بہادر مسند آرا لکھنؤ

صاحب دیوان

اب ستم ہونے لگے ایجاد تیرے ہاتھ سے — کرتے ہین خرد و کلان فریاد تیرے ہاتھ سے

کچھ بھی ترس آیا تجھے ای عشق ہی یہ کیا غضب — گھر بسے لاکھون ہوئے برباد تیرے ہاتھ سے

شاعر معروف مرزا جعفر علی مرحوم حسرت ولد ابوالخیر باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ

صاحب دیوان شاگرد سرب سکھ دیوانہ

اب تو یہ دل اک بت ناآشنا کے ہاتھ ہی — اُسکے ہاتھون چھوٹنا اسکا خدا کے ہاتھ ہی

ہر بہانے موت ہی سُنتے ہین پیارے یہ مثل — سو اجل میری ترے جور و جفا کے ہاتھ ہی

میری اس مشکل کی آسانی ہوئی ہی ریت ہا کے — کچھ تری شمشیر کے اور کچھ قضا کے ہاتھ ہی

[illegible]

معجزہ پاتا ہون موسیٰ سی مقابل ہاتھ میں	کیا ید بیضا سا روشن ہی ترے تل ہاتھ میں

غضنفر علیخان غضنفر ولد غلام حسین خان کرورہ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد قلندر بخش جرأت

یہ دل سوزان لیا تھا کسکا قاتل ہاتھ میں	جو نکل آیا ہی اب ننھا سا اک تل ہاتھ میں

مرزا علی محمد آرزو ولد مرزا ابو جعفر تحصیلدار اوریہ ضلع کانپور باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد تسلیک

وہ ہاتھ آئے میرے نہ ہیہات ہاتھ میں	رکھے جیسے معاند بد ذات ہاتھ میں
زاہد میں نوجوان ہون بھلا کس طرح نہ لون	دے جام ہی جو پیر خرابات ہاتھ میں
ٹکڑے مرے جگر کے کہا اُسنے دیکھکر	لائے ہو کیا مرے لیے سوغات ہاتھ میں
زندون کو مارتا ہی جلاتا ہی مردونکو	پیدا یہ اُسنے کی ہی نئی بات ہاتھ میں
ای آرزو چھوا جو اُسے ہاتھ کٹ گیا	میرے عمل کی ہو یہ مکافات ہاتھ میں

لالہ نرائن داس توقیر ولد لالہ بھو چند باشندۂ فرخ آباد شاگرد سید اسمعیل حسین منیر

آئینے سے بھی ہی وہ چند صفا ہاتھون مین	منھ نظر آتا ہی ای ماہ لقا ہاتھون مین
سحر عید سے بہتر ہی صفا ہاتھون میں	شفق صبح ہو ارنگ حنا ہاتھون مین
سلطنت ملتی ہی چھوتا ہی جسے وہ مہ آسا	طائر رنگ حنا ہی کہ ہما ہاتھون میں
غش ہوا جسنے تری مہندی کی رنگت دیکھی	شعلۂ طور بنا رنگ حنا ہاتھون میں
سلسلہ وحشت کا کل کا مرے ہاتھ آیا	آگیا یار کا گیسوے رسا ہاتھون مین
لعنت ساعد زرین کی جو بیماری ہی	ہر رگ نبض ہوئی تار طلا ہاتھون مین
ہم یہ سمجھے کہ ترے دزد حنا کی ہی کمند	تونے جب زلف مسلسل کو لیا ہاتھون مین

ولہ

ہاتھ

[illegible]

[illegible]

خواب مین بوسۂ رنگ کف پا ہاتھ لگا	رات اندھیری مین مجھے وزد حنا ہاتھ لگا
یاد آتا ہی ترا ناز سے کہنا شب وصل	پھاڑ ڈالونگا مین کپڑے جو ترا ہاتھ لگا
اور کبھی شرم سے کرتا یہ اشارہ مجھکو	پاؤن پڑتا ہون نہ از بہر خدا ہاتھ لگا
آس پری سے یہ کہو کاندھا نو ساتھ تو چل	آرزو ہی مری میت کو ذرا ہاتھ لگا
دست نگین وہ دکھاتا ہی مین جب کہتا ہون	قتل کرنے سے مرے آپکے کیا ہاتھ لگا
ای جنون تیرے سبب ہاتھونکو ہتھکڑیان ملین	پاؤن کو سلسلۂ زلف دوتا ہاتھ لگا
نہین منظور اگر بوسۂ ابرو و مینا	ایک تلوار کا ای ماہ لقا ہاتھ لگا
بیوفائی کا تری تجھ سے عوض لیوینگے	کوئی معشوق اگر اہل وفا ہاتھ لگا
غیر کے ملنے کا انکار نہین ہو لکو یقین	راست ہی یہ تو مرے ہاتھ پہ لا ہاتھ لگا
کہنا بیہوشی مین ساقی کا مجھے آتا ہی یاد	خم کو ڈھلکی ہی تھوڑا ذرا ہاتھ لگا

حافظ محمد عبد اللہ عرف میر جیون مرحوم خستہ عالی خاندان والدنکے نواب
مجد الدولہ عبد الاحد خان کے منشی تھے باشندۂ دہلی

سایہ بہ سان پہونچے تو تھے پاؤن تلک گیسو	آسنے دامن کو بھی پر ہاتھ لگانے نہ دیا

مہاراج بلوان سنگہ بہادر راجہ تخلص خلف راجہ چیت سنگہ والی بنارس مقیم
اکبر آباد صاحب دیوان شاگرد حاتم علی بیگ مہر

رنگ مہندی کا نہین شام و سحر ہاتھ مین ہی	پنجۂ مہر ترے رشک قمر ہاتھ مین ہی
حلقۂ چشم ہی یا حلقۂ زر ہاتھ مین ہی	تار کا چھلا ہی یا تار نظر ہاتھ مین ہی

والد ماجد مولف سید حسین شاہ حقیقت [illegible]

میرزا صادق علی مرحوم [illegible]

[illegible]

نواب شمس الدولہ قسمت خلف نواب بارگاہ قلی خان باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ شاگرد مرزا جعفر علی حسرت

الٰہی یا تو میرے دامن دلدار ہاتھ آئے	نہین تو ہاتھ کی اُسکے کہین تلوار ہاتھ آئے

رباعی مرزا سلامت علی دبیر مرثیہ گو ولد مرزا غلام حسین کاغذ فروش باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر مظفر حسین ضمیر

پروا ہی کسے کہ سیم و زر ہاتھ لگے	کیا فخر جو یاقوت و گہر ہاتھ لگے
دنیا سے بھی ہم ہون دست بردار دبیر	دامان ید اللہ اگر ہاتھ لگے

منشی شیخ محمد ظہور مرحوم نام مین تاریخ تولد ظہور تخلص ولد منشی محمد اسمعیل عرف منشی نہال بن حافظ محمد صالح باشندۂ بلگرام ایک دیوان ایک مثنوی مسمی ظہور عشق اُنسے یادگار ہے شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

سنجلے نہ اُسکے رہتے تھے دیوانے مین ہاتھ	وحشی کے تیرے اسلیے باندھے کفن مین ہاتھ
یے کہ سواے حسرت و حرمان و یاس و غم	کچھ بھی لگا ظہور محبت کے فن مین ہاتھ

صاحب نواب سعادت علیخان بہادر نواب اشرف الدولہ رستم علیخان رستم جنگ بہادر عرف اشرف خان مرحوم رستم تخلص خلف نواب نجابت خان بہادر باشندۂ دہلی مقیم بنارس

اے دل و دیدہ بہت تمنے ستایا مجھکو	مین ہون اب جان سے بیزار تمہارے ہاتھون

میر حسن عرف میر حاجی تجلی تخلص ولد میر محمد حسین کلیم خواہرزادے اور شاگرد میر تقی میر

دیکھکر دست درازی مری جھنجلا کے کہا
شامت آ جا ئیگی ابکی جو ادھر ہاتھ آیا

منزلت داغ جگر کی نہین پہریہین دلا
فائدہ کیا ہی زر قلب اگر ہاتھ آیا

چرخ نے صورت سیار ٹھہرنے نہ دیا
اتفاقاً جو کوئی درہم زر ہاتھ آیا

دیدۂ زخم کے پچھ جا بنیگے کچھ آنسو
تیری تلوار کا رومال اگر ہاتھ آیا

گھٹتی ہی دلین اترکر مرے قاتل کی کٹار
مفت مین کوڑیون کے مول یہ گھر ہاتھ آیا

بند شلوار سر دست جو وصلت مین چھوا
مین یہ سمجھا پر عنقا سے کمر ہاتھ آیا

پڑگیا عکس جو اُس ترک کے رخسار کا
ڈھال کے چاند کو بھی نور قمر ہاتھ آیا

لیکے میرے دل پر داغ کو کہتا ہی وہ گل
اچھی ساعت سے چلے تھے ہمین زر ہاتھ آیا

دے جو وہ حور مجھے سیب ذقن کا بوسہ
مین یہ سمجھون مجھے طوبے کا ثمر ہاتھ آیا

گم ہوا خط کف دست تصور بنکر
جستجو سے بھی جو وہ موے کمر ہاتھ آیا

چشم تر مین عوض اشک ہین یہ لخت جگر
اس صدف سے تو ہمین لال گہر ہاتھ آیا

غم ہوا لاکھ مگر ایک نہ آنسو نکلا
نخل ماتم سے بھی ہمکو نہ ثمر ہاتھ آیا

کبھی زلیور کے تصور مین جو آنسو نکلا
مین یہ سمجھا ترے جھومر کا گہر ہاتھ آیا

چور کی طرح لگے تاکنے اہل دنیا
شمع کیطرح جسے طرۂ زر ہاتھ آیا

سبزۂ خط یہ نہین گرد لب شیرین کے
طوطیون کو دہن تنگ شکر ہاتھ آیا

پھول سجاتے ہین تنگظرف بہت نخوت سے
غنچے کیطرح جو تھوڑا سا بھی زر ہاتھ آیا

واہ کیا خوبی تقدیر ہی اللہ اللہ
پاؤن پڑنے کو جو تو نکلے ہمین سر ہاتھ آیا

ولہ

لال بنکر دل اُٹھی منہدی کی سرخی ہاتھ مین
عکس پستان سے انارونکی ہو ڈالی ہاتھ مین

ہاتھ

ہاتھ

ہنسکے آنسو پونچھتے گر مجھکو روتے دیکھکر
عکس دندان سے ہوں وہ رشک لآلی ہاتھ مین

چاروں کی چاندنی تھی اب اندھیرا پاک ہی
ہوچکی ہی ساقیا ہی جام خالی ہاتھ مین

جسنے دیکھا ہوگیا بیدم پناہ اللہ کی
دم تمانچے کا ہی جوہر اسکے خالی ہاتھ مین

چٹکیون مین مل رہے ہین وہ حنا کیطرح
ہوتی ہی دلکی ہماری پائمالی ہاتھ مین

روکے دو آنسو جو پونچھے ہمنے فرقت مین تری
ہنگیا رومال ابر برشکالی ہاتھ مین

دست انور مین ترے یہ ہی اثر او خوش جمال
ہر ثمر آتے ہی بنتا ہی جمالی ہاتھ مین

حلقۂ گیسو مین ہی جلوہ رخ گلرنگ کا
یا لیے ہی کالکا پھولونکی ڈالی ہاتھ مین

ہاتھ اگر دیکھے مسخر ہو برہمن اسے بتو
ہین لکیرین نقش آسمانے جالی ہاتھ مین

تیرہ بختی کا اثر کہتے ہین ای منعم اسے
کملی بجاے جو لون رومال شالی ہاتھ مین

چٹکیون مین کیون اڑاتے ہو بتاؤ کیا گیا
دے گیا تھا مین تو دل اولاد والی ہاتھ مین

ناتوان ہون پکڑی کی جا ہو بالا پاؤن
چاہیے ہی ہتھکڑی کے بدلے بالی ہاتھ مین

منھدی ملکرے جو وہ میخوار طرفہ گل کھلے
پھول گل منھدی کا ہو می کی پیالی ہاتھ مین

دست رنگین سے چھوا جسکو جلا مثل چنار
یہ حنا تاثیر رکھتی ہی نرالی ہاتھ مین

ہم وہ میکش ہین خدا والی گر آئے محتسب
شیر بجاے شراب پر لکالی ہاتھ مین

کیون فقیرون پر نہ کھلیانے طلسمات جہان
لوح سے کچھ کم نہین جام سفالی ہاتھ مین

ہاتھ رکھکر ناز سے ای شوخ بستر پہ بیٹھ
ڈر ہی چٹکی سے نہ تصویر نہالی ہاتھ مین

یہ تماشا ہو نیا دیکھے جو وہ رشک مسیح
پھول جائے چوکڑی نبض غزالی ہاتھ مین

کھنیان

ہوا روشن شب آون یکو تنہا ترے در پر	یہی ایما مجھے کرتا ہے لیکا تیرے بازو کا
تصور آنکھون مین نیچے کا جو ہے شکل تیر مژگان سے	کشش سے دل کی کھینچا دلپہ نقشا تیرے بازو کا

سید محسن علی محسن ولد سید شاہ حسین حقیقت وطن بزرگون کا خوست مولد
ومسکن مولف لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر ہے

پڑا جو پائے نگہ بار بار بازو پر	کچل کے نیل ہوا آشکار بازو پر
نگینے پارہ دلکے جو نور تن مین جڑین	طرح طرح کی ہے پیدا بہار بازو پر
بنا ہے دستہ گل آستین کے پھولون سے	خزان جسے نہین ہے وہ بہار بازو پر
وہ امتحان تو کرین اپنے زور بازو کا	یہ جان نثار بھی روکیگا وار بازو پر
جو چھوڑین سر تری چوکھٹ پہ ہم بیکل پھر	لہو کی چھینٹون سے ہو لالہ زار بازو پر
یہ نازکی ہے ہوا درد اُنکے شانے مین	کبھی نظر جو پڑی ایکبار بازو پر
ترے فراق مین ہر عضو گھلگیا ایسا	کہ صرف رہگیا مچھلی کا خار بازو پر
اگر یہ نور کا شعلہ نہین تو پھر کیا ہے	نگہ ٹھہرتی نہین اسے نگار بازو پر
نہ اسکو مچھلی سمجھتے یہ دل ہے عاشق کا	اسی سبب سے ہے اسکو قرار بازو پر
کہین نظر نہ لگے انڈویان پہنے سے	مجھی کو آج تو صدقے اُتار بازو پر
کبھی جو سو گئے سر رکھکے نازنے بوسے	یہ مچھلی چبھتی ہے گویا ہے خار بازو پر
نہین ہین لال یہ تیچے تمھاری انگیا کے	ہوا ہے خون کسیکا سوار بازو پر
یہ روشنی ہے جواہر نگار پلکہ کی	نثار شمع ہے پروانہ وار بازو پر

کھنیان

ہاتھ لگی ہے نئی کھنیان

تصدق حسین خان تصدق ولد ...
باسمہ علی خان باشندۂ لکھنؤ شاگرد
مولوی محمد بخش شہید

ملایم ہاتھ یہ پتھر ترے دل کی طرح ہونگے | خدا سے ڈر نہ رکھ شغل الصنم اپنا کلائی کا
یہ میرا حال ہو پہنچا ہی مسیحا تیری فرقت میں | ملے کیا نبض ہی دشوار رہا تھا نا کلائی کا
تصور ساعد پرنور کا ایسا مسلط ہی | کہ گویا ملک دلبر ہو گیا قبضہ کلائی کا
سراسر موے گیسو اس تمنا پر بنے حلقے | اگر ہو دسترس بنجائین ہم چھلا کلائی کا
تہ دامان ابرای ماہ شمع برق روشن ہی | نہین ہی یہ میان آستین جلوا کلائی کا
چھپیگی کب برنگ برق اگر ہولا کھ پردے مین | چھپا نا آستین مین ہی صنم بیجا کلائی کا
بتون کے ہاتھ سے دم ناک مین آیا ہی عشقی کا | نہ عاشق کو ہی انسان ہو خدا ونداکلائی کا

مہدی حسین خان آباد خلف غلام جعفر خان باشندۂ لکھنؤ ہر بحر مین غزل
کی انکا ایک دیوان ہی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

مانند شاخ گل ہین ہماری کلائیان | کھائے ہین ایسے گل کہ ہین ہماری کلائیان
یہ ناتوان ہین عشق کمر مین ہم اے طبیب | مانند نبض گم ہین ہماری کلائیان
پریون کو ہمنے نقد دل انعام مین دیا | اس حور کی جو لیکے سواری کلائیان
شرمائے شاخ گل بھی یہ کھائے ہین ہم گل | پھولی پھلی ہین خوب ہماری کلائیان
عالم مین دوسرا نہین سفاک آپسا | رنگین لہو سے رہتی ہین پیاری کلائیان
وہ پھول توڑتے ہین تو کہتی ہین بلبلین | دکھ جائینگی حضور کی پیاری کلائیان
ایذا یہ چوڑیونکے پہننے سے ہو چکی ہی | سو ہو گئین ہین لال تمہاری کلائیان
آباد اس غزل کو بنایا ہی آپنے | باندھی ہین تونے صاف یہ ساری کلائیان

کلائیان

مہدی حسین خان آباد

عاشق

عاشق پہ پھر قتل نہ تلوار کھینچیے	ڈر ہے کہ دکھ نہ جائین تمھاری کلائیان
دل مین سنان غم سے ہوا زخم ای سرور	دیکھین ہین جیسے یار کی پیاری کلائیان

سید آغا علیخان بدر خلف میر عباس شاہ دستری باشندۂ لکھنؤ شاگرد مولوی محمد بخش شہید

خیر دنکے ہاتھ مین ہین تمھاری کلائیان	نبضین چھپٹین ہین دیکھ ہماری کلائیان
ہین شاخ گل سے با غمین کہتا ہون بارہا	میرے ہی دلربا کی ہین پیاری کلائیان
قاتل نے قتل کر کے مجھے ناز سے کہا	ناحق لہو مین بھر گئین پیاری کلائیان
پروانہ شمع طور بھی ہی جنکے حسن پہ	ایسی ہین گوری گوری تمھاری کلائیان
ای بدر ہاتھ لیسے مضامین نہ آئینگے	کیا خوب تونے باندھی ہین پیاری کلائیان

مرزا محمد زکی رشید ولد مرزا مہدی اولادمین منشی مرزا جعفر کے باشندۂ لکھنؤ شاگرد مولوی محمد بخش شہید

حورون کی ایسی ہونگی نہ پیاری کلائیان	نازک بہت ہین یار تمھاری کلائیان
بلبل کے دلسے شاخ گل تر اُتر گئی	ای گل تری جو دیکھی ہین پیاری کلائیان
قاتل نے قتل کر کے مجھے اسطرح کہا	ناحق بھرین لہو سے ہماری کلائیان
ساقط نہ کس طرح مری نبضین ہون رنج سے	غیرون کے ہاتھ مین ہین تمھاری کلائیان
مطلق فراق مین نہ کل آئی مجھے رشید	گردن مین تھین جو اُسکی نہ پیاری کلائیان

شیخ قادر علی موجد خلف شیخ چراغ علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

موسے کہین جو دیکھ لین انکی کلائیان	ہین رشک شمع طور یہ گوری کلائیان

کلائیان

پچکاریان ہین نور کی بھولی مین یہ کیون
یا چوڑیون مین حلقۂ چشمان عندلیب
ان انگلیون مین ہین یہ تمھاری کلائیان
اور عشرہ دکھائین کرن آفتاب کی
قلقین شراب کی ہین اگر انگلیان تری
موج شراب ناب ہین ساقی کلائیان

کلائیان

باشندۂ لکھنؤ شاگرد مہدی حسین خان آباد

کس درجہ صاف صاف ہین اُنکی کلائیان	سو حصے ہین بلور سے اچھی کلائیان
رنگ حنا کا بار نہ ہاتھونسے اُٹھ سکا	ہو ہو گئی ہین یار کی نیلی کلائیان
رنگت مین رخ کو فوق ہی گلہای باغ پر	بہتر ہین شاخ گل سے وہ پتلی کلائیان
پنجے کا شوق آگے نہ تھا تمکو اسقدر	ہوتی نہ تھین رقیبونسے اتنی کلائیان
پہونچے تمھارے حسن کو کب مہر آسمان	ایسے نیاے ہاتھ نہ ایسی کلائیان
مژگان ہین تیر تیغ بھوین خال رُخ سپر	چھُریان ہین انگلیان تو سروہی کلائیان
کنگن چمکتے ہین جو دم رقص ہاتھ کے	ہین اہل بزم کے لیے بجلی کلائیان
گجرے نہ پہنو ہاتھو نہین پھولونکا اے صنم	لچکین نہ بار گل سے تمھاری کلائیان
ای سپہر دخل کیا ہی فراموش ہون کبھی	وہ ہاتھ لال لال وہ گوری کلائیان

مولف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد سید شاہ حسین حقیقت باشندۂ لکھنؤ
شاگرد خواجہ وزیر وزیر برادر رشک

گلے کا ہار ہوگا دیکھکر جلوا کلائی کا	لپٹ جائیگا گجرے کیطرح شیدا کلائی کا
رہے کبتک مرا دل محو رنج خانہ بربادی	لبسا دے ہاتھ سے اسکو یہی شیدا کلائی کا
جو عریان ہوتی مثل تیغ خونریزی کو کھینچے	نیام آستین نے رکھ لیا پردا کلائی کا
گل تر کو جو دیکھا ہم کف رنگین تیری تجھے	ہوا ہر شاخ گل پر باغبین دھوکا کلائی کا
نہین گجرا ایسا پایا ہی تجھے صیاد زینت نے	بہت مشکل ہی اس گلدام سے چھٹنا کلائی کا

[illegible]

دست رنگین کو نہ اُسکے کسی عنوان پہونچے	ایسے پائیگا کہان پنجۂ مرجان پہونچے
مرتے ہی بھول گئے کافر و دیندار مجھے	گبر پہونچے نہ لحد پر نہ مسلمان پہونچے
ہین وہ مجنون ہون اُٹھایا جو قدم جانب دشت	پیشوائی کے لیے خار مغیلان پہونچے
پوچھتا کیا ہی لٹ زلف کے دیوانون کو	کچھ ختن پہونچے تو کچھ شہر بدخشان پہونچے
اب گلزار ارم روے کتابی ہی ترا	اس گلستان کو نہ سعدی کی گلستان پہونچے
تو سلجھتی نہیں شانہ کیے جاؤن کب تک	اب تو شل ہو گئے اے زلف پریشان پہونچے
ہین وہ کشتی ہون تلاطم سے اگر بچ جاؤن	غرق کرنے کے لیے نوح کا طوفان پہونچے
گور اندھیری ہی نہ تکیہ بچھونا نہ چراغ	پہونچے منزل پہ مگر بے سر و سامان پہونچے
نہ امانت کی ہوئی کونسی مشکل آسان	جب لیا نام مدد گوشہ مردان پہونچے

سید حسن موسوی لطافت خلف اکبر اور شاگرد سید آغا حسن امانت باشندۂ لکھنو

ہم جو زنجیر پہنکر سوے زندان پہونچے	غل مچاتے ہوے اطفال دبستان پہونچے
جھگڑا روز حسینون کا رہا کرتا ہی	اے پری دم سے گھر کو نہ پرستان پہونچے
کفِ افسوس ملے حشر تلک حسرت سے	دیکھ لے آپکے گر پنجۂ مرجان پہونچے
چاہ میں گرنے چلے غم سے لطافت اغیار	ہاتھ اپنے جو سوے چاہ زنخدان پہونچے

صادق الولا شیخ الٰہی بخش عشقی خلف شیخ محمد بخش باشندۂ کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

دست اغیار مین دیکھا جو تمھارا پہونچا	رشک سے لب پہ دم عاشق شیدا پہونچا

محسن تخلص سید محسن علی مولف تذکرہ ولد سید شاہ حسین حقیقت

[illegible]

تاب گجرے کے پہننے کی بھلا ہو کیونکر	کہین نازک ہو رگ گل سے بھی اُنکا پہونچا
کیا صباحت ہو کہ یہ چاند ہی وہ ہالہ ہی	نہین پہونچی مین ہی اُس ماہ لقا کا پہونچا
ہاتھ مین بانک پھری اُس کم خوبی کی نہین	موجۂ آب خضر ہی وہ مصفا پہونچا
دیکھکر غش سر دست آئے نکیون عاشق کو	صاف ہی صاعقۂ طور کا شعلا پہونچا
دل کا مطلب نکل آئیگا ترا ای محسن	اُسکے پہونچے پہ اگر ہاتھ ذرا جا پہونچا

ہتھیلیان

سعادت خان ناصر ولد رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ اُنکا ہی شاگرد مرزا محمد حسن عرف چھوٹے مرزا نوب مرثیہ گو

اُس ق طور کی ہین تماشا ہتھیلیان	شمعین کلائیان ید بیضا ہتھیلیان
بیکار ایک بال سے ہوتا ہی آئینہ	اُسکی لکیرون پہ ہین مصفا ہتھیلیان
دو رنگ ہین عیان کف دست نگار سے	دزد حنا سے ہین گل رعنا ہتھیلیان
چمکا رہا ہی پنجۂ زرین کو آفتاب	اے غیرت مسیح دکھا نا ہتھیلیان
نظارہ اُنکا کرتا ہی تازہ نگاہ کو	گویا ہین برگ نخل تمنا ہتھیلیان
ہر چند ہی جواب مگر لاجواب ہین	دو ہین مگر ہین یار کی یکتا ہتھیلیان
رنگ حنا سے پنجۂ خورشید ہاتھ ہین	موجین انگلیون کی ہین دریا ہتھیلیان
ناصر حنا وہ ملتے ہین ٹھنڈک کیواسطے	یان رشک گرم سے ہین پھپھولا ہتھیلیان

مرزا محمد حسین سیف ولد مرزا علی جان اعظم فارسی گو بن مرزا محمد فاخر مکین باشندہ

ہتھیلیان

موکف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد

شاہ حسین حقیقت باشندۂ لکھنؤ

رکھتے ہی ہاتھ سوزش دل سرد ہوگئی	کافور سے بنی ہین وہ گوری ہتھیلیان
آداز نالیون کی تری سم سے کم نہین	کانون نے بھی سُنی نہین ایسی ہتھیلیان
جو ہے لکیر وہ رگِ سنگ بلور ہی	رکھتی ہین ایسا جوہر ذاتی ہتھیلیان
محسن کہو تو ہاتھ جو ملتے ہو بار بار	کیا یاد آگئی ہین کسیکی ہتھیلیان

انگلیان

انشا خلف میر ماشاء اللہ خان مصدر باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ ایک دیوان فارسی ایک ہندی مع قصائد و مثنوی ایک دیوان ریختی ایک دیوان بے نقط اُنسے یادگار ہی

دیکھ اُسکی پڑی خاتم یاقوت مین اُنگلی	ماروت نے کی دیدۂ ہاروت مین اُنگلی
یون ہی تری بنصر پہ حنا جیسے کہ تر ہو	داؤد کی خون سر جالوت مین اُنگلی
ای شیخ تری مونچھ پہ دسمہ وہ لگائی	جو شخص کھسیر ٹنے دہن حوت مین اُنگلی
آلودہ ہوئی نور سے جسوقت کہ ڈوبی	جراح کی خون دل مبہوت مین اُنگلی
ناسوت کے عالم مین نئی سیر ہم انشا	کرتے ہین شکایت در ناسوت مین اُنگلی

سخنور نامی شیخ غلام ہمدانی مرحوم مصحفی ولد شیخ ولی محمد باشندۂ امروہہ مقیم لکھنؤ آٹھ دیوان تین تذکرے انسے یادگار ہین

زہرا کی جب آئی کف ماروت مین اُنگلی	کی رشک نے جا دیدۂ ہاروت مین اُنگلی

سررشتہ دار پرمٹ کانپور پنڈت سندر لال آنجہانی بسمل تخلص خلف
بخشی ٹیکارام باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

سرخ اگر مہندی سے ہیں اس فتنہ گر کی انگلیاں ۔ خون ملتے رہیں مجھ خونیں جگر کی انگلیاں
تجھ مرجان ہی کیا دست حنائی کے حضور ۔ یہ بشر کی انگلیاں ہیں وہ شجر کی انگلیاں
دانتوں کے نیچے دبائیں انگلیاں اغیار نے ۔ میں جو چٹکانے لگا اُس سیمبر کی انگلیاں
لکھتے ہیں وصف لب شیریں تو شیریں ہی دوات ۔ خامہ ہی شاخ نبات اور نیشکر کی انگلیاں
اُسنے واں چٹکی بجائی اور یاں ہیں جی اٹھا ۔ دیکھنا بسمل ذرا ہیں کیا اثر کی انگلیاں

میر امجد علی قلق ولد میر محمد علی باشندۂ موضع کدورہ توابع ضلع کالپی صاحب دیوان
شاگرد نواب میر منو بیتاب

بار گل سے دکھ گئیں اس فتنہ گر کی انگلیاں ۔ ایسی دیکھی ہی نہیں نازک بشر کی انگلیاں
گر چھوئیں اگر رقیب اسکو تو یارب ہو دعا ۔ ہاتھ وہ جلجائیں ہنجائیں شرر کی انگلیاں
کھیل پر چھلا چھپو لیکے ہیں ہم کیونکر دون ۔ ہاتھ آتی ہیں بہت رشک قمر کی انگلیاں
بسکہ پیہم ٹکڑے داماں و گریباں کے ہوے ۔ کوستی ہیں میری جان کو بخیہ گر کی انگلیاں
کیوں نلوں چٹ چٹ بلائیں اسکے ہاتھوں کی قلق ۔ گدگداتی ہیں وہ اُس رشک قمر کی انگلیاں

نواب انور الدولہ سعید الملک محمد سعد الدین خان بہادر صولت جنگ عرف منجھلے صاحب
شفق خلف نواب احمد بخش خان عرف میر منو بیتاب عزیز و نیں نواب عماد الملک
غازی الدین خان کے باشندۂ کدورہ شاگرد میر امجد علی قلق

ساقی وہ ذرا بتو ہین موج آب کوثر انگلیان

شیخ الٰہی بخش عشقی خلف الرشید شیخ محمد بخش باشندۂ کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

لال مہندی سے ہین اُس دلربا کی انگلیان

انگلیان

خلف خواجہ فقیر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

قوت بازو ہوئی ہین ای ستمگر انگلیان
لائی رنگ حنا کو بنگئین پر انگلیان

پارہ گذرین دل کے جب کھینچ جگر پر انگلیان
تیر دستی بنگئی ہین ای ستمگر انگلیان

کیا ہی زور و پنجہ پر چڑھی ہین ای ستمگر انگلیان
پھیرتی ہین پنجۂ خورشید محشر انگلیان

کر تواضع غم جو ہو پست و بلند دہر کا
جب ملین جھککر ہوئین پانچون برابر انگلیان

ہون پائین ہین تو وہ گل کھلا کر ہنس پڑے
گل کھلائین صورت غنچہ چٹک کر انگلیان

او جوانی آمد پیری کی ہیبت دیکھنا
کانپتی ہین کسقدر رعشے سے تھر تھر انگلیان

ہاتھ مین لیجا تن لاغر ما نامے کے ساتھ
ڈر نہ ای قاصد کہ چھ ہوتی ہین اکثر انگلیان

جام خالی پھر رکھا کیون دست گلگون ساقیا
کیا گلابی کیطرح بھر وینگی ساغر انگلیان

طوق قمری کا گمان ہوتا ہی چھلونپر ترے
کیا ہین ای شمشاد قد شاخ صنوبر انگلیان

رکھدیے کیا پاؤن گستاخی سے دست سرخ پر
لال اسدرجہ کہان تھین ای کبوتر انگلیان

واہ یا استاد کیا لکھا مخمس آپ نے
دست و پا مین پانچ پانچ الجھا بنا کر انگلیان

ہو نہ ذوق میکشی یا ساقی کوثر اسے
شیشے نازک ہین بہت زاہد کی پتھر انگلیان

ہر رگ تار گریبان سے ہوا جاری لہو
کرتی ہین ای دشت وحشت کا نشتر انگلیان

بل بے مستی ہو ٹپکتی ہی پسینے کی طرح
گردن مینا سے ای ساقی ہین بہتر انگلیان

دست وحشت نے کیا ٹکڑے گریبان قرار
جھانکتے ہین کسکے تھین پر سینے باہر انگلیان

ہوگا صحبت کا اثر وزد حنا سے ربط ہی
دل چرا لیجائینگی اب چور بنکر انگلیان

محسن ولد شاہ حسین حقیقت وطن قدیم خوست باشندۂ لکھنؤ

واہ وا کیا رکھتی ہین ایسین لیکا انگلیان
گیسوے جانان مین ہو پنجین نکی شانا انگلیان

گل کھلاتی ہین صفت مین خط کو کیا کیا انگلیان
خوب سیکھی ہین خط گلزار لکھنا انگلیان

دست رس اس گیسوے پرپیچ تک ہوتا نہین
بال سے چھلو نکی رکھتی ہین تمنا انگلیان

پنجۂ مژگان کو جنبش بے سبب ہوتی نہین
مردم چشم صنم کی ہین یہ گویا انگلیان

پاؤن داہین آپکے ہاتھون کو ہی یہ آرزو
تلوے سہلائین یہ رکھتی ہین تمنا انگلیان

تشنگی مین رکھا جو تونے ہاتھ چشم مست پر
بن گئین ہین صاف موج جام صہبا انگلیان

ماہ رو چھلے نہین موتی کے پورونمین ترے
ہر گرہ مین رکھتی ہین عقد ثریا انگلیان

آنکھ بھر کر جسنے دیکھا جل گیا مانند طور
نور مین ہین شعلۂ شمع تجلا انگلیان

لین جو اس گلکی بلائین خوب چٹکی پور پور
ہو گئین منقار بلبل بنکے گویا انگلیان

نقش پا تیرا جو ہاتھ آئے تو کعبہ جانکر
او بت کافر کرین جھک جھک کے سجدا انگلیان

کیا ہی دھوکا تیری منہدی کی سیاہی نے دیا
قیس سمجھا ہین سواد چشم لیلا انگلیان

خوف ہی کانٹو نکو چبھ جانیکا بچ جاتی ہین آپ
تیرے پاؤن کی ہوئی ہین ایسی کانٹا انگلیان

بے اجازت اسکی کرتے ہین تصور مین مساس
توڑی جائینگی برا رکھتی ہین لیکا انگلیان

فندقون پر کیون نہ پھولونکا گمان ای حور ہو
شاخ طوبا ہاتھ اگر ہین برگ طوبا انگلیان

تو وہ گل ہی ہو جو تیرے آبلہ پا کا گذر
پاؤن پڑ کر چومے سر خار صحرا انگلیان

ہاتھ آئی ہی تجھے ای حور جنت کی بہار
موج کوثر ہین لکیرین شاخ طوبا انگلیان

انگشت

لاغر ہون نہ آزار کہین شانے کو پہونچے
رکھے جو عوض دست کرم دوش پہ انگشت

کیا طالب بوسہ ہون وہ ہین شرم مجسم
چپ کا ہی اشارہ لب خاموش پہ انگشت

مطرب کی بین بین نہ سمجھ تار ای لقا	ہی نغمہ زار رگ جگر انگشت کے تلے

شاعر نامی شیخ غلام ہمدانی مرحوم مصحفی خلف شیخ ولی محمد باشندہ امروہہ مقیم لکھنؤ آٹھ دیوان اُردو ایک دیوان فارسی تین تذکرے انکے مشہور ہین شاگرد میان مانی

مسی نہین ہی دانتون پر انگشت کے تلے	نیلم نہے ہین یان گہر انگشت کے تلے
انگشت سے اس آبلہ دلکو مین نے رات	دابا تو آ گیا شرر انگشت کے تلے
پوچھا جو جبہہ عرق آگین کو یار نے	لاکھون ہی پس گئے گہر انگشت کے تلے
دیکھی جو نبض مین ترے محرور عشق کی	رکھے تھی آگ کا اثر انگشت کے تلے
فیل قلم کو اور دبا مصحفی کہ آج	آیا ہی بار غم کا سر انگشت کے تلے

ہمہ گو اکثر زبانون سے آشنا میر انشاء اللہ خان مرحوم انشا خلف میر ماشاء اللہ خان مصدر باشندہ لکھنؤ ایک دیوان ہندی مع قصائد ایک دیوان فارسی ایک دیوان ریختی ایک دیوان بے نقط انکا ہے

تڑپے ہی نبض کسقدر انگشت کے تلے		دیکھا ای طبیب اپنے مرانگشت کے تلے
گگا ہے عظیم وسامق وگاہے سریع ہی		جنبش سے اُسکی رکھ خبر انگشت کے تلے
ململ جگر کو فکر نے یون خون کر دیا		حل جسطرح ہو آب زر انگشت کے تلے
ملانے فالنامہ دکھا کر مجھے کہا	ق	اسمین سے ایک نقش دھر انگشت کے تلے
رکھتے ہی اُسکے حرف پہ اکبار ہوگیا		نقش مراد جلوہ گر انگشت کے تلے
ہر حرف سطر نامۂ جانانہ رہتی ہی		سینے پہ دل پہ آنکھ پر انگشت کے تلے

انگشت

ایذا نہین ہوتی کبھی افسردہ دلون سے — ہرگز نہ جلے آتش خاموش پر انگشت

پوچھا جو نشان دل گم گشتہ کو ہمنے — ابرو کی اُٹھی زلف سیہ پوش پر انگشت

بدنام کیا جوش مئے ناب نے ساقی — اُٹھنے لگی رندان قدح نوش پر انگشت

ہین سخت جگر ریز قطرہ پونچھ نہ آنسو — ای یار نہ رکھ آتش خس پوش پر انگشت

دور اُس سے ہون ور پاس نشانی کا ہی چھلا — کیون فوق نہ لیجائے اب آغوش پر انگشت

دکھلادے کبھی گردن مینا کو جھکا کے — ساقی لب پیمانہ خاموش پر انگشت

گو داغ ہی دلین مرے سینہ پہ دھر دیا تھا — کیا شمع جلائے جو ہو سرپوش پر انگشت

سنتا ہون ظفر آج ملی یار نے مہندی — شبخون نہ لائے خرد و ہوش پر انگشت

مرزا علی مرحوم **تمر** خلف مرزا جعفر علی بیگ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان فارسی و ریختہ شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

جسنے رکھی ترے لب مینوش پر انگشت — گویا کہ دھری بادۂ سرجوش پر انگشت

آغوش مین لینا تو ہی دشوار صنم کا — ہو قطع رکھون اُسکے اگر دوش پر انگشت

اللہ ری نزاکت کہ ہوئی بارگران وہ — تھی مینے رکھی اُسکے سبکدوش پر انگشت

سب پڑھتے ہین تربت پہ ترے کشتی کی الحمد — رکھتے نہین تم قبر وفا کوش پہ انگشت

آغشتۂ خوشبو ہی جو ای بادصبا تو — کیا آئی ہی رکھکر کسی گلپوش پہ انگشت

جنت مین بھی تحریر کر اشعار **ثمر** کچھ — اسوقت نہایت ہی تری جوش پہ انگشت

نواب سعید الدولہ علی محمد خان بہادر **نامی** خلف میر بندہ علی ابن سیف الدین احمد خان

لیجانے لگے ہاتھ وہ اب پاؤن پہ پہہانت	رکھ سکتے نہ تھے جو تری پاپوش پہ انگشت
ہے غیر کو ہو رشک کہ لب ڈوب کے مرجاے	رکھو جو لب نہر مرے دوش پہ انگشت
کس مطرب مہوش کا لیا نام فلک نے	تعظیم سے زہرہ نے رکھی دوش پہ انگشت
وہ غیرت خورشید چھوے کان جو اپنا	بنجاے کرن صبح بنا گوش پہ انگشت
کیا قفل خموشی کی ہے ایجان پہ کنجی	رکھی ہے جو تمنے لب خاموش پہ انگشت
کہنے لگے راز کہین ہم بغلی کا	رکھ دو دہن حلقۂ آغوش پہ انگشت
قاتل مرے خاطر وہ بنے تیغ جہاری	دریا مین رکھے تو جو مرے دوش پہ انگشت
مشاطہ ترے کان مین پہنائی اگر پھول	شاخ گل تر ہوے گل گوش پہ انگشت
سر کاوے اسے دست سبونگ سمجھکر	زاہد جو رکھے جام کے سرپوش پہ انگشت
ہاے لب دریا جو کہے سن نہین سکتے	کیون موج سے رکھے نہ صدف گوش پہ انگشت
ہے جسم مصفا مین صفا ہے کہ پھسلجاے	اس آئینہ رو کے جو رکھون دوش پہ انگشت
رکھی ہے جو ساقی نے قمر خالی گلابی	ہے جام کی گویا لب خاموش پہ انگشت

گھائیان

امیر علیخان ہلال ولد تراب خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک ٭

بخشین پھلکیون کو زر انعام گھائیان	پہون شام گھات کی جو سر شام گھائیان

ول مین چھریان مارکر بولا لکھتی ہی وہ ترک | یاد رکھو ہمنے یہ ولسے بتائین گھائیان
یانک کی کسرت اگر ہوتی لپٹ جاتے گلے | ای بہار اُسنے پھکیتی کی بتائین گھائیان

پورین

امیر علی خان ہلال خلف تراب خان باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک ؛

سواہین پونڈے سے ای شکرین وہان پورین | بنین مٹھائی ہین گویا گنڈیریان پورین
سُنا ہی حضرت یوسف کو پر تجھے دیکھا | ہزارون ہاتھو کی کٹتی ہین انگلیان پورین
ملے جو شہد تو گنے کے رس کی اصل ہی کیا | کہ صاف شیرۂ جان دیتی ہین یہان پورین
سوا ہی تو مہ کنعان سے حسن و خوبی مین | یہان ہزارون کے سر کٹین وہان پورین
ہزار رنگ کے چنین لاکھ اپنے ہاتھ ملین | جو دیکھلین تری گلچین باغبان پورین
چھپا کے ہاتھون سے منہ رہ گیا بت کمسن | بلائین لینے مین چٹکین جو ناگہان پورین
پہن لیے جو جواہر نگار چھلے آج | جڑاؤ ہوگئین ای یار جانجان پورین
یہ شغل عقد انامل ہی اسم اقدس کا | تمھاری یاد مین ہین صورت زبان پورین
تجھین ملامت ای جان جان یہ پاہم آئی | کہ مخملین مین جاے استخوان پورین
بلائین لیتے ہین اک غیرت مسیحا کی | برنگ نبض تڑپتی ہین انگلیان پورین
بجھا و جلتی ہین شمعین جو آؤ محفل مین | دکھاؤ مہندی لگے ناخن انگلیان پورین
برنگ نیشکر اکدم مین انگلیان تراشین | دکھاوے وہ بت شیرین جہان جہان پورین

پورین

حنا کے رنگ سے ہی طرفہ آب و تاب ناخن پیا	تصدق ہاتھ پہ مرجان فدا عناب ناخن پہ
کہان رنگ اور چمک ہی یہ عقیق و لعل و مرجان مین	جو ہی اس غیرت لیلا کی آب و تاب ناخن پہ
بشکل آئینہ دیکھے تو منھ اسمین نظر آئے	صفا رکھتا ہی یہ وہ غیرت مہتاب ناخن پہ
حسام ازلبس ہی اسکے سینۂ مجروح مین جاش	بھرا رہتا ہی ہر دم تازہ خون ناب ناخن پہ

حضرت ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی مرزا ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ پادشاہ خلد اللہ ملکہ اورنگ نشین شاہجہان آباد تخلص ظفر خلف محمد اکبر شاہ اولاد مین حضرت صاحبقران امیر تیمور گورکان صاحب دیوان شاگرد ذوق

حنا سے تو دکھاوے اپنی آب و تاب ناخن پہ	کہ ہون صدقے ترے برگ گل شاداب ناخن پہ
مرے تار رگ جان سے صدائے درد نکلی ہی	چڑھاتا ہی جو وہ مطرب پسر مضراب ناخن پہ

عجائب رام آنجہانی منشی تخلص مقیم مرشد آباد شاگرد قدرت اللہ خان قدرت

تیرے دل سے گرہ کینہ کو وہ جیب کھولے	غوطہ گر ما سکے آب گہر مین ناخن

سید اسمعیل حسین منیر خلف منشی میر احمد حسین شکر شکوہ آبادی مولد انکا لکھنؤ مقیم اکبر آباد ملازم نواب باندہ دو دیوان مع قصائد ایک عاشقانہ دوسرا بطرز شوکت ایک رسالہ سراج منیر لکھا ہی

دل نالان مین اٹھا کر مرا رکھا ناخن	بنگیا مد الف آہ کا گویا ناخن
تیغ ابرو نے بھرا خون مین اپنا ناخن	آگئی رنگ تمنا کی حنا تا ناخن
اسکے ناخن کو مہ نو سے بھلا کیا نسبت	عقل کے پیر خرد کیون نہین لیتا ناخن

ناخن

باشندۂ فرخ آباد شاگرد سید اسمعیل حسین منیر

ہر مہینے مین فلک پر وہی بنتے ہین ہلال
بند انگشت کی صورت نہ کھلا عقدۂ وصل
محو نظارہ ترا کون مرا عضو نہین
داغ سوزان جگر کو تو نہ چھیڑ اے محرور

ساتوین روز جو کٹتے ہین تمھارے ناخن
گھس گئے کوشش بیجا سے ہمارے ناخن
آنکھ تو آنکھ ہر کرتے ہین نظارے ناخن
بال ققنس کیطرح دینگے شرارے ناخن

زائر کربلائے معلے محقق علم شعر میر علی اوسط رشک خلف سید سلمان باشندۂ لکھنؤ تین دیوان ایک لغت ہندی انکا ہے شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

لعل و یاقوت ہین مہندی سے سراسر ناخن
فرق بیشی و کمی عقدہ کشا رکھتے ہین
پھر نہین بچنے کے اشراف خراش جان سے
وصف ناخن مین فضائے ورق کاغذ کو
گردن گاو زمین آئیگی زیر خنجر
چھیلتے ہین جگر زخمی اہل حسرت
خلقت عقدہ کشا پر دیکی محتاج نہین
نہین ہوئے کا تو انگشت نما فندق سے
قبضہ یار مین ہے رنگ حنا یہ اے رشک

پہلے تھا غیرت الماس و گہر ہر ناخن
انگلیون نے بھی نہین پائے برابر ناخن
ان رذیلون کو نہ دے خالق داور ناخن
توسن خامہ لیا کرتا ہے اکثر ناخن
جو ترشنے مین گرے روے زمین پر ناخن
آئینے کیسے تو رکھتے ہین یہ جوہر ناخن
ہڈیان بنکے رہے پوست سے باہر ناخن
خون وحشت ناخن مین کبھی بھر ناخن
پائے برگ گل لالہ کے برابر ناخن

صادق الولا شیخ الٰہی بخش عشقی خلف الرشید شیخ محمد بخش باشندۂ کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

ناخن

پیکان سینے کو ہین ترے دل عاشق ہین
وہ ستمگر ہین نہ کیونکر ہون ستمگر ناخن
سر کھجانے کی بھی فرصت نہین عشقی ہمکو
ہو گئے ضعف سے بیکار سراسر ناخن

موافق تذکرہ سید محسن علی محسن و کرم شاہ حسین حقیقت باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر علی اوسط رشک

[illegible]

ناخن

نیم بسمل ہون نہ گردن سے اٹھا خنجر ناز
دیکھ ظالم نہ جدا گوشت سے تو کر ناخن

چٹکیان لیتے ہین یا میرا شہادت نامہ
لکھ رہے ہین ورق دل پہ سراسر ناخن

کسپہ عیان رنگ حنا مین ہین سفیدی کے نشان
لعل و الماس کا پہنے ہین یہ زیور ناخن

لبس کی ہوگا نہ گرہ یار کی ہر انگلی مین
زہر آلود ہین خنجر وہ ستمگر ناخن

ناخنہ ہو جو تری آنکھ سے دیکھے اسکو
بد نظر سے رہے محفوظ ترا ہر ناخن

ہے مرا خوف جگر یہ نہین رنگ فندق
نکلے خون ریز نہ آنکھون نہین کرین گھر ناخن

چٹکیان لو تو لگے جامۂ تن پہ چٹکی
ہم یہ سمجھین کہ ہین ہمشکل ہنر ور ناخن

نیم ہر مگر کیون ہو جاے مری بات آدھی
وہ سراپا ہمہ خوبی ہین تو گوہر ناخن

رو رہا اگر عقدہ کشائی کا دکھانے پہ آئین
کھولدین طائر جان کے یہ ابھی پر ناخن

ہا رہے رنگ حنا ای ہمہ خوبی ان پر
نکلے مرجان کہین ہو جاین نہ پتھر ناخن

چٹکیان لے کولی دلین کوئی عقدے کھولے
کبھی ہوتے نہین سیرت مین برابر ناخن

جنکی خلقت ہوئی ہیچ وہ ہون کیونکر سید
لاکھ جیسے کبھی ہونگے نہ برابر ناخن

جو نکالیگا یہان سر وہ سزا پائے گا
جب بڑھے دیکھ تو کٹ جاتے ہین یکسر ناخن

شاعری بھی نہین فیض مین کچھ بحر سے کم
سوچ کیطرح نہو خشک جو ہو تر ناخن

عقدۂ جوہر آئینۂ دل کھولین گے
ہین ابھی اپنے زمانے کے سکندر ناخن

نامہ بر قتل کیا ہے کوئی شاید اسنے
ایسے ہین لال کہ ہین خون کبوتر ناخن

کسطرح دون اسے ہیرے کی پرت سے نسبت
برگ گل ہین نہین اس شوخ کے پتھر ناخن

[illegible]

سینا

نواب امین الدولہ سید آغا علیخان مرحوم مہر خلف اکبر نواب معتمد الدولہ باشندۂ لکھنؤ مقیم کانپور شاگرد میر علی اوسط رشک

نہین وو قبۂ پستان شوخ وشنگ سینے پر	نظر آتے ہین مینائے مئی گلرنگ سینے پر
ترے پستان کی تصویر اگر پر کھینچے ہاتھ	ہوے ہین مانی و بہزاد دونون دنگ سینے پر
گلابی نے نکیلی وضع نے غارت کیا ہمکو	نیا دیکھا ہی تیری چھاتیون کا ڈھنگ سینے پر
سر پستان جانان دیکھکر حیران رہتا ہون	عجب رنگت کے پھوڑے ہین گل اورنگ سینے پر
نہین لوح مزار خفتگان شہر خاموشان	غم فرقت کا رکھا سو رہے ہین سنگ سینے پر
مرا محبوب انگیا کو بھی نامحرم سمجھتا ہی	دوپٹے کا بھی رکھنا چاہتا ہی ننگ سینے پر
ہی تیری تنگ انگیا لاہی کی یا جلد پستان ہی	دل و جان سے فدا ہی عاشق دل تنگ سینے پر
جلاتی ہی مجھے کچھ بھی اگر قابو چلے میرا	تری انگیا کی چڑیا کو کرون چورنگ سینے پر
خدا کے فضل سے شوق لغت ہی مہر کو اتنا	دھرا رہتا ہی مہر دن نسخۂ فرہنگ سینے پر

شیخ عبد الرؤف مغفور شعور ولد شیخ حسن رضا عرف لبتی میان بلگرامی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

پڑا جو عکس رخ سبزہ رنگ سینے پر	فضائے باغ کے ہین رنگ ڈھنگ سینے پر
جو مثل شعلۂ فانوس دھکدھکی چمکے	گرے چراغ سمجھکر پتنگ سینے پر
الجھ گئی ہی جو زیور سے سونے کی زنجیر	مگر ہی رشک سے زیور مین جنگ سینے پر
جو پھول پھینک کے مارا رقیب نے اسکا	لگا ہی رشک کا کاری خدنگ سینے پر

نور وحدت کی تجلی ایسی کثرت سے ہوئی گوری گوری چھاتیوں نے کیا ہی جوبن پڑھ لیا	طور سینا سے سوا پر نور سینا ہو گیا دیکھ عشقی قبہ کا فور سینا ہو گیا

چھاتیان

محقق علم شعر و سخن میر علی اوسط رشک ولد میر سلمان لکھنوی تین دیوان ایک لغت ہندی اُنکا ہی شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

بجیش یا حسن کی صانع نے بنائیں چھاتیان	باغ نے پائے انار سینے جو پائیں چھاتیان
چشم عالم نے نہیں دیکھا یہ سینے کا ابھار	آپ اپنی اُسنے آنکھوں سے لگائیں چھاتیان
کیوں نہ ہو کان جواہر سینہ شفاف یار	بھنیان نیلم کی تو ہیرے کی پائیں چھاتیان
پھل دیے باغوں کو دنیا نے تو اسکا کیا عجب	خاک میں کیا کیا حسینوں کی ملائیں چھاتیان
خربزے ہیں بیل میں موزونی قامت کہاں	سرو نے قد سی پا یا نہ پائیں چھاتیان
زہر پائیں تمنے آنکھیں قند پائے تمنے ہونٹھ	نرم پائے سارے اعضا سخت پائیں چھاتیان
کیوں نہ اُٹھے رشک کے سینہ میں میٹھا میٹھا درد	اک بت شیرین دہن کی یاد آئیں چھاتیان

امیر علیخان ہلال ولد تراب خان باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

چھاتی میں کس حور کی سنگین لی پر چھاتیاں	چھاتیوں سے سخت دل ہی ولیے پتھر چھاتیان
عاشق لبستان جو جنت میں کہیگا درد دل	دیکھنا پھر آئیں گی حوروں کی سنکر چھاتیان
چشم عاشق سے چھپانا ہی اگر منظور تھا	کیوں نکالیں آپنے سینے سے باہر چھاتیان

چھاتیان

شیخ امداد علی بحر ولد شیخ امام بخش ساکن لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

تیغ ابرو سے انھین بھی خوف ہی میری طرح
رکھتی ہین خود سیہ تا اپنے سر پر چھاتیان

دیکھا کیا حسن کی دولت کا کوٹھا توڑ کر
نکلی ہین سر پر لیے دو بدرۂ زر چھاتیان

جب شگفتہ ہوگئین کلیان بہار آخر ہوئی
حسن پر پھولین نہ مانند گل تر چھاتیان

میرے ہاتھ آئین تو محرم ہو نہین انکے ہاتھ سے
مرغ سیمین بال ہین یا بیضۂ زر چھاتیان

کیا کہون ای بحر آب و تاب اسکے جسم کی
پیٹ ہی کوثر حباب آب کوثر چھاتیان

شیخ الہی بخش عشقی ولد شیخ محمد بخش باشندہ کانپور صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک +

جسم سارا ہی ملائم اور پتھر چھاتیان
نکلی ہین شاید تمھارے دل سے ملکر چھاتیان

بند محرم کا ہر ایک تار شعاعی بن گیا
نور ہین شمس و قمر سے ہین منور چھاتیان

انکی نوکین پار ہو جاتی ہین برچھی کیطرح
جب ملا دیتے ہین سینے سے لپٹ کر چھاتیان

قصد تھا گھر کیجیے آئینۂ دل مین ترے
ہوگئین میرے لیے سد سکندر چھاتیان

قمقمے مجھکو نظر آئے ہین روشن نور کے
کیا چمکتی ہین تری محرم کے اندر چھاتیان

ایک کی دو دو کی چار آئین نظر ششدر ہوے
آئین تا آئینۂ رخ جب ابھر کر چھاتیان

ایک شی کو دو ملے جوہر خدا کی شان ہی
آنکھوں نہین تحمل ہوئین ہاتھو نہین تیغ چھاتیان

ہمسری کا قصد ہی اس سرو قد سے گر انھین
پہلے پیدا کرلین شمشاد و صنوبر چھاتیان

آوس کا دشمن ہی نور مہر کچھ کھلتا نہین
بند شبنم کی کٹوری ہین ہین کیونکر چھاتیان

عاشق و معشوق کو کرتا ہی قتل انکا ابھار
تیغ حسن یار کی ہین صاف جوہر چھاتیان

چھاتیان

وطن بزرگون کا کوپل مقیم لکھنؤ صاحب دیوان
مغفور سحر زمیندار بری براون میر نام خلف میر محمد علی
شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

غزل

[illegible]

کیون نہ تیرے حسن کی دولت بڑھے تیجا نہ سے
پر زر انگیا سے بنی ہین قبۂ زر چھاتیان

گر طلائی دست افشار انکو کیجیے ہے بجا
کیا گدازی رکھتی ہین اللہ اکبر چھاتیان

انکی نوکین دل مین چبھ جاتی ہین جب کرتا ہون بیر
جیسے تم ظالم ہو ویسی ہین ستمگر چھاتیان

تمنے رکھے پھول انگیا مین ہوئی طرفہ بہار
گل کھلائے عاشقون نے بھی جلا کر چھاتیان

اسکی جب انگیا تو جھنجھلا کروہ بولے ناز سے
ہو گئین جامے سے باہر ہین یہ خودسر چھاتیان

پھر نہ لین وحشت کی وہ دست تصور سے مرے
کچھ ابھار ہین انکو جوبن کیطرح گر چھاتیان

کیون نہ پھولے وہ گل تر اپنا جوبن دیکھکر
غنچون سے بھر دیتی ہین آئینہ کا گھر چھاتیان

وہ مبصر ہون سر لیستان کو جب دیکھا کہا
صاف ہین پہنے ہوئے نیلم کا افسر چھاتیان

ہے بجا گر وہ موئی خوبی سے متوالے رہین
قد ہے بلوری صراحی اور ساغر چھاتیان

اسکی انگیا کی کٹوری قمقمے سے کم نہین
ہین چراغ حسن ایسی ہین منور چھاتیان

قصر تن مین گول آئینے لگے ہین نور کے
دیدہ کے قابل ہین اس مہ کی مدور چھاتیان

عکس ہے آنکھون کی پتلی کا سر لیستان نہین
دیکھ تو آئینے کا رکھتی ہین جوہر چھاتیان

باغ عالم مین ہے ایسی ترے جوبن کی بہار
چھاتی پھٹ جائے اگر دیکھے گل تر چھاتیان

لوک کی لیتی ہین تن تن کے بکتی ہی نہین
بھرکے ہین حسن کے ہین کیا دلاور چھاتیان

ہوتی ہے اکثر خمیدہ شاخ نخل باردار
کسلیے ہمکو دکھاتے ہین وہ تن کر چھاتیان

یاد آنکی رہتی ہے ہر وقت چھاتی پر سوار
یہ تمھین ہو جو مجھے بھوے دکھا کر چھاتیان

محرم آب رواں سے ہو گیا طوفان حسن
کیا ڈبو دین گی اسی دریا کے اندر چھاتیان

پیچھین ہے کیسے دل بیمار بغل مین
یارب کہین جلد آئے وہ دلدار بغل مین

ہم رندون کے اسباب کو تو دیکھ تو زاہد
بوتل ہین یہ پر دو ساغر بغل مین

مجھ وحشی کو پھر سے ہے یہ شوق کہ ہر دم
دو چار تو ہین ہاتھ مین دو چار بغل مین

چھاتیان

[illegible]

ولہ

[illegible]

لاشہ ترے کشتے کا اُٹھتا ہی ستمگر — تو بھی تو لگا ہاتھ لب گور بغل مین
مجھ مست کے دلمین یہ چبھے نہین ساقی — ہی بھر گزک خوشۂ انگور بغل مین
جان آئی جو آغوش مین آیا وہ مسیحا — بیدم تھا ہمارا دل رنجور بغل مین
دلدار خرامان جو ہوا حشر ہی برپا — میرا دل نالان نہین ہی صور بغل مین
نکلا ہی جو دم حسرت آغوش مین ای سحر — کس پیار سے لیتی ہی مجھے گور بغل مین

مصاحب خاص حضرت سلطان العالم داروغۂ توپخانہ کپتان مقبول الدولہ مرزا مہدی علیخان بہادر **قبول** خلف واقف فقہ و اصول مولوی محمد مرزا اولاد مین حضرت مالک اشتر رضی اللہ عنہ کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

خوش کیون نہو اپنا دل رنجور بغل مین — ہی ہاتھ مین ساغر بت مغرور بغل مین
نالہ کبھی کھینچون تو جہان ہوتہ و بالا — دل کب ہی سرافیل کا ہی صور بغل مین
واعظ نظر آتا ہی نظر اُسکی نہ لگجائے — مین شیشۂ مے کو رکھتا ہون مستور بغل مین
کب چہرۂ روشن کے ہی پہلو مین تری زلف — خورشید لیے ہی شب دیجور بغل مین
مجھکو نہ دیا جام رقیبون کو پلایا — ساقی نے کیا شیشۂ دل چور بغل مین
کس ذوق شہادت مین پڑا پھرتا ہون قاتل — رکھتا ہون کفن دوش پہ کافور بغل مین
میرے دل مضطر کو بھی تسکین ہو یا رب — اک حور ہو آغوش مین اک حور بغل مین
گر یون ہی رہا دھیان اُسی شعلہ رخ کا — رہجائے گا جلکر دل محرور بغل مین
پھر یون کا قبول اُنسے کرون ملک سخن — ہو اُس شہ خوبان کا جو منشور بغلمین

[illegible] (diagonal verses in the top margin, ending in: بغل مین ہے)

شاہ قدرت اللہ مغفور قدرت برادر عم زادہ میر شمس الدین فقیر اولاد مین حضرت شاہ عبد العزیز ... موضع دہلی صاحب دیوان

پہلو

راجہ کلیان سنگھ عاشق

پہلو

محسن ...

کب مصحف رخ ہے نے چھوا جھوٹ نہ بولو	کیون آپ نے ایمان کو دابا ہے بغلین
ہو جاتی ہے بجلی کی چمکا چوند فلک پر	داغ دل سوزان جو چمکتا ہے بغل مین
چھیڑو نہ مجھے ہو گی قیامت جو لگی ٹھیس	یہ دل نہین پکا ہوا پھوڑا ہے بغل مین
دیوانہ جو تیرا ہون مجھے فخر ہے مجنون	مثل سگ لیلا لیے پھرتا ہے بغل مین
ہے حلقۂ داغ آنکھ تری دیدہ کو دل پر	گویا چمن نرگس شہلا ہے بغل مین
یہ ضعف سے گرمی ہوئی کافور بدن کی	ٹھنڈا دل سوزان نظر آتا ہے بغلین
لو اور نمودار ہوئے قمقمۂ نور	آنچل جو چھپانے کو دبایا ہے بغلین
منہ پھیر کے سوتے ہو بہت بے ادبی ہے	اے قبلۂ من دل نہین کعبہ ہے بغل مین
وہ غیرت گل پاس ہے جلسے سے ہون باہر	پھولا نہین دل میرا سماتا ہے بغل مین
ہے مہر ولاے شہ دین صفحۂ دل پر	عشقی یہی جنت کا قبالا ہے بغلین

سید محسن علی محسن مؤلف تذکرہ

دل باغ باغ ہے جو وہ گلرو بغل مین ہے	فیض گل مراد سے خوشبو بغل مین ہے
دل کو ہوائے زلف نے لیا بسا دیا	ہم سمجھے کوئی نافۂ آہو بغل مین ہے
دیکھو تو اسکی یاد مین کیا گونجتا ہے واہ	یہ مرغ دل نہین کوئی یا ہو بغل مین ہے
اللہ رے ہمکناری جانانکا ذوق شوق	ہر شب اسیکا تکیۂ پہلو بغل مین ہے
کس سرو قد کی یاد مین نالان ہے دل مرا	قمری کیطرح نالۂ کو کو بغل مین ہے
ہر دم ہون نیش غم کے خلش سے عذاب مین	یارب یہ دل ہے یا کوئی بچھو بغل مین ہے

[illegible] (diagonal verses in the right and bottom margins, ending in: پہلو مین)

مولوی محمد بخش ...

نہین لیتا قرار اک لحظہ اکدم اک گھڑی اک پل	نہین معلوم کیا ہی دل کو اب منظور پہلو مین
سمایا دل مین وہ یکتا دوئی جاتی رہی ساقی	ہی وحدت سے شیشہ ہی مرا معمور پہلو مین
جلایا جسم کو جان کو غضب آتش سی آتش ہی	سمندر بنگیا یوسف دل مہجور پہلو مین

میر منور مرحوم حیران عظیم آبادی مرثیہ گو اور مرثیہ مین مظلوم تخلص صاحب دیوان

وہ ظالم ایکدن بھی آنکر بیٹھا نہ پہلو مین	مگر دیکھا ہی یہ حال دل دیوانہ پہلو مین

شیخ محمد رفیع مرحوم رفعت الہ آبادی مقیم عظیم آباد

کیا کرتا ہی اکثر نالۂ جانکاہ پہلو مین	الٰہی دل ہی میرا یا کوئی بدخواہ پہلو مین

لالہ ننند رام آنجہانی راقم باشندہ متھرا صاحب دیوان شاگرد مرزا رفیع سودا

راقسم ہوتا نہین وہ ہم آغوش	کیونکر ہو درد دور پہلو کا

سخنور نامی شیخ غلام ہمدانی مرحوم مصحفی ولد ولی محمد باشندہ امروہہ مقیم لکھنؤ
آٹھ دیوان تین تذکرے اُنکے ہین شاگرد مائل

خط مشکین نے دبایا ہی قمر کا پہلو	یا تہ شام غریبان ہی سحر کا پہلو
خواب مین بھی کبھی دیکھا نہ اُسے ہم بستر	اتنا ویران نہ ہو جاے بشر کا پہلو
ہی مجھے بوجھ سے ہیکل کا یہی اندیشہ	درد پیدا نکرے اُسکی کمر کا پہلو
تلخ گوئی بھی مزا دیتی ہی اُس کافر کی	سر ہر حرف سے نکلے ہی جو شکر کا پہلو
مصحفی ہو نہ شب وصل یہ مغرور اتنا	نفع عشاق مین مضمر ہی ضرر کا پہلو

امیر با توقیر اسد الدولہ رستم الملک آغا نقی خان بہادر فیل جنگ مغفور ترقی بزرگ انکے

پہلو
اُستاد سخن

الکرم یارب رہے مجھ خستہ جگر کا پہلو
یاد مین اُس در غلطان کے مجھے چین نہین
کروٹین لیتا ہون ادھر اور اُدھر کا پہلو
مجھ سے یہ ربط ہوا آہ و زاری صحرا سے
چھوڑتا ہی نہین مجھ خاک بسر کا پہلو
شمع رخسار کے پروانے ہین ہم
بلبلون کو ہو مبارک گل تر کا پہلو

ملتا ہی نہ گون کا وطن سندیلہ توابع اودھ مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

نہین ہی جیسے کہ وہ گلعذار پہلو مین — تڑپ رہا ہی دل بیقرار پہلو مین
نہ آئیگی مجھے اب نیند تا دم محشر — سلائیگا مجھے جبتک نہ یار پہلو مین
دکھاؤن کسکو دل داغدار کا عالم — گلون سے ہی یہ شگفتہ بہار پہلو مین
الٰہی ایسی کبھی ہمکو بھی ہو رات نصیب — وصال ہو شب شیشہ مے پاس یار پہلو مین
نہین ہی پہلو مین جیسے گیا وہ پہلو سے — ہین دلکو دیکھ چکا لاکھ بار پہلو مین
نہ آئیگی مجھے فرقت مین فرش گل پہ نیند — کہ چبھتی ہی رگ گل مثل خار پہلو مین
شہید کاشکے ہون حسن کی پائینتی مین دفن — ملے جگہ جو نہ بہر مزار پہلو مین

سید سلامت علی زار خلف سید مختار علی باشندہ فتحپور ہسوہ صاحب دیوان شاگرد میر اکرام علی توانا

نہین ہی آج جو وہ گلعذار پہلو مین — تو پھول سیج کے ہین مثل خار پہلو مین
اٹھا سکا جو نہ صدمہ فراق کا آخر — تڑپ کے رہگیا دل ایکبار پہلو مین
نہین ہی روشنی درکار کنج مرقد مین — ہی جاے شمع دل داغدار پہلو مین
شب فراق مین گو ہمدم اپنا کوئی نہین — مگر انیس تو ہی درد یار پہلو مین
خیال دل مین جو ہی اسکی نوک مژگان کا — خلش سی ہوتی ہی چبھتے ہین خار پہلو مین
ملاے شب کو جو اس غنچہ لب سے لب مین نے — تو دل نہ پھولے سماتا تھا زار پہلو مین

مہدی حسین خان آباد ولد غلام جعفر خان عزیز و نبیرہ تجمل حسین خان کے باشندہ لکھنؤ ہر بحر مین غزل کی انکا ایک دیوان ہی شاگرد ناسخ +

چارہ جو درد کی ہی بار بار پہلو مین
تڑپ رہا ہی دل بیقرار پہلو مین
ہماری آہ سے ڈرتی ہی رقیب لازم ہی
نہ ہو یہ تیر ہوائی دو چار پہلو مین
دل ستم زدہ و یاس و حسرت و ارمان
ابھی ہین ہی دو تین چار پہلو مین

پہلو

پہلو میں

مولوی محمد بخش شہید

عماد الملک نواب غازی الدین خان وزیر کے باشندہ دہلی مقیم موضع کندورہ ضلع کالپی صاحب دیوان

نہین ہی آج جو وہ گلعذار پہلو مین
اُچھل رہا ہی دل بیقرار پہلو مین

اب اُسکی دید کے لالے پڑے ہین شان خدا
جو اپنے رہتا تھا لیل و نہار پہلو مین

ہمارے مُنھہ سے نہ نکلیگی اُف کبھی قاتل
لگائے گن کے جو خنجر ہزار پہلو مین

جسے کہ سنتے تھے بیتاب ہی یہی شاید
کھڑا جو ہی یہ دل بیقرار پہلو مین

مرثیہ گو سید حسین مرزا عرف آغا سید عشق خلف اکبر اور شاگرد محمد مرزا آتش باشندہ لکھنؤ

پس فنا بھی ہون ای شہسوار پہلو مین
روان ہی دیکھیے میرا غبار پہلو مین

نہین ہی جلوۂ ابروے یار پہلو مین
دھری ہوئی ہی مگر ذو الفقار پہلو مین

تڑپ رہا ہی دل بیقرار پہلو مین
کہ برق کوندھتی ہی بار بار پہلو مین

خدا ہی خیر کرے آج دل نہین بچتا
وہ آکے بیٹھتے ہین بار بار پہلو مین

کہو لگا اُنسے دکھا کر دل مشبک کو
بہت چھپایہ تمہارا شکار پہلو مین

دم فشار لحد مین عجیب راحت ہو
رہے جو تکیۂ پہلوے یار پہلو مین

خبر نہین تری مدت سے ای دل نادان
مگر ہی درد ترا یادگار پہلو مین

ہماری قبر جو بنے لگی پکارا قیس
رہے مرے لیے جاے مزار پہلو مین

جو پھر فاتحہ آؤ گے قبر مجنون پر
ملیگا عشق ہمارا مزار پہلو مین

داروغہ سرکار نواب نظام الدولہ بہادر میر علی حسین روش ولد میر خلیل فیض آبادی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید مولوی محمد بخش شہید

نہین ہی وہ گل رشک بہار پہلو مین
کہین تڑپ کے نکلجائے دل تو چین آجائے
دل اسکو دیکھ کے ہوتا ہی خوش تو کہتا ہون
شکایت دل نالان کچھ اور کیا کیجے
کسی کے برق تبسم کو اسنے دیکھا ہی

کھٹک رہے ہین پڑے غم کے خار پہلو مین
اُچھل رہا ہی یہ کیون بار بار پہلو مین
یہ پھول پھول کے دیتا ہی خار پہلو مین
ہوا ہی دشمن جان دوستدار پہلو مین
وحید دل ہی ترا بیقرار پہلو مین

شیخ محمد نظام الدین نظام خلف شیخ کریم اللہ برادر بزرگ شیخ فدا حسین فدا
باشندۂ قصبۂ دیہائی ضلع بلندشہر صاحب دیوان

کچھ آج دل ہی بہت بیقرار پہلو مین
یہ دل ہی محو خیال نگار پہلو مین
یہ دل مین رکھتا ہون آئینہ وار پہلو مین
نہ کیونکہ دل ہو مرا داغدار پہلو مین
یہ طرفہ داغونسے ہی لالہ زار پہلو مین
جو ایک زخم ہو مرحم لگائیے اُسپر
جدا ہوا مرے پہلو سے دل تو خوب ہوا
خدنگ شوخ جفا کیش سے مرا زخمی
نظام دل نہین رکھتا ہی بلکہ رکھتا ہی

تڑپ رہا ہی جو بے اختیار پہلو مین
کہ ہی مرقعۂ تصویر یار پہلو مین
کہ دیکھون جلوۂ روے نگار پہلو مین
بٹھائے غیر کو جب گلعذار پہلو مین
کہ ہی خزان مین بھی فصل بہار پہلو مین
ہزار زخم ہین دلبر ہزار پہلو مین
کہ تھا یہ دشمن جان ناگوار پہلو مین
جگر ہی سینہ ہی دل ہی فگار پہلو مین
خزانۂ سخن آبدار پہلو مین

مولوی باسط علی شوکت باشندۂ لکھنؤ محلہ بھوالی گنج شاگرد اصغر علیخان نسیم دہلوی

کسی نے منہ لگایا آہ و نالے یہ لگا کرنے	بتون کے عشق سے دل ہو گیا ناقوس پہلو مین
حنا کیطرح سے قسمت مین اُسکی پائمالی ہی	نہ رہنے دیگی دلکو حسرت پابوس پہلو مین
گئے وہ غیر کے گھر اب نہ آئینگے نہ آئینگے	ملین قلب و جگر دونون کف افسوس پہلو مین
یہ سمجھون ہفت کشور کی ملی ہی سلطنت محسن	جگہ دے گر غلام بادشاہ طوس پہلو مین

دل

عارف کامل روشن ضمیر حضرت خواجہ میر مغفور درد خلف حضرت خواجہ ناصر عندلیب دہلوی صاحب دیوان فارسی و ریختہ اور پانچ رسالہ نادر و آہ سرد وغیرہ اور ایک رسالہ حرمت غنا مین اُنسے یادگار ہی +

بارے یہ داغ عشق ہوا شہریار دل	مدت سے بے چراغ پڑا تھا دیار دل
اٹھتا ہی بعد مرگ بھی مانند گرد باد	ای درد خاک سے مرے ابتک غبار دل

شیخ جمال الدین کامل باشندہ آنولہ لکھنؤ مین واسطے تحصیل علم کے آئے تھے شاگرد غلام ہمدانی مصحفی +

آغاز مین عیان ہی یہ انجام کار دل	دو چار دن ہی زندگی مستعار دل
موج غم و الم مین پھنسا شہریار دل	ہو کون بیکسی کے سوا غمگسار دل
اس رشک آفتاب سے گر وصل ہو نصیب	شبنم کیطرح صاف اُڑے پھر غبار دل
اس شمع رو صنم نے جو کین سرد مہریان	کافور ہو گیا ہی شکیب و قرار دل
بحر جہان مین ہی یہی کامل کی آبرو	ہو زیب گوش یار دُر شاہوار دل

[illegible] مشفق [illegible]

پہلو [illegible]

عبرت کہین لگی کسی سے [illegible]

حکیم میر [illegible] علی باشندہ بریلی [illegible] نواب معتمد الدولہ بہادر مقیم کانپور

تا زیست رنج و غم ہی رہے غمگسار دل [illegible]

وحشت جنون مین چھوڑ [illegible]
[illegible] جان و طاقت و صبر و قرار دل

میر [illegible] خان جلال لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

[illegible] وارد مدار دل
[illegible] نہین اختیار دل
مجھ سے الگ جو دفن ہوا [illegible] تو خوب تھا
پہلو مین میری قبر کے بنتا مزار دل
[illegible] کدورت [illegible]
[illegible] ہو گیا حائل غبار دل
کھٹکا ہی جیب سے زلف پریشان یار مین
قندیل عرش سے بھی سوا ہی وقار دل
مرنے سے بھی بچا نہ سکی وہ ہی تپ فراق
رو کر بھلا نکالیے کیونکر بخار دل
باغ شباب مین نہین کھلتا گل وصال
صرف خزان ہجر ہی فصل بہار دل
کل تک تو اپنی چیز تھی مختار تھا جلال
اب آج سے حضور کو ہی اختیار دل

پھونکا ہمین شباب مین داغ فراق نے
باد خزان سے گل ہوئی شمع مزار دل
کرتی ہی ذبح صاف کدورت حضور کی
شمشیر آبدار ہی موج غبار دل
روشن چراغ جان ہوا اوس مہ کی دید سے
تار نظر ہی رشتۂ شمع بہار دل
ای نور سب نے چھوڑ دیا بیکسی مین ساتھ
غم کے سوا رہا نہ کوئی غمگسار دل

اظہار نویس عدالت دیوانی لکھنؤ سید انعام حسین مجنون خلف سید حسن باشندۂ
لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

دنرات زلف و رخ پہ ہی اب اختیار دل
کس چین سے گذرتے ہین لیل و نہار دل
پہلو مین اس سبب سے نہین بیقرار دل
صیاد صید گہ مین کریگا شکار دل
اک گل کے ہجر مین ہی یہ طرفہ بہار دل
داغون سے تن چمن ہی تو چشم آبشار دل
مدت ہوئی کہ آنکھون سے خون ہوکے بہگیا
اک لخت دل مژہ پہ ہی اب یادگار دل
ہر حلقہ شوق دید مین ہی چشم انتظار
کس درجہ زلف یار کو ہی انتظار دل
مردے کا بھی تو اسکے ٹھکانا کہین نہین
فرمایئے مین خاک بتاؤن مزار دل
جسدن سے ہمین گھر ہوا اک شاہ حور کا
دار السلام بنگیا اپنا دیار دل
اوس سرو قد کے صدمۂ ہجر ان سے مرگیا
لازم ہی زیر سرو بناؤ مزار دل
بوسہ لیا جو مین نے تو وہ دین گے گالیان
خوب آپنے گرم ہوکے نکالا بخار دل
اندوہ و یاس حسرت و حرمان کا ہی ہجوم
آباد اندلون ہی انہین سے دیار دل
مردہ جو اس نگار و پریشان کا ہاتھ آئے
کوچے مین زلف کے مین بناؤن مزار دل

ردیف دال

[illegible]

[illegible]

دوری مین زلف ورخ کی تمسے یار کیا کہون		جسطرح کاٹتا ہی یہ لیل ونہار دل
مجذوب گلہ خون سے لگا تا نہ زینہار		خار غم فراق سے ہوگا فگار دل

میر حسن مغفور **حسن** خلف الرشید میر غلام حسین ضاحک دہلوی مقیم لکھنؤ ایک دیوان مع قصاید اور مثنوی بدر منیر اور ایک تذکرہ شعراے اردو گو کا انسے یادگار ہی شاگرد میر ضیاء الدین ضیا

پایا ہی بیکسی مین عجب مین نے یار دل		مین دل کا غمگسار مرا غمگسار دل
وہ دن گئے جو گل کیطرح تھا کھلا ہوا		پہلو مین اب تو کھٹکے ہی مانند خار دل
مدت سے ڈھونڈھتا تھا دل گم شدہ کو مین	ق	ناگاہ اُس گلی مین ملا ایکبار دل
پوچھا یہ اُس سے مین نے کہ کیا ہوا تجھے		تو تو بہت شفیق تھا ای غمگسار دل
تجسے نہ تھی امید کہ بھولے گا یون مجھے		ایسا گیا کہ تھا ہی نہ یان زینہار دل
کہنے لگا نہ پوچھ **حسن** تجسے کیا کہون		ہوتا ہی سبکا عشق مین بے اختیار دل

میر امداد حسین **فشتر** خلف میر حامد علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

دیتا خدا مجھے جو بتو بار بار دل		کرتا مین ان گلون پہ تصدق ہزار دل
تیغ نگاہ وابروِ خمدار یار سے		رکھنا پناہ مین مرے پروردگار دل
ایسا بھی خود فراموش وجانباز ہی کوئی		میرا بھی اس جہان مین ہی یادگار دل
ایفاے عہد وصل کا ہرگز یقین نہین		کتنا تری طرف سے ہی بے اعتبار دل
یاد آئی میکشی جو تری برشکال مین		بجلی کیطرح ہونے لگا بیقرار دل
آیا دل ابرون پہ نظر سے گرا دیے		شیشے کیطرح طاق سے دلبر اُتار دل

دل

سخن

شانے کی طرح اور بھی ہو دیگا چاک چاک
جون جون کہ اُسکی زلف سنوارا کریگا دل
ای جان جسکو تو تمام کو باقی نہین رہا
کیونکر تمھاری زلف کا سودا کریگا دل
بیچا ہی تم نے اُڑا کے خریدار دل [illegible]
جب تک بہ رنگ غنچہ گرہ وا کریگا دل
مصروف یاد رکھیو آتا قریب مین
میری طرح سے تجکو بھی سودا کریگا دل

[illegible]

صاحب دیوان

قاتل یہ ایک ایک ہی بسمل براے دل

عشوہ و کرشمہ و شوخی و غمزہ و ادا و ناز

آتی بلاؤن سے کوئی کیونکر بچاے دل

مژگان و خال و ابرو و زلف معنبرین

سلطان تخلص دیوان انکا ... گذرا ہی اور حال معلوم نہوا شاید ... معتمد الدولہ کی ہون

کب تک یہ ... ڈرہی ہی کہ جان سے ...

قاتل سے کب کہا تھا ...

آخر نہ ہیری جان پہ آئی بلا سے دل

دل

چھوٹا سا اک نظیر بھی ہی خاک پاے دل		ہین یان بڑے جواہل دل اکثر یہ کہتے ہین

میر نظام الدین مغفور مخاطب بہ ملک الشعرا ممنون تخلص خلف الرشید میر قمر الدین منت فارسی گو باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان ہندی و فارسی شاگرد اپنے والد ماجد کے

دو ن آگ مین جلا کہ یہی ہی سزاے دل		ہون داغ دست ویسے اگر ہاتھ آئے دل
دل مین نہ جانے غم ہی نہ پہلو مین جلے دل		الماسکے ور دمنے کیا ہی کیا ہی تنگ
اڑتے پھرے ہین چارطرف پارہ ہاے دل		اے تند باد آہ بس آہستہ جنبشین
دلپر جفاے خلق ہی مجھ پر جفاے دل		ہر ایک کو جہان مین ہی آزار ایک سے
ممنون کیا بیان کرون ماجراے دل		ہدتیے آب ہوکے بہا چشم تر کی راہ

سید قاسم علی مرحوم نثرا در ولد میر احمد علی بن دارو غہ بوتا و خاص فردوس آرامگاہ بزرگ انکے باشندۂ مشہد مقدس ہاشمے آکے دہلی مین رہے وہان سے فیض آباد مین آئے انکا مولد و مسکن لکھنؤ شاگرد مصحفی

آتی نہین یہ سر پہ ہمارے بلاے دل		جاتے نہ اسکے کوچے مین ہم گر قضاے دل
جب ناتگتا ہون اُس سے مین جاکر بہاے دل		دینے کا دخل کیا ہی وہ دیتے ہین گالیان
کوچے مین اُسکے جاتے ہی ہم دھونڈلاے دل		دیرو حرم مین برسون رہی روز و شب خراب
چاہ ذقن مین کیونکہ نہ پھر ڈوب جاے دل		آئی نہ اسکی جب رسن زلف ہاتھ مین
پھر کیون لگاتے ہو یہ ہردم کہا ہے دل		دل دے تو بیٹھے اُس بت بے مہر کو نثرا

محمدی بیگ عرف مرزا الٰہ یار بیگ بسمل خلف اور شاگرد مرزا محمد امین طاہر باشندۂ لکھنؤ

کیونکر نہ ہم بتون کے تئین چاہین ناصحا — دل ہی براے الفت براے دل

دیکھا صفا نہ ہجر مین اُسنے سواے غم — کوئی نہین انیس دل و آشناے دل

کرامت اللہ خان فرخ خلف حفیظ اللہ خان باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید ناسخ

کس سے بیان مین جاکے کرون ماجراے دل — ایذاے دل مصیبت دل مدعاے دل

کیا غم ہی دو جہان اگر بھول جاے دل — پر یہ نہو کہ یار کو دم بھر بھلاے دل

اشکون کے ساتھ خون بنا کر بہا دیا — محشر مین لونگا عشق سے مین خونبہاے دل

بیمار اُسکے نرگس جادو کا جسے ہی — غم تو غذا ہی خون جگر ہی دواے دل

نازو ادا و زلف و رخ و چشم ہین ستم — اتنی بلاؤن سے کوئی کیونکر بچاے دل

تھا پہلے باغ عشق مین گل اب ہوا ہی داغ — وہ ابتدا تھی اور یہ ہی انتہاے دل

اُس گلبدن کے جسم کی لاے جو بو صبا — سینے مین گل کیطرح نہ پھولا سماے دل

ہین دفن جس جگہ ترے دلدادگان عشق — آتی ہی اُنکی قبر سے آواز ہاے دل

گر ماجراے دل کہون اور جور دلربا — دنیا مین پھر کوئی نہ کسی سے لگاے دل

حسرت ہی بوسۂ لب شیرین کی دم بدم — میٹھا ہی زہر غم اُسے کیونکر نہ کھاے دل

اب سے خدا بچاے گر آفت سے عشق کی — کافر ہوا ان بتون سے اگر پھر لگاے دل

ابر و ہوا و یار و شراب و بہار و باغ — فرخ یہ ہی خدا سے عرض مدعاے دل

حکیم باقر علی حشم خلف حکیم مرزا احمد باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد

شیخ امام بخش ناسخ

آواز متصل یہی آتی ہے ہاے دل

بھولا تمھارے عشق مین دنیا و دین کو

جو چاہو اب کرو کہ یہی ہے سزاے دل

کوچے سے اپنے ہمکو اُٹھاتا ہے کس لیے

بیٹھے ہین ہم جہان سے اپنا اُٹھاے دل

کہتے ہین دردمند ترقی کا حال دیکھ

یا رب کبھی کسی پہ کسی کا نہ آے دل

حسام الدولہ فقیر محمد خان مغفور

اسد اللہ خان گویا خلف بلند خان

خواجہ وزیر

انکا کلام پسند خاص و عام ہی مذاق سے پیرایہ مین دلچسپ شاگرد صاحبقران

اچھا نہوگا شربت دیدار کے بغیر
اسکے سوا نہین ہی طبیب دوائے دل

رسوا کیا ذلیل کیا اور دیکھیے
آگے خرابیان ہین کیا کیا دکھائے دل

سارے بتون کو چھوڑ کے بندہ ترا ہوا
اتنی تو واقعی بخدا ہی خطائے دل

جل جائیگا جہان نہ چھیڑ اسکو شمع رو
آتش دبی ہوئی ہی ہمارے بجائے دل

ہم اپنا حال آپ ہی جا کر کرین گے عرض
قاصد کا منہ نہین جو کہے ماجرائے دل

اہل نظر کی آنکھ مین اکسیر خاک ہی
طالب ہین اُسکے ہم جو بنے کیمیائے دل

بیگانہ دل کے معنی سے آگاہ ہی نہین
یہ اُس سے پوچھیے کہ جو ہو آشنائے دل

جز دلبرون کے اور کا گویا گذر نہین
شاید بنی انھین کے لیے یہ سرائے دل

شیخ محمد مخدوم بخش مرحوم ذکا نوحہ خوان جناب سید الشہدا ساکن لکھنؤ شاگرد مرزا خانی نوازش

یارب کسیکے بس مین کسیکا نہ آئے دل
مجھ سے یہ اب کہا نہین جاتا کہ ہائے دل

لہرا رہا ہی دل مین مرے نور حسن یار
خورشید سے فزون ہی ہماری ضیائے دل

دل میرا ایک ناز ترے یار سیکڑون
انصاف تو ہی کر کہ کہان تک اُٹھائے دل

چارہ نہین کسیکا کمون کس سے ای ذکا
قسمت مین اسکے غم ہی لکھا کیون نکھائے دل

شیخ مہدی مخاطب بہ ملک الشعرا ذکی خلف شیخ کرامت علی شیخزادہ لکھنؤ مولد و مسکن انکا مرادآباد صاحب دیوان

ان سنگدل بتون سے کہان تک برائے دل
پہلو مین سنگ کا شکے ہوتا بجائے دل

ضبط فغان فراق مین ممکن نہین کبھی	پیارے کہانتک کوئی تمہارا سالائے دل
ناگفتنی ہین عشق بتان کی مصیبتین	کس سے بیان کرتے پھرین ماجرائے دل
تصویر یار خانۂ دل مین رہے شمیم	حاصل ہو آئنہ کیطرح گر صفائے دل

افصح الفصحا واقف علم تکسیر خواجہ وزیر مغفور وزیر خلف خواجہ نقیر باشندہ
لکھنئو صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

ہر عضو تن کو وہ محبت ہنائے دل	وہ نی ہون بند بند سے نکلے صدائے دل
ای حور اپنا جذب جو تجکو دکھائے دل	جنت سے چار باغ عناصر مین لائے دل
بھنتا ہی کیا کباب کے مانند ہائے دل	خونبار ہی جو نالۂ درد آشنائے دل
ہی عرش آستانۂ دولتسرائے دل	اللہ رے رتبۂ حرم کبریائے دل
مقصد بر آے میان سے لی تیغ یار نے	اُترا غلاف کعبۂ حاجت روائے دل
آتی ہی اُنکے کوچۂ گیسو سے یہ صدا	آؤ مسافرو کہ یہان ہی سرائے دل
جز یاد دوست غیر کا خطرا نہ آسکا	وسعت نثار تجھپہ ہی ای تنگنائے دل
بو ہوکے گل مین کیا دل بلبل سما گیا	توڑا کسی نے پھول تو آئی صدائے دل
جانا ہی رخنون مین بلا کا ہی سامنا	قاصد ٹھہر کہ ساتھ کر دون ہوائے دل
پکر مین ایک آہ سے ہی گرد باد جسم	اللہ رے زور شور ترا ای ہوائے دل
ای جان جسکو نقطۂ موہوم کہتے ہین	تیرا دہان تنگ ہی یا تنگنائے دل
پاسے نگاہ یار پھسلتا ہی بار بار	پیدا کرے نہ گرد کدورت صفائے دل

دل

پیدل وہ ہون کہ یاد نہین کچھ سوائے دل
ہر دم پکارتا ہون یہی مین کہ ہائے دل
اپنی نظر مین وسعت افلاک تنگ ہی

نواب مرزا مظفر خان مضطر ولد نواب محمد رضا خان بن مہدی علیخان صوبدار کیٹھر باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر وزیر صبا

کیسا نڈھال ہی شب فرقت سے ہائے دل	اب کچھ نہ کچھ ضرور ہی صاحب دوائے دل
وہ ہاتھ اٹھا اٹھا کے یہ کہتے ہین قفس مین	مجرا کرین جواب کوئی ہمسے بجائے دل
خون ہوگیا مگر ترا شکوہ نہین کیا	او بیوفا نگاہ مین رکھنا وفائے دل
آئینہ جانکر بت خودبین نے لیا	اللہ کے کرم سے ہوئی یہ صفائے دل
مضطر تم اُسکے ہجر مین تڑپو گے کب تلک	کھو یا گیا کہان سے کوئی ڈھونڈھ لائے دل

نواب سید محمد خان رند خلف نواب سراج الدولہ غیاث الدین محمد خان بہادر نصرت جنگ نیشاپوری نواسے نواب نجف خان کے باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید خواجہ حیدر علی آتش

پڑتی ہی آکے جان پہ آخر بلائے دل	یارب کسی بشر پہ کسیکا نہ آئے دل
آنے دے میری جان کسی پر جو آئے دل	کچھ مشغلہ ضرور ہی آخر برائے دل
تو ایکبار ہنس کے گلے سے اگر لگائے	سینے مین خرمی سے نہ پھولا سمائے دل
جو کچھ سلوک تونے کیے اس غریب سے	کیون بیوفا بتا تو یہی ہی سزائے دل
تاب و توان و صبر و خرد کیلئے جلد سے	رکھتے ہین کائنات مین ہم کیا سوائے دل
سوراخ پڑ گئے کہ لہو ہوکے بہ گیا	جو کچھ ہوا بجا تھا یہی تھی سزائے دل
حینے سے پوچھین جو مشق ریاضت رہے ہی	حیرت فضائے آئینہ ہو گی صفائے دل

[illegible] خون سے [illegible] ہماری صدا سے دل
[illegible] رسے چمن کبھی نہ ہرگز لگائے دل
شعلہ ہی اپنے پہلو مین کروٹ نہین قرار [illegible] شاید بجائے دل
باغ جہان کا رنگ بہت بے ثبات ہی
بلبل سے کہدو گل سے نہ ہرگز لگائے دل
ای موت جلد آکہ یہ جھگڑا ہی مٹے
کب تک شب فراق کا صدمہ اٹھائے دل
[illegible] کسی کو برا بھی ہوا ہی دل

دل

زائر کربلائے معلی میر مہدی ممنون خلف میر عباس باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

ہی خوب دل کے حال سے آگہ خدائے دل ‏ جز درد اور کوئی نہین آشنائے دل
جاہو جلاؤ جا ہوا سے خاک مین ملاؤ ‏ ای جان میرے پاس نہین کچھ سوائے دل
آتی ہی آہ آہ کی آواز بزم سے ‏ ساقی نے آج توڑے ہین کیا شیشہائے دل
روتے ہین بلبلون کو گرفتار دیکھکر ‏ ہمکو ہین اپنے دل کے برابر برائے دل
اُس شعلہ رو نے ہمکو جلایا ہی اسقدر ‏ پہلو مین ایک آگ کا شعلہ ہی جائے دل
مہمان رہا ہمیشہ غم ہجر دلربا ‏ آباد ساری عمر رہی ہی سرائے دل
ہی اضطراب باعث نقص کمال عشق ‏ ای ضبط آہ دیکھ تڑپنے نپائے دل
دل کسکو دیکے اُٹھ گئے دنیا سے ای ممنون ‏ کیون آرہی ہی قبر سے آواز ہائے دل

لالہ دھنپت رائے زار خلف لالہ شنکر لال برادر ماموں زاد راجہ کندن لال بہادر باشندۂ بریلی مقیم لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر

کیونکر تمہارے روئے مصفا تک آئے دل ‏ اِس درجہ ہی صفا کہ پھسلتا ہی پائے دل
میری طرح کسی پہ تمہارا جو آئے دل ‏ سینے پہ رکھکے ہاتھ کہو ہائے ہائے دل
داغون پہ داغ صدمے پہ صدمے اُٹھا چکے ‏ دیکھین ابھی یہ اور نہ کیا کیا دکھائے دل
مین گرمیان کرون جو بعین آپ دسترس ‏ کیا خوش ہون گر کسی پہ تمہارا بھی آئے دل
صبح عذار و گیسوے شبگون دکھائیے ‏ صدمے یہ رات دنکے کہانتک اُٹھائے دل
تشبیہ دی ختن سے اُسے یا خطا کہا ‏ بل کر رہی ہی زلف ہوئی کیا خطائے دل

بحر فنا مین کوئی نہین آشنائے دل
ہی عندلیب رشک مسلسل بنائے دل

گلزار مین ہون خواب فراموش سے جیسے
قصہ جو عندلیب کو اپنا سنائے دل

نقل مکان مفید ہی بیمار کے لیے
قصر بدن سے کوچہ جانان مین جائے دل

یاد خرام یار مین نالے ہین رشک صور
ایسا نہو کہ فتنۂ محشر جگائے دل

خنجر کے زخم کھائے جو ابرو کا عشق ہی
جانبازیون کے حسن کو جوہر دکھائے دل

عشاق کی بھی عقل ہی الٹی کبیر کی
آیا اُسے سمجھتے ہین جسوقت جائے دل

او شاہ حسن تیرے گلی کا جو ہو گدا
خاطر مین سلطنت کو بھی ہرگز نہ لائے دل

یہ عشق بدبلا ہی نہ سمجھے تم ای نصیر
اب دل گنوا کے کہتے ہو کیون ہائے ہائے دل

محمد حسین علی خان جیکلہ دار جو یا تخلص باشندۂ کولہار توابع ملیح آباد

الٰہی بلائے عشق سے خالق بچائے دل
کافر ہو پھر کبھی جو کسی سے لگائے دل

جلنے سے استخوانکے روشن ہوا مجھے
پنہان ہین میرے سینے مین اخگر بجائے دل

بوسہ اگر ملے گل رخسار یار کا
پھولا نہ اپنے جامۂ تن مین سمائے دل

اب اُسکے چھوٹنے کی توقع نہیں ہین
بیڈھب پھنسا ہی زلف کے پھندے مین ہائے دل

جویا اگرچہ پیر ہوے اور گیا شباب
پر عشق مین جوان کے وہی ہی ہوائے دل

شاہزادہ مرزا زاہد الدین زاہد ولد مرزا کام بخش بن مرزا سلیمان شکوہ باشندۂ لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد آتش

طرز مین بنا ہی کی یہ فقط ہین برائے دل
کیونکر نہ اُس پری پہ بھلا اپنا آئے دل

ہوگا مکان بھی پہلوِ خالی فراق مین
دل کے بغیر سونی ہی دولت سراے دل

غیرونسے پوچھتے ہین مرا حال کیون حضور
کیا مدعی کہین گے جو ہی مدعاے دل

آتے ہین دانے اشک کے ثابت جو چشم مین
کیا دانت گھس گئے ہین ترے آسیاے دل

بزم خیال مین جو وہ زینت پسند آئے
دکھلائے آئینہ اُسے بڑھ کر صفاے دل

زیبا ہی گر مین ہر بن مو سے پڑھون درود
رشک خضر ملا ہی مجھے رہنماے دل

کس دلربا نے اسکو دکھایا ہی سچ کہو
اے ضبط کرتے پھرتے ہو کیون ہاے ہاے دل

مصاحب حضرت سلطان عالم تدبیر الدولہ منشی مظفر علیخان بہادر اسیر خلف مدد علی باشندہ
امیٹھی توابع لکھنؤ صاحب دیوان ہندی و فارسی شاگرد مصحفی

کیا کام اہل دل کو کسی سے سواے دل
بیگانہ اک جہان سے ہی آشناے دل

محنت ہزار سال سکندر کرے تو کیا
ممکن نہین کہ آئینہ پائے صفاے دل

ہادی یہی ہی خضر یہی راہ بر یہی
کعبے کو بھی نجائین گے ہم بے رضاے دل

ہاتھ آئے اُسکے تیر کا پیکان اگر مجھے
پہلو مین چاک کرکے مین رکھلون بجاے دل

کرتا نثار ہر نگہ ناز یار پہ
دیتا اگر ہزار مجھے دل خداے دل

قسمت نے دام عشق مین ہمکو پھنسا دیا
آنکھون کا ہی قصور نہ اس مین خطاے دل

تدبیر وصل کی کوئی باقی نہین رہی
حاصل کسی طرح نہ ہوا مدعاے دل

آیا ہی ہاتھ ہمکو یہ مضمون چراغ سے
روشن اُسی کا نام رہے جو جلاے دل

پامال پائے ناز سے کرتے ہو کیا بتو
قالین کے گل نہین ہین مرے داغہاے دل

دل

الہی بد بلا سے بچائے اسے سرور
دنیا مین کوئی شے نہین بہتر سواے دل

شاہزادہ علی وقار مرزا محمد سلیمان قدر بہادر متخلص
ولد مرزا محمد خورشید قدر بہادر قیصر بن
مرزا آسمان قدر بہادر ولد مرزا مولد و مسکن لکھنؤ
شاگرد میر ہادی علی بیجود

گردش اُن انکھڑیون کی اگر دیکھپاے دل

ان کا زور ن کے کاکل پیچان ہو وہی
ناحق پھنسایا آپ نے بیٹھے بٹھاے دل

مولوی عبد الکریم سوز خلف مولوی امام بخش صہبائی باشندہ دہلی

اک سوز اشتداد ہی مین بڑا ہی ہوا ہی دل
انگلی کو رنگ دیکھ کے کیا کیا دکھاے دل

شہاب خان سپہر باشندہ دہلی شاگرد مرزا قادر بخش صابر

بے حوصلہ سمجھ کے وہ ہنستا ہی اے ہمہم
روتا ہون جیسے سامنے کہارین اسے دل

شاہزادہ گردون وقار مرزا محمد ہمایون قدر بہادر مسیم تخلص خلف مرزا محمد خورشید قدر ابن مرزا محمد آسمان قدر بہادر مولود وسکن لکھنؤ

ای شاہ حسن داغ کی دولت جو پاے دل
اپنا دیار عشق مین سکہ بٹھاے دل
پھر چھیڑتا ہی سلسلۂ زلف یار کو
جاتا ہی قید ہو سے کہ بیٹھے بٹھاے دل

پوچھین نہ غیر دن سے مرا مافی الضمیر آپ	گر حکم ہو تو خود مین کہون مدعاے دل
ممکن نہین ہی دانۂ خال بتان سے	گو تیرا سپہ دانت ہی ای آسیاے دل
نا چیز ہی یہ جنس خریدار ہون جو آپ	عزت بڑھے وہ چند ابھی ہو بہاے دل
سوز درون سے شمع کے مانند جل اٹھے	آجائے تا زبان اگر مدعاے دل
بیجائے گی اڑا کے کدھر دیکھئے ہمین	چوبائی سنکے آج چلی ہی ہواے دل
اللہ رے رعب حسن نہ مین کچھ بھی کہسکا	گونگے کیطرح دل مین رہا مدعاے دل
مشکل ہی سخت دانۂ خال بتان کا عشق	دانتون پسینا آئیگا ای آسیاے دل
ملجائے اس پری سے یہ تسخیر آج ہی	ہی خیر اس مین اب نہ بہت شر اٹھائے دل

محب ولی علی محمد خان ولی ولد قایم علیخان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نواب
ظفریاب خان راسخ

جلنے سے رات دن کے یہی ہی دعاے دل	یارب وہ خود جلے جو کسیکا جلاے دل
اندوہ و یاس و درد و غم و دورِ صنم	کیا کیا میسر آئے ہین آشناے دل
ہیہات آسمان ستمگر کے ہاتھ سے	نکلا نہ کوئی آج تلک مدعاے دل
تنہا یہ ناز و غمزے کی لاکھون چڑھائیان	کسطرح ای بتو مرا گھبرا نہ جاے دل
اک بار پھنس گئے تھے خدا نے بچائی جان	کافر ہو اب جو کوئی کسی سے لگاے دل
کاندھا دیا جنازے کو قاتل نے بعد قتل	کیا خوب ملگیا ہی مجھے خون بہاے دل
شکوہ نہین ہی کچھ فلک پیر سے ہمین	دشمن نہین ہی کوئی ہمارا سواے دل

دل
اسیر

[illegible]

کسسے کہین یہ حال نہین قابل بیان	ظاہر نہو چھپا ہی رہے ماجراے دل
اندھے کیطرح تجھ پہ طبیعت جو آئی ہو	کچھ اور ہی ہوا ہے ہوئی ہو ہواے دل
دل کو خرام یار نے پامال کر دیا	کس چال سے مسیر کا کوئی بچاے دل

محمد عبداللہ خان مہر خلف محمد مصطفیٰ خان صاحب مطبع مصطفائی باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نسیم دہلوی

وہ دل نہین ہو عشق سے جو باز آے دل	دلدار لاکھ طرح مرا آزماے دل
اُس مہ جبین مہر لقا پر جو آئے دل	میرے طرح فلک بھی کہے ہاے ہاے دل
محروم ہم رہین ترے محرم سے ای پری	یون مدعی نکالا کرین مدعاے دل
بھولا ہو خط سے کوچۂ کاکل کی راہ کو	احسان ہو جو خضر بنے رہنماے دل
سودا تمھاری زلف پریشان کا ہوگیا	بازار عشق مین جو گئے بیچ لاے دل
کوہ غم فراق کو ہم کاہ جانتے	پتھر جو اپنے سینے مین ہوتا بجاے دل
جاری ہو خون چشم سے اب تک بھی خیر ہو	مجکو یہ ڈر ہو اور نہ کچھ رنگ لاے دل
کس کس طرح فراق کے صدمے اُٹھاے ہین	سنیے اگر تو ہم بھی کہین ماجراے دل
بعد از فنا مزار پہ میرے کہین گے لوگ	دل وادہ کونسا ہو جو کہتا ہو ہاے دل
صبر و شکیب تاب و توان سب چلے گئے	جب آپڑی تو کوئی نہین آشناے دل
لیلی وشون کے عشق نے مجنون بنا دیا	خاک مزار قیس سے مٹی کیا بناے دل
کرتا ہو کوچ قافلہ صبر و قرار کا	نالہ ہمارا مہر بنا ہو دراے دل

دل

وہ دوست ہو جو دوست کی خاطر جلاے دل
اور ون کے جب حضور مین سکے گذر جائے
ہم نذر دینے کو سر بازار لاے دل
سنتا ہون آج کل وہ خریدار دل ہین
دھوکے سے کہین جا کے مرا بیچ لاے دل
اُٹھتے تو بزم یار سے جا بجا اُٹھے
ہر ہر قدم پہ منھ سے نکلتا ہو ہاے دل

اُس رنگ ڈھنگ پہ تلوار کھائے سحر مین پھنس جائے خوب ہی
لیکن یہ چشم و ابرو سے اُنکے لگائے دل
کیا شمع کی مجال ہی سنگ جو تاب لائے
پتھر بھی موم ہو جو کہون ماجرائے دل
عشق بتان سے ایک جہ ہو جوش تخلصی
پھر کچھ نہ ہی قسم جو کسی سے لگائے دل
کرتی ہو غضب ہی قہر ہی مہندی پسی بلا [illegible]
پامال روز ہوتے ہین صدہا پڑا رہے دل
مہندی لگا لگا کے جو چلتے ہو پاؤن مین
کیا کیا نہ رنگ دیکھئے جو دکھائے دل
تنہا ہوا ہی اُن کے تلون مزاج پر
ایسا کمان سے روز نیا کوئی لائے دل
جور و جفا سے آپ کے جلا جو خاک ہو
بیٹھا ہی سنگ طفلان تب بجائے دل
اُس بت کی محبت جسے منظور ہی ہو [illegible] دل

مرقد مین بھی نہ داغ جدائی جدا ہوے	مشکل مین بھی شریک رہے آشنائے دل
اس آہ نارسا نے کلیجہ پکا دیا	اُس گل کے کان تک نہ گئے نالہائے دل
تیر نگاہ یار کی زد سے بچا رہے	وہ آنکھ دیکھکر نہ کہین لوٹ جائے دل
یا ورنہ آئے گا ترے کوچے مین آپ سے	یہ اور بات ہی کہ اُسے کھینچ لائے دل

الخطاب خواجہ غلام مصطفی **فروغ** خلف خواجہ مولوی یحیی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان
شاگرد میر وزیر صبا

اُس شمع رو پہ قہر کی جا ہی جو آئے دل	ممکن نہین کہ جان پہ آفت نہ لائے دل
کیون عاشقون کے دل کو ستاتے ہوا صنم	ایسا نہو تمھارا بھی کوئی ستائے دل
اسکی سزا یہی ہی کہ ہر دم جلا کرے	اُس شعلہ رو سے جو کوئی اپنا لگائے دل
بیدل مین ایسا ہون جو مرونگا تو بعد بھی	آواز قبر سے مرے آئیگی ہائے دل
اچھی نہین یہ آپ کی اٹکھیلیونکی چال	ایسا نہو کسیکا کہین بس بجائے دل
جس شمعرو کو دیکھا اُسے دم مگھل گیا	کس کام کا یہ دل ہی یہ جو لیے مین جائے دل
اُس وقت میرے دل کی تجھے یار قدر ہو	میری طرح ترا بھی کسی پر جو آئے دل
کیا بات پھر جلانا رقیبونکا ہی فروغ	اُس شمعرو کو راہ پہ گر اپنی لائے دل

نواب احمد حسن خان عرف اچھے صاحب بہادر **جوش** خلف اکبر نواب مقیم خان بہادر
بن نواب محبت خان بہادر شہباز جنگ محبت تخلص باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان
شاگرد نواب ظفریاب خان راسخ

رسالدار اور کلکٹر بادشاہی مرزا اعظم شاہ **اعظم** ولد مرزا اشرف بیگ بن خلیفہ عبد الرحیم

دل

باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

[illegible]

الخطاب نواب علی اصغر خان بہادر [illegible] باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

[illegible]

[illegible]

دل ہو فدائے یار تو مین ہون فدائے دل
اٹھتا ہی جبکہ یاد مزا اضطراب کا
کھل جاے گی حقیقت جام جہان نما
کیون جا کے زلف خم بخم یار مین پھنسا
وہ دن کہان جو یار سے رہتے تھے ہمکنار
رنج فراق و شادی وصل اسکے ساتھ ہی

دل مبتلائے یار ہو مین مبتلائے دل
سینے پہ ہاتھ مار کے کہتا ہون ہاے دل
آئینہ جب دکھائیگی اپنی صفائے دل
اپنی بلا سے پیچ پہ گر پیچ کھائے دل
پہلو مین درد رہتا ہی اتنو بجائے دل
کہتے ہین ہم تو عشق کو اصغر بلائے دل

مہدی حسین خان آباد ولد غلام جعفر خان باشندۂ لکھنؤ ہر بحر مین غزل کے انکا ایک دیوان ہی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

کوئی کہان سے غم کے اٹھانے کو لائے دل
ممکن نہین فراق مین بے موت جان آئے
اس فکر مین ہمیشہ حسینان دھر ہین
سب آفتین ہون پر یہ مصیبت نہو نصیب
یارب ہوا نصیب وصل تو بچ جاے اپنی جان
فرمائش اسکی آئی ہی مصروف فکر ہی

اے شمع فراق مین کبتک جلائے دل
نکلے جو اپنی جان تو آرام پائے دل
لے لیجیے مفت ہاتھ کسیکا جو آئے دل
یارب کسی بشر کا کسی پر نہ آئے دل
کب تک غم فراق کے صدمے اٹھائے دل
آباد اس غزل مین نہ کیونکر لگائے دل

عبد الکریم خان جنا ولد سرور خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میرزا سرور صبا

کیا وصل پھر کے کوچۂ گیسو سے آئے دل
کہدو یہان سے جائین طبیبون کو ہی جنون

کیسا رفیق چھوٹ گیا اپنا ہاے دل
جز شربت وصال نہین ہی دوائے دل

[illegible]

کنز الدولہ خورشید علیخان بہادر گہر ولد مجد الدولہ بن ظفر الدولہ کپتان فتح علیخان خواجہ سرای شاہی لکھنؤ

سو سو طرح سے گرچہ یہ صدمے اٹھائے دل — ممکن نہین جو چاہ سے اب باہر آئے دل
گو شمع رو ہو وہ بھی جلے گا تمام عمر — آسان نہین ہی جو کہ کسیکا جلائے دل
دل کا ہمارے خون کیا جو آپ نے — دنیا پڑیگا آپ کو بھی خون بہائے دل
نالون سے اپنے عرش تو جنبش مین آگیا — اُس بت کے کان تک نہ گئی پر صدائے دل
دیکھا جو روئے یار کو تسکین ہوئی گہر — آنکھین نظر پڑین مجھے جاحت روائے دل

میر مجدی سپہر خلف میر مہدی خواہر زادہ مولف ساکن لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید خواجہ در پرده

ناحق جو اپنے زلف مین وہ بت پھنسائے دل — زنجیر کیطرح سے نہ کیون غل مچائے دل
دست حنائی انکی اگر دیکھ پائے دل — آنکھون سے بدلے آنسوونکے خون بہائے دل
ہر دم ہین مست بادۂ خم غدیر سے — شیشہ شراب کا ہی بغل مین بجائے دل
داغ فراق و درد و غم و رنج سو ہجر — پیدا اسکیے خدا نے یہ اس بت برائے دل
جور و جفائین دیکھیے ثابت قدم ہی کون — تم آزماؤ دل کو تمھین آزمائے دل
زلفین دکھائین آسکے جو تمنے گھڑی گھڑی — ناحق بلا مین پھنس گیا بیٹھے بٹھائے دل
رکھتے ہین ہم کسی سے کدورت نہ کچھ غبار — آئینے سے زیادہ یہان ہی صفائے دل
اے شہر عشق مین یہ منادی ہوای سپہر — اُس ماہ رو سے کوئی نہ ہرگز لگائے دل

مرزا علی جان شفق خلف مرزا جان باشندۂ لکھنؤ غلام نے انکا دیوان نیساری کے نذر کیا کہ پڑیون مین صرف ہوگیا شاگرد رشید شیخ امداد علی بحر

منصور کی طرح اسے سولی چڑھائیے — عاشق ہوا تھا قد کا یہی ہے سزائے دل

کھینچی جو اسنے آہ مرا دم نکل گیا — کوس رحیل کیا ہے یہ تنگ درائے دل

اُسنے اگر بتون کو کیا رام دیکھنا — آگر خدا پرست بھی پوچھین گے پائے دل

پھانسی چڑھاؤ کوٹے لگاؤ نہین گلا — کیون اسنے عشق زلف کیا ہے سزائے دل

اس شمع رو کو دیکھکے کیون تو پگھل گیا — پروانہ سان سزا ہے وہ تجکو جلائے دل

یارب طفیل شاہ شہیدا نکے بخش دے — احمد کا اب یہی ہے فقط مدعائے دل

میر نواب مونس خلف میر مستحسن خلیق مرثیہ گو پوتے میر حسن حسن کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان

مین جان بلب ہون جلد کوئی ڈھونڈ لا دل — یہ کون لیگیا مرا پہلو سے ہائے دل

انسان ہین اے پری تو سلیمان کے سامنے — لے لین گے تجسے حشر مین ہم خونبہائے دل

تربت پہ اُسنے شمع بھی روشن نکی کبھی — مثل چراغ سیکڑون جسنے جلائے دل

الجھا کمند زلف دوتا مین بڑا کیا — لو گیسو لگاؤ واسطہ تجشو چھڑائے دل

یوسف کوئین مین گرکے پکارے تھے جسطرح — یون آرہی ہے چاہ ذقن سے صدائے دل

بوسے دیے ہین لب رنگین کے یار نے — مدت کے بعد آج ملا خون بہائے دل

جو کچھ کیا اسی نے کیا عشق یار مین — تھا اور کون دشمن پہلو سوائے دل

کیا سحر ہے کہ آنکھون سے آنکھین لڑا لیا — زلفون مین باندھ لیتی ہین پہ پان پائے دل

سینے پہ رکھ دے پنجۂ دست حنائی کو — قاتل ترے ستم تھا تو مین ہی خون بہائے دل

چھوڑا نہ اسنے اس صنم شعلہ رو کا عشق — ہوجائے جلکے خاک یہی ہے سزائے دل

مرشدزادہ مرزا محمد سکندر قدر بہادر متخلص بہ تدبیر خلف مرزا محمد خورشید قدر بہادر
قیصر باشندہ لکھنؤ

دل ہو تو کچھ بیان کرین ماجرا دل ... معلوم ہی نہین کہ کہان بھول آے دل
دلسوز جانتا ہی اُسی شمع رو کو یہ ... پروانہ وار جسنے ہزارون جلاے دل
چھوٹے نہ تیرے ہاتھ سے وزدِ حنا کی طرح ... مہندی پہ تیرے پس کے اگر چلے دل
اس شعلہ رو کے خال پہ عاشق ہوا تو ہے ... مثل سپند خوب ہو گر وہ جلاے دل
شیرین لبی سے غیرت شیرین اگر ہو تم ... فرہاد کیون نہ عشق مین ہمکو بناے دل
راحت سے کام کچھ نہین ہی رنج و دست ہوت ... پہلو مین رکھ دو سنگ جراحت بجاے دل
جھمکٹ سے بڑھ کے یار کی زلفون کی راہ ہی ... جادو کی طرح چاہیے عاشق جگاے دل
ساقی یہ مثل نامۂ اعمال ہو سیاہ ... بوتل ہی مے کی بغل مین بجاے دل
زائل جو چار دن مین ہو رنگ حنا نہین ... پانون سے ملکے دیکھلو رنگ حنا سے دل
دل تمکو بھی خدا نے دیا ہی بتو ڈرو ... بے دردیون سے تم نہ دکھاؤ پرایے دل
شکوہ جفا کا سنکے یہ کہتے ہین ناز سے ... کچھ دلگی نہین جو کسی سے لگاے دل
تدبیر اسپہ ہمین ہی تدبیر خوب ہم ... پھر دل نہ دین کسیکو اگر پھر کے آے دل

شاہ غلام اعظم افضل خلف شاہ ابو المعالی عالی بن شاہ اجمل صاحب ... الہ آباد
تین دیوان انکے ہین شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

کیونکر اُسے عزیز نہ رکھے خدا سے دل ... ہی روشنی ختم رسل آشناے دل

دل

سراپا سخن

دل

بیدلی کا درد جانے وہ صنم	اے خدا اُس کا کسی پر آئے دل
تیری مہندی سے گئی جنس شکیب	لے گیا درد حنا کا لائے دل
ہر گھڑی ہی اس مین اے بت گرد غم	شیشۂ ساعت بنا مینا سے دل
بیٹھے پیچھے ہمکو کہتے ہو برا	ناصحو معلوم ہو جو آئے دل
ایڑیون تک آئی چوٹی یار کی	قد آدم بڑھ چلا سودا سے دل
بات بھی تمنے نہ پوچھی نشار مین	طاق پر رکھا رہا مینا سے دل
شوق سے لیجائین جسکو چاہین آپ	جان سے مطلب نہ کچھ پروا سے دل
ہاے کس پتھر سے پھوڑون جاکے سر	ٹوٹ کر مجھ سے اُدھر ملجائے دل
ہاے غیرون سے کرین وہ دلگی	یون کلیجہ تھام کر رہجائے دل
رنج دیکر چاہتے ہو پھر ملین	دلگی ہو ٹوٹ کر بنجائے دل
روز تیر دل کا نشانہ کیون سنبے	اسقدر چھاتی کہان سے لائے دل
وہ چلے اٹکھیلیون سے اے طبیب	ایسے چالون سے نہ کیون بہ جائے دل

سخنور بے نظیر میر تقی مغفور میر ولد میر عبدالصمد خواجہ زادے اور شاگرد سراج الدین علیخان آرزو کے باشندۂ اکبر آباد مقیم لکھنؤ تھے دیوان ریختہ اور ایک دیوان فارسی اور ایک تذکرہ انسے یادگار ہی

طریق عشق مین ہی رہنما دل	پیمبر دل ہی قبلہ دل خدا دل
جسے مارا اُسے پھر کر نہ دیکھا	ہمارا طرفہ ظالم سے لگا دل

خفا رہنے سے کیا حاصل ہی تمہا
ہمین رکھنے ہین گو تم سے ترا دل
کسیکا شعر یاد آیا ہی سن رکھو
نہ بولا اس سے برا ہی یا بھلا دل
دل ست این جنگ نتوان کرد با دل
نشود با ہر کہ خواہد آشنا دل

غضنفر علی خان مرحوم غضنفر ... کرد باشندۂ لکھنؤ

سخن فہمی کا اب دعوی ہے اُنکو	کہ نافہمی سے جنکے ہو خفا دل
غضنفر کیا کہین اور کیا پڑھین شعر	کہ ان باتو نسے بالکل بجھ گیا دل

شیخ وزیر علی وزیر ولد معین الدین احمد خطیب باشندہ بلگرام صاحب دیوان شاگرد منشی احمد احمد فارسیگو صاحب دیوان ریختہ و ریختی

ہوا ہے جبسے تیر مبتلا دل	ہمارے ہاتھ سے جاتا رہا دل
مرے رونے پہ فرمایا یہ ہنسکر	کہان تھا یہ بتا کب تھا ترا دل
نڈھونڈھو اُسکو وزیر اب صبر کر بیٹھ	کسی عیار نے ڈالا چھپا دل

افتخار الدولہ مرزا حاجی قمر ولد منشی مرزا جعفر باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا قتیل

ہوا قاتل مرا جس کو دیا دل	گئی جان بھی اُسی دم جب گیا دل
مزا اس بیوفائی کا تو پاتا	اگر ہوتا مرے بس مین مرا دل
قمر فرط تف الفت سے اکدن	یہ سن لینا کہ جلکر رہگیا دل

شیخ فضل علی مرحوم شاد صاحب دیوان شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

بنا ہے برق وش دونون کا کیا دل	مرا بھی ہے تیرا چلبلا دل
نہین سنتا کبھی وہ درد دل کا	عجب ہے درد کے پالے پڑا دل
عجب کمبخت وہ ساعت تھی اے شاد	لگا تھا جس گھڑی اُس سے مرا دل

میر محمد حیات مرحوم ملقب بہ تربیت قلی خان حسرت عظیم آبادی

میر نبی جان مرحوم مدہوش ... خواجہ باسط شاگرد سوز

صنم جس ناز سے تونے لیا دل
جدا جانے ہی اُسکو یا مرا دل

ابو القاسم

ہوا ہی جب سے تیرا آشنا دل
اُسی دن سے ہوا ہم سے جدا دل

شیخ ظہور الدین عرف شاہ حاتم ...
تھا پاس ابھی کدھر گیا دل

والد ماجد مؤلف سید شاہ حسین حقیقت خلف میر عرب شاہ وطن بزرگونکا خوست مولد دہلی مسکن لکھنؤ مدفن چینا پٹن مندراس آٹھ تالیف و تصنیف مع دیوان یادگار ہین شاگرد جرات

تمھاری یاد مین ہی رات دن ہمارا دل	ہماری یاد مین بھی ہی کبھی تمھارا دل
بغل مین پاسنے کا تھا سلوک آہ یہی	ہوا ہی دشمن جان دوستو ہمارا دل
کسیکے جانے سے کیا بیکسی کہین اپنی	کہ صاف کر ہی گیا ہمسے اب کنارا دل
حقیقت اپنی کہون کسطرح کہ یار سے آہ	نہین ہی بات کے کہنے کا مجکو یارا دل

موجد ریختی شاعر باتمکین سعادت یار خان مرحوم رنگین خلف طہماسپ خان تورانی باشندہ شاہجہان آباد صاحب دیوان ریختہ و ریختی اور حکایات رنگین اور فرسنامہ شاگرد شیخ ظہور الدین حاتم

روشن بسان مہر ہی ہر ایک داغ دل	یارا و نہوے کیونکہ فلک پر دماغ دل
ساقی پہونچ شتاب پیے کوئی کب تلک	بھر بھر کے لینے خون جگر سے ایاغ دل
خواہش نہ شمع کی ہو اُسے نہ چراغ کی	فانوس تن مین جسکے ہو روشن چراغ دل
یون چاہیے کہ شعر ہو رنگین یہ دخل کیا	جب تک نہ ہوے گوشہ امن و فراغ دل

شاعر نامدار میر مہدی مرحوم بیدار باشندہ دہلی صاحب دیوان شاگرد مرتضی قلی خان فراق

بھڑکا ہی آہ سرد سے جون شعلہ داغ دل	روشن دم صبا سے ہوا یہ چراغ دل
ساقی چمن مین تو جو نہ تھا یاد کر تجھے	خون سے برنگ لالہ بھرا مین ایاغ دل
بھاتی نہین ہی باس کسی گل کی ای صبا	اُس گل کی بو سے ہی یہ معطر دماغ دل
دنیا کی فکر ہو تو فراغت محال ہی	جو محو یاد حق ہین اُنھین ہی فراغ دل

ردیف دل

کم ظرف کب سمجھتے ہین کیا ہی ایاغ دل
کیا اس چمن سے ڈھال مین الطبرین اُنکے پھول
رکھتا ہی جو بہار ہمارا یہ داغ دل

عظیم الدین خان عزت عزیز دوران بن سعادت خان

فارسی

فارسی اِنکے مثل کاملین کے ہین متوطن ساسیانہ مقیم دہلی واسطے سیر کے لکھنؤ مین آئے تھے شاگرد میر شمس الدین فقیر

سینے مین شام سے جو سلگتا ہی داغ دل	اُٹھتا ہی کچھ دھوان سا مین پایا سراغ دل

محمد عظیم بیگ مرحوم عظیم باشندۂ شاہجہان آباد شاگرد شیخ ظہور الدین حاتم و مرزا رفیع سودا

دوزخ ہو باغ باغ جو دیکھے یہ باغ دل	اعجاز یان خلیل کا رکھتا ہی داغ دل

سبحان قلی بیگ مرحوم راغب باشندۂ شاہجہان آباد شاگرد سعادت یارخان رنگین

ہوتا ہی تازہ آہ سے ہر دم جو داغ دل	روشن ہی باد گرم سے اپنا چراغ دل
اے شام غربت آہ کدھر ڈھونڈھیے اُسے	پایا نہ ہمنے زلف مین بھی کچھ سراغ دل

میر فضل علی مرحوم جنون باشندۂ دہلی شاگرد حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ

دیکھا سراسے سینہ کو لیکر چراغ دل	دل سوز ایک بھی نہ ملا غیر داغ دل

محمد بخش مرحوم شوق باشندۂ شاہجہان آباد شاگرد برکت اللہ خان

ساقی یہ کون سی تھی مے تند جس سے آہ	غربال کر دیا ہی ہمارا ایاغ دل

راجہ نول رائے انجہانی وفا تخلص بہادر کلان گلاب رائے دیوان امیر الامرا نواب نجیب خان بہادر صاحب دیوان

بکھرا اسے کوئی زلف کو اپنے جو اے وفا	پھر آہ کس طرح سے ملے میرا سراغ دل

نواب امین الدولہ معین الملک مرزا محمد بہادر ناصر جنگ متخلص بہ امیر خلف نواب شجاع الدولہ بہادر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان فارسی و ریختہ

عاجز کچھ احتیاج نہین ہی شراب کی
پیری ہی ہمارا خون جگر سے ایاغ دل

روشن ہی آفتاب سے مانند داغ دل
روز جزا تلک نہ بجھیگا چراغ دل

کیونکر نہ آسمان پہ ہو اسکا دماغ دل

ردیف دل

دیوان یادگار ... اجس[illegible] آگے [illegible] ہی
اب حیات ہی نہ پھر بیگانہ ایاغ دل
دیوانہ شیخ [illegible] مہ ... ار بہار علی کا ہین
حکیم [illegible] پوچھو ... چراغ دل
عارف کامل خواجہ [illegible] علیہ الرحمہ [illegible]
خلف خواجہ ناصر عندلیب دہلوی کی یادگار
دیوان فارسی ایک ہندی یادگار [illegible]
بالا درد زادہ سرو رو [illegible] اسکے یادگار
روزانہ رہتی ہین
و درد و شیخ [illegible]
اے ناصحی [illegible] وفاداری دل
[illegible] باشندہ [illegible]
ہم [illegible] زخمی [illegible] بیان
دیوان [illegible] بیان [illegible] دل
کلب [illegible] کا [illegible] گرفتاری دل
اور کیا [illegible] اس دل [illegible]
[illegible] ان کے [illegible] غمخواری دل
[illegible] مصحفی
[illegible] شیخ غلام ہمدانی [illegible]

چمکا ہی الفت رخ رنگین بت داغ دل
روشن ہوا ہی روغن گل سے چراغ دل

فرقت مین پی ہے ہین کسی کے لہو کے گھونٹ
خون جگر سے پر ہی ہمارا ایاغ دل

وارفتہ کسکے چال پہ ہو کر یہ گم ہوا
سینے مین ڈھونڈھیے تو نہ نکلے سراغ دل

خاطر کو درد و غم سے تعلق ہی رات دن
ممکن نہین فراق صنم مین فراغ دل

سینہ ہی لوح قبر شہیدان آرزو
شمع سر مزار ہی اپنا چراغ دل

کھولا بھبک کے ہمنے نہ مستی مین راز عشق
کہتے ہین ضبط اسکو نہ چھلکا ایاغ دل

اس گل کے وصل سے نہ شگفتہ ہوا کبھی
امید تازگی نہین رکھتا ہی باغ دل

دل تنگ ہی فراق کے صدمون سے موت آئے
ان تفرقون سے اب ہو کہین انفراغ دل

فصل گل آئی داغ کہن پھر ہرے ہوے
لایا بہار تازہ ہمارا یہ باغ دل

جھ ... راز عشق چھپا جوش اشک سے
لبریز اسقدر رہتا کہ چھلکا ایاغ دل

شیخ علی حسن جو یا ولد شیخ فتح علی جو قدسیہ محل کے آتو صاحبہ کے داماد تھے باشندۂ
عظیم آباد صاحب دیوان شاگرد رشک

مملو شراب نو سے ہی آج ایاغ دل
کیونکر چڑھے نہ عرش برین پر دماغ دل

نازک کہین ہی شیشے سے بس ظلم تا کجا
ٹوٹیگا ایک ٹھیس مین ساقی ایاغ دل

کیونکر شگفتگی ہو نصیب اس ملول کو
ای گل خزان رسیدہ ہی مدت سے باغ دل

گم ہو گیا ہی عشق دہان بتان مین کیا
ڈھونڈھا چراغ لیکے نہ پایا سراغ دل

کیا خاک بوسے چاہے کوئی درد ہجر مین
مہر خموشی لب عاشق ہی داغ دل

شیخ ولی محمد باشندۂ امروہہ مقیم لکھنؤ
دیوان ہندی ایک فارسی تین تذکرے
انسے یادگار ہین شاگرد ... ی
کان دھر کر تیرے کوچے مین سنون زاری دل
تا ہو معلوم مجھے درد گرفتاری دل
دوڑ دوڑ اُسکی گلی ہی مین یہ جاتا ہی مدام
کون تا چند کرے آہ خبرداری دل
بھاڑ مین جائے وہ سب چونچلے مین کیا کام مجھے
ہو نہین سکتی ہی اب مجھسے تو غمخواری دل
صاحب اس بزم مین جیتا نہ بچا کوئی
ہو دشمن کی بھی قسمت مین یہ بیماری دل
مصحفی جاکے مین گلزار مین ناشاد آیا
ہو گئی باد صبا سے بھی ہوا داری دل
نواب سیف الدولہ سیف علیخان بہادر مغفور
شگفتہ خلف نواب شجاع الدولہ
بہادر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان
کم مین ... بیماری غمخواری دل
آہ دل نالۂ دل گریۂ دل زاری دل
دیکھا

مے کے پینے ہی سے جاتا ہی خمار مے ناب	ہین لب لعل ترے دارو سے بیماری دل
جستجو کرتی ہی گلگشت مین بیہودہ صبا	کسی غنچے مین نہین بوے وفاداری دل
دوستداری مین سدا غنچۂ گل کے ہی نسیم	آہ ہر دم ہی شگفتہ یہ وفاداری دل

محمد عابد مرحوم **دل** برادر محمد روشن جوشش متولد و مسکن انکا عظیم آباد اولاد مین جنت مکانی کے

تیری زلفون مین پھنسا دل یہی تقصیر ہوئی	نقد جان لیجیے حاضر ہی گنہگاری دل

مہربان خان مرحوم رند پسر خوانده نواب احمد بخش خان بنگش رئیس فرخ آباد صاحب دیوان شاگرد میر محمدی سوز

دیکھکر دیدهٔ خونبار مرے زاری دل	ایسی ہی روئی کہ بھولا مین گرفتاری دل
درد دل دکھ مجھے دیتا ہی نہایت یارب	تجھ سوا کس سے کہون اپنی مین بیماری دل
دزدی دل پہ ترے زلف نے باندھی ہی کمر	اس شب تار مین ہو کس سے خبرداری دل
غم نہ دلکا تو کرا ے رند بقول سودا	ایک غم ہووے تو ہو سکتی ہی غمخواری دل

علی حسین خان مرحوم **اندوه** خلف شمس الدولہ بارگاہ قلیخان دہلوی شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

کس سے دنیا مین کہون چشم مددگاری دل	جز غم دوست کسی نے بھی نہ کی یاری دل
دانۂ خال نہ دکھلا ہمین کافی ہی فقط	دام گیسو ہی ترا بہر گرفتاری دل
سر دشمن کو مین اندوه ملون مثل مگس	اسد اللہ رسے گر یہ مددگاری دل

سید مرزا **عشق** اللہ محمد مرزا انس باشندهٔ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد اپنے والد ماجد کے

خضر سے ختم نہو قصۂ بیماری دل	طول گیسو ہی مگر طول گرفتاری دل
کل نہ ہم ہونگے مسیحا نہ یہ بیماری دل	آج بس اور ہی تکلیف پرستاری دل

[illegible]

تجھ سے ظالم سے ملا دیکھیو طراری دل	کچھ بھی دھڑکا نہ کیا بلبے جگر داری دل

احمد مرزا صابر خلف سوم اور شاگرد محمد مرزا انس باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان

کیا کہون یاد نہین کیسی ہی بیماری دل	ہی گرو روز ازل روز گرفتاری دل
کوئے قاتل کو اگر مضطرب الحال چلے	کبھی سیماب سے بھی ہو نہ جلو داری دل
تا سوم بال جو قاتل نے پریشان رکھے	ہوئی کاشانۂ گیسو مین عزاداری دل
بے دوا عشق وہین ہین گئے ہم سوے عدم	نہ طبیبون پہ کھلا عقدۂ بیماری دل
نزع کا وقت ہی پہلو مین وہ آ بیٹھے ہین	بیخبر ہم ہین وہ کرتے ہین خبرداری دل
ہین بہت ملک عدم مین بھی ترے غم کے مریض	گرمی حسن نے پھیلائی ہی بیماری دل
چونکتا ہی نہین جسوقت سے بیہوشی ہی	کیون مسیحا ہی کوئی صورت ہشیاری دل
صابر اُس گل نے کہا دیکھکے جلتے سر قبر	شمع بھی سیکھ گئی وضع وفاداری دل

شیخ فضل علی مرحوم شاد تخلص شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

عزیز و یار سے کی جبسے ترک یاری دل	خرابی کونسی لائی نہ مجھ پہ خواری دل

سید ہادی علی بیخود خلف سید ناصر علی سحر زمیندار بری براؤن باشندۂ لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد رشید خواجہ وزیر وزیر

صلح مین آنکھ لڑاتا ہی گنہگار ہی دل	وار مژگان پہ جو چڑھانیکے سزاوار ہی دل
خوب آگاہ ہین وہ درد دل عاشق سے	ایک بے درد سے اُنکا بھی گرفتار ہی دل
آنکھین پھوٹین جو دوبارہ بھی تجھین دیکھا ہو	ہان مگر ایک نگہ کا تو گنہگار ہی دل

دل

ہی زور رسا جذب کشش دل
پیکان ہی کوئی سینۂ مجروح مین شاید
کھٹکا ہی نہ طعن کا نہ ہی خلش دل
کیون چشم نہ پھر آسے اُسے دیکھ کے زخمی
کس خون جگر سے تھی ہوئی پرورش دل
یا نقش سے ہستی مضمون کا خدایا
یا نقش وفا یار سے ہو منقش دل

[illegible]

رکھتی ہی مری جان کو مضطر طپش دل
دکھلاوے گی ہنگامۂ محشر طپش دل

میر امانت علی مرحوم مضمون عظیم آبادی شاگرد میر فرزند علی موزون واسطے تحصیل علم کے دہلی میں آ گئے

ای وائے کہ تیرے لیے اس خاک نشین کو
جون باد لیے پھرتی ہی گھر گھر طپش دل

مرثیہ گو یونہین نامی مرزا محمد حسن عرف چھوٹے مرزا مرحوم مذنب باشندۂ لکھنو

صاحب دیوان شاگرد مرزا رفیع السودا

کم ہوتی نہین ہی کسی عنوان طپش دل
ہی دامن مژگان سے فروزان طپش دل

عاشق ہون مین ناصح کی نصیحت ہی مجھے سم
تسکین سے ہوتی ہی دوچندان طپش دل

گہ برق جہندہ ہی گہے آتش سوزان
کیا کیا مجھے رکھتی ہی پریشان طپش دل

سیماب صفت سانھ مرے خلق ہوئی ہی
پھر کیون نہ رہے دست و گریبان طپش دل

بیتابی سے اسکی ہو تسلی مجھے کیونکر
ای عشق نہین شوخی جانان طپش دل

اسکی حرکت سے جو طبیعت ہی شگفتہ
کیا یار کی ہی جنبش دامان طپش دل

مذنب مرے سینے مین جو وہ زخم نہان ہین
اس راز کو کرتی ہی نمایان طپش دل

حضرت ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی مرزا محمد ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ غازی سریر آرای دہلی ظفر تخلص خلف محمد اکبر شاہ گورکانی صاحب دیوان مشورۂ سخن متعلق محمد ابراہیم ذوق سے ہی

نہ قاصد دل ہی نہ کوئی نامہ بر دل
ہو جاتی ہی کچھ آپ ہی دل کو خبر دل

کرتا نہ شکستہ اسے تو سنگ جفا سے
بیقدر جو ہوتی تجھے قدر گہر دل

سودا ہے محبت مین نہین سود کی امید
یا جی کا زیان اس مین ہی یا ہی ضرر دل

[illegible] مسرور [illegible] باشندہ [illegible] صاحب دیوان [illegible] شاگرد مصحفی

[illegible] دل

[illegible] دل

[illegible] دل

سنین سو گالیان اک بوسہ لیکر ای پری پیکر	پھر اب آزردہ کیون ہی تو حساب دوستان دردل
ہمارے دردِ دل سے ہی یقین آگاہ ہو جاؤ	تمہارا بھی کسی پر آئے گر ای بندہ پرور دل
یقین ہی منزل مقصود کو اب مین پہنچ جاؤن	ہوا ہی عشق کی رہ مین مثال خضر رہبر دل
لبون پر ہجر مین دم ہی خیال وصل ہی ہر دم	یہ صدمے کیون اُٹھاتے ہم نہ آجاتا جو لب پر دل
نہین ملتا پتا ڈھونڈھون کہان مین سخت حیران ہون	چرا کر لیگیا وہ بت مرے سینے سے کیونکر دل
غلام ساقی کوثر ہون مین گلزار ہستی مین	نہ کیون ہر دم رہے مست شراب عشق حیدر دل
خیال اپنے گنا ہونکا جو آجاتا ہی ای شاعر	تو سینے مین ہمارے کانپنے لگتا ہی تھر تھر دل

مرزا رستم علی مرحوم رقت باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میان قلندر بخش جرأت

دیا اک بوسہ پنہان اُسنے ہمکو رات لیکر دل	سو ہم بھی یہ سمجھتے ہین حساب دوستان دردل
تجھے پہلو مین پالا تھا اسی خاطر اسی خاطر	کیا رسوا مجھے تو نے ستمگر دل ستمگر دل
یہی کل بیٹھے بیٹھے آئی میرے دل مین ای رقت	کہ مل آؤن نہین مجھسے گیا ہی آہ ملکر دل
گیا جو کوچۂ دلبر مین وان اور ہی تماشا تھا	پڑے تھے سیکڑون اُسجا پہ خاک و خون مین ابتر دل
لگا کرنے تجسس مین تو دیکھا ایک گوشے میرا	پڑا ہیگا بعد غربت مرا بھی زار و مضطر دل
لگا حسرت سے مجکو دیکھنے وہ اور مین اُسکو	دل من گریہ بر من کرد و من ہم گریہ بر دل

مرزا احسن مرحوم احسن دہلوی پہلے شاگرد میر ضیا کے تھے بعد مرزا رفیع سودا سے مشورہ سخن کیا

خاک چمن مین کسکی ملی آرزوے دل	جو غنچہ یان کھلے ہی تو آتی ہی بوے دل
جو دل وہان گیا سو وہ مٹی مین مل گیا	تیری گلی مین خاک کرون جستجوے دل

دل

مسرور کسطرح نہ مین کرون جستجوے دل

تدبیر الدولہ دبیر الملک سید مظفر علیخان بہادر اسیر خلف میر مہدی علی علوی باشندۂ موضع [illegible] میان مقیم لکھنؤ ایک دیوان فارسی دو دیوان ہندی انکے یادگار ہین شاگرد مصحفی

لاتی ہی مجکو سوے چمن جستجوے دل

آے خدا کرے کسی غنچے سے بوے دل

[illegible] دل

[illegible] جستجوے دل

[illegible] دل

[illegible] دل

آواز نالہ تک نہیں آتی جو اے اسیر	گھونٹا غم فراق نے شاید گلوے دل

مرزا محمد عباس نجد ولد مرزا حیدر باشندہ لکھنؤ شاگرد میر وزیر صبا

اللہ کے کرم سے یہ ہے آبروے دل	رہ رہ کے آنکھ پڑتی ہے اُس بت کی سوے دل
دیکھا کبھی نہ چشم ترحم سے سوے دل	نکلی نہ اے نگار کبھی آرزوے دل
کس طرح سے ہنسوں نہیں سونا کیطرح	تیر نگاہ یار کا رخ اور سوے دل
مدت سے دوڑتا ہوں میں امید وصل میں	کب دیکھیے برآے مری آرزوے دل
حد سے سوا جو ہجر میں پاتے ہیں بیقرار	ذکر وصال کرتے ہیں ہم روبروے دل
اللہ ایک بوسے پہ اب ہوتے ہو خفا	کیا منہ لگا کے تمنے بگاڑی ہے خوے دل
اے نجد اُسکے کوچے میں گڑنا نصیب ہو	نکلے خدا کرے یہ مری آرزوے دل

میر محمد حسن قرار ولد میر معصوم علی متوطن لکھنؤ شاگرد مرزا علی بہار

سن لے اگر وہ دل سے کہیں گفتگوے دل	برآے ایک عمر کی سب آرزوے دل
ساقی ہے مے ہے ابر ہے سامان عیش ہے	تیرے بغیر خاک ہے سب آرزوے دل
دینا تم آکے غسل و کفن مجکو اے بتو	یہ رہ نجاے بعد فنا آرزوے دل
ایسا نہو کہ منہ سے کلیجا نکل پڑے	بیٹھا ہے آج میری بغل میں عدوے دل
پہلو میں آکے بیٹھ گئے آپ بے طلب	شکر خدا کہ رہ گئی آج آبروے دل
پھنک جائیں برق شعلۂ آوازۂ درد سے	نالہ کریں جو مرغ چمن روبروے دل
ہنس ہنس کے اے قرار وہ کہتے ہیں غیر سے	کسکا یہ دل جلا ہے جو آتی ہے بوے دل

دارا تخلص ولیعہد اول بادشاہ جم جاہ مرزا محمد ابو ظفر دہلوی صاحب دیوان شاگرد محمد ابراہیم ذوق

جا پھنسا حلقۂ زلف بت عیار میں دل	لے گئی کھینچ کے شامت دہن یار میں دل
شعلہ رو یہ ترے عارض پہ نہیں خال سیاہ	جل گیا گر کے کوئی آتش رخسار میں دل
تاکہ جھانکے نہ طرف غیر کے وہ پردہ نشین	اپنا رکھ آئے ہیں ہم روزن دیوار میں دل
دل لگی کیونکہ ہمارے ہو کہیں او دارا	لگ گیا اپنا تو اک کوچۂ دلدار میں دل

آتش تخلص زبان آور عالی فکر خواجہ حیدر علی مرحوم آتش ولد خواجہ علی بخش باشندہ لکھنو صاحب دیوان شاگرد رشید مصحفی

مومن کا مددگار ہے شاہ نجف ای دل	حامی ہے ترا شیر خدا لاتخف ای دل
بت توڑنے کو دوش نبی پر وہ چڑھا ہے	کعبے کو تولد سے ہے اسکے شرف ای دل
معصوم ہے عیبوں سے زمانے کے بری ہے	وہ لالۂ بیداغ وہ سرو بے کلف ای دل
خاک نجف اکسیر ہے مومن کے نظر میں	شفاف ہے الماس سے در نجف ای دل
حاصل تو اسے قلزم قدرت کا سمجھ لے	گوہر ہے علی کون و مکان ہے صدف ای دل
آئینۂ تحقیق کا رہتا ہے مشاہد	حق اسکے طرف ہے وہ ہے حق کے طرف ای دل
دشمن ہو جو ایسے کا کہے رکھتا ہے آتش	شیطان کے نطفے سے ہے وہ ناخلف ای دل

ناصر تخلص سعادتخان ناصر ولد رسالت خان باشندہ نگینہ مقیم لکھنو پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہے شاگرد مرزا محمد حسن مذنب

عجب بکھیڑے مین ڈالا معاملہ دلکا
درویش کامل حاجی شاہ محمد وارث مرحوم وارث تخلص آلہ آبادی شاگرد و خلیفہ شاہ قطب الدین صاحب صاحب دیوان
نکالے گیسوے دلبر سے سلسلہ دلکا
نواب لکھنؤ شاگرد شیخ حفیظ الدین
بخش حیدرآباد دکھن باشندۂ [illegible] علی
صاحبزادہ لال بھائی شاگرد ناظر
یہ دلکا دل ہی مین ہو رہیگا فیصلا دلکا
بیان مین کس کے کرون جا کے ماجرا دلکا
بہادر مقیم فیض آباد
نواب صاحبزادہ نواب آصف الدولہ
آئی بغل مین جھلکتا ہے آبلہ دلکا
نکلتا ہے شیشہ [illegible] سے در

پادشاہی باشندۂ دہلی شاگرد خواجہ میر درد

اُس شوخ سے اظہار نکر غم اے دل	بیزار جو وہ تجھ سے ہے دل کم اے دل
اپنی خواہش اُٹھا دے بالکل جی سے	خاطر اُسکی رکھ مقدم اے دل

خواجۂ امامی مرحوم **امامی** ولد خواجۂ اثمی باشندۂ دہلی مقیم مرشدآباد شدت گریہ سے مجلس عزا مین بیہوش ہوکر راہی ملک بقا ہوے

کف افسوس بیٹھے ملتے ہو	کیون **امامی** گیا نہ آخر دل

مروہیر شیخ احسان اللہ **توقیر** ولد شیخ محمد رضا ابن غلام سرور مصنف قاف نامہ متوطن بجنور مقیم لکھنؤ صاحب دیوان

ہو چکا جس سے فیصلا دلکا	اب ہے اُس سے معاملہ دلکا	دیکھیے کسکی فتح ہوتی ہے	عشق سے ہے مقابلہ دلکا
سخت ہون تنگ اسکے ہاتھون سے	کسکے آگے کرون گلا دلکا	عشق کی وہ فراخ منزل ہے	ہے جہان تنگ حوصلا دلکا
یار خوشخط کی سادہ لوحی سے	ہوا ہر نسخہ مراسلہ دلکا	روز شب ہجر یار مین توقیر	آہ و نالہ ہے مشغلہ دلکا

حاتم دوران نواب وزیر الممالک ہندوستان محمد یحیی علیخان عرف مرزا مانی مخاطب بہ نواب آصف الدولہ بہادر مغفور **آصف** تخلص خلف نواب شجاع الدولہ صاحب دیوان ہندی و فارسی مولد فیض آباد مدفن لکھنؤ

بڑے شکوہ سے جاتا ہے قافلہ دلکا	چلیگا رو برو کس کے معاملہ دلکا

شاہزادہ مرزا سلیمان شکوہ بہادر مغفور **سلیمان** تخلص خلف حضرت شاہ عالم آفتاب مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر انشاء اللہ خان انشا

ہوا ہے [illegible] سنگدلون سے مقابلہ دلکا
نہ ڈر جا سے مین [illegible] ہون آبلہ دلکا
شاہ قدرت اللہ مرحوم **قدرت** تخلص
ہوا ہے عشق سے آکر مقابلہ دلکا

دل

[illegible] حوصلہ دلکا [illegible] جاہل ہے [illegible]
[illegible]
غریب کی [illegible] سے جاتا ہے قافلہ دلکا
[illegible] مرحوم [illegible]
ہے عشق و عقل مین جھگڑا سدا معاملہ دلکا
میر [illegible] علی مرحوم جرأت تخلص مرادآبادی
[illegible]

میر نظام الدین مرحوم ممنون مخاطب بہ سلطان الشعرا استاد محمد اکبر بادشاہ دہلی شاگرد اور بیٹے ملک الشعرا میر قمر الدین منت فارسی گو دہلوی کے

رہتا ہی دو کش نشتر ہر آبلہ دل کا	یہ حوصلہ ہی کوئی بل بے حوصلہ دلکا
یہ بے سبب نہین والبتہ پریشانی	کسیکے زلف سے ملتا ہی سلسلہ دلکا
ہجوم غمزہ و خیل کرشمہ لشکر ناز	عجب سپاہ سے ٹھہرا مقابلہ دلکا
کہون مین کیا یہ ہوا کیسے بیجگہ پائل	ہی اپنے بخت کا شکوہ نہین گلہ دلکا
سمجھ کے رکھیو قدم رہروان وادی عشق	رواں ہی یہان دم خنجر یہ قافلہ دلکا
مژہ سے ٹپکے ہی کچھ خون گرم ای ممنون	گیا ہی پھوٹ مگر کوئی آبلہ دل کا

سید محمد رضا خلف میر محمد تقی باشندہ لکھنؤ شاگرد مرزا محمد حسن عرف چھوٹے مرزا ...

پڑا ہی عربدہ جو سے معاملہ دل کا	بپھرا ہی جا کے کہان بل بے حوصلہ دلکا

شیخ فضل علی مرحوم شاد

دلیل وحشت محبت ہی دلولہ دل کا	پھرے خراب نہ پھر کیونکہ قافلہ دلکا
فلک کو بھی وہین چڑھ آئے بس تپ لرزہ	ہو زیر زمین ہو جو زلزلہ دل کا
رکھے ہی آٹھ پہر نالہ و فغان سے کام	ہوا ہی اتنو ہمارا یہ مشغلہ دل کا
یہ خود بخود نہین سوزش ہی اپنے سینے مین	جلے ہی عشق کی آتش سے آبلہ دلکا
کہے مین اسکے نہ لگ دیکھ اکدن ای شاد	خراب تجکو کرے گا یہ ولولہ دل کا

نواب انوار الدولہ سعید الملک محمد سعید الدین خان بہادر صولت جنگ عرف منجھلے صاحب شفق

دل ... مضمون

اس زمانے مین جو یہ غزل خواجہ اسد صاحب کی مشہور ہوئی معاصرین نے بھی اس پر غزلین کہین نواب علیخان بہادر تقی خلف نواب امام علیخان اولاد مین نواب شجاع الدولہ بہادر کے باشندۂ لکھنؤ شاگرد مرزا باقر اود راک

شباب ہی ابھی کچھ تو ہو مشغلہ دل کا	رہے کسی نہ کسی سے معاملہ دل کا
کرے اشارۂ ابرو اگرچہ وہ قاتل	تو اک نگاہ مین ہوجائے فیصلہ دلکا
بچائے جان ہماری خدا سے ہی یہ دعا	پڑا ہی عشق بتان سے معاملہ دلکا
کھٹک نہ خار غم ہجر یار سینے مین	نہ ٹوٹ جائے کہین دیکھ آبلہ دل کا
ہے ابھی اُسکے لیئے نوک خار سے ہی زیادہ	حباب سے کہین نازک ہی آبلہ دلکا
لیپس فنا مرے ہر زخم پر نمک چھڑ کا	نکالا خوب ہی قاتل نے حوصلہ دلکا
کسطرح سے نہو نگا مین اے تقی جان بر	ہوا ہی ہجر مین اب تنگ حوصلہ دلکا

شیخ امداد علی بحر ولد شیخ امام بخش خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

بتو خدا پہ نہ رکھو معاملہ دل کا	برا بھلا یہین ہوجائے فیصلہ دلکا
بتون سے ہی متعلق معاملہ دل کا	خدا ہی حشر مین بھی ہو جو فیصلہ دلکا
چلو بلا سے اگر ہی یہ آستین کا سانپ	بغل مین پال کے مین کیا کرون گلہ دلکا
خیال زلف مین سینے پہ سانپ لوٹتے ہین	وہان مار کا چھالہ ہی آبلہ دل کا
سنون تمھاری کہانی کہون حقیقت حال	تمھین ہی میری شکایت مجھے گلہ دلکا
خدا یہ نالہ و فریاد و ساز وار کرے	کہ دل لگی ہی ہماری یہ مشغلہ دل کا

یہ کس صنم کی محبت مین مرتبہ پایا
ہوا جو عرش خدا سے مقابلہ دل کا
کمال یار کے ہاتھون جلا ہون مین اے ہجر
ہتھیلی کا ہی پھپھولا یہ آبلہ دل کا

رام دیال گھورای ساز سخن تخلص باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

خدا کے واسطے سن اے صنم گلہ دل کا
کہ مرتے مرتے آنکھون سے نوٹا ہی قافلہ دلکا

دل

باشندۂ لکھنؤ شاگرد مرزا باقر ادراک

یہی ہی جا نہان اپنو حوصلہ دل کا	گلے لگا لو تو جاتا رہے گلہ دلکا
نہ دل جلا مرا ای شعلہ رو خدا کے لیے	دکھاؤن مین تجھے کس طرح آبلہ دلکا
ہمارے رونے سے ہرگز نہین پگھلتے ہین	پڑا ہی سنگدلون سے معاملہ دل کا
ہوا ہون گوشۂ ابروے یار پہ عاشق	پڑا ہی تیر مژہ سے مقابلہ دل کا
رہے خیال کسیکا ہمین بھی آٹھ پہر	ضرور چاہیے ای **منشک** مشغلہ دلکا

نواب ولایت علیخان **ولایت** خلف نواب احمد علیخان اولاد مین نواب شجاع الدولہ بہادر کے

باشندۂ لکھنؤ شاگرد مرزا باقر ادراک

جو ایکبار ہوا اُس سے فیصلہ دلکا	کرین گے پھر نہ کسی سے معاملہ دلکا
فلک کیطرح سے اُس مہ جبین کی فرقت مین	ہزارون رنگ بدلتا ہی آبلہ دلکا
رہا کر اب ہمین صیاد فصل گل آئی	قفس مین اپنو ہوا تنگ حوصلہ دلکا
بھٹک رہی ہی مری روح بعد مردن بھی	لٹا جو کوچۂ قاتل مین قافلہ دل کا
نہین ہی سینے مین ایجان خاک تک باقی	کیا ہی آتش فرقت نے فیصلہ دل کا
یہ اختیار ہی جس طرح فیصلہ کیجیے	تمھارے ہاتھ ہی اپنو معاملہ دل کا
ضریح شاہ ولایت پہ جا کے بوسہ دے	**ولایت** اب یہی باقی ہی حوصلہ دلکا

شیخ جعفر علی **قمر** باشندۂ لکھنؤ شاگرد اصغر علی خان نسیم دہلوی

بلاے عشق سے پھر ہی مقابلہ دل کا	بڑھا ہوا ہی کچھ ان روزون حوصلہ دلکا

دل

حسام

تحریر مین لیگئے ہمراہ رسم گلہ دل کا
نہ کسطرح سے طبیعت کا حال ہو ابتر
ملا ہی گیسوے جانان سے سلسلہ دل کا
پڑے ہین تخت جگر آنسوون کے ساتھ حسام
تری گلی کی رہ سے روانہ ہی قافلہ دلکا

استاد نواب محسن الدولہ بہادر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

ہے عشق نشتر مژگان جو مشغلہ دلکا	تو پھوٹ پھوٹ کے روئے گا آبلہ دلکا
خدا بتون سے بچائے کہ آپ ہی ظالم	بگاڑتے ہین بنا کر معاملہ دلکا

شاہزادۂ مرزا نور الدین بہادر شاہی تخلص خلف مرزا کام بخت بن مرزا سلیمان شکوہ بہادر سلیمان وطن دہلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش اور نواب عاشور علیخان بہادر

ملو گلے سے تو جاتا رہے گلہ دل کا	تمھارے وصل پہ ٹھہرا ہی فیصلہ دلکا
یہ اُسکی زلف مین جاتا ہی خیر ہو یا رب	ہوا ہی کالی بلا سے مقابلہ دل کا
جگر تو کیا ہی نہ کی جان بھی تمھوں نے عزیز	خدا کی شان ہی دیکھو تو حوصلہ دلکا
جو ساتھ اشکو نکے آتا ہی خون آنکھون سے	یقین ہی کوئی پھوٹا ہی آبلہ دل کا
سحر نے کی شب وصلت مین اسقدر جلدی	نکلنے پایا نہ کوئی بھی حوصلہ دل کا
جو ایک بوسہ بھی دے دو لبو نسے اپنے ہمین	ابھی تو ہوتا ہی پیار سے معاملہ دلکا
نہ کیون کہون ترے ابرو ہین غیرت شمشیر	کیا ہی ایک اشارے مین فیصلہ دلکا
نہ دیکھی کسی گل کی ہوئی خزان آئی	رہا ہی دل ہی مین شاہی کے دلولہ دلکا

نواب محمد حسن خان بہادر عرف اچھے صاحب جوش ولد نواب مقیم خان بہادر از اولاد مین نواب حافظ الملک حافظ رحمت خان مغفور صوبہ دار کٹھیر کے مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نواب ظفریاب خان راسخ

نہ اسقدر تھا جوانی مین ولولہ دل کا	زیادہ ہو گیا پیری مین حوصلہ دلکا
برنگ غنچہ مین پیتا ہون خون دل دن رات	زبان تلک کبھی آتا نہین گلہ دل کا

شاہزادہ عالی وقار مرزا محمد سلیمان قدر بہادر تسخیر تخلص خلف اکبر مرزا محمد خورشید قدر بہادر ابن مرزا محمد آسمان قدر بہادر حضرت صاحبقران امیر تیمور گورکانی کی اولاد مین بہادر قیصر ہیں باعث نظام پسند خاص و عام ہے مولد و مسکن لکھنؤ شاگرد بحر

کسی طرح نہ سنیا رسے گل دل کا
غضب ہوا کہ رہا دل مین حوصلہ دل کا

الٰہی ہو کہین جلدی سے فیصلہ دل کا

نہین ہی خوف قیامت کا مجکو ای تسخیر | کہ جانتے ہین علے سب معاملہ دلکا

میر بہادر علی مرحوم نجیب شاگرد فراق

اگر حنا ترے ہاتھون سے خون بہا دل کا | تو لونگا دست نگارین سے خون بہا دلکا

خوشوقت علیخان خورشید ولد داؤدخان بھانہ دار باشندۂ اکبرآباد کانپور مین میر علی اوسط رشک کے شاگرد ہوے لکھنؤ مین جب آئے محمد رضا برق سے اصلاح لی ۔

کہان نگاہ لڑی کیا کرین گلا دلکا | برے سے جاکے بھڑا یا نہو بھلا دلکا
ہٹو لگاوٹ گلے غیر کو مجھے دو رنج | اُٹھاؤ ہاتھ کہ لوٹے نہ آبلہ دلکا
کہان مین اور کہان ذلتین معاذ اللہ | ہنسین نہ آپ برا ہی معاملہ دلکا
کمال لاغری جسم اسکو کہتے ہین | بہا پھر اکبھی پھوٹا جو آبلہ دلکا
بہت پھرا نہ بتون نے سنی مری فریاد | خدا کے ہاتھ ہی خورشید فیصلہ دلکا

نواب سید محمد خان مرحوم رند خلف نواب سراج الدولہ مرزا غیاث الدین محمد خان بہادر نصرت جنگ نیشاپوری نواسے نواب نجف خان مرحوم کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

غم فراق نے کیا حال کر دیا دل کا | سنو تو عرض کرون تم سے ماجرا دلکا
وفور ضبط سے دم گھٹ کے آگیا لب پر | مگر زبان پہ آیا نہین گلا دل کا
چھڑایا چاہتا ہی شغل عشق بھی دامن | کبھی کبھی کا جو باقی ہی مشغلا دلکا
الٰہی جلد یہ آنکھون سے خون ہوکے بہے | غضب مین ڈال دیا مجکو ہو برا دلکا

میان نصیر دہلوی

دل

عجب روش کا ہی یہ باغ دلکشا دلکا
لگاتی کس بت مہ وش سے ہی تاک اسپر
سبو بدوش ہی ساقی جو آبلہ دل کا
بہار تجکو دکھا دینگے ہم بھی ای گلرو
کسی روش سے جو غنچہ کبھی کھلا دل
رواق چشم مین مت رہ کہ ہی مکان نزول
ترے لیے تو واسطے یہ قصر ہی بنا دلکا
قرار و طاقت و صبر و خرد ہوسے برہم

تمھاری زلف مین اترا ہی وہان کیا دلکا

نہین سے گئے ہم یہ سراسر جو کوئی پوچھیگا

زمانہ دل کو کسی سے تو اپنے اپنے قدر دل کا

برا زمان کہ اس مین ہی کچھ بھلا دلکا

شیخ امان علی سحر خلف شیخ محمد امین باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ الدولہ مرزا محمد رضا خان برق

قریب مرگ ہی بنتا ہی مقبرا دلکا

نجب فراق

نواب مصطفیٰ خان بہادر ... دہلی صاحب دیوان اور تذکرہ گلشن بیخار [illegible]

... ہم بھی کیا سادہ سے ہین کیا کیا ہو توقع ...
آج تک جسنے ذرا حال بتایا دل کا
شیفتہ ضبط کرو ایسی بھی کیا بیتابی
جو کوئی ہو تمھین احوال سناتا دل کا

نواب محمد اکبر خان بہادر اکبر برادر خورد نواب [illegible]

دل

شب فراق عجب طرح سے بسر کی ہو	الگ چلو تو کہون سارا ماجرا دلکا
قلوب مومنون کے عرش حق تعالی ہین	بتون کی جانے بلا کیا ہو مرتبا دل کا
ہجوم داغ جدائی سے دل ہو گلدستہ	حباب شیشے کا ہو صاف آبلہ دل کا
لبا شراب سے یہ قہقہے کہان پاسے	سنا کہان ابھی بلبل نے چہچہا دلکا
جو کچھ ہوا سو ہوا بس گذشتہ را صلوٰۃ	کہان تلک کوئی رو یا کرے گلا دلکا
ترے خیال کا رمنہ ہو سینہ اے شہ حسن	بجا ہو نام جو رکھا ہو دلکشا دل کا
چلے نہ کہنے پہ نادان دوست کے کوئی	ہماری جان گئی مفت کیا گیا دلکا
دکھائی دین تری صورت کی سیکڑون شکلین	ہزار ہین ہو ٹوٹے جو آئینا دل کا
یہ واقعہ بھی نہین کربلا کے حال سے کم	پڑھونگا یار کی مجلس مین مرثیا دل کا
ہمارے کانونکو غیبت سے آشنا تو نکر	نکل زبان دہن سے نکر گلا دل کا
بلا سے لٹ گئے یا عشق مین تباہ ہوے	چلو نکال لیا خوب حوصلہ دل کا
ہماری جان کو روئین گی عمر بھر آنکھین	خدانخواستہ پھوٹا جو آبلہ دل کا
گلون کے کان بھیانک ہین اب تلک بلبل	یہی ہو نالہ ارسی پہ مقابلہ دل کا

میر نجم الدین نجم ولد میر قمر الدین باشندۂ دہلی صاحب دیوان

نظرون نظرون مین ہو گیا غائب	ہو گیا طرفہ ماجرا دل کا
نجم کیون اتنی بیقراری ہو	تو ذرا کہہ تو ماجرا دل کا

نواب حاجی محمد مصطفیٰ خان بہادر شیفتہ فارسی مین تخلص حسرتی خلف عظیم الدولہ سرفراز الملک

[illegible]

[illegible]

مجکو پھر دام مین لازم ہی پھنسانا دل کا	سیکھے ہین تیری لگاوٹ سے لگانا دلکا

امیر عالی دستگاہ مرزا عالیجاہ عرف منجھلے صاحب شیدا خلف نواب لیرالدولہ محمد علیخان عرف آغا حیدر بہادر حید رنیشاپوری باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا سرفراز علی قادر طرح کا بنور مشاعرۂ سید اسمعیل منیر

ای مہرجو سر کا کبھی بچھا مرے دل کا	روشن ابھی ہو جاے گا نقشا مرے دلکا
سینے کو کرے شق نہ تڑپنا مرے دلکا	ہو جاے کہین فاش نہ پردا مرے دلکا
یہ ابر ابھی صورت کف بہنے لگے گا	دریا جو کبھی جوش مین آیا مرے دلکا
کوٹھے پہ بلا کر جو مرے دل کو بڑھا دو	ہو کم نہ کبھی عرش سے رتبا مرے دلکا
سنگ در بتخانہ سے بہتر نہین حاصل	ای برہمن اب پوج کلیسا مرے دلکا
کیا زخم اُٹھانے کے لیے سینہ سپر ہی	خنجر بھی ترا مانے گا لوہا مرے دلکا
ہی نافۂ تاتار کے مانند یہ پرخون	ہو زلف سے کس طرح نہ سودا مرے دلکا
رکتے نہین آنسو جو مرے دیدۂ تر کے	شاید کہ کوئی آبلہ پھوٹا مرے دلکا
اللہ رے تاثیر خیال دہن بت	صحراے عدم بنگیا صحرا مرے دلکا
انگارا سا اک سینے کے اندر ہی دہکتا	احوال نہ کچھ پوچھیے شیدا مرے دلکا

امیر کبیر نواب مرزا والا جاہ بہادر عرف چھوٹے صاحب موسوی عاشق برادر حقیقی مرزا عالیجاہ بہادر سبق الذکر

اُٹھتا ہون تو اُٹھتا ہی جنازا مرے دلکا	صندوق مین سینے کے ہی مردا مرے دلکا

[illegible]

دل
رسا تخلص

غم اور کا دیکھا تو ہوا غم غلط اپنا
درد دل عالم ہی مداوا مرے دل کا
پھینکا آئینہ جو [illegible]
مجھ پر ابھی بھاری نہین مردا مرے دل کا
مجنون کے سوا کون ہے اس درد سے واقف
سوتا ہی تہ خاک شناسا مرے دل کا
عاشق یہ کبھی سنگ حوادث سے نہ ٹوٹا
پتھر سے بھی مضبوط ہی شیشا مرے دلکا

میر علی احمد رسا خلف میر نجف علی مجتہد فیض آباد رفیق نواب عالیجاہ بہادر مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

کب سنبھل جاے اگر آبلہ پھوٹا مرے دلکا
پھیلا کہ کسی روز بیابان مرے دلکا
آنکھون مین گرا یار سے نقشا [illegible] دلکا
بیمانون مین دیکھو تو ہی [illegible] دلکا
قسمت نہین ایسی کہ جو [illegible]
دل ہی مین رہیگا یہ ارادا مرے دلکا
اک رات

اک رات بغل مین نہوا وہ مہ کامل | مطلب نہ برآیا کبھی پورا مرے دلکا
سینے مین کسی دن نہوا تیر ترا نزو | ارمان نہ نکلا کبھی پورا مرے دلکا
لیتے ہین تو عاشق اُنھین بھڑکاتے ہین جاکر | دیوانے لگاڑ آتے ہین سودا مرے دلکا
آتی ہی شب ہجر مجھے قتل کرو تم | سر کاٹو تو جاتا رہے دھڑکا مرے دلکا
خط اُسنے جو بھیجا تو نہتے وصل کے مضمون | مطلب نہ کبھی یار نے لکھا مرے دلکا
اے بت سخن سخت ترے کون اُٹھاتا | پتھر کا نہوتا جو کلیجا مرے دلکا
ہر بات مین قصہ ہی کہانی یہ کہان کی | مرجاؤن تو مٹ جاے بکھیڑا مرے دلکا
مژگان کی کٹاری مین تو ہو سینے کی کوڑی | ابرو کی سروہی مین ہی بھالا مرے دلکا
مدت سے ہین کھلا رہتے گیسوئے معنبر | یا آتش رخ کا ہی دھوان یا مرے دلکا
اشک آنکھ تک آئین گے تو احوال کھلے گا | کوزے مین ابھی بند ہی دریا مرے دلکا
وہ نام جو بھولا تو رسا کھ کے پکارا | ارمان تخلص نے نکالا مرے دلکا

منشی احمد حسن خان عروج خلف الرشید منشی محمد حسن خان بسبب رفاقت نواب
روشن الدولہ مقیم کانپور ارشد تلامذہ میر علی اوسط رشک

سر سبز ازل سے ہی نوشتا مرے دلکا | ملتا ہی خط یار سے لکھا مرے دل کا
ثابت ہی خدائی کو علاقا مرے دلکا | لکھتا ہی ہر ایک آپ کو قبلا مرے دلکا
مدت سے اسی بات کی تھی مجکو تمنا | چھیڑا ہی تو سن لیجیے قصا مرے دلکا
کیون چھوڑ دیا ہاتھ سے شیشے کو جھجک کر | سمجھا ہین ہوا آپ کو دھوکا مرے دلکا

نکلون سے سیلتے ہین عبث آپ کلیجا
پایاب کہین سے نہین دریا مرے دل کا
مطلق مری وحشت پہ اُنھین رحم نہ آیا
دیکھا کیے چلن سے تماشا مرے دل کا
کیون ڈرتے ہو تم خلش داغ محبت
اتنا بھی تو چھوٹا نہین کانٹا مرے دلکا

دل

ای کاہش زلف شب فرقت تری دولت
ہو شانۂ صد چاک سویدا مرے دلکا

ہون گوہر گنج صدف بحر قیامت
کیا قلقل مینا ہی یہ نالا مرے دل کا

دل دادہ وہ ہون گلشن آفاق مین تجھ
ہر گل کی زبان پہ ہی فسانا مرے دلکا

سید ہادی علی تجھ خلف میر ناصر علی مرحوم سحر رسیدار بری براؤن باشندۂ لکھنؤ
صاحب دیوان اور مثنوی جلوۂ اختر ارشد تلامذۂ خواجۂ وزیر وزیر

پر نور ہی یہ داغ جنون زا مرے دلکا
خورشید ہی اترا ہوا چھا یا مرے دلکا

ساکن ہی جو وہ برق تجلا مرے دلکا
ایمن سے بھی پر نور ہی صحرا مرے دلکا

اسد رے سوز شرر عشق کی گرمی
خورشید قیامت ہی پھپھولا مرے دلکا

سفاک نے جب میان سے لی زخم بھر آیا
تلوار کا دامن ہوا چھالا مرے دلکا

ساقی ہی ترے نرگس مخمور سے الفت
اس جام پہ ہی شیفتہ شیشا مرے دلکا

لکھتا نہ گرہ بند جو زلفون کی صفت مین
کھلتا نہ کسی پیچ سے عقدا مرے دلکا

جلتا ہون تپ عشق سے اف کر نہین سکتا
کیا مہر خموشی ہی پھپھولا مرے دلکا

یہ گرد کدورت کی گرانی نے کیا پست
خشکی مین ہوا غرق سفینا مرے دلکا

کیا دیر و حرم جاؤن مین ای کافر و شیدا
بے یار کہین جی نہین لگتا مرے دلکا

خال دہن تنگ کی الفت مین ہوا محو
ہی نقطۂ موہوم سویدا مرے دلکا

منہ پھیر لیا کر کے ہدف تیر نگہ سے
دیکھا نہ گیا ان سے تڑپنا مرے دلکا

ٹھہریگا تصور مین بھی انکا نہ خط سبز
اس خضر سے طی ہوگا نہ صحرا مرے دلکا

سید اسمعیل حسین منیر ولد شیخ احمد حسین [illegible] شکوہ آبادی مولد انکا لکھنؤ [illegible] مسکن اکبرآباد [illegible] دیوان [illegible] عاشقانہ اور ایک رسالہ [illegible] شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

کب بادیۂ عشق مین ہو مرحلہ بیہب	نظارہ کرے قیس جو صحرا مرے دلکا
اُس گل کی محبت مین گلابی سے نہین کم	ہر ایک ہزارون مین یہ شیشا مرے دلکا
اُس سرو کا قامت تو بلا خیز ہے اشرف	اسواسطے ہی برج دو بالا مرے دلکا

محمد تقی خان تقی ولد بہادر خان باشندہ لکھنؤ مقیم کانپور شاگرد خواجہ وزیر وزیر

تا زیست نہ فیصل ہوا جھگڑا مرے دلکا	ہرگز نہ گیا آنکھ لڑانا مرے دلکا
لخت دل پرخون بڑی آنکھونسے بہین گے	اب پتلیان دیکھین گی تماشا مرے دلکا
ایک رنگ پہ رہنے نہ دیا عشق بتان نے	دو دن مین دگرگون ہوا نقشا مرے دلکا
کوتاہ اگر وادی وحشت ہی تو ہووے	وسعت مین تو کچھ کم نہین صحرا مرے دلکا
خون رونے سے سب راز نہان ہوگیا ظاہر	فاش آنکھون نے آخر کیا پردا مرے دلکا
سنبل کیطرح روز ازل سے ہی پریشان	کیا کوچۂ گیسو ہی ٹھکانا مرے دلکا
پھر پھر گئے عشاق کے دل برق و شرر نے	بدلی کیطرح رعب یہ چھایا مرے دلکا
فریاد کرون آہ تقی کس سے مین جاکر	پر درد ہے پر افسوس ہی قصا مرے دلکا

وحید الدین خان عرف مولوی خدا بخش فرد ولد محسن خان قوم افغان معلم پیشہ ساکن دربھنگا توابع صوبہ بہار مدتسے مقیم کانپور شاگرد غلام ہمدانی مصحفی اس زمین مین انکی بہت بڑی غزل ہی کہ کوئی پیچ قافیہ باقی نہین رہا

کیون عشق مین ہو نام نہ موسیٰ مرے دلکا	ہر داغ بنا ہے ید بیضا مرے دلکا
ہر دم رخ روشن کا ہی اک بت کے تصور	ہم سنگ بنا طور سے پتلا مرے دلکا

[illegible] مرے دلکا

زہر سخن تلخ نہ بوسے کی مٹھائی
اللہ کسی مین نہین مزا مرے دلکا

آنکھین جو ہوئین چار تو بیمار ہوا مین
چوراہے مین رکھوائیے صدقا مرے دلکا

بیرحم جو ہوے آپ اُڑ کی میری طبیعت
تیوری کی گرہ ہو گئی عقدا مرے دلکا

بتخانہ بتون کو ہی خدا کے لیے کعبہ
کیا شیخ و برہمن مین ہی جھگڑا مرے دلکا

گو جان غم عشق نے لی چین تو آیا
کیا فکر ہی لیجائے وہ صدقا مرے دلکا

نظارے حسینونکے پریزادونکی چاہت
آنکھونکی وہ عادت ہی یہ لپکا مرے دلکا

کعبہ ہی کہ بتخانہ ہی کچھ ہی تمھین کیا کام
اللہ کو معلوم ہی رتبا مرے دل کا

کانٹے سے بھی تشبیہ نہ دو مین ہون وہ لاغر
دامن مین چھپالے مجھے صحرا مرے دلکا

پھر دیکھیے کام ایک نظر مین نہین ہوتا
دو تیر کے پلے سے ہی تودا مرے دلکا

معلوم نہین تمکو ابھی عشق کی گھاتین
دلمین رہے پر چور نہ پکڑا مرے دلکا

مایوس ہون جینے سے منیر اور کہون کیا
آفات سے یہ مرتبہ بچا مرے دلکا

زائر روضۂ دلبند شاہ مردان میر حسین **طوفان** ولد میر عبد اللہ عرف میر عشو باشندہ
لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا محمد رضا برق

مائل سیر جو ہوتا ہی مرے یار کا دل
چھین لیجاتا ہی پھر کرکے وہ دو چار کا دل

جلگیا دیکھتے ہی اُنکے خریدارون کو
متحمل نہ ہوا گرمی بازار کا دل

سخت باتین نہ کر ای رشک مسیحا مجھسے
ٹوٹتا کوئی نہین سنتے ہین بیمار کا دل

ہو گیا دیکھتے ہی صورت موسی بیہوش
متحمل نہ ہوا جلوۂ رخسار کا دل

دل — **آزاد**

اس مین سب اضطرار ہی یہ دل

گر نہ پہنچا شراب وصل تو کیون
کھینچتا ہجر کا خمار یہ دل

نہ اُسکا وصل ہی ممکن نہ تاب ہی دلکو
عجب طرح کا الٰہی عذاب ہی دلکو

فصل گل مین بھی شگفتہ نہوا بہار مین بھی

مومن ہون مین کافر نہین ہونا مرے دلکو
بیکار یہ مٹی کا ہے ڈھونا مرے دلکو

مہدی حسین خان آباد ولد غلام جعفر خان
باشندۂ لکھنؤ ہر بحر مین غزل کی ایک دیوان ہے شاگرد امام بخش ناسخ

دن رات رولاتے ہوغم ہجر سے ایجان

آرزو وصل کی مٹا نی تھی	کیا ہوا گر مٹا دیا دل کو
شاہزادۂ محمد عمر سلطان **فروغ** خلف مرزا قادر بخش صابر دہلوی	
ایک اُلجھاو اُسکے زلفون کا	سو بلا کا ہے سامنا دل کو
انور علی **غالب** ملازم نواب جھجر	
کام تو سو طرح نکل آوے	کوئی جانے جو مدعا دل کا
شاہزادۂ مرزا اقمر الدین مرحوم عرف مرزا کلو شیدا ولد مرزا قیام الدین حضرت شاہ عالم مغفور خویش حضرت مرزا ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ باشندۂ دہلی قلعہ مبارک شاگرد ابراہیم ذوق	
ایک مدت سے ہو رہی تھی پہلو	نہین معلوم کیا ہوا دل کو
میر بدر الدین **ضیائی** باشندۂ دہلی	
پھر گل داغ جگر کیوا سطے سامان ہوا	پاس اپنے کیا دھرا تھا ہی فلک جز نقد دل
نثار علی بیگ **نگہت** باشندۂ دہلی صاحب دیوان	
لگا ہے ہین وہ تیغ ابرو جو زخم کاری دل و جگر کو	بتا رہی ہین نگاہ و مژگان چھری کٹاری دل و جگر کو
شاعر عالی وقار خواجہ حیدر علی مرحوم **آتش** ولد خواجہ علی بخش باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ مصحفی	
ہنسنا ہی خوش آتا ہے نہ رونا مرے دلکو	بیٹھا ہی نہ بھایا نہ سلونا مرے دلکو
تا صبح تجھے یاد کیا مجکو جگا کر	بھولا نہ ترے ساتھ کا سونا مرے دلکو
اکسیر سے بہتر ہے در یار کی مٹی	منظور ہے چاندی ہی نہ سونا مرے دلکو
بیوجہ دکھانا نہین دکھلا کے رخ یار	آنکھو نکے ہی ساتھ اپنے ڈبونا مرے دلکو

ردیف دل

[illegible]

خاطر مین غبار اسقدر آیا کہ پس مرگ	جاتی ہی نہین خاک اُڑا نی مرے دلکی
آجاے نظر طور کے آتش کا نمونہ	تصویر جو کھینچے کبھی مانی مرے دلکی
نیند آتی ہے ایسی کہ اُٹھے حشر کو شاید	ای مہر سنے کون کہانی مرے دلکی

مرزا علی حسین کیوان اولاد مین آغا توکل کے خواہرزادے رفیق الدولہ بہادر کے باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

کم ہو سکے کب شعلہ فشانی مرے دلکی	کانون جہنم ہے نشانی مرے دلکی
اسپند کے دانون کو جلا کر تو دکھانا	قاصد وہ اگر پوچھے نشانی مرے دلکی
دل سوز تپ ہجر سے جل جل کے ہوا خاک	چھوٹون بھی خبر تو نے نہ جانی مرے دلکی
اک بوسے کو ترسا کیا تا زیست نہ پایا	حسرت کوئی بر آئی نہ جانی مرے دلکی
محبوبون کے نظارے کا کیوان ہے وہی شوق	گو پیر ہوا پر ہے جوانی مرے دلکی

لالہ رام سہاے رونق فارسیگو ولد حکیم منالال عزیز و نمین راجہ جھاؤلال کے باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ

غصے مین ترے موت ہے آئی مرے دلکی	ہے جبین جبین دشمن جانی مرے دلکی
صد چاک ہون شانے کیطرح زلف کے غم مین	قاصد یہ اُسے کہیو زبانی مرے دلکی
پانی عرق شرم سے ہو کر نہ بہے کیون	دیکھے جو سحاب اشک فشانی مرے دلکی
اب کوئی نہین کہتا ہے فرہاد کا قصہ	رونق ہے وہ مشہور کہانی مرے دلکی

افتخار الدولہ امین الملک مرزا قمر الدین خان بہادر صولت جنگ عرف مرزا حاجی مرحوم قمر نائب چندروزہ مرزا غازی الدین حیدر خلف منشی مرزا جعفر اُستاد دہلی صاحب رزیڈنٹ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا قتیل

دل انجمن

تنہا مجھے چھوڑ جائیگی وحشت مرے دلکی
پہلو سے مرے وہ نہین ہوتے ہین روانہ
ہمراہ لیے جاتے ہین راحت مرے دلکی
کیون لوٹ ہوا گیسو بتان پہ تمہارے
لو اور سنو آئی ہی شامت مرے دلکی
ہو جائیگا آپ بھی عاشق جو کسی پر
جب آپ پہ کھل جائیگی الفت مرے دلکی

[illegible]

افسوس ہی دل ہی مین حسرت دلکی
وہ جان جہان نہ آیا اور جان چلی
گھٹتی جاتی ہی روز طاقت دلکی
اس سے کہون آہ جاکے حالت دلکی

شاگرد قلندر بخش جرات
احمد صادق باشندہ لکھنؤ

نظر مین اُس بت خونریز سے لڑا گیا | جگر کے ٹکڑے اُڑائے یہ کی خوشی دلکی
سجھائی کچھ نہین دیتا خیال گیسو مین | زمانہ کرتی ہی اند ھیر روشنی دلکی
چراغ طور مرے گھر مین طور جلتا ہی | خیال عارض روشن ہی روشنی دلکی

نواب حشمت الدولہ افتخار الملک مرزا ابو تراب خان بہادر تراب تخلص خویش
محمد علیشاہ بادشاہ خلف مرزا ابو طالب خان بہادر باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان

اُڑا کے لیگئی گلشن مجھے ہوا دلکی | ہوئی ہی باد صبا میری آشنا دلکی
ہو آشنا لب ساحل سے دیکھیے کب تک | محیط عشق سے کشتی ہی آشنا دلکی
اُڑا کے لیگئی اک بار کوے قاتل مین | ہماری جان کی دشمن ہوئی ہوا دلکی
ہمین کو گردش چشم بتان نے مارا ہی | ہوئی ہی خاک جو پس پس کے طوطیا دلکی
بتون کے ہجر محبت مین ہیرے ساری عمر | کہین نہ ہاتھ لگی اُنکی انتہا دلکی
ہین لوگ قصہ فرہاد و قیس بھول گئے | کہانی ہوتی ہی اب میرے جابجا دلکی
دل اُسکا سینے مین جوش الم سے خون ہوجا کے | سنے صبا سے حقیقت اگر حنا دلکی
تراب دلکو ہمیشہ ہی شوق خاک شفا | مثال بخت ابوزر ہی کیمیا دلکی

امیر بخش مرحوم شہرت باشندہ دہلی شاگرد ثنار اللہ خان فراق

درد یہ درد دیکھ یہ دکھ بس جو ہر اک سے پائے دل | خاک کسی سے دوستو اپنا کوئی لگائے دل
ہوسکے ہر اک پہ مبتلا سہتا ہی جور اور جفا | اس مین ہی اسکو کیا مزا یہ تو مجھے بتا دل
کتنے دنون سے ہی یہ ڈھب کوچے مین اُسکے جب تب | شور مچاتا ہی غضب آئی ہی کیا قضائے دل

کعبۂ صدق و صفا مشرق انوار دل	عارف علم خفی مخزن اسرار دل
خضر طریق و دوا عیسیٰ معجزہ نما	برق تجلیٔ طور طالب دیدار دل
خاکی و قدسی سرشت نوگل باغ بہشت	آئینۂ حق نما شمع شب تار دل
نالۂ قلب سقیم گوہر اشک یتیم	کشتۂ گلگون قبا بزم عزادار دل

شاعر نامور زمانہ ماضیہ میر شبیر علی مرحوم افسوس خلف مظفر علیخان داروغہ توپخانہ نواب عالیجاہ بنگالہ صاحب دیوان شاگرد میر محمدی سوز اور میر حیدر علی حیران باشندۂ لکھنؤ حسب الطلب لاٹ صاحب کے کلکتہ گئے تھے وہین وفات پائی

چھپا کرے ہی جو کچھ یہان ہی سدا دل مین		یہ کسکی ناوک مژگان نے گھر کیا دل مین
ہمیشہ مجکو دھرایا جو کرتے ہو صاحب		یہ بات خوب نہین آپکے ہی کیا دل مین
عدو و دوست مرا حال سنکے سب رو دئے		یقین ہی کہ وہ ظالم بھی ہو کڑہا دل مین
جو وصل دوست کبھی کوئی دم بھی ہوا افسوس	ق	تو اُس سے حال دل اپنا کہون یہ تھا دل مین
سو وقت مرگ تلک بھی ہوا نہ وصل اُسکا		ہزار حیف یہ ارمان رہگیا دل مین

سید محمد حسین خان عرف شاہ مرزا کاشف ولد سید ناصر حسین خان بن سید مختار الدولہ عمدۃ الملک سید باقر علیخان ہیبت جنگ میر بخشی وطن بزرگونکا مازندران باشندۂ لکھنؤ شاگرد مولوی محمد بخش شہید

ہی جلوۂ رخ پہ نور مہ لقا دل مین	بھرے ہین معنی و الشمس و الضحیٰ دل مین
مری محبت اگر ڈال دے خدا دل مین	تو ضرور ہو مانند غیر جا دل مین

طرح لکھنؤ مشاعرہ شہریار مرزا

دل

بال جس طرح ہو آئینے مین یون دل ٹوٹا | جب تصور کمر یار کا گذرا دل مین
خال رخسار صنم دیکھکے مین کہتا ہون | یا الٰہی مرنے ہوتا یہ سویدا دل مین
اسمین ہر وقت نئی شکل نظر آتی ہی | صاف فانوس خیالی کا ہی نقشا دل مین
برق ہی آہ شرر بار تو باران ہی سرشک | آگ سینے مین ہی شیدا تو ہی دریا دل مین

امیر کبیر نواب مرزا والا جاہ بہادر عرف چھوٹے صاحب موسوم بہ عاشق خلف
مرزا حیدر نیشاپوری مقیم لکھنؤ صاحب دیوان

مصحف رخ کا خیال آج جو آیا دلمین | صورت نجم چمکتا ہی سویدا دل مین
بت پرستی تھی فقط سبکے دکھانے کے لیے | کلمہ پڑھتی تھی تو یوسف کا زلیخا دلمین
مار کاکل کے جو عاشق تھے وہ سب ہیں | لہرآئی ترے دیوانو نکے یہ کیا دلمین
تیری نوک مژہ کو مرے دل سے پوچھو | دیکھا اس کانٹے کو آنکھو نسے تو کھٹکا دلمین
بات وہ کر کہ جو دشمن بھی رضامند رہے | منھ پہ اچھا نہ کہیگا تو کہیگا دل مین
یار در خانہ و ما گرد جہان میگردم | عرش و کرسی مین نہ پایا اُسے پایا دلمین
ایک پل بھولے نہین تیری نشیلی آنکھین | پھر رہی ہین صفت ساغر صہبا دلمین
سبد ہین ہو نٹھ حلاوت جو ملی زخمونسے | ہم سرو ہی کا جپا کرتے ہین مالا دلمین
صاحب فکر رسا سیر سے ہین مستغنی | شہر دلمین ہی چمن دلمین ہی صحرا دلمین
جنکا سایہ نہ ملے اُنکا ہی سودا سر کو | جو نہو حشر تلک وہ ہی تمنا دل مین
ضبط گریہ سے یہ رشک تو جی بیٹھ گیا | آج ساعت کے کٹورے کا ہی نقشا دلمین

پانی پانی ہوا دیکھا جو صراحی سا گلا
موج ہی شیشۂ کف ساقی دریا دلمین

آئے ایجان اگر تیرے لب سرخ کی یاد
ہو عقیق جگری خونکا قطرا دلمین

شربت سیب ذقن لکھدیا کیا نسخے مین
آج کیون شاد ہی بیمار مسیحا دلمین

دست دلدار و ہان ہاتھ مین فصاد کے ہی
جوش کھاتا ہی یہان خونکا دریا دلمین

او دل آزار ہے کیون نہ لہو آنکھو سے
روز ہوتا ہی یہان خون تمنا دل مین

رنج فرقت سے مبدل نہ خوشی وصل کی ہو
آج کرنا نہ گذر اے غم فردا دل مین

نکھا قلم نکھا مٹی بھی مرے کو نہ دی
بے غبار آگیا اے رشک مسیحا دل مین

آیا وعدے پہ نہ وہ اور حسن شوق سے یان
حسرتین جمع ہوئین آپ کی کیا کیا دلمین

شیخ امداد علی بحر خلف امام بخش خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

کیا کہون کہ خیالات ہین کیا کیا دلمین
شہر مین کا نظر آتا ہی تماشا دل مین

دیکھتے ہم تیرے قدرت کا تماشا دلمین
آج کو پردۂ غفلت جو نہوتا دلمین

سبکو معلوم ہی جیسا ہم انھین جانتے ہین
وہ خدا جانے سمجھتے ہین ہمین کیا دلمین

مجھسے ہنستے تو ہین منھ سرخ ہوا جاتا ہی
خوش ہین ظاہر مین نئے آگ بگولا دلمین

اسکے ابرو نے پڑھایا سبق عشق مجھے
لکھ لیا مصحف رخسار کا آیا دلمین

اسقدر یار سے غصہ مین کھلنا تھا مجھے
سن لیا اُس نے مرے منھ سے جو کچھ تھا دلمین

یار کی گرم مزاجی کو بھی ہم دیکھ چکے
پڑ گیا داغ کلیجے مین پھپھولا دلمین

وصل جانان نہوا وقت وصال آپہونچا
وائے حسرت کہ رہی دلکی تمنا دلمین

دل

مر گئے دیکھتے ہی چشم فسون ساز کو ہم
راہ سے آنکھوں کے جادو ترا آیا دل میں

فیض اس عہد میں کسطرح نہو عالم کو
ظلم کا نام نہیں یاد شہ عادل میں

میر وزیر صبا پسر خواندہ اور ہمشیرہ زادے میر اشرف علی باشندۂ لکھنؤ صاحب
دیوان شاگرد رشید خواجہ حیدر علی آتش

شور جسکا ہی وہ ہی عشق جنون زا دل میں
بدہ گیا ہی نگین حسن کا سودا دل میں

نعمت فقر کا بھی دھیان ذرا لا دل میں
کیا سمائی ہی ترے ای سگ دنیا دل میں

آپ ہی ہین جو نہ مجھ رند کو تیرا دیتا
فرق آتا کرم ساقئ دریا دل میں

بات بھی آپکے آگے نہ زبان سے نکلی
لیجیے آئے تھے ہم سوچکے کیا کیا دل میں

کونسی شب نہیں رہتا ہی خیال گیسو
یہ وہ طائر ہی کہ لیتا ہی بسیرا دل میں

خوب بدلے شب و صلت کے لیے فرقت میں
لے رہا تھا مری باتین وہ صنم کیا دل میں

عرصۂ حشر میں ہوگا گذری کا عالم
لے نجانا کہیں دنیا کا بکھیڑا دل میں

چھا گیا لیجیے بڑھ کر چمن ہستی پر
نخل الفت کا لگایا تھا ذرا سا دل میں

ہم فقیرون کے لیے نفس کشی ہی اکسیر
آرزوون کا کیا کرتے ہین کشتا دل میں

جان دینا ترے خط پر ہی خضر کا ظاہر
لب جان بخش پہ مرتے ہین مسیحا دل میں

روح رہ رہ کے تڑپتی ہی ترے گانے پر
چٹکیان لیتا ہی آوازکا کھٹکا دل میں

رخ کیا کیون طرف غیر خطا کی تو نے
کسطرف جاتا ہی ادہر نگہہ آ دل میں

ای صبا جسکے لیے ہوئین پریشان خاطر
جانتا ہی مجھے وہ گیسوون والا دل میں

آرزو خلد کی ہمکو نہیں ای غیرت حور | تیرے کوچے مین رہین ہی یہ تمنا دلمین
زندگی بھر نہوا وصل میسر اُس کا | لیکے حسرت یہ گیا عاشق شیدا دلمین
واعظا عشق کی لذت سے اگر واقف ہو | طور کی ہوجاے جگہ صورت سینا دلمین
مرتے دم نام علی کا ہو زبان پر فوقن | بخدا ہی یہی بندے کی تمنا دلمین

میر ولد حسن **فوق** خلف میر مولود علی باشندۂ فرخ آباد مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میر وزیر صبا

چاہیے حال یہ ہو صدق و صفا کا دلمین | دونون عالم کا نظر آئے تماشا دلمین
وہ صفا اب مجھے حاصل ہی کہ صورت ہی | دیکھ لیتا ہون رخ یار کا جلوا دلمین
دید منظور ہی گر اُس رخ روشن کی تجھے | مثل آئینہ کدورت نہ رکھو اصلا دلمین
خوب ہی کعبۂ مقصود تلک ہم پہنچے | ڈھونڈھتے پھرتے تھے جسکو اُسے پایا دلمین
عشق گل ہی تو یہ نالون مین اثر پیدا کر | درد گلچین کے ہوای بلبل شیدا دلمین
کہین ایسا نہو اک روز قیامت لائے | بیطرح رہتی ہی یاد قد بالا دلمین
کمر یار کا مضمون یہان تو نہ ملا | ہان مگر ملک عدم کا ہی ارادا دلمین
وہ صنم پھر گیا تو پھر گیا اللہ تو ہی | رنج ای **فوق** کرو تم نہ ذرا دلمین

حکیم باقر علی **قیس** خلف شیخ قائم علی باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر وزیر صبا

جلوۂ دوست کا ہو جائے نظارا دلمین | مثل آئینہ صفا کیجیے پیدا دلمین
جیسے رہتا ہی خیال رخ زیبا دلمین | قدرت حق کا نظر آتا ہی جلوا دلمین

دل

ذکر عقبیٰ کی نہ کچھ خواہش دنیا دل مین
ہی نقطہ یار سے لگانے کی تمنا دل مین
دیکھنے کو بھی دم نزع نہین آسکتا
کیا سمائی ہی یہ ای رشک مسیحا دلمین
چار ہی دن مین کیا عشق نے بیمار و نحیف
اپنی طاقت کا مین رکھتا تھا بھروسا دلمین
بند کین آنکھین تصور مین بتون کے جس دم
قدرت حق کا تماشا نظر آیا دل مین

ہجر مین کشتی مے کشتی طوفانی ہے
جان دیتے ہو جو اس جان کے دشمن پہ عیش
روز رہا ہون ہمہ تن [illegible] ساقی دریا دل مین
پھر پشیمان ہوا ہے رشک مسیحا دل مین
ہوا ایک بھی بیمار محبت کا علاج
داغ پر داغ کلیجے مین ہین پھوڑا دل مین
[illegible]

مصحح مطبع محمدی زاہد دقیقی مولوی ہادی علی **اشک** خلف الرشید شیخ حسین علی ساکن لکھنؤ محلہ دوگانوان صاحب دیوان شاگرد فتح الدولہ مرزا محمد رضا برق

مرزا عباس **غنی** خلف مرزا حسن باشندۂ لکھنؤ شاگرد مرزا محمد حسن شیدا

لیگیا رخ بڑا عاشق شیدا دل مین	رہ گئی یار کے ملنے کی تمنا دل مین
بے سبب مجھسے خفا رہتا ہے کیسا دل مین	کیا سمائی بت کافر کے خدایا دل مین
کشتی مے وہ رقیبون کو پلاتے ہین وہان	جوش کھاتا ہے یہان خون کا دریا دل مین
صورت طفل نصاریٰ کی نہین بھولی یاد	رکھتا ہون حضرت عیسیٰ کا صحیفا دل مین
مجھکو تسبیح کے رکھنے سے ہوا کیا کام	نام دلدار کا پڑھتا ہون وظیفا دل مین
کوچہ یار مین تاراج ہوئی دولت دل	لٹ گیا مین عمل بادشہ عادل مین
کشتی مے سے مرا پار لگے بیڑا	آئے یارب یہ دل ساقی دریا دل مین
ناصحا تیری نصیحت سے کلیجا پکا	پڑ گیا سوز سخن سے تیرے چھالا دل مین
دیکھ کر مجھکو جو زنجیر طلب کرتا ہے	کیا مجھے سمجھا ہے وہ گیسوون والا دل مین
مجھکو ہر بیت پہ کیونکر نہ ملے بیت جنان	عشق رکھتا ہون **غنی** شاہ نجف کا دل مین

نواب محمد مرزا **عیش** خلف شوکت الدولہ علی مرزا بہادر نیشاپوری باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر دوست علی خلیل

جیسے اسکے رخ روشن کا ہے جلوا دل مین	مہر کیطرح سے روشن ہے سویدا دل مین
ساتھ سونے کی ہے مدت سے تمنا دل مین	کہہ دیا ہنسنے مریجان جو کچھ تھا دل مین
عاشق خال سے ناحق کبھی کار ہتا ہے	کیا گرہ پڑ گئی ہے اے بت ترسا دل مین
راتدن رہتی ہے اس سیم بدن سے صحبت	اب نہین کچھ ہوس دولت دنیا دل مین

دل

اشک آنکھونمین کبھی آہ کبھی ہی لب پر	درد ہر وقت نئی طرحکا پایا دل مین
اشک کیون آنکھونمین ای رشک بھر رہتے ہین	خیر ہی خیر ہی پھر درد ہوا کیا دل مین

میر وزیر نور خلف میر بادشاہ مرثیہ گو باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد فتح الدولہ

مرزا محمد رضا خان برق

یہ فروغ رخ محبوب سمایا دل مین	داغ روشن ہی چراغ ید بیضا دل مین
طرفہ گل آتش ہجران نے کھلایا دلمین	داغ ہی صورت طاؤس سراپا دلمین
یار کا حال مساوی ہی مری جانب سے	نہ برا کہتے ہین ظاہر مین نہ اچھا دلمین
مین نے شب بھر شب وصلت مین جو سونے نہ دیا	کوستے ہوگے تم ای سرو تمنا دلمین
کیون نہ معشوق جہان محو خود آرائی ہون	آپ کو کون سمجھتا نہین اچھا دلمین
بعد مدت کے جو بندے پہ کرم فرمایا	آج کیا جانئے ہان آپ کے آیا دلمین
آسمان پر مرے نالون سے ہی محشر برپا	نہین ہوتا ہی اثر یار کے اصلا دلمین
بے تکلف کہو جو جی مین تمھارے آئے	چپکے رہ جاتے ہو کیا سوچ کے جانا دلمین
شکر للہ کہ اب لطف سے ہوویگی بسر	عشق اپنا بھی ہوا یار کے پیدا دلمین
اسکی پروا نہین رکھتے ہین بنے یا بگڑے	صاف کہہ بیٹھے ہم ای نور جو آیا دلمین

کمیدان پلٹن شاہی مرزا مہدی علی خان کوثر خلف مرزا قطب الدین خان مخاطب بسہراب جنگ بزرگ انکے صوبہ دار حیدر آباد دکھن کے کسی زمانے مین تھے یہ مقیم لکھنؤ ہین صاحب دیوان شاگرد رشید

دل

آپ کی زلفون مین یک روز کیا تھا شانہ
ہم سمجھتے ہین وہی پیچ ہی سارا دلمین
روح کیواسطے ہی خضر رہ ملک عدم
کیون تصور نہ رہے اسکی کمر کا دلمین
نہ وہ ہی نور نہ ہی نار نہ بو ہی نہ ہوا
کونسا رنگ ہی کس رنگ سے آبادلمین
دم نہ مارے جو اجی خنجر الفت سے لہو
ہی یہ ہمت بخدا عاشق دریا دل مین
یار کا وصل کہان عاشق بیچارہ کہان
کیا عجب ہی جو رہ جاے تمنا دل مین

نواب یار علی خان قیس ... باشندۂ لکھنؤ [illegible]

مرزا ججو بہادر بیتا پوری باشندۂ لکھنؤ

مجھکو افسوس ہی یہ رہ رہ کے ہوا آتا دلمین
اپنا عاشق سمجھ دلدار نہ سمجھا دلمین
بعد مدت جو سمجھے یاد کیا اس بت نے
آج کیا بار خدا اسکے یہ آیا دل مین
جان جب عاشق شیدا ہوا اسکے تو دیکھون
یہ نہ آیا کبھی اے میرے مسیحا دل مین
غیر تو دوست ہوا ہے اسکے ہم کوئی نہین
سمجھے اے دشمن جان آپ یہ اچھا دلمین

دل

نگہ یار کی خنجر نہ تھی ایسی | اک اشارہ جو کیا وہ اتر آیا دلمین

سید مہدی حسین انور پسر میر احمد علی باشندۂ لکھنؤ شاگرد مرزا مہندی کوثر

تیر نظارۂ دلبر جو ہین کھٹکا دل مین | روح کیطرح اسے مین نے چھپایا دلمین
نہوا ایک خیال آئے تھے کیا کیا دلمین | رہ گئی یار کے ملنے کی تمنا دلمین
تو وہ بے مثل ہے معشوق تری الفت کو | جب تلک سانس رہے کیجیے اخفا دلمین
آتش عشق نہین رکھتی ہے تاثیر اگر | کون بھڑکاتا ہے پھر عشق کا شعلا دلمین
زخم تیر نگہ یار لگا ہے ایسا | نہ لگے گا کسی جراح سے ٹانکا دلمین
طائر روح مرا صورت بسمل تڑپا | دھیان اس خنجر ابرو کا جو آیا دلمین
تیرے شہباز نظر سے نہ بچا طائر روح | مین نے تدبیر سے ہر چند چھپایا دلمین
ذکر بندش کو بیان کر نہ سکا کچھ انور | دہن یار کا مضمون جو آیا دل مین

مرزا محمد رضا عرف مرزا ججو عاشق خلف نوازش علیخان ضبط باشندۂ لکھنؤ
شاگرد مرزا مہندی کوثر

جلوۂ حور کی کسکو ہے تمنا دل مین | کھپ گئی شکل تری یار سراپا دلمین
لے اڑی کعبے سے اکدم مین کلیسا کیطرف | بڑھ گئی ایسی ہوائے بت ترسا دلمین
تیرہ بختی نے مجھے روز سیہ دکھلایا | دھیان اس کاکل مشکین کا جو آیا دلمین
ہوئے برباد جو ہم اسکی گلی سے نکلے | خاک ہوکر بھی رہی دلکی تمنا دلمین
ایکجا دو یہ بکھیڑے ہین خدا خیر کرے | کبھی آتا ہے صنم اور کبھی بت ترسا دلمین

[illegible]

بڑھ گیا ہے مدیح یار کا سودا ایسا | بنگئے داغ جنون دیدۂ بینا دل مین
ہر گھڑی ہے گرد کدورت سے تہ و بالا ہے | ای صنم شیشۂ ساعت کا ہی نقشا دلمین
اژدہا ہے ترے گیسوے مسلسل کا خیال | درہم داغ جنون کا ہی خزانا دلمین
آتش ہجر کی ای جان اسے تاب کہان | نفس گرم سے پڑتا ہی پھپھولا دلمین
غم خونخوار نے اسدرجہ لہو چوس لیا | نام کو بھی نہ رہا خون کا قطرا دلمین
تنگئی دل پہ فدا ہون کہ سواے جانان | غیر کے بیک تصور کی نہین جا دلمین
وصل مین بھی نہین آرام کی صورت کوئی | شام سے ہی سحر ہجر کا دھڑکا دل مین
ہاتھ خالی ہی رہے زادرہ عقبا سے | لیچلے پر ہوس دولت دنیا دل مین
مدحت خنجر ابرو جو بیان کرتا ہون | غیر سن سن کے کٹے جاتے ہین کیا کیا دلمین
عیب ہی زنگ جو آئینے مین ہی سیہ | صاف طینت نہین رکھتے کبھی کینا دلمین

نواب مہدی علیخان جلیس خلف نواب صمصام الدولہ مرزا محمد نیشاپوری
مقیم لکھنؤ شاگرد مرزا مہدی کوثر

بیقراری کو جو فرقت سے ملی جا دلمین | خون بنا صورت سیماب سراپا دلمین
ربط غیرون سے ہی منظور کہ ہمسے صنا | سچ بتا دیجئے جو کچھ ہو ارادا دلمین
خود بخود آپ جو تشریف مرے گھر لائے | آگیا آج یہ ای جان جہان کیا دلمین
پیچ سے عاشق کا کل کے نہ سر کو کٹوا | جرم کچھ سوچ تو لے او ستم آرا دلمین
نہ سنو حشر کا واعظ سے بیان ای زندو | آج بیکار ہی اندیشۂ فردا دل مین

دل

ای بتو چاہیے کچھ خوف خدا کا دل مین

میر فضل علی مرحوم عظیم آبادی [illegible]

خواجہ محمدی خان مرحوم برادر کلان [illegible]

خواجہ عاصم خورد دہلوی [illegible]

تس پر بھی نہین قرار دل مین
[illegible] ہای ایک یہ دل ہزار دل مین

شیخ محمد جانی مرحوم حیرت دہلوی شاگرد میر محمدی بیدار

اب ہم سے کہون جو چھپا ہی میرے دلمین
سب سے کہون جو چھپا ہی میرے دلمین [illegible] کا نہین

ردیف دال

نزع مین آسکے لپٹ جاؤ مرے سینے سے	کوئی باقی نہین اب اور تمنا دلمین
جان بیچین ہی عشق مژہ جانان مین	چبھ گیا ہی یہ عجب طور کا کانٹا دلمین
داغ دل انجم افلاک پہ ہین چشمک زن	کھپ گیا ہی جو ترا چاند سا مکھڑا دلمین
راز الفت کو نہ ظاہر کیا ہرگز اے یار	جان کیطرح اسے ہمنے چھپایا دلمین
کعبۂ دلکو نہ ڈھاؤ نہ یہ آفت توڑو	اے بتو کچھ تو کرو خوف خدا کا دلمین
مجھسے بیمار کو جانا جو شفا ہو جائے	مان جائین تمھین گردون یہ مسیحا دلمین
پاکے تنہا جو کبھی اس سے لپٹ جاتا ہون	کہتے ہین سچ تو کہو کیا ہی ارادا دلمین
دور سے شعلۂ رخسار دکھا کر مجکو	آگ بھڑکاتا ہی وہ نور کا پتلا دلمین
پھر وہی اپنی نظر مین ہی زمانہ اندھیر	بھر گئے سر سے ہوا زلف کا سودا دلمین
حشر ہی قہر ہی آفت ہی ستم برپا ہی	اے صنم جبسے ہی عشق قد بالا دلمین
جان ہی مفت مین مطلب نہوا اے عباس	رہگئی ہائے یونہین دلکی تمنا دلمین

محتشم علیخان مرحوم حشمت باشندۂ دہلی صاحب دیوان

خوب پیپیا زمین سے نے بعد فنا	خاک کے بھی غبار تھا دل مین

میرزا رضا قلی مرحوم آشفتہ خلف حکیم محمد شفیع باشندۂ اکبرآباد مقیم لکھنؤ شاگرد میر محمدی سوز

جی تھا آنکھون مین یار تھا دلمین	یان تلک انتظار تھا دل مین
مرگئے پر بھی ہمکو خاک ندی	آج تک یہ غبار تھا دل مین

[illegible] محمد علیخان مرحوم حشمت [illegible]

[illegible]

شیخ محمد جان شاد خلف شیخ وارث علی شیخ زادہ لکھنؤ فارسی مین شاگرد مرزا علی اکبر شیرازی ہندی مین میر کلو عرش

نظر سے دیکھ سمجھ کر اُتار دل میرا	اگر اتو لوٹ ہی جاے گا یار دل میرا
ملا کے خاک مین جاے تو یار دل میرا	گریگا پاؤن پہ ہوکر غبار دل میرا
وہ لپٹے غیر سے ہین مین ہون زندہ درگور	اُٹھا رہا ہی عذاب فشار دل میرا
پس فنا بھی تجسس مین ہی ترے بیتاب	کہین نہ توڑ کے نکلے مزار دل میرا
اڑ لسے چھان رہا ہون تری گلی کی خاک	کبھی تو مجکو ملیگا نگار دل میرا
جو رو کے کہتا ہون ملنے سے غیر کے حال	تو ہنسکے صاف یہ کہتا ہی یار دل میرا
کہین ہو دفن نکلتا ہی کوئے جانا نین	زمین مین بھی نہین لیتا قرار دل میرا
بشکل شیشۂ ساعت ہی یہ تہ و بالا	کہ اک گھڑی نہین لیتا قرار دل میرا
بتون کے غم سے یہ نازک مزاج ہون اے شاد	لگائین گل بھی تو ہو سنگسار دل میرا

فرمان نویس کچہری سلطانی لالہ جیسکہ راے خوشنویس مقبول ولد جنی لال مراد آبادی مقیم لکھنؤ شاگرد منشی ہینڈو لال زار

الٰہی کس سے ہوا ہی دوچار دل میرا	طپان ہی سینے مین سیماب وار دل میرا
ہوا ہی جبسے مجھے عشق کاکل رخ یار	طپیدہ رہتا ہی لیل و نہار دل میرا
عزیز و یوسف کنعان کے چاہ مین ہی تو	کنوین جھنکاے گا مجکو ہزار دل میرا
بہت کھلائیگا گل گر جنون سلامت ہی	دکھائیگا ابھی کیا کیا بہار دل میرا

دل ... مضمون

اُنھین سے کے رنگ حنا سے لہو رولایا ہی
پیسا ہی دیکھ کے جنکا سنگار دل میرا
بہت ستایا ہی ایذا مین سیکڑون دن ہین
خدا کو مان سے اب رکھے یار دل میرا
یقین جانو شرف مین وہ صاف طینت ہون
عدو سے بھی نہین رکھتا غبار دل میرا

ولہ

معشوق بے نیاز کا گھر ہی مکان دل
کیا منزلت ہی شان الٰہی ہی شان دل
واعظون کا ہو رہا ہی جو مجمع میان دل
جائیگا دل کو لیکے کدھر کاروان دل
[illegible]

بازار حسن مین جو سنین تجکو مشتری	یوسف بھی دل نکال کے رکھین دکان دل
دل پکڑے پھرتے ہین جو کلیجہ تھے بیٹے	خود روبرو ہے ہین کرتے جو تھے امتحان دل
دو تربتین جو گور غریبان پہ ہین شرف	اک ہی مرے جگر کا نشان اک نشان دل

امیر احمد امیر خلف مولوی کرم احمد اولاد مین حضرت شاہ مینا علیہ الرحمۃ کے باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید منشی مظفر علی اسیر

ناوک فگن تڑپتے ہین سنکر فغان دل	نالے ہمارے ہین کہ خدنگ کمان دل
داغ پری وشان سے دوبالا ہی شان دل	ہی ماہ و آفتاب نہین آسمان دل
ای شاہ کشور دل و جان و جہان دل	قربان ہر ادا پہ دل و جان جان دل
پیکان جو دل پہ یار کا بیٹھا تو خوش ہو	پیدا ہرا سے شکر ہوئی یہ زبان دل
جائے گا کیا تصور خال سیاہ یار	آنکھون مین مردمک ہی سویدا میان دل
حیرت وہی فروغ وہی ہی جلا وہی	کچھ کچھ تو آئینے مین نکلتی ہی شان دل
غفلت نے کر دیا نظر خلق مین سبک	یارب کہین تمام ہو خواب گران دل
غنچے کے توڑنے کو سمجھتا ہی معصیت	نکھی ہی جس نے بوے گل بخزان دل
اتنے لیے پسند ہی مجکو چمن کی سیر	گل شکل داغ دل ہی صنوبر نشان دل
بہتا ہی راہ چشم سے ہو ہو کے آب آب	جاری ہی باغ جسم مین نہر روان دل
اُس بے نشان کی یاد نے ایسا مٹا دیا	سینے مین نام کو نہین نام و نشان دل
ذرون مین آفتاب کا جلوہ دکھا دیا	پیدا زمین سے حق نے کیا آسمان دل

[illegible]

قدم ای باد صبا رکھیو سنبھل کر اپنا	کوچۂ زلف مین اُفتادہ کسی کا دل ہی
گندمی رنگ کی فرقت مین پیسا جاتا ہی	آسیا گر طپش دل ہی تو دانا دل ہی
بسکہ رہتا ہی تری جنبش مژگان کا خیال	تیر پر تیر لگا کرتے ہین تودا دل ہی
ہاتھ رکھکر دل سوزان پہ مرے کہتے ہین	دیکھیے دیکھیے اب تو ید بیضا دل ہی
شاید آتا ہی وہ رشک چمن حسن ادھر	آج مثل گل خندان جو شگفتا دل ہی
مست مانگے اگر اک جام تو دے دو خم	کیا ہی ہمت مرے ساقی کی ہی دریا دل ہی
ای علی کیون نہو امید قوی بخشش کی	کہ نبی اپنا کریم اور خدا عادل ہی

طالب علم مستعد احمد حسن ولد سعادت علی باشندۂ قصبۂ موہان توابع لکھنؤ شاگرد رشک

قیدی گیسوے دلدار ہمارا دل ہی	تیرہ بختی مین گرفتار ہمارا دل ہی
والہ ابروے خمدار ہمارا دل ہی	کشتۂ خنجر خونخوار ہمارا دل ہی
خار فرقت ہوئی جسد سے نہیں ای گلرو	داغون کے پھول سے گلزار ہمارا دل ہی
مدتین گذری ہین ای گل کہ مثال نرگس	شوق دیدار مین بیدار ہمارا دل ہی
ہمتو خادم ہین حسن ابن ابی طالب کے	خاکپاے شہ ابرار ہمارا دل ہی

عالی دودمان حافظ قرآن اشرف الامرا رئیس باندا نواب علی بہادر علی ولد نواب ذو الفقار بہادر اولاد مین سلاطین دکھن کے ملقب بہ پیشوا صاحب دیوان اور مثنوی مہر و ماہ شاگرد سید اسمعیل حسین منیر

[illegible]

علی جو ای یہ عطر بہشت شیشے مین
تصور عرق روے یار دل مین ہی

شاعر زمانۂ ماضی حبیب تخلص باشندۂ مراد آباد اور حال کسی تذکرے مین مندرج نہین

خانہ ویرانی مری گرچہ کی ہین دل نے حبیب
پر خدا حشر تک آباد رکھے خانۂ دل

حکیم محمد رضا اشراق خلف رضا علیخان [illegible]

[illegible]

انکا مولد و مسکن لکھنؤ صاحب دیوان

گلو سوز و صفت مین رطب اللسان ہی دل میرا
عجب بلبل رنگین بیان ہی دل میرا
خدا کو مان نصیحت سے باز آ ناصح
[illegible] خدا تو جوان ہی دل میرا
[illegible] بتان کوچہ گیسو مین ہی یہ پہلو مین
[illegible] ہم کمان ہی دل میرا
شکستگی سے ہمیشہ درست ہوتا ہی
خدا کی شان عجائب مکان ہی دل میرا
وہ رند ہون مجھے دست سبو سے بیعت ہی
مرید حضرت پیر مغان ہی دل میرا
[illegible] آپ نے منت کے [illegible] ہی دل میرا
[illegible] آشیان ہی دل میرا
[illegible] خون کے پیاسے [illegible]
[illegible] مین اک مہربان ہی دل میرا
تم اپنی زلفون سے کیون بار بار الجھتے ہو
مجھے کو دے دو جو ایسا گران ہی دل میرا

صادق الولا شیخ الٰہی بخش عشقی ولد [illegible]

ردیف دل

جلوہ افروز ہی پہلو مین وہ رشک خورشید	آج کل نور سے معمور ہی کاشانۂ دل
مفت دل بھیجتے ہین آپ کے ہاتھون لیکن	ایک بوسہ ہو عنایت نہین بیعانۂ دل
مضطرب ڈھونڈھتا پھرتا ہی ہر اک محفل مین	کون سی شمع کا مشتاق ہی پروانۂ دل
بڑھ کے تیغ نگہ یار جگر پر روکے	بارک اللہ خوشا ہمت مردانۂ دل
ایکدن چاند سی صورت نہ دکھائی اسنے	جلوۂ یار سے روشن نہوا خانۂ دل
ساغر دیدہ و مینائے گلو کا ہی خیال	شیشہ و جام سے خالی نہین میخانۂ دل
چھوڑ گلگشت جہان دیدۂ باطن کو کھول	سیر کرنے کی سزاوار ہی ویرانۂ دل
کس بلا مین مجھے الجھایا ہی ای پیر فلک	گیسو فکر کی شایان نہین شانۂ دل
عیش و آرام سے اشراق بسر ہوتی ہی	اب تو ہر وقت ہی پہلو مین وہ جانانۂ دل

شیخ فرحت اللہ مرحوم فرحت ولد شیخ اسد اللہ اولاد مین قاضی مظہر کے جانشین مرزا شاہ بدیع الدین عرف شاہ مدار صاحب دیوان باشندۂ دکن پر اکثر دہلی مین رہے مرشد آباد مین جاکر وفات پائی

چمن مین کیون نہ مین ہو ون گلے سے لگ کے غنچے کے	اسی صورت کا اپنے پاس ای فرحت کبھی دل تھا

مرزا مغل مرحوم سبقت ولد مرزا علی اکبر بزرگ انکے رہنے والے ملک فارس کے انکا مولد دہلی مسکن لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نامی قلندر بخش جرأت

ناقۂ لیلی جو ٹھہرا وہی مجنون مین آہ	بولے کیا تیر ابھی یان ای ساربان دل لگ گیا

ظفر الدولہ معتبر الملک رفیع الامرا نواب علی اصغر خان بہادر ناصر جنگ اصغر تخلص وزیر بادشاہ دہلی ولد علی اکبر عزیزون مین نواب شرف الدولہ بہادر وزیر اعظم شاہ اودھ وطن بزرگون کا کشمیر

[illegible]

بچا جو خنجر ابرو سے تیر ناز لگا	پڑی نہ چوٹ غضب کی کہاں کہاں دلبر
یہ عشق آئینۂ رخ کا صاف ہی اعجاز	تمھارے دل مین جو آیا ہوا عیان دلبر
جو منھ مین آتا ہی کہہ بیٹھتے ہو رحم کرو	خموش و عاجز و مسکین و بیزبان دلبر
سبک ہوا ہی جو کاہیدگی سے کوہ ہوا	اسی سبب سے ہی عشقی بہت گران دلبر

میر سعادت علی مرحوم تسکین برادر زادہ میر علی حامد باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ پہلے شاگرد
میر احمد علی رسا کے بعد ملک الشعرا میر قمر الدین منت فارسی گو سے اصلاح لی

کرتا نہین ہی جنس دو عالم پسند دل	خواہان متاع درد کا ہی دردمند دل
آشفتگی کا اپنی سبب تجھسے کیا کہون	مدت ہوئی کہ زلف مین تیری ہی بند دل
جو آتش عذار پہ دانہ ہی خال کا	یہ جی مین ہی کہ کیجیے اُسپر سپند دل
بیرحم پھر نہ لیگا کبھی دوستی کا نام	جانبر ہوا اگر ابکی اٹھا کر گزند دل
پاس ادب ہی مانع تسخیر ورنہ یار	یان نالۂ رسا سے رکھے ہی کمند دل
سینے مین شعلہ زن ہی زبس آتش فراق	خورشید حشر سے بھی ہی سوزان دو چند دل
بکتا ہی اک نگاہ پہ لے لیجے مفت ہی	تسکین کا گر آپ کو آیا پسند دل

مولوی کرامت علی مرحوم تاریخ گو اظہر ولد امانت علی باشندۂ شیخ پور توابع فرخ آباد
صاحب دیوان شاگرد نصیر دہلوی

ہوئی جو عشق سے کچھ بڑھ کے گفتگو دلکی	تو چشم آبلہ نے رکھ لی آبرو دلکی
نہ دیکھے آئینہ تو لے کے اپنی جیب تہی	جو تیرے ہاتھ لگے لوح یہ کبھو دلکی

دل
مخمس

مولف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد سید ...
حقیقت وطن بزرگوں کا ... سکونت لکھنؤ
شاگرد خواجہ وزیر برادر میر علی اوسط رشک

بنا ہی کیا چمن دہر خاک عاشق سے — جگر کا رنگ ہی لاسے مین گل مین بو دلکی
لگا سے زخم جو قاتل سے باغ باغ ہوا — لہو کی دھار بہی صاف آبجو دلکی
لڑا کے آنکھونکو تجھسے بگاڑ کرتا ہی — پہ عین صلح مین حالت ہی جنگجو دلکی
ہی چار آئینہ چار دن طرف کے داغونسے — صفائی کیون نہو مشہور چار سو دلکی
مقابل آئینہ کے جس طرح ہو آئینہ — ہی شکل صاف یہی دیکھ رو برو دلکی
اگر تمیز ہو رستے مین خاکسارون کی — ہر ایک ڈھیلے سے مٹی کے آئے بو دلکی
جلا کے آتش فرقت سے کر دیا برباد — ملا یا خاک مین کی خوب آبرو دلکی
نہین ہی منزلت دل سے ظالمون کو خبر — فزون ہی عرش معلی سے آبرو دلکی
وہی ہی داغ وہی جوش خونکا عالم ہی — شبیہ ہی گل لالہ مین ہو بہو دل کی
ہوا ہی رشک سویدا رہا نہ نام کو نور — غضب کی دوستی زر بھی ہی عدو دلکی
نہین طہارت ظاہر سے کام او نرا ہد — نماز ہوتی ہی مقبول بے وضو دلکی
ابھی تو آنسو ونکے ساتھ آیا ہی — تم اس سے پوچھو کہے گا خبر لہو دلکی
ہوا سے آتش گل خاک مین ملا دیگی — رہیگی دل ہی مین بلبل کے آرزو دلکی
خدا کے واسطے لا جلد بھر کے ای ساقی — شگفتگی نہین بے ساغر و سبو دلکی
یہ زور ا بتو دکھایا ہی ناتوانی سے — نہ آئی لب پہ رہی بات تا گلو دلکی
یہ تیز آتش الفت ہوئی کہ داغ لگا — دھوئین مین آہ کے آنے لگی ہی بو دلکی
کسی کے کوچۂ گیسو مین ڈھونڈ ای محسن — عبث ہی سینۂ سوزان مین جستجو دلکی

شراب بھی جو پلائی تو بے مزا ہو کر	ہمیشہ جلتی رہی حسرت کباب مین روح
تمہارے پیر تو رخ نے جلا کے مارا ہی	جلا کرے گی قیامت تک آفتاب مین روح
بنے مزار و درخت رز پہ ای گوہر	نکل گئی ہی مری خواہش شراب مین روح

الملحظہ خواجہ غلام مصطفی **فروغ** خلف خواجہ محمد یحیی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان

شاگرد وزیر صبا

تپ فراق کی ایذا سے ہی عذاب مین روح	عجب نہیں جو پڑا ہو اس اضطراب مین روح
خیال چاہ زنخدان ہی اُس پریرو کا	نہ ڈوب جائے کہین بحر اضطراب مین روح
فراق یار کا صدمہ بلا سے جان ہو دلا	نکل نہ جائے کہین دیکھ اضطراب مین روح
خیال ہو تری آب روان کی مہر کا	نہیں ہی تن مین ہمارے یہ ہی حباب مین روح
وہ بادہ نوش ہوں مین ای فروغ عالم مین	لگی رہیگی پس مرگ بھی شراب مین روح

افصح الفصحا خواجہ وزیر **وزیر** خلف خواجہ فقیر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان

شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

زندہ درگور رہا تیرے بے تیرے او آرام روح	بن گیا ہو قالب خشت لحد اندام روح
گیا ہی چین آیا ترے آنے سے ای آرام روح	اب نہیں وہ رنج دل درد جگر آلام روح
پھیر لی تو نے جو چشم مست ای آرام روح	جام سان گردش مین ہی اب بخت نافرجام روح
کس مزے سے جاتی ہی یا لب شیرین مین جان	میٹھی بولی چل رہا ہی توسن خوش گام روح
یہ صفائی یہ لطافت ہی کہاں آئینے مین	ہی عیان تیرے لباس جسم سے اندام روح

روح

ساقیا لب زیر اپنا ہو چکا جب جام روح

سید باد سے علی نجف خلف سید ناصر علی

روح

آج سے روح الامین تجسکو کہون پیغامبر
میرے روح الامر تک پہونچا دیا پیغام روح

اُس بت کافر کو بیتابی مین کیا کیا کچھ لکھا
دین و ایمان راحت دل جانجان آرام روح

کیا مکان جسم ہو اپنے مکین کا شیفتہ
پھر رہا ہو ساتھ قصر بے در و بے بام روح

ایسے ہم قاتل پہ مرتے ہین کہ بے تائید دست
کھینچ لیتا ہو نیام جسم سے صمصام روح

شیشۂ تن سے ترے آئی نظر مے کیطرح
دختر رز ہو گیا مشہور ساقی نام روح

لو خدا حافظ کہ آپہونچا ہو عشق کنفرا
بھاگ جاوے دل بغل مین داب کر اسلام روح

بوسۂ لب دلکو دیگا اک حسین سبزہ رنگ
خضر آب زندگانی سے بھریگا جام روح

جسکے اسم حور بے دیکھے ہوے مرنے لگے
اُلٹی سیفی بنکے نکلا منھ سے اُلٹا نام روح

تھی مسیر عرش یا اب ہو اسیر خشت خاک
واہ کیا آغاز تھا اور کیا ہوا انجام روح

پنبۂ گوش جوانی گر شہ اے پیری ہو تو
قامت پر خم دہن بنکر کہے پیغام روح

کھچ سکا نقشہ نہ جب جسم لطیف یار کا
کا تب تصویر پر مانی نے لکھا نام روح

الامان اے رعب پیری اے جوانی الغیاث
پڑ گیا رعشہ بدن مین کانپ اُٹھا نام روح

چار دیوار عناصر گر پڑی تڑپے جو ہم
رفتہ رفتہ بن گیا چھوڑا ہا قصر خام روح

دل ہی پہلو مین نہین کسکو خبر ہو جانکی
ہو گیا گم وہ نگین جسپر کھدا تھا نام روح

مثل دل سینے سے میرے وہ لپٹ کرتے ہین
اے و زیر اپتو نہین درد جگر آلام روح

منشی مرزا محمد رضا معجز خلف مرزا کرم علی باشندہ لکھنؤ بسبب رفاقت نواب دولہا صاحب مقیم کانپور صاحب دیوان شاگرد محمد علی خان مسیحا

وحشیون کیطرح عریانی خوش آئی ہو ایسی
قطع کرتا ہو لباس زندگی اندام روح

دشت غربت مین کہان تک ٹھوکرین کہایا کرے
کب تلک گردش رہے او بخت ناقص جام روح

جانکر اُس گیسوی پیچان کا سودائی ہوا
پھنس گیا دام بلا مین طائر ناکام روح

جستجو مین ہو اجل لیکن نظر آتا نہین
نقطۂ موہوم کہل کر بنگیا اندام روح

ناتوانون سے نہین رکتی عنان اختیار
کیا ہی زور و شر چڑہا ہی توسن خوش گام روح

آگئی آتے ہی اُسکے قالب بیجان مین جان
بسکہ وہ عیسی نفس مشہور تھا ہمنام روح

درمیان پڑکر صفائی کردے ای تیغ اجل
جسم خاکی ہی غبار خاطر ناکام روح

دیکھکر گیسوے جانان کیون نکہاؤن پیچ و تاب
ہی اسی زنجیر مین جکڑا ہوا اندام روح

جیسے ہی پیش نظر تصویر صیاد اجل
کسقدر سہما ہوا ہی طائر ناکام روح

ساغر می فرقت ساقی مین کیا خالی کرون
بھر چکا ہی یان شراب زندگی سے جام روح

عشق پاک یار جانی مین ہوا ہی دم فنا
چاہیے روح القدس مشہور ہوا بنام روح

قصر تن مین اسکو ای بیخود بہت ایذا ہوئی
جی مین ہی نقل مکان کیجیے پئے آرام روح

میر محمود جان مرحوم **اوج** خلف میر جواد شاہ عزیزون مین خاص محل نواب معتمد الدولہ بہادر کے باشندۂ لکھنؤ مقیم کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

اُٹھ گیا ہی میرے پہلو سے جو وہ آرام روح
جسم مین باقی نہین ہرگز نشان نام روح

خال رخ پر طائر دل کے لیے دانا ہوا
دونو زلفین عارض صیاد پر ہین دام روح

ہاتھ سے فرقت کے اپنی زندگی دشوار ہی
موت کو پہونچائے کوئی آج یہ پیغام روح

روح

اُسکے بالین پر اگردہ راحت و آرام روح
فکر ہو مضبوطی ایوان کی ای منعم عبث
خانۂ تن مین نہین ہو خاک استحکام روح
اُسکے مسجود ظلائق جسم خاکی مین ہوئی
اور کیا ہوا سے افزون عزت و اکرام روح

روح

روح انسان جیسے ناطق ہی نظر آتی نہیں
ہی یونہی گویا تمھارا منھ بھی ای آرام روح

خط میں کاتب میرے کھلنے کی حقیقت لکھ چکا
نام کے بدلے لفافے پہ ہی زیبا نام روح

کالبد تیرا لطافت میں خدا کا نور ہی
روح سے بہتر ہی تو اے مایۂ آرام روح

عکس اسے کہتے ہیں یہ قلبی عداوت دیکھیے
مجکو مارا جو ملے جسد م کہا آرام روح

خط تجھے لکھتا ہوں ظاہر نہیں باطن کا شوق
بھیجتا ہوں جو تجھے پیغام ہی پیغام روح

جسطرح ہو روح اپنے تن سے آسایش طلب
ڈھونڈھتا ہوں یوں تمھارے جسم سے آرام روح

جسکے دوری مار ڈالے پاس اسکا چاہیے
جسم کو واجب ہوا اعزاز روح اکرام روح

خانۂ دنیا ہی کعبہ گاڑ دو بار دھر حج
جامۂ جسم گلی ہی جامۂ احرام روح

زندہ ہو جاتا ہی دل فرط خوشی سے وصل میں
جسم کو ملتا ہی تیرے آنے سے آرام روح

جان دیتا ہوں پہ تیرے نام پر ای جان جان
اب نہیں سارے بدن میں نام کو بھی نام روح

صحبت ناجنس تو ای رشک بنتی ہی نہیں
روح کو لایا بدن میں بخت ناکام روح

خوشنویس شاعر یکتا اصغر علیخان نسیم دہلوی خلف نواب آقا علیخان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد حکیم محمد مومن خان مومن

رہی ہمیشہ اسیری کے اختیار میں روح
چھٹی بدن سے پھنسی دام زلف یار میں روح

نہیں اجازت رفتار دے نزاکت یار
کہ راہ تکتی ہی آغوش انتظار میں روح

نہ زندگی سے خوشی ہوں نہ موت سے راضی
نہ اختیار میں دل ہی نہ اختیار میں روح

دکھا دے جلوہ آخر کہ وقت آخر ہی
ہی میہمان نفس چند انتظار میں روح

روح

شریک کوئی بجز وقت کا نہین اے یجر	جسد کو چھوڑ گئی ہی لحد کے غار مین روح

مولوی محمد بخش شہید ولد شیخ خدا بخش خوشنویس باشندہ قصبہ سندیلہ مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

تڑپ رہی ہی نہایت فراق یار مین روح	قفس مین طائر بسمل ہی جسم زار مین روح
نہ کسطرح سے نکلنا بدن سے ہو دشوار	بڑی خرابی سے آئی ہی جسم زار مین روح
کمال ہی تپ فرقت نے اب حرارت کی	بدن کیطرح سے جلنے لگی بخار مین روح
محال ہی کہ کرے عود جو کہ ہو معدوم	نکل کے جسم سے کب آئی جسم زار مین روح
میان قبر اٹھاتے ہین جبر فرقت ہم	پس از فنا بھی نہین اپنے اختیار مین روح
کھلا نہ ہم پہ محیط و محاط اس مین ہی کون	یہ جسم روح مین ہی یا ہی جسم زار مین روح
کہان ہی محفل رندان مین دور ساغر مے	کہ پھر رہی ہی یہ بزم شراب خوار مین روح
پس از فنا بھی کمال انتظار جانان ہی	کبھی مزار سے باہر کبھی مزار مین روح
دیے ہین داغ شہید اتنے گلعذارون نے	رہیگی بعد فنا میری لالہ زار مین روح

مہدی حسین خان آبادو ولد غلام جعفر خان باشندہ لکھنؤ شہر بحر مین غزل کی انکا ایک دیوان ہی شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

نہین ہی اور کہین جان جسم زار مین روح	اٹک رہی ہی فقط چشم انتظار مین روح
گئی ہی یاد مین از بسکہ جان لیلا کی	پھرے گی ڈھونڈتی مجنون کو ہر غبار مین روح
بدن نہین ہی یہ زندان کلفت غم ہی	پھنسی ہی آن کے یارب یہ کس غبار مین روح

فصل روح زیادہ کی

نہ کسطرح سے ہوا ہو ہواے یار مین روح	برنگ بوے رگ گل ہی جسم زار مین روح
بغیر یار تڑپتی ہی لالہ زار مین روح	بنی ہی موجۂ باد خزان بہار مین روح
پس از فنا بھی ہی آندھی ہوا کیار مین روح	بجاے موج ہوا ہی مرے غبار مین روح
خدا کیواسطے قصہ دوئی کا یکسو کر	ادھر ادھر کہین بھٹکے نہ انتشار مین روح
برا ہو موت کا جس نے یہ تفرقہ ڈالا	مزار مین مری میت ہی کوئے یار مین روح
بجھی نہ آتش سوزان شوق ای ظالم	لگی رہی تری شمشیر آبدار مین روح
کسیکی وعدے کا رہ رہ کے دھیان آتا ہی	اٹک اٹک کے نکلتی ہی انتظار مین روح
مجال کیا کہ نہ دریاے عشق تک پہونچے	حباب وار ہی اس بحر بے کنار مین روح
عجب حساب سے دنیا مین زندگی کاٹی	نفس کی آمد و شد سے رہی شمار مین روح
اُسی کے ہاتھ حیات و ممات ہی سبکی	حقیقتاً ہی صبا حکم کردگار مین روح

امیر ابن امیر صاحب فکر رسا مرزا عالیجاہ بہادر شیدا ولد مرزا آغا حیدر بہادر حیدر نیشاپوری باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید مرزا سرفراز علی قادر

عذاب قبر یہ سہتی ہی انتظار مین روح	کہ میرے سینے کی تنگی سے ہی فشار مین روح
بدینگے جان جہان تجھ سے ہم قمار مین روح	جو بوسے جیت مین لین گے تو دینگے ہار مین روح
وہ کہنے لگتی انا الحق بصورت منصور	جو منکرو کبھی ہوتی زبان دار مین روح
نہ واعظا مجھے جنت کا باغ سبز دکھا	رہیگی بعد فنا اپنی کوے یار مین روح

ردیف روح

اٹک اٹک کے چلے تم تو راہ مین ہوئی دیر
دکھاوے ساقیا رنگ آشنا پرستی کا
بجھائی پیاس تیغ قاتل نے آب خنجر سے
زبان ہو بند انا الحق نہ بند ہو منصور
فراق یار مین نفرت تھی جسم سے ایسی
گل مراد کھلا ہی خزان کے جانے سے
ہماری مرگ کا باعث ہی لاغری تن کی
چھٹی جو سلسلۂ کاکل پریشان سے
ہوا بندھی ہوئی کیا طلسم ہستی مین
مسیح و خضر لب و خط پہ جان دیتے ہین

اٹک رہی ہی آنکھون مین انتظار مین روح
وہ شیشہ چھانٹ کے لا ہو جو تین چار مین روح
بھٹکتی پیاسی ہی پھرتی ہی اضطرار مین روح
ہمارے جسم کی پڑ جاے چوب دار مین روح
بس وصال نہ تن مین گئی مزار مین روح
چمن چمن ہی شگفتہ مری بہار مین روح
سمائیگی نہ کسی طرح جسم زار مین روح
چھٹی ہین ضیمین قلق سے ہی انتشار مین روح
مقید اس تن خاکی کے ہی حصار مین روح
تمھارے آگے ہی عاشق کی کس شمار مین روح

میر محمدی سپہر خلف میر مہدی بدخشی خواہر زادہ مولف صاحب دیوان
شاگرد رشید خواجہ وزیر وزیر

نہین ٹھہرتی نظر آتی جسم زار مین روح
نہ ایکدم کو بھی آیا کبھی وہ عیسی دم
چڑھاؤ قبر پہ دو پھول توڑ کر ای جان
جو دیکھے برق بھی بھولے سب اپنی بیتابی
اُگا ہی قبر پہ نرگس کا پیڑ بعد از مرگ

لبون پہ رہتی ہی ہر دم فراق یار مین روح
نکل گئی مری آخر کو انتظار مین روح
لگی ہوئی ہی ہماری تمھارے ہار مین روح
تڑپ رہی ہی یہ ای جان جسم زار مین روح
پتا ہی اُسکا جو نکلی ہی انتظار مین روح

روح

ایضاً

طرح مین خاک کا ہی ڈھیر کوے یار مین روح
ہو سکے بدلے رگون مین ہی شعلۂ آتش
شرر ہی یا ہی مرے جسم داغدار مین روح
فراق یار مین ناصر کی زندگی معلوم
نہ ہو سکے وصل پہ قابو نہ اختیار مین روح

عباس ولد میر امام الدین صاحب دیوان
شاگرد خواجہ وزیر وزیر
تھانہ دار متعلقہ کوتوالی لکھنؤ میر عباس

اُتارے قبر مین مجکو اگر وہ رشک چمن — خوشی سے پھولے سمائے نہ پھر مزار مین روح
دکھائیگا لب مسیحا نما ترا اعجاز — پڑیگی طوطی کی صورت خط عذار مین روح
پس فنا بھی اسے انتظار باقی ہی — بھٹکتی پھرتی ہی عباس کوے یار مین روح

شیخ فضل احمد کیف خلف شیخ اکبر علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر وزیر صبا

آہی جلد نکل جائے ہجر یار مین روح — رکھے نہ دیر تلک مجکو احتضار مین روح
نہ ترک ہوتی ہی الفت نہ دم نکلتا ہی — نہ اختیار مین دل ہی نہ اختیار مین روح
پس از فنا بھی کسیکی ہی جستجو باقی — بھٹکتی پھرتی ہی ہر ایک رہگذار مین روح
ہوا ہی کون کسیکا شریک آفت مین — نہ دے گی ساتھ ہمارا کبھی مزار مین روح
آہی اب کہین وعدہ مرا برابر ہو — نکال لے ملک الموت ہجر یار مین روح
نہو گا ساتھ جو گلگشت مین وہ گل اندام — اُڑیگی نکہت گل کیطرح بہار مین روح
جو ذبح کرتا ہی کر آکے جلد اے صیاد — ابھی تلک تو ہی باقی ترے شکار مین روح
وصال بھی جو سنا ہی اجل کا نام اُسنے — خوشی خوشی سے نکلتی ہی ہجر یار مین روح
پس از فنا بھی ہون اک شہسوار کے ہمراہ — پڑی ہی حکم خدا سے مرے غبار مین روح
مراد پر نہ کبھی نخل آرزو آیا — ہوئی نہ شاد کبھی باغ روزگار مین روح
چمن مین اُس گل تر کی صفت بیان کرتا — مری طرح سے جو ہوتی زبان خار مین روح
کسیکے زلف پریشان کا دلکو سودا ہی — تمام عمر رہے کیون نہ انتشار مین روح

جواب دے چکے ہین دست و پا تحیر کو	عجب نہین ہی کہ نکلے فراق یار مین روح

شیخ عبدالرؤف مرحوم شعور خلف شیخ حسن رضا عرف بستی میان باشندۂ بلگرام مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

حباب وار جو ٹھہری تھی جسم زار مین روح	ہوئی کمال سبک چشم اعتبار مین روح
عیان ہی صاف نقیض عناصر اربع	رہی نہ امن مین آفت سے اس حصار مین روح
گلے سے اپنے لگائے وہ جانجان جو مجھے	بدن سے رشک کرے کیون نہ وصل یار مین روح
ملا نہ زیست مین لطف کنار و بوس اگر	وصال یار کا پائے مزا فشار مین روح
خدا نکالے کہین جلد دوزخ تن سے	پھنسی ہی شدت تپ سے عذاب نار مین روح
مشام جان کو نہ پہونچی گل مراد کی بو	بہت نہال ہوئی باغ روزگار مین روح
نگاہ شوق ہی زنجیر پا ہو کاش اسکی	ہماری آنکھون سے نکلے جو انتظار مین روح
کمال مجکو جلایا ہی سخت جانی نے	دھوین کیطرح نکل جائیگی بخار مین روح
نہ پوچھین گے صف محشر مین ہمین ضعیف وہ ہور	ہی کس شمار مین یہ جسم کس شمار مین روح
چمن مین وہ ہر کے حاصل ہی عشق شاہد گل	کرو رشک کرے قالب ہزار مین روح
شعور کاش سونگھائے مسیح لخلخہ اب	بخور کی نہین مشتاق ہی بخار مین روح

مرزا کریم بیگ ستفا خلف مرزا انور علی بیگ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا محمد رضا برق

خزان کہان کی ہمیشہ سے ہی بہار مین روح	سرشتہ یہ ہی کہ رشتہ ہوئی ہی ہار مین روح

روح تخلص

ذرا تو بیٹھ قیامت کی انتظار مین روح
صبا گذر ہو تو اس بحر حسن سے کہنا
حباب وار ہی عاشق کے جسم زار مین روح

باشندهٔ لکھنؤ دیوان انکا غلام سے نے پشساری کے نذر کیا نامی شاگرد امداد علی بحر کے

تڑپ رہی ہی یہ اس بت کے انتظار مین روح	کہ بن گئی ہی رگ برق جسم زار مین روح
نکل کے آئی نہ پھر اپنے جسم زار مین روح	گھر اپنا بھول گئی جا کے کوے یار مین روح
تمھارے آتے ہی بس جی اٹھا دل مردہ	بہار آتے ہی بس آ گئی ہزار مین روح
حصار مرگ سے ممکن نہین ہی آزادی	پھنسی ہی حلقۂ زنجیر زلف یار مین روح
وہان رقیب تمھاری بلائین لیتے ہین	تڑپ رہی ہی یہان جسم جان نثار مین روح
قریم پر سے اٹھا پردہ اپنی موت آئی	حلول کر گئی تصویر جسد یار مین روح
یہ چاہیے کہ ہماری لحد کھدے بغلی	بدن سے نکلی ہی معشوق کے کنار مین روح
نہ وہ ہی آتے ہین مجھ تک نہ یہ نکلتی ہی	بنی ہی تار نظر اسکے انتظار مین روح
جو زلف یار کی فرقت مین ہم تمام ہوے	کریگی جا کے نشیمن بنفشہ زار مین روح
لحد مین کوئی کسیکا شریک حال نہین	چلی ہی چھوڑ کے تنہا مجھے مزار مین روح
میسر آئی نہ بستر پہ وصل یار کہین	تمام عمر جلی ہجر کے بخار مین روح
شفق یہ اپنی مجھے تیوروں سے روشن ہی	چراغ مردہ ہوئی ہی فراق یار مین روح

محقق علم شعر زائر کربلاے معلی میر علی اوسط رشک ولد میر سلمان باشندهٔ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

عذاب سہتی ہی ایام ہجر یار مین روح	فشار گور کی خواہان ہی جسم زار مین روح
نہ دیدے وصل کے ہمسے نہ دیکھے ہونگے کہین	لگی رہی ترے آنے کے انتظار مین روح

نواب محبوب محل صاحبہ محبوب تخلص محل حضرت سلطان عالم مرزا واجد علی شاہ
خلد اللہ ملکہ باشندۂ مچھ ہٹا

اُٹھا سکی نہ مصیبت فراق یار میں روح	نکل گئی تن لاغر سے انتظار میں روح
ہزار مرتبہ تجھپر سے میں فدا کرتا	اگرچہ ہوتی مرے پیارے اختیار میں روح
جو آنا ہو سے تجھے مد نظر تو آ ظالم	نکل نہ جائے کہیں تیرے انتظار میں روح
نہ نکلی حسرت دل ایک بھی کہ موت آئی	ہمیشہ تڑپے گی تیرے لیے مزار میں روح
نہیں ہے گور کی تنگی سے کچھ ہمیں وحشت	رہے گی بعد فنا کے بھی کوے یار میں روح
جو آئے نزع کے بھی وقت وہ مسیح جمال	مریض ہجر کی آجائے جسم زار میں روح
ترے فراق میں یوں زندگی گذرتی ہے	ہے کرب قلب کو پیاسے اور اضطرار میں روح
ہے آرزو ترے ہاتھوں سے قتل ہو نہیں بھی	لگی ہوئی ہے تری تیغ آبدار میں روح
اُسی کے حکم میں ہے موت و زندگی محبوب	حقیقتاً ہے ولا دست کردگار میں روح

یہ طرح اکبرآباد میں بھی ہوئی تھی مولف نے یہ غزلیں اسعد الاخبار قمر الدین خان سے لکھیں ہیں منصفت چنار گڈھ مرزا حاتم علی بیگ مہر تخلص اسم باسمی ولد مرزا فیض علی بیگ بن رکن الدولہ مرزا مراد علی خان بہادر باشندۂ لکھنؤ بسبب رفاقت مہاراجہ بلوان سنگھ بہادر کے مقیم اکبرآباد صاحب دیوان ارشد تلامذہ شیخ امام بخش ناسخ

مرے اُٹھاتی بہت گور کے فشار میں روح	نکلتی کاش بدن سے ترے کنار میں روح
تمھارا ناز اُٹھایا بڑا کمال کیا	ہوئی ہے جبر ثقیل اپنے جسم زار میں روح

روح

نقی صدر الدین عاصی باشندۂ اکبرآباد

یہاں میں یہ ... کہ خاک ہو سکے ہی اپنی ... یار میں روح
ہوس میں دل ہی مرا اور نہ اختیار میں روح
میں ... عشق کی ... دن ... جان ... میں روح
... الفت ... ہی ... ہو ... میں روح
... ہی جسکی ... زلف ... میں روح
جہان ... موسم بہار میں روح
... سے ... میں روح

شیخ امین الدین متخلص اکبرآبادی شاگرد ناقل اکبرآبادی

نکل گئی ہی تمھارے ہی انتظار میں روح
جو آؤ تم تو پھر آجائے جسم زار میں روح
بچا ہی آپ کا فرمانا لیکن ای ناصح
نہ دل ہی ... سکے ہیں اپنے نہ اختیار میں روح

بھٹکتی پھرتی ہی ہر شب یہ زلف یار میں روح	سراغ دل نہیں ملتا ہی انتشار میں روح
شمیم کاکل جانان اسے نہیں ملتی	ختن میں ڈھونڈھتی پھرتی ہی اوتتار میں روح
ہوئی ہی مجکو جو اک رشک حور سے الفت	رہی ہی گلشن فردوس کی بہار میں روح
عزیز و دفن چمن میں ہی مجکو کر دیجو	جو نکلے تن سے مرے موسم بہار میں روح
ظفر کی ہوگی زیارت نصیب ای مشتاق	لگی رہے گی سدا شوق شہریار میں روح

طالب العلم مدرسۂ اکبرآباد و مرزا جہانگیر بیگ هرزا تخلص شاگرد مرزا اعظم علی بیگ اعظم

جو جانتے کہ پھر آئیگی جسم زار میں روح	تو باندھ رکھتے کسی بند استوار میں روح
سبو نہ چاہئے ہی اور دم نہیں نکلتا ہی	خدا ہی جانے کہ ہی کسکے انتظار میں روح
بجھائے تیر بھی آب حیات میں تمنے	نکل نکل کے پھر آئی تن شکار میں روح
رہی نہ تیرے تصور سے کوئی دم خالی	ترا ہی دھیان تھا جب تک تھی جسم زار میں روح
یہاں تلک تری فرقت نے کردیا تحلیل	کہ نام کو نہیں هرزا کے جسم زار میں روح

مرزا احمد بیگ مشفق خلف محبوب بیگ باشندۂ اکبرآباد و شاگرد مرزا اعظم علی بیگ اعظم

رہی یہ بعد فنا بھی تلاش یار میں روح	پھری بھٹکتی ہوئی گوشۂ مزار میں روح
اسیر کنج قفس کی نہ پوچھیے حالت	تڑپ تڑپ کے گئی موسم بہار میں روح
شب فراق اسی کو نکالتے تن سے	پہ کیا کریں کہ نہیں اپنے اختیار میں روح
زبان پہ آئیگا جب نام احمد مختار	یقین ہی ہمکو نہ گھبراے گی مزار میں روح
یہان تو یار نے کی گرم صحبت مشفق	گئی رقیب کی وان شدت بخار میں روح

ردیف ر ... روح

... تھا ... جب ... تری ... سے ...
... ہوا ... انتشار میں روح
... سامنے ... آ ... میں روح

ختم شد ... دل ... مفتون اکبرآبادی
... حسین صاحب ... علی ... ناصح
شاگرد مرزا ... ناصح ... میں روح

کلام مقبول ... یار میں روح
[illegible]

جہاں ... دل ... ہی ... یار میں روح
[illegible]

نکل ہی جائیگی اب کیا فراق یار مین روح	تڑپتی ہی جو مرے سینۂ فگار مین روح
جھٹک جھٹک کے نہ شانے کو کھینچ اے ظالم	کہ لپٹی ہی ترے گیسو کے تار تار مین روح
ابھی مین شہر خموشان مین ڈال دون آکشور	خدا جو دے مجھے الدم کو بھی مزار مین روح
یہان تلک تو کیا تیرے عشق نے مجبور	کہ اپنے قابو مین دل ہی نہ اختیار مین روح
وہ کیون ہی خندہ زن اور کیون ہی خشک لب تحقیق	اگر نہین ہی ہر اک گل ہر اک خار مین روح

سید علی تقی نقی جلالوی وارد اکبر آباد شاگرد مرزا حاتم علی بیگ مہر

یہی سبب ہی نہین آج جسم زار مین روح	بھٹکتی پھرتی ہی بیتاب کوے یار مین روح
سموم کو پھول ہون تربت پہ چہی نرگس کے	کہ نکلی آنکھو نسے ہی میرے انتظار مین روح
ہماری جان چلی آرزوے وصل مین آہ	نہ چین پائیگی بعد از فنا مزار مین روح
دعا نقی کی ہی یارب تری عنایت سے	لحد مین مور دا نہو فشار مین روح

محرر صدر دیوانی آگرہ مرزا اعظم علی بیگ اعظم باشندۂ الہ آباد صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

گلون کی بو سے ترو تازگی ہوئی حاصل	نسیم باغ کی مشہور ہی بہار مین روح
ازل کے دن سے تڑپتا جو ہی مقدر مین	نکل نکل کے پھر آئی ہی جسم زار مین روح

داروغۂ اصطبل مہاراج بلوان سنگھ بہادر عبدالرحمان خان انصاف ولد سالار بخش باشندۂ اکبر آباد

پھنسی ہی جیسے تری زلف مشکبار مین روح	اٹکی ہوئی ہی مری جان انتشار مین روح

شیخ ولی الله صاحب متخلص بہ محب اکبر آبادی

خواجہ ولایت حسین ... اکبر آبادی

روح بسمل

پنڈت برج ناتھ نسیم اکبر آبادی

شاگرد مرزا حاتم علی بیگ مہر

نہ ہند میں نہ ختن میں نہ ہی تتار میں روح — الجھ رہی ہے دم نزع زلف یار میں روح
ازل سے ہمکو ہی عشق نے کیا مخمور — یقین ہی کہ ابد تک رہیگی خمار میں روح

حکیم میر قطب الدین باطن باشندۂ اکبر آباد شاگرد خلیفہ گلزار علی اسیر

گئی ہی آنکھوں کی رہ تیرے انتظار میں روح — رہی نہ نام کو اب جسم خاکسار میں روح
فراق و درد و الم رنج و غم فغان و تپش — پھنسی ہی ہفتے سے تنہا یہ تین چار میں روح

مرزا جمشید بیگ جمشید ولد مرزا حمید بیگ باشندۂ اکبر آباد شاگرد مرزا عنایت علی ماہ

نکل گئی مرے تن سے گر انتظار میں روح — رہیگی حشر تلک جستجوے یار میں روح

تارک دنیا نام نامعلوم تخلص جولان باشندۂ لکھنؤ وارد اکبر آباد شاگرد آتش

نہ دیکھنے گئی پھر لاش کو مزار میں روح — لحد پہ بیٹھ رہی تیرے انتظار میں روح

حکیم نہال الدین محمد رصد اکبر آباد باشندۂ قصبہ کاکوری توابع بیت السلطنت لکھنؤ

پھنسا کے زلف میں ڈالا ہی پاؤں بیڑی میں — و گرنہ رنگ نیا لاتی تھی بہار میں روح

خوشنویس یکتا شاعر غرا اصغر علیخان نسیم دہلوی خلف الرشید نواب آقا علیخان بہادر مغفور مقیم لکھنؤ صاحب دیوان رشتہ یافتہ حکیم مومن خان مومن دہلوی اور انکے شاگرد لکھنؤ میں بہت ہیں

تن ضعیف سے کہاں کہ جو ہوتی بدن میں روح — لپٹی ہوئی ہی جسم سمجھ کر کفن میں روح
قاتل ضرور چاہیے تکلیف مخلصی — کیسی اسیر دام ہی رگہاے تن میں روح
ہی آپ اپنے دید میں معشوق باطنی — محو برہنگی ہی لباس بدن میں روح
سینہ ہجوم داغ سے کرتا ہوں لالہ زار — رہتی ہی یاد دلبر گل پیرہن میں روح

احباب سے لپٹ نہ سکے ضعف سے کبھی — [illegible]
غافل ملال جسم دہر مقام فریب ہی — [illegible]
عصمت شعار پاک ہیں بوٹ گناہ سے — پردہ سے ہی ہو سکے ہی مرد و زن میں روح
دل صاف کر کہ جلوۂ باطن نظر پڑے — آئی ہی دید حسن حجاب بدن میں روح
ہر وقت ہی اذیت جسد یہاں نسیم — دکھلاسکے بدن میں روح
بے چین ہی خیال بت سیم تن میں روح

ردیف روح

[illegible]

فکر مآل کار بشر کو ضرور ہی — ممکن نہین جو جا کے پھر آئے بدن مین روح

یہ کجروی چرخ نے ڈالا ہی تفرقہ — ہم لکھنؤ مین پھرتے ہین اور ہی وطن مین روح

فرقت مین کیا عجب جو نکل جائے جسم سے — بے یار بیقرار بہت ہی بدن مین روح

آیا نہ یار وعدے پہ سماج ہم تلک — کیا کیا شب فراق مین تڑپی بدن مین روح

عبد اللہ خان مہر ولد محمد مصطفے خان صاحب مطبع مصطفائی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نسیم دہلوی

داغون سے قلب کے جو ہی سیر چمن مین روح — گویا ارم مین حور ہی میرے بدن مین روح

مرتا ہون یاد مین کسی وحشی غزال کے — وحشت بنے گی چشم غزال ختن مین روح

مجسے ضعیف و زار کو زندہ کیا جو دفن — مانند بوے عطر نہان ہی کفن مین روح

معنے یہی ہین حسن و لطافت کے ای پری — پوشاک مین بدن نظر آئے بدن مین روح

اللہ رے اشتیاق لب یار وصل مین — جب بوسہ لون بدن سے کھنچ آئے دہن مین روح

مرنے نہ دیگی یاد ترے بال بال کی — جکڑی ہوئی ہی زلف شکن در شکن مین روح

ساقی کے بخل نے مجھے برباد کر دیا — اڑتی پھری ہواے شراب کہن مین روح

گلگشت مین ہی راحت جان گلبدن مرا — گل گل شگفتہ ہوتی ہی سیر چمن مین روح

ہر حرف مہر ناطقہ آموز کیون نہ ہو — معجز کلامیون سے ہی میرے سخن مین روح

مرزا نظر علی بیگ خطا ولد مرزا ایوب بیگ ایوب باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

روح

تمھاری صید فگن آنکھ کو جو مین دیکھون — تمھین بتاؤ رہے کسطرح بدن مین روح

عجب فراق اجاڑے نے تفرقہ ڈالا — کہ جسم رہتا ہی غربت مین اور وطن مین روح

سودائے زلف سے ہی پریشان بدن میں روح
اب جا بسے گی نافۂ مشک ختن میں روح

کرتی ہی نالے پاتی ہی ایذا بدن میں روح
روتی ہی میری جان کو بیت الحزن میں روح

زنجیر زلف یار سے ہوتا نہ عشق اگر
کڑیاں نہ جھیلتی کبھی زندان تن میں روح

تھوڑیسی جا کمان کے خانے میں گر ملے
چلا کرے عبادت ناوک فگن میں روح

بنت العنب کے عشق میں مست الست ہی
ڈوبی ہوئی ہی کیف شراب کہن میں روح

چوری چھپے کرے گی نہ ہرگز یہ عشق زلف
چوروں کیطرح سے نہ بندھے گی رسن میں روح

ہی محو زلف سایۂ سنبل اگر ملا
دھونی لگا کے بیٹھ رہیگی چمن میں روح

بے بس ہی کیا کرے یہ اگر اختیار ہو
نکلے نہ خال بن کے رہے اُس ذقن میں روح

اسدرجہ عشق زلف نے دیوانہ کر دیا
سنبل سے جا کے اُلجھی ہی کیا کیا چمن میں روح

وہ بدگمان ہوں یہ بھی گوارا کبھی نہو
جلے جو خواب میں بھی ترے انجمن میں روح

تجکو جو اے صبح گلے سے لگا لیا
مثل لباس بسگئی بوے سمن میں روح

وحشت یہ ہو جو دیکھ لے آنکھوں کو یار کی
ٹھہرے کبھی نہ چشم غزال ختن میں روح

اللہ رے عشق لعل مسی زیب یار کا
بیٹھی فقیر ہو کی سوادیمن میں روح

آتی ہی جان تیرے لب سرخ دیکھکر
یہ رنگ پان ہی یا ہی عقیق یمن میں روح

عالم کو تیرے عشق نے مردا بنا دیا
باقی نہیں ہی نام کو اب مرد و زن میں روح

ہندوے زلف کو جو کبھی غیر نے چھوا
ہو گی ستی جلے گی مری اس جلن میں روح

پیری میں رخت جسم کو بدلیں کفن سے ہم
اب تنگ ہی کمال لباس کہن میں روح

مفتون تخلص

وسکن لکھنؤ تین دیوان ایک ترجمۂ حدیث مفصل ایک رسالۂ مولد شریف ایک رسالۂ شہادت جناب سید الشہدا اور ایک رسالہ ولادت جناب امیر علیہ السلام ان سے یادگار ہی

کس قدر صاف ہی تمھارا پیٹ	صاف آئینے کا ہی سارا پیٹ
کر رہا ہی تمھارے سینے کا	دین ناف سے نظارا پیٹ
نظر آیا جو پیٹ ساقی کا	شیشۂ مے نے اپنا مارا پیٹ
کیا بھری رہتی ہی شراب مدام	خم کے مانند ہی ہمارا پیٹ
پہنے کرتی اگر وہ جالی کی	کرے ہر حلقے کو ستارا پیٹ
تیری ہی فکر رہتی ہی دن رات	جیتے جی تو نے ہمکو مارا پیٹ
دیکھکر ایکبار پیٹ اُس کا	کہہ رہا ہون دکھا دو بارا پیٹ
زیست بھر پی شراب ای ساقی	نہ بھرا ایک دن ہمارا پیٹ
عکس ابرو و چشم جانان سے	ہوگیا صاف چاند تارا پیٹ
آپ کی ناف مشک نافہ ہی	اور کافور کا ہی سارا پیٹ
ضو خورشید ہی جو ای ناسخ	کرنے دیتا نہین نظارا پیٹ

سعادت خان ناصر ولد رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ انکے پانچ دیوان اور ایک تذکرہ جس کی تاریخ میر علی اوسط نے فرمائی تذکرۂ شعر کا واقعی وہ تذکرہ اسی اسم کے قابل ہی شاگرد مرزا محمد حسن عرف

پیٹ

صاف آتی ہی جلد پشت نظر
ہی لطیف اسقدر تمھارا پیٹ
دیکھکر ہر ترسے پیٹ کی خوبی
خوب رو یون سے اپنا مارا پیٹ
کیون نہ چھاتی سے مین لگا رکھون
پاؤن جب ایسا پیارا پیارا پیٹ
بس ہی مفتون دیکھ [illegible]
نہ دو بارا دکھا خدارا پیٹ

[illegible] نصیر الدین حیدر بادشاہ [illegible]
باشندۂ عظیم آباد مقیم لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد [illegible]
[illegible] ہی جیسا ہی تمھارا پیٹ
[illegible] پیارا پیارا پیٹ
[illegible] ہمارا پیٹ

ابروِ یار آنکھون سے جو چھپے	خنجر غم سے ہمنے مارا پیٹ
مہ فردوس چاہیے جو پیا	ختم عرفان ہی یہ ہمارا پیٹ

خواجہ بادشاہ سفیر خلف اکبر اور شاگرد خواجہ وزیر وزیر باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان

کس قدر نرم ہی تمھارا پیٹ	مثل مخمل ہی صاف سارا پیٹ
چھو لیا ہمنے جو تمھارا پیٹ	رشک سے دشمنون نے مارا پیٹ
کہون اک یہ بھی چاند ماری ہی	تجھ پہ مہ رویون نے جو مارا پیٹ
اختر خال جو ہوا پیدا	ہوگیا تیرا چاند تارا پیٹ
ای فلک غم کہان تلک کھائین	بھر گیا بھر گیا ہمارا پیٹ
پیٹ پکڑے ہوے وہ پھرتا ہی	جس نے دیکھا ہی تیرا پیارا پیٹ
دیکھتا ہی سفیر منھ اپنا	صاف آئینہ ہی تمھارا پیٹ

سید اسمعیل حسین منیر ولد سید احمد حسین شکر بزرگ انکے باشندہ شکوہ آباد انکا مولد مسکن اکبر آباد کانپور مین ملازم نواب نظام الدولہ کے اور رئیس فرخ آباد اور رئیس باندیکے ملازم رہے دو دیوان انکے مع قصاید ہین ایک بطرز شوکت بخاری دوسرا عاشقانہ اور ایک رسالہ سراج منیر شاگرد میر علی اوسط رشک

نازک ایسا نہین کسیکا پیٹ	مخمل رنگ گل ہی گویا پیٹ

دم نہین سینے مین سماتا ہی
یاد آتا ہی گورا گورا پیٹ
دیکھنے والے کیون نہون مجنون
رنگ مین ہی عذار لیلا پیٹ
بات مستی کی ہضم ہو کیسی
شیشہ بادہ کا ہی الٹا پیٹ
جان و دل سے منیر صدقے ہی
نہین دیکھا ہی ابتک ایسا پیٹ

پیٹ

صادق الدولہ شیخ امامی بخش عشقی ولد شیخ محمد بخش باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان [illegible]

[illegible]

اسدالدولہ رستم الملک محمد ذکی خان بہادر فیل جنگ عرف نواب بہادر ذکی ولد دلیر الدولہ آغا حیدر تخلص نیشاپوری باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

اعجاز نما ہی ترا ای رشک قمر پیٹ
کیونکر نہ صفائی مین ہو رشک گل تر پیٹ

قندیل مشبک مین کوئی شمع ہی روشن
سیلی ہی اگر شام تو مانند سحر پیٹ

رنگت پہ صفائی پہ زر و سیم تصدق
ای ماہ ہی تیرا ورق سیم قمر پیٹ

کرتی شکم صاف پہ ہی آب روان کی
آتا نہین کرتی سے یہ جالی کے نظر پیٹ

کیونکر نہ ذکی دیکھکے دیوانہ ہون اُسکو
دی حسن کی دولت تجھے اللہ نے بھرپیٹ

یا آپکا گرمی سے پسینے کے ہی تر پیٹ
رخسار پہ یزداد کا رکھتا ہی اثر پیٹ

امیر علیخان ہلال ولد تراب خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

دکھلائے شب وصل مین ای رشک قمر پیٹ
بھوکے تری دیدار کے غم کھا چکے بھرپیٹ

اسد رے صفائی کہ ہی رو پشت برابر
آئینے کی صورت ہی ادھر پیٹھ اُدھر پیٹ

کرتی کی کرن بنگئی ہی خط شعاعی
ہی رشک دو چشمۂ خورشید مگر پیٹ

گذری شب وصل آپنے کروٹ نہ ادھر لی
دکھلایئے اب صورت خورشید سحر پیٹ

رہجاسے ہر اک حور دیری پیٹ پکڑکر
کرتی سے تمھارا کبھی کھلجاسے اگر پیٹ

عشاق سراپا ترے یہ دبلے ہوسے ہین
ثابت نہین ہوتا ہی کدھر پیٹھ کدھر پیٹ

کیا شرم ہی ای حور حیا یا بدن ایسا
پوشیدہ رہا وصل کی شب مثل کمر پیٹ

سنتے ہی ہدسے ہے موجۂ گرداب یم حسن
پر دیکھی نہ اک روز تری ناف کمر پیٹ

پیٹ

نور اگر وہ پری گرلات مارے پیٹ پر

میر امداد علی سید تخلص ولد سید حسین سادات بارہ مقیم لکھنؤ شاگرد نواب منصور خان مہر

حسن کی ہی اب سراپا مین سمائی پیٹ پر
خط سے نے خم گھیرا نظر آسپنا ابتائی پیٹ پر

مولف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد سید شاہ حسین حقیقت باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر اور رشک

کرتی کے پھول کیون نہ نہین چاندنی کے پھول	ہی حسن کے چمن مین گل ماہتاب پیٹ
جوہر یہ حسن کے کسی آئینے مین نہین	ہی لاجواب بیٹھ ترے انتخاب پیٹ
ہوگا سبک یہ شیشۂ خالی کیطرح سے	پھولے گا ساقیا جو مرا بے شراب پیٹ
کیا ہی بہار ہی چمن حسن مین ترے	برگ سمن ہی پیٹھ تو برگ گلاب پیٹ
مخمل بھی گل بھی میدے کی لوئی بھی سخت ہی	ان سب سے نرم ہی یہ ترا لاجواب پیٹ
دنیا کی نعمتون سے بھریگا نہ ای حریص	دوزخ سے کم نہین ہی ہمارے حساب پیٹ
محسن تو اسکے کہنے مین ہرگز نہ آئیو	یہ ہی حریص تجکو کریگا خراب پیٹ

ناف

ڈپٹی کلکٹر اٹاوا جناب کلب حسین خان بہادر نادر باشندۂ بنارس صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

خال مشکین یہ نہین ای شوخ زیبا ناف مین	ہی دل پر داغ عاشق کا سویدا ناف مین
ہی مدور او مجوف دونون کچھ بیجا نہین	عکس ہی چاہ ذقن کا اُس مصفا ناف مین
شبنم تر جام نرگس مین نظر آتی ہی یہ	ای دل ناداں نہین قطرہ عرق کا ناف مین
روک لے اپنا قلم ای نادر شیرین زبان	گر نہین گنجایش تو صیف اصلا ناف مین

امیر علی خان ہلال ولد تراب خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

دیکھا شکم صاف کھلی آپکی جب ناف	گویا بنی ہی قفل در شہر حلب ناف

نازک کمر ی آپکی نظرون مین گڑی ہی
اب چشم تصور سے جلا ٹلتی ہی کب ناف
کیونکر فلک حسن نہو پیٹ تمھارا
ہی اور رشک قمر کوکب تابندہ ہی جب ناف
کعبے کی قسم کھا کے کہو وہ ناف زمین ہی
ایجان جہان بو ہو تو دکھلاؤگی کب ناف
نازک بہت اسکے جو سنی ہی کمر یار
چھوتا ہی نہین خوف سے یہ دست ادب ناف
یاد آتی ہی جسوقت مجھے بحر کی شب ناف
اندھون کیطرح گرد ... تو اٹھتا ہون کیون مین
دنیا کے دل جاتے ہی مرکا ہی سبب ناف
کیا الفت ناف ایک بھی کو نہین نافع
پایا ہی عجب سینہ عجب پیٹ عجب ناف
الله کی قدرت ہی ترا جسم سراپا
دل ڈوبنے لگتا ہی وہ یاد آتی ہی جب ناف
ناسور نے کیا کیجئے افشاے مجرد
ہی چاہ ذقن سے بھی سوا قہر غضب ناف
ای جرح دیکھین دکھو اُٹھ سے نہین ...

ناف

[illegible]

کیا خوب بسر ہوتے رہین اپنے شب و روز		دکھلاے اگر یار رہین شام و سحر ناف
گویا کہ گھڑی نور کی رکھی ہی کمر مین		ایسی ہی منور ترے اے رشک قمر ناف

میر علی اوسط رشک ولد میر سلمان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

کہنے کو تو رکھتا ہی وہ مانند کمر ناف		ہی تار نظر موے کمر عکس نظر ناف
دیتے ہین وہان نقطۂ شک جسمین ہو شبہہ		کس طرح نہو متصل موے کمر ناف
آنکھونسے فدا کرنے کو حاضر کرین نافے		دیکھین جو غزالان ختن اے گل تر ناف
یون تو کمر و ناف ہین پوشیدہ نظر سے		ہان لکھنے مین معلوم ہوئی میم کمر ناف
اک آئینہ اک بال اک آئینہ کا چھالا		کچھ اور نہین اسکے سوا پیٹ کمر ناف
ہر چھاتی جو ڈوبا ہی تو ڈھکنی سر پستان		ہوتی ہی ترا پیٹ تو سوراخ گہر ناف
ہین مردمک دیدہ کے سانچے سر پستان		چاہ ذقن یار کا ہی عکس اگر ناف
عقدہ ترے اعضا مین یہی آج کھلا ہی		اک بال کمر ہی گرہ موے کمر ناف
روشن نہین ہوتی کوئی بات اسکے سوا پر		وہ بطن مصفا ہی قمر داغ قمر ناف
اس لفظ سے خط کمر اسکا نہین چھپتا		اے رشک ہین غیب کی دیتی ہی خبر ناف

امیر کبیر مرزا عالیجاہ بہادر موسوے شیدا تخلص ولد دلیر الدولہ مرزا حیدر حید نیشاپوری صاحب دیوان شاگرد رشید مرزا سرفراز علی قادر

ہی صبح شکم مین ترے تابندہ اگر ناف		کیا صبح کا تارا ہی یہ اے رشک قمر ناف

ناف

دکھلا دے کیطرح سے اے رشک قمر ناف
کب اسمین وہ دور اور وہ خوشبو و لطافت
نافہ ہی کہان اور کہان او گل تر ناف
عقدہ یہ کسیکو نکھلا لاکھون ہوے بند
ہم کھل گئے لیکن ہی گرہ موے کمر ناف
گل بازبون مین بھول نہ آنکھونسے اٹھانا
دریا ہے کہ سر کب جا ہے کہین اے گل تر ناف
کس لطف سے

ناف

غنچے سے بھی نازک ہی تری ای گل تر ناف
سب کہتے ہین یہ ہی گرہ موے کمر ناف

تھانہ دار ضلع کانپور شرافت الدین حسین شرف ولد شہاب الدین حسین باشندہ علی گڈھ دار د لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

وہ زہرہ جبین حور کو دکھلاے اگر ناف
محبوس کرے چاہ مین لاے یہ اثر ناف

پریونکے بھی اعضا ہین مگر ایسے نہین ہین
رخسار دہن ہونٹھ گلا پیٹ کمر ناف

سمجھون نہ حباب آپکے پستانونکو کیونکر
دریا شکم صاف ہی دریا کا بھنور ناف

مر جاؤنگا اکدن تجدا مار کے مین پیٹ
دکھلایا مگر غیر کو ای رشک قمر ناف

دو گیسو نکی ناف جو بھین بکھے ہوے ہین
بے شبہہ بے شک ہی شرف معدن زر ناف

میر محمد شفیع ندیم خلف منشی رفیع باشندہ لکھنؤ شاگرد مقبول الدولہ مرزا مہدی قبول

گرداب بلا مین پھنسی دیکھے جو بشر ناف
دریا شکم صاف ہی دریا کا بھنور ناف

سینہ ہی فلک چھاتیان دونون تری جوزا
کوثر شکم نور ہی کوثر کا بھنور ناف

چکر مین رہین گے نہ برابر کبھی ہونگے
دینگے مہ و خورشید کو بھی داغ جگر ناف

پھر چشمہ حیوان کے نہ سایل ہون کبھی ہم
ای یار جو دکھلا دے ہمین ایک نظر ناف

پستانین ندیم اسکے حباب لب جو ہین
دریا شکم صاف ہی اور اسکا بھنور ناف

صادق الولا شیخ الٰہی بخش عشقی خلف الرشید شیخ محمد بخش بزرگ انکے باشندہ بجنور توابع لکھنؤ انکا مولد مسکن کانپور صاحب دیوان شاگرد میر علی اوسط رشک

وطن قدیم بزرگون کا خوست توابع غور مولد و مسکن مولف لکھنؤ سنا گرد خواجہ وزیر و زیر اور میر علی اوسط رشک

رہتی ہی پنہان پیش نظر آٹھ پہر ناف
دیکھین تو سہی آپ چھپاتے ہین کدھر ناف

ممسک کیطرح رہگئے ہم پیٹ پکڑ کر
اُس سیم بدن کی کبھی آئی جو نظر ناف

کب تک کوئی ای جان بھلا پیٹ مسوسے
دکھلا دے کبھی بہر خدا ایک نظر ناف

سیلی ہی ترے پیٹ پہ مثل شب یلدا
ای ماہ لقا نور مین ہی نور سحر ناف

ترے شکم و ناف کو کہتے ہین مبصر
ہی رشک صدف صاف شکم شکل گہر ناف

دیکھے نہ کوئی محرم اسرار محبت
کرتی مین نہان رکھتے ہین وہ آٹھ پہر ناف

یہ ناف ترے نور کی دریا کا بھنور ہی
اس نور کی رکھتا ہی نہین کوئی بشر ناف

صندل کی یہ تختی ہی نہین پیٹ تمھارا
خوشبو مین زیادہ ہوئی نافے سے اگر ناف

ایسی ہی ترے حسن کی دولت کی ترقی
ہی سیم کا دنیا ر شکم در ہمہ زر ناف

نازک رگ گل غنچہ گل سے بھی زیادہ
اللہ کی قدرت ہی تمھاری یہ کمر ناف

ہی پیٹ پر اُسکے یہ نشان پائے نگہ کا
سمجھون مین غلط اُسکو کہے کوئی اگر ناف

کرتی مین نہان چشمۂ خورشید ہی گویا
پر نور ہی ایسی تری او رشک قمر ناف

جیتے جی اسے ہاتھ لگائین نہین ممکن
ای حور بلا شبہہ ہی جنت کا ثمر ناف

عاشق جو ترے پیٹ پہ ہوگا نہ بچے گا
اس نور کے دریا مین ہی گرداب خطر ناف

اکسیر کی بوٹی کا جو گل کہیے بجا ہی
ہوسکتی نہین قابل تشبیہ شجر ناف

ناف

مرزا محمد جہاندار شاہ بہادر ولیعہد حضرت شاہ عالم بہادر غازی مقیم بنارس مرید خاص حضرت شاہ غلام قادر علیہ الرحمۃ

سنتا ہی دلا اہل جہان کی یہ عادت
منھ پر تو خوشامد کرین تحقیر پس پشت

امیر علیخان ہلال ولد تراب خان باشندۂ لکھنؤ ایک دیوان کہ جسکا ہر مقطع تاریخ ہی اور ایک سراپا کہ جسکی تاریخ آغاز یہ مشعر ہی سے یہ تاریخ آغاز اشعار کی ہی سراپا یہ تصویر دلدار کی ہی ۱۲۶۹ اور ایک مثنوی مقفی و مردف انکی طبع زاد ہی شاگرد میر علی اوسط رشک

جو بعد مرگ بھی یاد آگئی تمھاری پیٹھ — زمین سے نہین لگنے کی پھر ہماری پیٹھ

کھڑے ہین پشت بدیوار سیکڑون ہر گیر — دکھائی دے گئی کھڑکی سے کیا تمھاری پیٹھ

خدا کیواسطے اب پیٹھ پھیر منھ دکھلا — کہ آج لگ گئی بستر سے بھی ہماری پیٹھ

شب وصال مین منھ پھیرے یار سوتا ہی — ہمین تو پیٹ سے بھی کچھ سوا ہی پیاری پیٹھ

دکھائی رنگ نئی آنکی دھانی کرتی نے — کہ صاف لوح زمرد بنی ہی ساری پیٹھ

یہ چوٹی ٹلتی نہین ہی جو کالے ناگ کیطرح — بنی ہی گنج زر حسن کیا تمھاری پیٹھ

ہمین تو مہر نبوت سے ہو گیا ثابت — بنی ہی پشت پناہ جہان تمھاری پیٹھ

بندھے ہوے ہین کرورون گنہ کے پشتارے — خمیدہ کیون نہو پیری مین پھر ہماری پیٹھ

براق آج گیا زیر ران شب معراج — بلند عرش سے بھی تھی دم سواری پیٹھ

پڑا ہی جوڑی مین زردوزی ای پری موباف — غضب اٹھانے لگی بوجھ بھاری بھاری پیٹھ

خدا ہی دیکھیے کسدن نصیب کروٹ لے — ہماری سمت سے پھرتی نہین تمھاری پیٹھ

خدا کرے ہمین منھ آکے یون ہی دکھلاؤ — دکھائے جاتے ہو جسطرح پیاری پیاری پیٹھ

وہ ناتوان ہون کہ کروٹ بدل نہین سکتا — شب فراق مین ہی لاکھ من سے بھاری پیٹھ

حاجت گور و کفن کیا ہے تیرے عریان کو یار
اڑ گیا اتنی پڑی خاک بیابان پیٹھ پر

بعد مردن کوزہ پشتی کا ہوا حال آشکار
رکھتے ہین پشتارہ اندوہ عصیان پیٹھ پر

ہم فلک کیطرح غربت مین خمیدہ کیون نہون
ہے قیامت بار رنج ہجر یاران پیٹھ پر

رونگٹون کے بدلے نکلین خار اے گل کیا عجب
جم گئی ہے اسقدر خاک بیابان پیٹھ پر

اونگھ جاتا ہون اگر یاد نگاہ یار مین
تازیانہ مارتی ہے برق سوزان پیٹھ پر

سم ہمارے حق مین چھونا ہے تیرے موبان کا
مارنے لگتی ہے کوڑا جعد پیچان پیٹھ پر

بال کھولے یار نے آنکھین ہزارون ہین لگین
بن گیا ہے سنبلستان نرگستان پیٹھ پر

آذری کو دل ہے عشقی دین دنیا مین ہے
سایۂ دست جناب شاہ مردان پیٹھ پر

افصح الفصحا خواجہ وزیر وزیر خلعت خواجہ فقیر باشندہ لکھنو صاحب دیوان ارشد تلامذہ شیخ امام بخش ناسخ نصیر دہلوی جب لکھنو آسے تھے تو انھون نے یہ طرح کی اول غزل خواجہ صاحب نے فرمائی وہ غزل تلف ہوئی یہ غزل دوبارہ فرمائی

پشت آئینہ

گر الٹ کر دیکھیے تصویر پشت آئینہ
سیدھی ہو جائے ابھی تقدیر پشت آئینہ

دیکھتا ہے وہ پری تصویر پشت آئینہ
بخت اسکندر ہوئی تقدیر پشت آئینہ

حکم ہو تو پیٹھ سے لپٹون مین چوٹی کیطرح
تم ہو آئینہ تو مین تصویر پشت آئینہ

ہاتھ کیا رکھا کرامت کی ید بیضا کیا
معجزہ دکھلائیگی تنویر پشت آئینہ

کیجیے داخل دل بیتاب پارے کی عوض
روز سینے نالۂ شبگیر پشت آئینہ

آئینہ رو دیکھ کر جو عاشق ہوا حیران ہوا
رفتہ رفتہ بن گیا تصویر پشت آئینہ

ہے یہ مصرع قابل تحریر پشت آئینہ
زانوئے جانان جو اُسکے بوجھ سے بیٹھا ہوا

صاف ثابت ہوگئی تقصیر پشت آئینہ
اے مسیحا عکس خط سبز کے اعجاز سے

اٹھ چلا ہے طوطی تصویر پشت آئینہ
دونوں پہلو بر رخسارۂ محبوب سے

بخت روئے آئینہ تقدیر پشت آئینہ

محقق علم شعر میر علی اوسط رشک خلف میر سلمان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

دست بوسی کرتی ہی تصویر پشت آئینہ
اے تبو اللہ رے تقدیر پشت آئینہ

حیرتی بنکر ترے پیچھے جو لپٹا رہتا ہوں
لوگ کہتے ہین مجھے تصویر پشت آئینہ

لپٹی رہتی ہی تمھارے گھر کی دیوار سے
اور کیا اس سے بڑھے توقیر پشت آئینہ

عکس ادھر ہی اُس طرف تصویر دیدار ہی
بخت روسے بڑھ گئی تقدیر پشت آئینہ

ہاتھ آیا جو کھٹا اُس پنجۂ پرنور کا
چوگنی ہی حیرت تصویر پشت آئینہ

دست آئینہ رخان سے رات دن فرصت نہین
اتبو ہاتھون بڑھ گئی توقیر پشت آئینہ

تیرے منھ نے آئینہ کو یون مسخر کر لیا
جسطرح پارے سے ہی تسخیر پشت آئینہ

کیا مقدر ہی ہتھیلی آپ کی تصویر سے
بن گئی ہی خانۂ تصویر پشت آئینہ

پردۂ سیماب سے روکا ہی عکس روے یار
صاف روشن ہوگئی تدبیر پشت آئینہ

یون دل ارباب حیرت بھی ہون تیرے ہاتھ مین
کاش ہاتھ آئے انھین تقدیر پشت آئینہ

آپ مجکو خدمت آئینہ داری دیجیے
جانیے اے جانجان تصویر پشت آئینہ

کیا تماشا ہی کہ دیکھے آئینہ تو منھ ترا
اور مین دیکھون رخ تصویر پشت آئینہ

منھ نہ دیکھین لوگ تو ہر گز نہ رکھین ہاتھ مین
روے آئینہ سے ہی توقیر پشت آئینہ

تو ہی وہ آئینہ رو یکسان ہی جسکی پشت و رو
یون تو کم ہی شہرۂ تنویر پشت آئینہ

مل گئین جب اُس ہتھیلی کی لکیرین یک قلم
رشک انھین سمجھا خط تقدیر پشت آئینہ

پشت آئینہ

علی بن حضرت شاہ اجمل باشندہ الہ آباد صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

فیض عکس رخ سے ہی تو قیر پشت آئینہ	رنگ دکھلاتی ہی جو تصویر پشت آئینہ
شکل صید افگن ہوئی تصویر پشت آئینہ	آ ہوے دل کیون نہو نخچیر پشت آئینہ
ہاتھ سے آئینہ رو یسکے جدا ہوتی نہین	یہ نظر آئی نئی تقدیر پشت آئینہ
اُسکے موباف زری کو دیکھکر افضل کہا	کہکشان دکھلاتی ہی تنویر پشت آئینہ

میر ناصر علی مرحوم نصیر خلف مولوی عبد العلی باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

اُسکی عکس رخ سے ہی تنویر پشت آئینہ	مشرقستان بنگئی تعمیر پشت آئینہ
ہاتھ آئی دولت مس اُسکو دست یار سے	خط ہتھیلی کے ہین کیا زنجیر پشت آئینہ
رات دن کرسی نشین ہی پنجۂ خورشید سے	اوج پر ہی پایۂ توقیر پشت آئینہ
اہل معنی کیا کرین اسطرح کاوش ای نصیر	کھلتی ہی قلعی دم تقریر پشت آئینہ

مرزا مہدی ثاقب خلف مرزا انور علی اُستاد محسن الدولہ بہادر باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

تو جو دیکھے جانب تصویر پشت آئینہ	کیون نہو حد سے فزون توقیر پشت آئینہ
ہی یہی تعبیر ہم گوشہ بنینگے جوڑے یار کی	خواب مین ہاتھ آئی ہی زنجیر پشت آئینہ
دیکھو خالی ہاتھ اسکندر گیا آفاق سے	آتی ہی رمز آیسی تحریر پشت آئینہ
تم باذن اللہ اگر کہدے مرا عیسی نفس	نغمہ زن ہو بلبل تصویر پشت آئینہ

میرے اور اُسکے تو یہ سد سکندر رنگئی | تو ہی کرا دے نالہ کچھ تدبیر پشت آئینہ
اُسکے زانو سے رہا ہم کرتے چسپان ہر گھڑی | کاشکے ملتی ہمین تقدیر پشت آئینہ
حسرت دیدار مین اُسکے جو مین بسمل ہوا | خون میرا ہوگا دامنگیر پشت آئینہ
جس نے دیکھی ہو صفائی پشت پائے یار کی | اُسکے آگے کیا ہو پھر توقیر پشت آئینہ
بوسہ ران صنم لیتی ہی وہ غافل مدام | کیون نہ زیبا ہو ن تصویر پشت آئینہ

میر آغا علی **شمس** شاگرد مرزا مہدی ثاقب باشندہ لکھنو

دست جانان مین بڑھی توقیر پشت آئینہ | مشل روے شمس ہی تنویر پشت آئینہ
ہو کف روشن مین یہ تنویر پشت آئینہ | نور کا ٹیکا بنے تصویر پشت آئینہ
ہنسکے وہ بولے جو بکھرے بیٹھ پر چوٹی کے بال | دیکھ گر دیکھی نہو زنجیر پشت آئینہ
کیا عجب ہی گر تمھارے دیکھنے کے شوق مین | پھوٹ نکلے اُس طرف تصویر پشت آئینہ
فیض ہی اُس دست رنگین مین عجب اسکا نہین | گر مہک اُٹھے گل تصویر پشت آئینہ
منھ پہ کچھ اور پیٹھ پیچھے کچھ صفائی دیکھ لی | رو کے آگے گرد ہی تنویر پشت آئینہ
صاف کھلجاتی ہی غیبت یون دل صافی کی شمس | منھ پر آ سے جس طرح تنویر پشت آئینہ

محرر صدر دیوانی کلکتہ میر فرزند علی **مسلم** ولد میر حسین علی وطن قدیم عظیم آباد مسکن کلکتہ

رکھکے سر سوئین کبھی زانو پہ اُو دل یار کے | اپنی بھی تقدیر ہو تقدیر پشت آئینہ

سید آغا حسن **امانت** ولد میر آغا باشندہ لکھنو صاحب دیوان شاگرد
رشید میان دلگیر مرثیہ گو

ہم تو ہین بس قابل تاثیر پشت آئینہ
آئینہ دکھلاتے ہین دیکھے جو وہ رخسار صفا
بنگیا حیرت سے مین تصویر پشت آئینہ
شوق خون ریزی نہین کسکو تھا عہد پیری
آبرو تصویر ہی شمشیر پشت آئینہ
دیتا ہی خانہ نشینونکو بھی روزی کارساز
سطح سیماب ہی جاگیر پشت آئینہ
انگلیون کو دیکھکر خود رفتہ کیونکر ہوسکے
ہی علی بند آپ کا زنجیر پشت آئینہ

ردیف پشت

پشت آئینہ

صاحب دیوان شاگرد رشید اصغر علی خان نسیم دہلوی

عکس رخ سے یہ بڑھی تنویر پشت آئینہ	چشم حیران بنگئی تصویر پشت آئینہ
سینۂ و پشت صنم کے نور سے زائل ہوئی	قدر روے آئینہ توقیر پشت آئینہ
کیا کف دست صنم ہی صاف جسکی دید سے	حیرتی ہی دیدۂ تصویر پشت آئینہ
صاف قلعی کھل گئی ہی عکس دست یار سے	ہو گئی روشن جو تھی تنویر پشت آئینہ
عکس سے اپنے اگر ای جان تجھین آتی ہی شرم	منھ پہ رکھلو دامن تصویر پشت آئینہ
وقت آرایش ترے زانو پہ ملتی ہی جگہ	خوب چمکا اختر تقدیر پشت آئینہ
گر ترا تیر نگہ پڑجاے ای صیاد خلق	طائر تصویر ہو نخچیر پشت آئینہ
اپنی تصویر اسنے کھچوا کر لگائی آپ ہی	بڑھ گئی آئینے سے توقیر پشت آئینہ
بیٹھ پیچھے میرے سر ہین عکس سینے پر عیان	سلسلے سے ہی یہی زنجیر پشت آئینہ
تختۂ عاج پس آئینہ پہ ہی عکس زلف	پیتے ہین یا مار گیسو شیر پشت آئینہ
ہاتھ مین تیرے خوشی سے یہ ہوئی بالیدگی	پھول اٹھا روغن تصویر پشت آئینہ
اندلون سینے پہ یون ہی عکس روے یار پھر	جسطرح تصویر ہو تسخیر پشت آئینہ

سید محسن علی محسن مولف تذکرہ ولد سید شاہ حسین حقیقت باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر

دست رنگین سے بڑھی توقیر پشت آئینہ	اب بدخشان ہو گیا جاگیر پشت آئینہ
عکس رخ سے یہ بڑھی تنویر پشت آئینہ	نور کا پتلا بنی تصویر پشت آئینہ

بیعت دست صنم اسکو ہوا محسن نصیب	رشک کے قابل ہی اب تو قبیر لیشت آئینہ

کمر

منظلوم شاہ مرحوم **مظلوم** باشندۂ لکھنؤ مقیم الہ آباد شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

پھولون کا جو اس گل کے پڑا ہار کمر پہ	اک طرفہ شگفتہ ہوا گلزار کمر پہ
اک مو نہوا وصف ترے موے کمر کا	کہہ کہہ کے مرے سیکڑون اشعار کمر پہ
آئینہ خجل ہی شکم صاف سے اسکے	کہاتے ہین گل اندام سدا خار کمر پہ
اللہ ری نزاکت تری کس ناز و ادا سے	ہاتھون کو رکھے ہی دم رفتار کمر پہ
احوال سیہ بختی مظلوم کے ہی	وہ جعد سیہ مو بمو اظہار کمر پہ

پنڈت مہتاب راے آنجہانی **بیتاب** دہلوی

یا تنگ نکر ناصح نادان سمجھ ایسا	یا چل کے دکھا دے دہن ایسا کمر ایسی

محقق علم شعر زائر کربلاے معلی سید علی اوسط **رشک** خلف سید سلیمان باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ تین دیوان ایک لغت ہندی انکا ہی شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

اگر کہون کہ ترا وہم ہی بجاے کمر	دہن مین بھی تو یہی بات ہی سواے کمر
کمر شکستہ ہون ای عاشقو نکے پشت پناہ	تری کمر نظر آئی یہ ہی دواے کمر
تلاش موے کمر مین اگر کمر باندھون	عدم سے جاکے مری فکر ڈھونڈ لاے کمر

[illegible]

بال باریکی نین نرمی مین خجل ہوے ابریشم	نہ پری رکھتی ہو ایسی نہ کوئی حور کمر
بال صدمے سے وہین شیشۂ دلمین پڑتے	دیکھتا اُس بت چینی کی جو فغفور کمر
چھوڑی جب لطف رسا کھینچ ملا منہ میان	ہو گئی مجمع ہمجنس مین مستور کمر
دیکھتا دیدۂ حق بین سے اگر دار منزہ	کاٹتا پھر شجر دار کی منصور کمر
نافہ ہی حقۂ مرہم تو فتیلا ہو کمر	مندمل کیون نکرے آنکھونکی ناسور کمر
نافہ کا موے میان مین جو بندھا ہو تعویذ	نرگس چشم کے مانند ہو رنجور کمر
باندھ لے شدت سرما مین مرا نامہ سوز	قاصد اسکینی گر تجکو ہو منظور کمر
ای اختر فرقت محبوب کی شب بھاری ہو	چور کر دیگا یہ بار شب دیجور کمر

مہدی حسین خان آباد ولد غلام جعفر خان باشندۂ لکھنؤ ہر بحر مین غزل کی
انکا ایک دیوان ہو شاگرد ناسخ

نازک ہو کتنی اُس بت مغرور کی کمر	ایسی کبھی پری کی نہ ہو حور کی کمر
آواز تا بہ حشر نہ نکلیگی دیکھنا	توڑی ہماری نالون نے کیا صور کی کمر
مجھ سے نہ بار زلف کو اُٹھواؤ میری جان	میری کمر کو سمجھو نہ مزدور کی کمر

شاہ غلام اعظم افضل خلف شاہ ابو المعالی عالی صاحب دائرہ
الہ آباد صاحب دیوان شاگرد ناسخ

گم سیکڑون ہوے ہین تری ڈھونڈ کر کمر	عنقا کیطرح پر نہین آئی نظر کمر
ہر چند جستجو مین رہے صاحب نگاہ	دیکھا جو دور بین سے نہ آئی نظر کمر

ای افضل اسپ میں نہیں کچھ خوف باندھ کر
باندھیں ہین ... غلامی شبیر پر کمر

امیر کبیر نواب مرزا والا جاہ بہادر عاشق
خلف نواب آغا حیدر حیدر رشاپوری
باشندۂ فیض آباد و مقیم لکھنؤ صاحب
دیوان شاگرد مرزا سرفراز علی قادر

[illegible]

[illegible]

بجلی سے پیرہن میں چمکتے ہین استخوان	مقیش کا ہی تار تری سیمبر کمر
تصویر یار مانی سے پوری نہ کھچ سکی	جاسے دہن وہن تھا نہ جاسے کمر کمر
درپیش ہی عدم کا سفر پیر ہو چکے	عاشق سحر ہی باندھ رکھ ای بیخبر کمر

امیر باتوقیر مرزا عالیجاہ بہادر شیدا خلف آغا حیدر رشید نیشاپوری صاحب دیوان

آوین ہمارے قتل پہ وہ باندھکر کمر	تو ہم بھی جان دینے پہ باندھین ادہر کمر
پٹکا بھی موج باد بہاری کا چاہیے	باندھے ہمارا وہ گل نازک اگر کمر
موتی سے ذات اور کمر اسکی ردلاتی ہی	آب گہر مین ڈوبا ہوا ہون کمر کمر
موزون کرونگا وصف کمر مرتے مرتے بھی	لازم ہی مجکو باندھنا وقت سفر کمر
شرمندہ ہی شکم کی صباحت سے صبح عید	تار شعاع ہی تری نازک کمر کمر
اُس باغ حسن و ناز کے جوبن کی ہی بہار	گل برگ ہی شکم رگ گل برگ تر کمر
ناف اُسکی چشم عاشق حیران کا عکس ہی	کیونکر دکھائی دے کہ ہی تار نظر کمر
زیب کمر نہین ہی یہ شمشیر نیم آب	ہی بحر تیغ یار مین پانی کمر کمر
گرداب بحر حسن نزاکت جو ناف ہی	موج صفا ہی یا تری نازک کمر کمر
عشاق سرفروش کی بندھتی ہی قتل پر	برپا کریگی دیکھیے کیا شور و شر کمر
کاہیدہ مثل موے میان غم نے کردیا	شیدا کے ہاتھ آئی نہ تیری مگر کمر

میرور یر صبا ولد بندہ علی خواہرزادے اور پسر خواندہ میر اشرف علی
باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

[illegible]

غنچے سے تنگ تر دہن تنگ یار ہی	اور برگ گل کی رگ سے ہی باریک تر کمر
ای رشک مہر گر تری خدمتگذار ہو	تار شعاع مہر سے باندھے سحر کمر
منظور قتل ہی یہ کسی بیگناہ کا	قاتل بندھی جو رہتی ہی آٹھوں پہر کمر
کھولی نہ وقت شام بھی قاتل نے ای سحر	باندھی جو میرے قتل پہ وقت سحر کمر

سعادت خان ناصر ولد رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہی شاگرد دندب

کس کس کی باندھتا ہی وہ بیداد گر کمر	گلیوں میں آج خون بہے گا کمر
جیسی وہ ہی سیاہ یہ ویسی سفید ہی	گویا کہ زلف یار تو شب ہی سحر کمر
وہ وہ تو ایک قبضے میں آجاتے ہیں مرے	کیا ہی ذرا سا پیٹ ہی کیا مختصر کمر
دو دو پہر گذرتے ہیں اسکی تلاش میں	ہی خط استوا تری ای سیمبر کمر
ناصر کو شادی مرگ نہو خط یار سے	دکھلا نہ دور سے اسے او نامہ بر کمر

مصاحب علی راوی خلف اکرام علی نبیرہ حافظ عبد اللطیف باشندۂ موضع ناون متصل قصبۂ بلگرام صاحب دیوان شاگرد رشید مرزا مہدی کوثر

کیونکر نہ باندھوں کھاکے میں خون جگر کمر	ملک عدم کو باندھ گئے ہمسفر کمر
مانی سے کچھ سکے تری تصویر کسطرح	ہوش و حواس ہو گئے گم دیکھکر کمر
یہ جوش گریہ یاد کمر میں ہی اندنوں	رویا میں جس جگہ ہوا پانی کمر کمر
امید زیست آج سے ہو کس امید پر	خالی جواب خط سے ہی قاصد اگر کمر

فتح الدولہ بخشی الملک مرزا محمد رضا خان برق باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید

ہر ماہ اس تلاش میں غائب ہوا کیا
ابتک نہ پائی ماہ نے اُسکی اگر کمر

دریا رواں ہوا مرے عشق میاں یار میں

میر یار علی جان صاحب ریختی گو ولد میر امن باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر جنکا کلام نذر ان سکے پیرایہ میں دلچسپ

جب گھر میں آسکے ڈھونڈھتے پھرتے کمر
خالی ہی اُٹھی آتی ہی مجھکو نظر کمر

ای نور کچھ دہن کا بھی مطلق نشان نہیں	ہی بے نشان صورت عنقا اگر کمر

اسحاق علیخان **اسحاق** ولد فدا علیخان بن نواب مرزا علیخان بن نواب سالار جنگ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید نواب عاشور علیخان بہادر

باریک بین کو آئیگی کیونکر نظر کمر	تار نگہ ہی اوبت نازک کمر کمر
آب رواں کے پٹکے نے طوفان اُٹھا دیا	ای بحر حسن آگئی کیا موج پہ کمر
خورشید اُسکے جلوے سے بے نور ہوگیا	پر زر دوپٹے سے جو ہوئی جلوہ گر کمر
مضمون کا پیک جاکے نہ لاسے خبر کبھی	عنقا کیطرح ڈھونڈھے تمھاری اگر کمر
مشتاق قتل سمجھے اُسے چاند عید کا	تیغ ہلالی سے جو ہوئی جلوہ گر کمر
اُسکی کمر کی یاد میں کھینچی جو آہ گرم	دریا میں سارے ہوگیا پانی کمر کمر
پھرتے ہیں جستجو میں تمھارے ہی رات دن	رہتے ہیں باندھے اس لیئے شمس و قمر کمر
ڈھونڈھا بہت پتا نہ ملا اس جہان میں	رکھتی ہی ملک غیب میں شاید کہ گھر کمر
اسحاق اُسکے وصف سے عاجز بیان ہوا	دیتی ہی غیب کی یہ تمھاری خبر کمر

مرزا عنایت علی بیگ **ماہ** ولد مرزا فیض علی بیگ بن رکن الدولہ مرزا مراد علیخان بہادر کہین برادر مرزا حاتم علی بیگ مہر باشندۂ لکھنؤ مقیم اکبر آباد شاگرد رشید خواجہ حیدر علی آتش

واللہ ان بتوں کی جو آتی نظر کمر	مضمون کمر کا باندھتے ہم باندھ کر کمر
خود رفتہ ہوگے وصل کی شب شوق دید سے	ڈھونڈھا کیا ہوں یار کی میں بیشتر کمر

کسطرح اُسکو تار رگ جان نہ جانیے	ہی اور وہ کبھی نہیں آتی نظر کمر
مین اُس کمر کو کیونکہ رگ گل کہون کہ ہو	جو تار زلف حور سے باریک تر کمر
ڈرتا نہین خدا سے جو عالم کے قتل پر	باندھی ہی تونے او بت بیداد گر کمر
جون شاخ گل لچکتی ہی جھونکے سے باد کے	نازک ہی تیری غیرت گل اسقدر کمر
مانند اُس کمر کے نظر ہم نہ آئینگے	یونہین رہے جو یار وہ آٹھون پہر کمر
مرنے سے غم زدونکے ترے کچھ عجب نہین	کوہ غم و الم کی بھی ٹوٹے اگر کمر
ای شور حشر تونے ہمین پھر اُٹھا دیا	سیدھی ابھی تو کی تھی ذرا آنکر کمر
معروف گلستان کے کمربند سے کھلا	باندھے ہوے ہی چرخ سدا ظلم پر کمر

مرزا محمد مسیتا بیگ منتہی خلف مرزا عبد القادر باشندۂ لکھنو صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

چبھتی ہی دل مین یہ ترے باریک تر کمر	کرتی ہی مجھ سے کار سر نیشتر کمر
جسم لطیف مین ترے عالم ہی پھول کا	زیبا ہی گر کہون رگ گل برگ تر کمر
بسمل ہو کون کونسا عاشق ہو نیم جان	زلفین ہوئی ہین یار کی ابتو کمر کمر
گم کر خودی کو تا تجھے حاصل کمال ہو	موہوم جب ہوئی تو ہوئی نامور کمر
سر خفی ظہور نہ پکڑے تو خوب ہی	ای منتہی خموش رہو دیکھکر کمر

میر ابو طالب المنسب ولد میر اکرام علی باشندۂ لکھنو صاحب دیوان شاگرد میر کلو عرش

آئی نہ مثل مرکز عالم نظر کمر	ڈھونڈھا کیا مین شام سے لے تا سحر کمر

کمر [illegible]

معدوم کوئی چیز نہین پر دہان یار
غائب کوئی جہان سے نہین ہی مگر کمر
فکر معاد وار فنا مین ضرور ہی
[illegible]

روئے ہین عاشقان کمر اسقدر کہ آج	ہر جا ہی کوے یار مین دل دل کمر کمر
چیتا اسیر عشق ہی آہو شکار ہی	دیکھی نہ ایسی چشم نہ آئی نظر کمر
سادی جگہ رہی جو ورق پر تو کیا ہوا	مانی کو تیری یار نہ آئی نظر کمر
دروازہ بند ہی تو ذرا اسکا غم نہین	دیوار یار کی ہی درخشان کمر کمر

میان محمد بخش آرائیش ساز رسا ولد شیخ محب اللہ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان
شاگرد اشرف خان

چلنے مین تھرتھراتی ہی جو سر بسر کمر	لچکا نہ کھاے او بت نازک کمر کمر
غم مین جو بحر خوبی کے مین ڈوبنے گیا	قسمت تو دیکھو ہو گیا پانی کمر کمر
عنقا ہی موہی یار گل ہی الٰہی یہ	سو طرح دیکھا پر نہین آتی نظر کمر
پاجامہ یہ نہین ہی تمامی کا پاؤن مین	دریاے زر مین ڈوبا ہی وہ مہ کمر کمر
کیا کیا نہ جبین اپنے وہ کھائیگا پیچ وتاب	کھینچی گئی نہ مانی سے نقشے مین گر کمر
ہووے لگا خون مفت کسی بیگناہ کا	مت باندھ ظلم پر بت بیداد گر کمر
جاتے نہین ہو کوئے بتان مین جو تم رسا	الفت کے فن سے کھول کے بیٹھے گر کمر

ارشاد علی شاہ سالک ولد محمد علی باشندۂ بھوپال وارد لکھنؤ شاگرد
میر ہادی علی بیخود

کسطرح آئے اُس بت چین کی نظر کمر	چینی کے بال سے بھی ہی باریک تر کمر
ہوتا ہون قتل مین جو تری دیکھکر کمر	رکھتی ہی تیغ تیز کا شاید اثر کمر

کیسی زمین فلک پہ ہو پانی کمر کمر

مولوی غلام رسول صحاف ولد شیخ محمد پناہ باشندۂ قصبۂ ملانوان شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر

کہتے کہا نہین ہی میان کمر کمر
تار نظر ہی کیا نہین آتی نظر کمر

باتین کرین دو چشم آب بقا ہوا

نہین ہی ڈاب کے فیتے مین پھول اے گرد | دکھا رہی ہی عدم کی ہمین بہار کمر
شبیہہ کھینچ کے آدہی کہا یہ مانی نے | دکھائی دے تو کھینچے تیری اونگار کمر
ارادہ قتل کا کسکے ہی بد حواس ہو کیون | کھلے بندھے ہی جو دم مین ہزار بار کمر
شار ہوتا ہی معدوم کمر یہ دہن | دہن پہ تیرے عجب کیا جو ہو نثار کمر
یہ انتشار رہا وصف کچھ بھی ہو نسکا | جو آئی شکوہ نہ زلف مشکبار کمر
کھٹکتی ہی مری آنکھونمین دل مین اٹھ پھر | کہین تو بال بنے ہی کہین ہی خار کمر
اگر اشارہ ابرو سے حکم دے سفاک | تو کھولین جا کے عدم مین گناہگار کمر
کمر جو باندھ کے نکلے وہ گھر سے قتل ہو نہین | دکھائے جوہر شمشیر آبدار کمر
قریب پشت و شکم دیکھکر یہ حیرت ہی | پڑا ہی آئینے مین بال یا ہی یار کمر
صیام مین نہ اگر میکدہ کھلا ساقی | تو لوٹ لینے پہ باندھین گے بادہ خوار کمر
مثال دینگے رگ گل سے اسکو اے بلبل | چھپائین ڈاب سے ٹپکے سے وہ ہزار کمر
عدم مین بھی نہ چھٹے فکر موشگافی سے | نہ بھولے یاد ہی عشقی نہ مرا کمر

مولف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد سید شاہ حسین حقیقت باشندۂ لکھنؤ شاگرد
خواجہ وزیر وزیر اور میر علی اوسط رشک

موشگافونکو نظر آتی نہین اصلا کمر | تنگئی تار نگاہ دیدۂ عنقا کمر
بوجھ بھی پھولونکی بدھی کا نہ اس سے اٹھ سکا | کیا نزاکت ہی جھک کر ہو گئی دوتا کمر
درمیان پڑ کر ملایا عاشق و معشوق کو | مصلح عالم بنی ہی ڈاب سے گویا کمر

بار عکس تار گیسو سے لچک جاتی ہی یہ
اس نزاکت کی کہان سے لائیگا چیتا کمر

خانۂ دل مین نہ ٹھہریگا خیال ترک چشم
یہ سپاہی اپنے ہی بستر پہ کھولے گا کمر

لال نیفا دیکھکر سفاک کا کہتی ہی خلق
آگیا ہی بڑھ کے خون سیل عاشق تا کمر

کہتی ہی چشم تصور جب نظر آتی نہین
واہمہ خلاق ہی ہو جائیگی پیدا کمر

نقد دل کو مین حسینون سے چھپاؤنگا اگر
آکے قزاق نگہ میری ٹٹولے گا کمر

مجرم عشق میان یار ای محسن ہون مین
حشر مین ہو گا گنا ہونکا پسینا تا کمر

کوسے

امیر علی خان **ہلال** ولد تراب خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

نہ بھولین گے کبھی ان ہاتھونکو عمر بھر کوسے
شب وصلت مین دلوائے جو وہ رشک قمر کوسے

رولاتی ہی ہمین آٹھون پہر یہ آٹھ آٹھ آنسو
گلا بازو ذقن منھ چھاتیان سینہ کمر کوسے

یہ قدرت دیکھیے اُسکی کہان کسکی سمائی ہی
بھرا کرتے ہین دونو آنکھو نمین شام و سحر کوسے

کسی پہلو نہین آرام کیونکر بھولیے اُنکو
ہوے ہین باعث درد دل و درد جگر کوسے

قد شمشاد مین کب دلبری کے ایسے پہلو ہین
کوئی کوہ وفا کوہ تمکین ہین مگر کوسے

برج قصر جنت ہین یہ ساق عرش اعلی پر
عجب صانع نے قائم کر دیے ہین زانو پر کوسے

نہین ممکن کہ دو کوہ وقار اک بال مین لٹکین
تعجب ہی تمھارے دیکھکر زیر کمر کوسے

ہلال زار سے کہتا ہی وہ کوہ صفا ہنسکر
سراپا مین پسند آئے تجھے ای بیخبر کوسے

کیا چلکنے ہین کیا صاف ہین کیا گول سرین ہین	بے جرم ہین نایاب ہین انمول سرین ہین
جمتا نہین ہی پاے نظر ایسے ہین طیار	چٹکی مین نہین آتے ہین بے جھول سرین ہین

رانین

ڈپٹی کلکٹر ضلع اٹاوا کلب حسین خان بہادر نادر ولد نواب کلب علیخان بہادر باشندۂ بنارس صاحب دیوان مع قصاید اور مرثیہ اور ایک تذکرہ صولت نادری انکا ہی شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ

بال کا دخل ایک سر مو بھی نہ پایا ران ہین	صاف لطف آئینہ اُسنے دکھایا ران ہین
رکھکے سر سو یا کھلے بانو لیسے جو وہ ایکدم	بوے مشک آتی رہی تا دیر کیا کیا ران ہین
جو ہر آئینہ آسا صاف آتا ہی نظر	پڑ گیا جو عکس گیسوے چلیپا ران ہین
ہین مثال خار کھٹکا ناتوانی کے سبب	وصل کی شب جبکہ اُس گل نے دبایا ران ہین
کہیا کہون اُس گلگو کیسی بکلی شب کو ہوئی	چھیڑنے کے واسطے جب گدگدایا ران ہین
اس لیے بدلی ردیف ای نادر شیرین سخن	غور کرنا مجکو ہرگز خوش نہ آیا ران ہین

زانو

مولوی باسط علی شوکت باشندۂ لکھنؤ محلہ بھوانی گنج شاگرد مرزا اصغر علیخان نسیم دہلوی

رشک آئینہ جو اُس شوخ کا پایا زانو	چشم حیرت سے جھکے صاف نظر آیا زانو
جبین آتا ہی کہ ہون بخت رسا کے صدقے	آج قاتل کے تہ سر ہی ہمارا زانو

ساق

پاؤن

دنیا کے زن و مرد ہین کیا چیز کہ ایجان	غلمان کی ایسی ہین نہ ہین حور کی ساقین
شمعین نہین روشن تری محفل مین یہ ظالم	جلتی ہین کسی عاشق مہجور کی ساقین
کس درجہ غم عشق سے گھل گھل گئے ہوا ہی	انگلی سے ہین کم ناسخ مغفور کی ساقین

ڈپٹی کلکٹر کلب حسین خان بہادر نادر ولد نواب کلب علیخان باشندہ بنارس صاحب دیوان شاگرد ناسخ

ہی بجا عشاق کو دل کا لگانا ساق مین	روشنی شمع لگن مین باقی ہین یا ساق مین
شمع کے ساتھ اسطرح جلوہ نہین فانوس کا	پا ینچے کا یون نکلے ہین جسطرح زیبا ساق مین
جب کہ دریا مین نہانے کو گیا وہ بحر حسن	لپٹے آکر ہر دم آبی مصفا ساق مین
آئینے کو کچھ تمیز نیک و بد ہوتی نہین	دیکھتا ہی منھ ہر اک اپنا پرایا ساق مین
گر رقیبون کو دیا ہی آپ نے اذن مساس	ہمکو بھی مس کرنے دیجے پاؤن مین یا ساق مین

سعادت خان ناصر ولد رسالت خان باشندہ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہی شاگرد مذنب

ہمنے دیکھی ہین کسی نازک بدن کی پنڈلیان	کیا خوش آئین شمعہا سے انجمن کی پنڈلیان
پنجۂ رنگین سے ہی پیر لو پنجہ یار کا	نرم زانو سے ہین اُس نازک بدن کی پنڈلیان
حسن کی دولت سے مالامال ہی اسکا بدن	رانین ہین یاقوت کی لعل یمن کی پنڈلیان
پھیکی اُس سے ہو گئی شیرینی ساق عروس	ایسی شیرین ہین کہ شیرین دہن کی پنڈلیان
سرخ پاجامہ ہی گوٹا ہر کلی مین ہی لگا	پھولونکی چھڑیان ہین اُس سنگ چمن کی پنڈلیان

کیا بھلے جی کہ صحبت زنجیر بھی نہین	قاتل نے کاٹے پہلے ہی مجھ خستہ تن کے پاؤن
مشاطہ دیکھ تو نہ لگا بیٹھنا کہین	مہندی کہان کہان مرے غنچہ دہن کے پاؤن
گلشن وہ کونسا ہی جہان مین کہ جس جگہ	آئے نہین نسیم مبارک سخن کے پاؤن

مرزا اسد اللہ خان عرف مرزا نوشہ غالب ولد عبد اللہ بیگ خان قوم ترک اولاد
مین کستاسپ کے مولد اکبرآباد مسکن دہلی دیوان فارسی اور ریختہ اور پنج آہنگ
انکی طبع زاد ہی مشاہیر شعراے دہلی ہین مولف کو یہ غزل اپنے خط مین
شیخ فدا حسین فدائی قصبہ دیبائی سے بھیجی تھی

دی سادگی سے جان پڑون کوہکن کے پاؤن	ہیہات کیون نہ ٹوٹ گئے پیرزن کے پاؤن
دھوتا ہون جب مین پینے کو اس سیمتن کے پاؤن	رکھتا ہی ضد سے کھینچ کے باہر لگن کے پاؤن
مرہم کی جستجو مین پھرا ہون جو دور دور	تن سے سوا فگار ہین اس خستہ تن کے پاؤن
بھاگے تھے ہم بہت سو اب اسکی سزا یہ ہی	ہو کر اسیر دابتے ہین راہزن کے پاؤن
اللہ رے شوق دشت نوردی کہ بعد مرگ	ہلتے ہین خود بخود مرے اندر کفن کے پاؤن
ہی جوش گل بہار مین یان تک کہ ہر طرف	اڑتے ہوئے الجھتے ہین مرغ چمن کے پاؤن
بیچارہ کتنی دور سے آیا ہی شیخ جی	کعبے مین کیون دبائین نہ ہم برہمن کے پاؤن
شب کو کسیکے خواب مین آیا نہو کہین	دکھتے ہین آج اس بت نازک بدن کے پاؤن
غالب مرے کلام مین کیونکر مزا نہو	پیتا ہون دھو کے خسرو شیرین سخن کے پاؤن

تخلص ور عالی فکر خواجہ حیدر علی مرحوم آتش خلف خواجہ علی بخش باشندہ لکھنو صاحب دیوان

پاؤن

کیونکر نہ کاٹتا ہو وہ بت برہمن کے پاؤن
دنیا پہ ٹھوکرے نہیں مردان راہ عشق
نام دھرے ہین آنکھون پہ اس پیرزن کے پاؤن
آتش زمین شعر ہو ہرچند سنگلاخ
نوک قلم سے آشنا نہین اہل سخن کے پاؤن

مرزا علی ... خلف مرزا جعفر علی باشندہ لکھنو صاحب دیوان ہندی و فارسی شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

دونوں کی ایک تو نہ پرستش سمجھ تمر	پاے صنم کجا و کجا برہمن کے پاؤن

سوجی رام موجی خلف دیوان چھتر پت ملازم بہار الدولہ امیر الملک نواب حسین علیخان بہادر پسر نواب سعادت خان بہادر باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

تھکے گردشیں بھرے جو غریب الوطن کے پاؤن	شبنم دُھلا رہی ہی نسیم چمن کے پاؤن
چومون ہزار مرتبہ شیرین دہن کے پاؤن	دو چار بوسے جو لب شکر شکن کے پاؤن
آیا نہ ٹھیک بر میں ہمارے کوئی لباس	مرنے کے بعد بھی رہے باہر کفن کے پاؤن
آئی جو اُسکے آنے سے گلشن میں فصل گل	بلبل نے چوم چوم لیے گلبدن کے پاؤن
وحشت زدونکے ساتھ وہ پھرتا ہی جو کڑی	جائیں اُکھڑ کہیں نہ غزال ختن کے پاؤن
جاؤن گا تیشہ لیکے سوے بیستون اگر	ٹھرین گے سامنے مرے کب کوہکن کے پاؤن
مانی نہ ایک بات سحر تک شب وصال	سیراسر نیاز تھا اور سیمتن کے پاؤن
کھولی جو اُس نے زلف گرہ گیر کی رسن	زاہد کے ہاتھ باندھ لیے برہمن کے پاؤن
محشر کے دن وسیلہ شفاعت کا ہو مجھے	موجی جو ہاتھ آئیں حسین و حسن کے پاؤن

اسد الدولہ منشی حسن یار خان بخشی عملہ سلطانی افضل خلف باقر علی خان ابن محمد یار خان رسالدار باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ حیدر علی مرحوم آتش

ملتے جو مجھکو چومتا اُس گلبدن کے پاؤن	دوش نبی پہ ہو چکے تھے جس بت شکن کے پاؤن
سودا تھا کوے یار کے پھرنے کا اس لیے	نکلے رہے ہمارے جو باہر کفن کے پاؤن
راہِ وفا میں تھک کے نہ رہ جائیں خوف ہے	یہ دشمنی کریں نہ کہیں دوست بن کے پاؤن

حاصل وصال اُس بت ہرجائی کا ہوا

افضل زمین شعر میں آتش کا سچ ہے قول
لغزش سے آشنا نہیں اہل سخن کے پاؤن

پاؤن

پنجو نکے بھل جو چلتے ہین وہ سر کے بھل چلے
اُس کج ادا نے رکھا زمین پر جو کج کے پاؤن

دنیا سے جب چلا تھا سکندر یہ حال تھا
باہر کفن کے ہاتھ تھا اندر کفن کے پاؤن

باہر ہوا نہ خانۂ زنجیر سے قدم
جوشش جنون مین رہ گئے مشتاق بیچ پاؤن

اِن بختیون مین بھاگ نکلتا ہی دیو بھی
بالاے کوہ بھی نہ ڈگے کوہکن کے پاؤن

نقش قدم کو ہاتھ لگائین تو سر کٹے
چھو سکتے ہین رقیب مرے سیمتن کے پاؤن

اُس کوچے مین پہونچ کے مرا حال یہ ہوا
اُٹھے نہ آگے رہ گئے دیوار بن کے پاؤن

پاپوش اُسکی مسند ی لگاتی ہی ای شرر
یون ہین ہین سرخ اُس گل نازک بدن کے پاؤن

گھڑی ساز رام دیال سخن ولد پرم سکھ باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد
خواجہ حیدر علی آتش

رکھے اگر وہ ناز سے اندر چمن کے پاؤن
سب پھول جو مین آنکے اُس گلبدن کے پاؤن

اب ضعف سے قدم بھی اُٹھانا محال ہی
زنست مین ہو گئے ہین مرے لاکھ من کے پاؤن

آنکھون کو تیرے دیکھ کے بھولے ہین چوکڑی
اُٹھتے نہین ہین دیکھ لے ظالم ہرن کے پاؤن

بعد از فنا بھی مین نہ بچا رنج ہجر سے
پھیلاؤن کیا مین جیتے اندر کفن کے پاؤن

بلبل کیطرح ہو گئے نالان تمام گل
اُس سرو قد نے رکھے جو باہر چمن کے پاؤن

اپنا کمال شوق دکھا دے جو ایکبار
شیرین لگاے آنکھو نسے پھر کوہکن کے پاؤن

بلبل بسان گل ہمہ تن گوش ہو سخن
رکھو ن جو نغمہ سنجی کو اندر چمن کے پاؤن

الہڈط ولایت علی سرور ولد محمد جعفر مہجور باشندۂ لکھنؤ شاگرد اپنے والد کے

پاؤن
باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد
رشید شیخ امام بخش ناسخ

پھندے مین ان گلوؤنکے پھنسین گے خبر نہ تھی	پھندے سے باہر آتے نہ مرغ چمن کے پاؤن
کیا تاب بڑھ چلے جو وہ تم سے بناؤ مین	رنگ حنا کی آگ جلاوے دولہن کے پاؤن
ہمتو بہت ذلیل ہوے چاہ کر تجھے	او بت کجا سر اپنا کجا برہمن کے پاؤن
ای مجھر سنگ راہ نہین کوئی فکر کا	رکتے ہین کس زمین مین اہل سخن کے پاؤن

مرزا علی حسین کیوان اولاد مین آغا توکل کے خواہرزادے رفیق الدولہ کے
باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد ناسخ

سوجے ہین پھرتے پھرتے یہ مجھ خستہ تن کے پاؤن	مارے ورم کے بن گئے ہین لاکھ من کے پاؤن
مہتابی پہ جو پاؤن رکھا طور ہو گئی	موسی کے ہاتھ سے ہین مرے سیمتن کے پاؤن
اُسکے عقیق لب کے تصور مین محو ہون	کیا رفتہ رفتہ جم گئے اندر یمن کے پاؤن
موج ہوا کی سے کے تو زنجیر ڈال دے	ای عندلیب پھانس بہار چمن کے پاؤن
ایسے اینٹھے ہین سے مرے ساتھ سو رہا	گردن مین ہاتھ گو ہین اُس سیمتن کے پاؤن
قمری کیطرح دیکھ کے دیوانے گل ہوے	اُس سرو قد نے رکھے جو اندر چمن کے پاؤن
دریا پہ گاہ باغ مین گہ بادہ خانے مین	گھر ٹکتے ہی نہین ہین غنچہ دہن کے پاؤن
نازو ادا سے چلتے ہو تم مجکو ڈر یہ ہی	اس چال کو کہین نہ اڑالین ہرن کے پاؤن
پاؤن مین سانپ لپٹے ہین سودائے زلف ہی	ای حضرت جنون نہین اندر رسن کے پاؤن
وہ مہ سیاہ پوش محرم مین ہو گیا	رکھا ہی ماہتاب نے اندر گہن کے پاؤن
کیوان جو یار عاصیونکا بیڑا کر دیا	مین چوم لونگا ساقی نہر لبن کے پاؤن

ہاتھ آگئی ہی دولت بیدار کیا نصیر | سوتے مین دیکھ پائے ہین اک سیمتن کے پاؤن

سعادت خان ناصر ولد رسالت خان باشندۂ نگینہ مقیم لکھنؤ پانچ دیوان ایک تذکرہ انکا ہی

دیکھے چراغ لے کے جو ہر سیمتن کے پاؤن | منہدی کے ہاتھ آئین نہ ایسے بھبن کے پاؤن
زنجیر میرے پاؤن کی ہی دام زیر خاک | چھوڑے گی میری قبر نہ زد کفن کے پاؤن
چلی دیگا رخت جوشش سودا مین ہاتھ سے | دامن کے چاک ہونگے مرے پیرہن کے پاؤن
دریا مین دھوے وہ تو بتاسا ہو حبابؔ | شاخ نبات ہین مرے شیرین دہن کے پاؤن
کافر ہوا ہون شاہد عاشق نواز پر | وہ بت ملا ہی دھوتا ہی جو برہمن کے پاؤن
طول حیات سے ہی یہ ناصر کا مدعا | آنکھون سے وہ لگاے امام زمن کے پاؤن

امیر علیخان ہلال ولد تراب خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

بلبل جو دیکھ پاے مرے گلبدن کے پاؤن | سمجھے نزاکتون سے بہار چمن کے پاؤن
بڑھ بڑھ کے کیا ہی وار لگائے ہین جبین ہی | ہاتھون کے بدلے چوم لون اُس تیغ زن کے پاؤن
یہ دوست پروری ہی کہ گڑ جاؤن شرم سے | دہنس جائین میرے قبر مین جو گورکن کے پاؤن
کوئی نہ میرے وادی غربت مین پھرا | اُٹھے مرے طرف کو نہ اہل وطن کے پاؤن
مرقد مین بھی جنونکی ہین یہ تیز دستیان | سر کھل گیا نکل گئے باہر کفن کے پاؤن
گویا اگر بتون کو خدا کرتا دہر مین | دھو دھو کے پیتے شیخ ہر اک برہمن کے پاؤن

پاؤن

تھانہ دار متعلقہ کوتوالی لکھنؤ میر عباس عباس ولد میر امام الدین صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

چھوے اگر وہ جا کے مرے گلبدن کے پاؤن
چومے وہان غنچہ نسیم چمن کے پاؤن

وہ بے نشان ہون مین نہ ملا قبر کا نشان
تھک تھک گئے تلاش مین ورد کفن کے پاؤن

گلشن مین تیرے ساتھ پھرے سایے کی روش
قمری کیطرح ہو وین جو سرو چمن کے پاؤن

اغیار کو دکھاتا ہی اپنا خرام ناز
دل توڑتے ہین چلنے مین اُس دلشکن کے پاؤن

کمھلا گئے لجا لو کے مانند چھو سکتے ہی
نازک ہین اسقدر مرے نازک بدن کے پاؤن

محتاج پا کبھی نہین جو ہین سبک خرام
چلتی ہی اور نہین ہین نسیم چمن کے پاؤن

ہم چشم اپنے یار کا دیکھا جو ای جنون
صحرا مین چومے خوب سے مین نے ہرن کے پاؤن

ہی بعد مرگ بھی یہی مرقد مین آرزو
عباس چومون حضرت شاہ زمن کے پاؤن

آفتاب الدولہ خواجہ اسد قلق ولد خواجہ بہادر حسین فراق بن خواجہ مرزا جان اکی باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

منھ دی سے ہون سیاہ نہ اُس گلبدن کے پاؤن
صرف خسوف ہون نہ کہین مہر تن کے پاؤن

بلبل ہو دنگ دیکھے جو اُس گلبدن کے پاؤن
طوطی اُڑائین نقشہ صیاد من کے پاؤن

نرگس ملے گی آنکھو ن سے غنچہ دہن کے پاؤن
گل دھوئینگے گلاب سے اُس گلبدن کے پاؤن

وہ کون ہی جہان مین نہین جسکو حب زر
زاہد لگائین آنکھ سے اُس سیمتن کے پاؤن

گلگشت کیا نسیم کی سیکھا ہی رشک گل
ہین بے صدا خرام مین اُس گلبدن کے پاؤن

اچھی غزل کہی یہ تمنا ہی ای قلق	بس اتنی داد منھ سے ہر اہل سخن کے پاؤن

سید ابو تراب عرف منجھو صاحب الشیخ ولد سید اکرام علی ساکن لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر کلو عرش

سرد کے ہاتھ آئینگے اُس سیمتن کے پاؤن	پروانے مرکے پڑتے ہین شمع لگن کے پاؤن
ہوتا نثار قامت موزون یار پر	قمری کیطرح ہوتے جو سرو چمن کے پاؤن
اعجاز ہر قدم پہ نمایان ہی دیکھ لو	پتھر مین بھی ہین نقش رسول زمن کے پاؤن
ہوتا ہی کب دروغ رقیبونکو یان فروغ	ہی راست یہ مثل نہین جھوٹے سخن کے پاؤن
کشتہ یہ تیرا بے سرو پا ہی پس فنا	سر لائق عمامہ نہ قابل کفن کے پاؤن
دیکھا جو یار کو نہ قدم آگے بڑھ سکے	ایسے جمے زمین پہ بنے لاکھ من کے پاؤن
جو قبر مین گیا اُسے آرام آگیا	منزل پہ جاکے پھیلے غریب الوطن کے پاؤن
جاتا ہی چھپ کے غیر کے گھر ہمسے رات کو	نکلے ہین اب تو پیٹ سے شیرین دہن کے پاؤن
کیا ذکر بے تمیز جو اہل تمیز ہین	آنکھون پہ اپنے رکھتے ہین اہل سخن کے پاؤن
میری طرح سے اسکو بھی گردش ازل سے ہی	گو دیکھنے مین آئین نہ چرخ کہن کے پاؤن
فرہاد کیطرح سے کرون مین بھی سرنثار	الشیخ جو منھ سے چوم لون شیرین دہن کے پاؤن

میر نواب موزون ولد میر بندہ علی باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید منشی مظفر علی اسیر

طاؤس باغ ڈالتا کیا نہ تن کے پاؤن	ہوتے بتون کیطرح جو کچھ بھی بھی ہین کے پاؤن

پاؤن

ہیرے کے تھے جو ہاتھ حنا سے ہوے ہین لعل	مرجان کی شاخ تر ہوئی منہدی مین سنگ کے پاؤن
پابند عشق زلف کا ہو کون دستگیر	کیونکر نہ کھینچین قید مین صدمے رسن کے پاؤن
غربت پہ چشم آبلہ روے پھوٹ کر	کانٹون سے چھد گئے جو غریب الوطن کے پاؤن
تیری شہید ناز سے گرویدہ خلق ہی	پڑتے ہین لوگ ناصر خونی کفن کے پاؤن

گوبند پرشاد فضا قوم کایتھ ولد دیبی پرشاد باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد منشی مینڈو لال زار

شمشاد کیون نہ چوم لے اُس گلبدن کے پاؤن	گر ہاتھ شاخ گل ہین تو شاخ سمن کے پاؤن
اے شمع حسن عشق مین تیرے یہ ضعف ہی	اُٹھتے نہین ہین اس ترے کاہیدہ تن کے پاؤن
زنار زلف یار کا پائین کہین پتا	اسلام پیشہ پڑتے ہین ہر برہمن کے پاؤن
ہیہات ہمکنار نہ اک بار وہ ہوا	سو بار ہم پڑے بت پیمان شکن کے پاؤن
وہ چشم مست یار اگر دیکھ لے کبھی	نقش قدم بنین نہ اُٹھین پھر ہرن کے پاؤن
گر یون فضا کو آپ لگانے نہ دینگے ہاتھ	چھوئے گا ایک روز وہ دیوانہ پن کے پاؤن

خیرات علی خان رخشان باشندۂ فرخ آباد

گردش مین ایسے آگئے مجھ بے وطن کے پاؤن	پھرنے سے باز رہ گئے چرخ کہن کے پاؤن
عکس شفق ہی پاے بلورین مین اے پری	منہدی لگی نہین ہین عقیق یمن کے پاؤن
کیونکر اُٹھائین رنگ حنا کے وہ بار کو	نازک زیادہ گل سے ہین اُس گلبدن کے پاؤن
دھوکے جو موج آب مین دندان و لب وہ شوخ	بطن صدف نہ ٹھہرین نہ دُرِ عدن کے پاؤن

پاؤن

اُسکو بھی کھیے خلق مین وہ زن مرید ہی
خلوت مین جو پڑے کوئی عشوطلب کے پاؤن

دو دانت بڑھ کے آگے کے آ رہے ہین نکل
سمجھو تو شیخ جی کے یہ دو ہین ہرن کے پاؤن

ذاکر ہین اُسکے در پہ یہ بیٹھا کر رہ گئے
ہل سکتے اب ذرا نہین مجھ خستہ تن کے پاؤن

نواب احمد حسن خان عرف اچھے صاحب جوشؔ ولد نواب مقیم خان اولاد مین حافظ الملک حافظ رحمت خان بہادر کے باشندہ بریلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید نواب ظفریاب خان راسخ

گردیکھین قمریان تری نازک بدن کے پاؤن
بسمل کیطرح رگڑین وہ اندر چمن کے پاؤن

ہون مین وہ کم نصیب فراغت کہین نہین
پھیلا کے خاک سوؤن مین اندر کفن کے پاؤن

پامال تیری چال سے شمشاد و سرو ہی
رکھا اسطرح نہ باغ مین مغرور تن کے پاؤن

بھولا ہی جو کڑی ترے آنکھون کے سامنے
حیرت سے گڑ گئے ہین زمین مین ہرن کے پاؤن

مجھ ناتوان کو کافی ہی زنجیر زلف یار
میرے نہین ہین دوستو لائق رسن کے پاؤن

وزدحنائے یار مرے دل کو لے گیا
کوئی بھی کاٹتا نہین اس راہ زن کے پاؤن

وحشت کا جوش ہے ہی گیا دشت کیطرف
گو زخمی ہو گئے مرے کانٹو نسے چمن کے پاؤن

بتخانے مین رسائی جو ہووے مجکو تو صنم
آنکھون پہ اور سر پہ رکھون برہمن کے پاؤن

ٹلتا نہین ہی بندہ کہین ہاتھ غیر کا
ای جوشؔ اپنی آنکھین ہین اور پنجتن کے پاؤن

صاحب مطبع مرزا آغا جان خوشنویس فارسی گو اتحادؔ تخلص ولد خواجہ خیر الدین باشندہ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیرؔ

پاؤن

ہم وحشیون کی قدر کریگا اگر تلاش
پھر پھر کے ٹوٹ جاینگے وہ دور کفن کے پاؤن

ای جوہر یہ عاشق کا ہی جسم سے
قابل ہین بیڑیون کے نہ لائق رسن کے پاؤن

کر لینا چند شعر کا اک بات ہی ولی
جم جائین جس زمین مین اہل سخن کے پاؤن

ردیف پاؤن

پابوسی اُس صنم کی خدا نے جو کی نصیب
بوسے لیں گے ہاتھ جوڑ کے ہم سیمتن کے پاؤن

انگشت پا ہر ایک کلی ہی گلاب کی
گلدستے صاف ہیں مرے رشک چمن کے پاؤن

الله رے نو لوٹے بند مرا ساقتدرے سکا
وحشت نے میرے خوب تھکائے ہرن کے پاؤن

پان پر رواسے عیش سنے کی کو بھی تو کیا
پھیلا کے وان تو سوئینگے اندر کفن کے پاؤن

وحشت میں سیر چشم غزالان دکھا دلا
لے چل اُدھر جدھر کو بنے ہیں ہرن کے پاؤن

چاندی ہی اسکے ساتھ کا سونا جو ہو نصیب
اکسیر ہی دبا ؤن جو اُس سیمتن کے پاؤن

ہم سمجھے شمع طور جبلی آفتاب میں
دھوئے کو اُسنے رکھے جو اندر لگن کے پاؤن

جام وصال جی آیا ہی لیکر زہے نصیب
سر پر ہمارے ساقی پیمان شکن کے پاؤن

چلنے میں ٹھاٹھ دیکھئے کوئے اُس بھکست کا
پڑتے ہیں پیر سے عجب بانکپن کے پاؤن

جنگلی کلی کلی میں لگانے سے فائدہ
نکلے نہ پائنچون میں ہوں اُس گلبدن کے پاؤن

سر انکا اپنی ٹھوکریں کھاتا ہی راہ میں
رکھتے تھے کل زمین پہ جو لوگ تن کے پاؤن

چھائی ہی خاک وادی غربت میں ای وحید
وحشت میں چھلنی ہو گئے کانٹوں نے چھیدے پاؤن

عبد الله خان عرف ولد مصطفی خان صاحب مطبع مصطفائی باشندہ لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد مرزا اصغر علی خان نسیم دہلوی

کوچہ پینے کاٹے جائیں جو مجھ خستہ تن کے پاؤن
لیجائے جذب شوق مرے پاس سنکے پاؤن

دیکھے چمن میں آکے جو اُس گلبدن کے پاؤن
بلبل کے پھول پھول کے ہون لالہ چمن کے پاؤن

تنہا یاں دشت میں نہ تو قابل چمن کے پاؤن
بیکار ہیں کھائے اسیر محن کے پاؤن

پاؤن

شیخ عبد اللہ ڈاکٹر رہائی تخلص ولد شیخ فقیر محمد باشندہ موضع راگھوپور پرگنہ منیر ضلع عظیم آباد شاگرد عبد اللہ خان مہر

تیری گلی پکڑتی ہو مجھ خستہ تن کے پاؤن
جنبش ہی جانتے نہین دیوار بن کے پاؤن

دیکھے دم خرام جو اُس گلبدن کے پاؤن
حیرت سے اُٹھ سکین نہ تدرو چمن کے پاؤن

اللہ رے تنجل پیر فلک بعد مرگ بھی
اتنا کفن دیا کہ نہ پھیلائین تن کے پاؤن

باہر ہی چشم شوخ سے دنبالۂ دراز
کچھ حد سے بڑھ چلے ہین غزال ختن کے پاؤن

مجھ پا شکستہ کے لیے کیا احتیاج قید
قابل نہ بیڑیون کے نہ لائق رسن کے پاؤن

لکھ لکھ کے وصف پاے نگارین یار ہم
آنکھین بنا رہے ہین عروس سخن کے پاؤن

باغ جہان نہین کا نش مین ہوتا حنا کا رنگ
لیتا کنار شوق مین اُس گلبدن کے پاؤن

بیکار کر دیا خلش خار دست نے
قابل نہین رہے ہین مرے انجمن کے پاؤن

باقی ہین آج تک وہی شعلہ مزاجیان
رکھتے نہین مزار پہ یار سے جلن کے پاؤن

سامان انتہاے سفر ابتدا مین ہی
دھوتا ہی اشک شام سے شمع لگن کے پاؤن

کیا ہو گئے وہ لوگ رہائی جو زیر چرخ
پنجوں کے بل سے چلتے تھے رکھتے تھے تن کے پاؤن

سید آغا حسن رضوی امانت ولد میر آغا باشندہ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید میان دلگیر مرثیہ گو

ہو جائین شل جو دوستو مجھ خستہ تن کے پاؤن
سر دوڑ جاے کوچۂ قاتل مین تن کے پاؤن

مشتاق وحشت کے ہون نہ شائق چمن کے پاؤن
گڑ جائین کوے یار مین مجھ خستہ تن کے پاؤن

حیرت مین کلام جب اوسی شیرین ہو کو یکن
دھو دھو کے جب پیا گئے شیرین تن کے پاؤن
حیران ہون کسطرح یہ پہونچا ہے مزا ون
ظاہر مین یال و پر بین نہ ہے تن کے پاؤن
ہو دستگیر مقام دو عالم یا علی
کانپین صراط پر جو اسیر محن کے پاؤن

مرزا محمد رضا مرحوم عشق تخلص ولد مرزا مہر علی باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

ردیف پاؤن

مقیم جنگ خلیل تخلص خلف عبد الحکیم باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید
نواب عاشور علی خان بہادر

مثل تدرو سرخ ہین اُس سیمتن کے پاؤن	یا لالۂ شگفتہ ہین رشک چمن کے پاؤن
ہاتھون پہ سر جو معرکۂ امتحان مین تھا	پیچھے ہٹے نہ ایک قدم کوہکن کے پاؤن
دیکھی قریب چشم جو گیسوے مشکبار	تشبیہ دی کہ ہین یہ غزال ختن کے پاؤن
پہونچا ہون ایسے وادی غربت مین ای جنون	ٹوٹے مری تلاش مین اہل وطن کے پاؤن
سرو چمن کے نیچے گل لالہ دیکھکر	یاد آگئے حنائی کسی گلبدن کے پاؤن
لیجاتی آپ لاشۂ پروانہ گور تک	ای اہل بزم ہوتے جو شمع لگن کے پاؤن
دیوانہ تیرا بادیہ پیمان ہوا اگر	دوڑے گا اُسکے لینے کو خود قیس بن کے پاؤن
درگاہ مین خدا کی دعا ہے یہ ای خلیل	ہون روز حشر سر پہ مرے پنجتن کے پاؤن

تدبیر الدولہ مدبر الملک مصاحب خاص حضرت سلطان العالم منشی مظفر علی اسیر خلف
میر مدد علی سید علوی اولاد مین حضرت عباس علیہ السلام کے باشندۂ امیٹھی
مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مصحفی

کیا آسے چومنے مرے ناوک فگن کے پاؤن	اُٹھتے نہین ہین خوف کے مارے ہرن کے پاؤن
نخوت سے خاک پر جو نہ رکھتے تھے تن کے پاؤن	سر کے تیری راہ مین چلتے ہین بن کے پاؤن
آتا ہے لیکے نامۂ احباب دور سے	سر پر ہمارے قاصد اہل وطن کے پاؤن
اتنے تو کام آئی پس مرگ چشم تر	دلدل مین پھنس رہے ہے دزد کفن کے پاؤن

پاؤن

ای عشق اس زمین مین استاد کے بقول
لغزش سے آشنا نہین اہل سخن کے پاؤن

شیر بیشہ سخن شیخ امام بخش مغفور ناسخ خلف شیخ خدا بخش باشندہ لکھنؤ مین
دیوان انکے یادگار ہین

دیکھ پائے گورے گورے جو تمھارے ہاتھ پاؤن
زیست بھر مانند بسمل کیون نہ ہلتے ہاتھ پاؤن

چاند سورج ہین ہتھیلی اور تلوے کے عوض
ناخنونکے بدلے رکھتے ہین ستارے ہاتھ پاؤن

ہون وہ مجنون ہتکڑی بیڑی نظر آتی ہے جب
کیا ہی کرتے ہین بلا نیکے اشارے ہاتھ پاؤن

ہاتھ اٹھایا وصل مین مجھ پر چلائی لات بھی
رفتہ رفتہ اب نکالے تمنے بارے ہاتھ پاؤن

گل تو کیا رنگ حنا کے بوجھ سے ہوتے ہین لال
شاخ گل سے ہین کہین نازک تمھارے ہاتھ پاؤن

چوم لیتے ہین تصور مین ہم ای بت دم بدم
کیا بنائے ہین خدا نے تیرے پیارے ہاتھ پاؤن

محتسب نے میکدے مین کیا کوئی توڑا ہی خم
ٹوٹتے ہین آج کیون ساقی ہمارے ہاتھ پاؤن

ای پری کیا مشتعل ہی آتش رنگ حنا
بال ققنس کیطرح جھاڑین شرارے ہاتھ پاؤن

تیری آنکھونکے مشابہ گو کہ آنکھین ہوگئین
پر کہان سے لائینگے ایسے چکارے ہاتھ پاؤن

تیرے آنے کی خبر دیتا ہی جب پیک صبا
کیا ہی ای گل پھول جاتے ہین ہمارے ہاتھ پاؤن

چشم جادو پر اگر پہونچے کہین آنکھین نثار
دست و پائے یار پر جو رونچے وارے ہاتھ پاؤن

ای جنون کچھ ناتوانی کے مناسب حکم کر
بیٹھنے سے دوڑنے سے اتنو ہارے ہاتھ پاؤن

آتش رنگ حنا سے مچھلیان جلنے لگین
آپ نے دھوے جو دریا کے کنارے ہاتھ پاؤن

ہتکڑی بیڑی کو ٹکڑے ایک جھٹکے مین کیا
زور ہی جوش جنون ہی واہ وارے ہاتھ پاؤن

منزل مقصود کو پہونچینگے کب ہم ناتوان	تھک گئے پہلے ہی منزل مین ہمارے ہاتھ پاؤن
دفعتاً سب آب ہو جاے معطر جون گلاب	دھوے وہ گلرو جو دریا کے کنارے ہاتھ پاؤن
ساعد خوبان جہان ملتے ہین ہاتھ اس رشک سے	دیکھ کر ای یار تیرے پیارے پیارے ہاتھ پاؤن
گرم جوشی غیر سے کرتا ہی جو وہ بیوفا	سرد ہو جاتے ہین غیرت سے ہمارے ہاتھ پاؤن

عبدالغفور خان شرر ولد نور محمد خان مولد انکا دہلی سکونت رام پور بنڈیل کھنڈ مین تحصیلدار ہین صاحب دیوان

بعد مردن اسلیے باندھے ہمارے ہاتھ پاؤن	گور مین بھی تا کہ یہ وحشی نہ مارے ہاتھ پاؤن
پنجۂ مرجان نہ دیکھے سر ونسے نکلے ہوے	ہان اگر دیکھے تو یہ رنگین تمھارے ہاتھ پاؤن
رات بھر مین شوق مین جو دست و پا مارا کیا	تیرے تصور مین کسیکے پیارے پیارے ہاتھ پاؤن
ہاتھا پائی جسبے کرتا ہی وہ کافر غیر سے	ٹوٹتے ہین رشک کے مارے ہمارے ہاتھ پاؤن
کاکل و رخ پہ ہین مہر و مہ فدا گر روز و شب	چومتے ہین ٹوٹکر انکے ستارے ہاتھ پاؤن
عشق کے دریا مین جو ڈوبا نہ نکلا پھر کبھی	گرچہ اسمین سیکڑون نے خوب مارے ہاتھ پاؤن
بخت ناخوش بھر شب ظلمت مین کیون روشن ہوے	کیا مجھے یاد آ گئے رنگین تمھارے ہاتھ پاؤن
مان لے کہنا شرر کا شب کی شب مہمان رہ	دیر سے پڑتا ہی یہ صاحب تمھارے ہاتھ پاؤن

ابو محمد فاروقی علیش ولد نور الہدا عزیزون مین قاضی امین اللہ مغفور جاجمؤ کے باشندہ کانپور صاحب دیوان شاگرد رشک

ڈھالے ہین سانچے مین صانع نے تمھارے ہاتھ پاؤن	ہین خوش اسلوب اور نازک واہ وا رے ہاتھ پاؤن

پاؤن

پاؤن

بحر الفت سے نہ پہونچے ساحل مقصود تک
ناتوانی کے سبب کوسون اُڑتے جاتے ہین ہم

صورت موج روان ہر چند مارے ہاتھ پاؤن
کا نہ بادی ہوئی ہین اسیاسے ہاتھ پاؤن

خون ناحق کا مرے کیا دوگے خالق کو جواب
حشر کو دینگے گواہی جب تمھارے ہاتھ پاؤن

ہی یہی گر شوق مہندی کا تو الدن مہربان
دیکھیے کیا رنگ لاتے ہین تمھارے ہاتھ پاؤن

بیٹیا پھرتا ہی سر اسحاق دست یاس مین
یاد آتے ہین اُسے جب دم تمھارے ہاتھ پاؤن

الحفظ محمد جعفر مخمور ولد خواجہ محمدی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نامی غلام ہمدانی مصحفی

وصل کی شب دیکھکر وہ پیارے پیارے ہاتھ پاؤن
کاٹ ڈالے تیغ حیرت نے ہمارے ہاتھ پاؤن

وہ لگا دیتے جو دریا کے کنارے ہاتھ پاؤن
موج ساں کیا ہمنے بیتابی سے مارے ہاتھ پاؤن

دست قدرت ہاتھ آئے تو بلائین لیجیے
کس نزاکت سے بنائے تیرے پیارے ہاتھ پاؤن

پاؤن تھک جاتے ہین تو ہاتھون کے بل چلتے ہین ہم
ہو گئے ہین راہ مین تیری سہارے ہاتھ پاؤن

ہتھکڑی ہاتھون کے ٹوٹی پاؤن کی زنجیر بھی
اسقدر جوش جنون مین ہمنے مارے ہاتھ پاؤن

لوٹتی گردون کو بھی انداز یہ آتا نہین
رقص مین چالاک ایسے ہین تمھارے ہاتھ پاؤن

درد سر مخمور کو ہی آتی ہین انگڑائیان
توڑتے ہی ساقی خمار نشہ سارے ہاتھ پاؤن

میر نواب موزون ولد میر بندہ علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید منشی مظفر علی اسیر

وہ بیری رکھتا ہی لیسے پیارے پیارے ہاتھ پاؤن
بجان ہین دل ہین جگر آنکھون نکلے سارے ہاتھ پاؤن

دست و پائے یار کی ہرگز صفا حاصل نہو
حور دھو کے لاکھ کوثر کے کنارے ہاتھ پاؤن

وانت ہی ہم سخت جانون پر عبث جلاد کا
خنجر و شمشیر کو لرد ینگے آرے ہاتھ پاؤن

آنکھین آنکھون کی الفت نے سکھایا اسقدر
بیل چشم اہل بینش ہین ہمارے ہاتھ پاؤن

ایک دم نچلے نہین رہتے ہمارے ہاتھ پاؤن	جوش وحشت مین ہمارے ہین تمھارے ہاتھ پاؤن
ایڑیان رگڑین کف افسوس کبھی ملتے ہے	ہے جدائی اک بلا کٹتے ہین سارے ہاتھ پاؤن
سر سے پا تک داغ ہون ہر داغ گویا چشم ہے	کرتے ہین جانان تیرے رخ کے نظارے ہاتھ پاؤن
پنجۂ مرجان سے نازک تر ہے ہر پنجہ ترا	کیون نہ آنکھو ن سے لگاؤن مین تمھارے ہاتھ پاؤن
روتے ہین اے گرم ہم کیون ہاتھ وہ ملتے نہین	کیا نہین دھوتے ہین دریا کے کنارے ہاتھ پاؤن

وکیل عدالت دیوانی مہر ہدایت علی اسیر اور فارسی مین اسیری تخلص کرتے ہین خلف سید امیر علی باشندہ لکھنؤ شاگرد غلام ہمدانی مصحفی کے بعد شاگرد نواب حسین علی خان اثر کے

ہجر مین سوتے اڑاتے ہین شرارے ہاتھ پاؤن	چار نخل آتشین ہین اب ہمارے ہاتھ پاؤن
گوہر مقصود ہاتھ آیا نہ پایا آشنا	بحر الفت مین دلا کھون ہی مارے ہاتھ پاؤن
شور اب زنجیر دست و پا کا پھر اٹھنے لگا	تو گرفتار وسخ بھی پھیلا سے ہارے ہاتھ پاؤن
خوشہ ہاے تاک کی ہر ایک شئے پھیلتی ہے	آبلو نسے پھل گئے جب تیر سارے ہاتھ پاؤن
کس طرح سے دست و پا نیچے پھڑ اپنے اسیر	ہین گرو بازار مہر کٹھ مین ہمارے ہاتھ پاؤن

محرر عدالت دیوانی میر کریم بخش فائز ولد شیخ فتح علی ساکن اترولی قوابع علی گڑھ شاگرد سید ہدایت علی اسیر

دیکھے جب بہزاد نے وہ دست و پاے لاشبیہ	تھر تھرائے اسکے چارون ڈر کے مارے ہاتھ پاؤن

حکیم تصدق حسین خان عرف نواب مرزا شوق ولد حکیم آغا علیخان باشندۂ لکھنؤ

پاؤن

پاؤن پر پڑکر بلائین بچنہ مرجانسے سے	ثم فوراً دریا کو وکھلاؤ تو پیارے ہاتھ پاؤن
بحر الفت کے نہ ساحل کا پتا ہمکو ملا	موج سان لہرا کے ہینے لا کھ مارے ہاتھ پاؤن
چٹکیون مین دل ملا بلبل کا گلگون پاؤن نے	پانچ ہین کیا ظلم مین چارون تمھارے ہاتھ پاؤن
دیکھتے ہین جب سے اللہ رے اسکا رعب حسن	کچھ بھی قابو مین نہین رہتے ہمارے ہاتھ پاؤن
اب خدا حافظ ہمارے دست و پا کا ای صنم	پھر چھٹے نام خدا ہمپر تمھارے ہاتھ پاؤن
ضعف مین عشقی کو پہونچا یا نہ کوے یار تک	چھوڑ دی تمنے رفاقت واہ وا رے ہاتھ پاؤن

مصاحب حضرت سلطان عالم تدبیر الدولہ دبیر الملک سید مظفر علیخان بہادر اسیر اللہ
میر بدہ علی سید علوی اولاد مین حضرت عباس علیہ السلام باشندہ قصبہ امیٹھی مقیم
لکھنو صاحب دیوان ہندی و فارسی شاگرد مصحفی

بحر طوفان خیز الفت مین یہ مارے ہاتھ پاؤن	کشتی و پل بن گئے آخر ہمارے ہاتھ پاؤن
چھپ سکے عصیان نہ ہرگز فاش پردہ ہو گیا	ہو رہا ہین چھپ چھپ محشر مین پکارے ہاتھ پاؤن
عالم پیری مین ہو ساقی فقط زور شراب	پاسے خم و دست سبو ہین اب ہمارے ہاتھ پاؤن
بلبلون سے آج آتی ہو جو بلبل کی صدا	دھوئے کس گلرو نے دریا کے کنارے ہاتھ پاؤن
قطعہ خوش حرف استاد ازل نے لکھدیا	جسم و صلے چار عنصر ہین تمھارے ہاتھ پاؤن
مشتعل ہین سوزش الفت سے بسکہ انگلیان	پنج شاخے چار ہین چارون ہمارے ہاتھ پاؤن
اسکو کہتے ہین نزاکت کیا بدن ہی نرم نرم	استخوان رکھتے نہین گویا تمھارے ہاتھ پاؤن
چاہیے سرو چراغان سوز فرقت سے ہو جسم	ہر بن مو سے کرین پیدا شرارے ہاتھ پاؤن

پاؤن

دکھاسے یار نے تلوے جو کچھ سوال کیا
او مرقوم ہاتھ پڑا اُسطرف جواب مین پاؤن
تلاش رزق ہو ایسی کہ دونون پھرتے ہین
ای عذاب مین سر ہو ای عذاب مین پاؤن

[illegible]

نشان کعبۂ مقصود اگر ملے مجھکو	اسیر سر کو بناؤن رہ ثواب میں پاؤن

مولوی ہادی علی اشک خلف مولوی شیخ علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد محمد رضا برق

ادب سے رکھ نہ سکے کوچہ جناب میں پاؤن	ہمارے اٹھتے نہیں آپ کے عتاب میں پاؤن
چلے وہ چال کہ دل سیکڑون ہوے پامال	نکالے آپ نے کیا عالم شباب میں پاؤن
ہمیشہ پھرتے ہیں وحشت سے جنگلون میں ہم	کبھی ٹھہرتے نہیں خانۂ خراب میں پاؤن
چمن کی نہر میں یکسر گلاب بہتا ہی	یہ دھوئے کس گل رعنا نے آکے آب میں پاؤن
وہ رند ہون کہ جہان ہون ہین گزک پہونچے	لگیں شراب میں پر سا قیا کباب میں پاؤن
سمند عمر مرا ساتھ جائے گا کوتل	دم وداع جو رکھوگے تم رکاب میں پاؤن
انھیں یہ سوجھی فلک سیر کی ترنگ میں آج	کہ چل کے دھوئیے اب طشت آفتاب میں پاؤن
جدا قدم سے نہون گا کبھی یہ ہی تعبیر	چھوے ہین ہین جدا ہی اشک اسکے خواب میں پاؤن

میر نواب موزون ولد میر سید علی ساکن لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید منشی مظفر علی اسیر

جو سو گئے ہین کبھی کوچہ جناب میں پاؤن	بہار خلد کو دیکھا گئے ہین خواب میں پاؤن
کیا ہی اس نے سواری میں ہمعنان جو مجھے	خوشی سے پھولے سماتے نہیں رکاب میں پاؤن
وہ ہون میں وحشی نازک مزاج چل جاؤن	پری رکھے جو میرے وادی خراب میں پاؤن
اشارون میں یہی کہتی ہین یار کی زلفیں	نہ الجھے پیک نگہ کا کہیں طناب میں پاؤن
ہم اسکے راہ میں کسطرح دوڑ کر چلتے	بنا نہوتا اگر پاؤن کے جواب میں پاؤن

[illegible]

پاؤن

[illegible]

لگائے دیدۂ خونبار سے جو خواب مین پاؤن | تو صبح تر تھے ستمگر کے خونناب مین پاؤن
وہ رند ہون کہ نہ رکھون رہ صواب مین پاؤن | بناکے سر کو چلون محفل شراب مین پاؤن
سواد شہر عدم کے سوا نہ دم لون گا | ٹڑا ہی توسن ہمت کی اب رکاب مین پاؤن
جہان پہ مشق جنون صبح و شام تھی مجکو | جمے نہ قیس کا اُس وادی خراب مین پاؤن
ہر ایک کہتا تھا طفلی مین دیکھ اُس مہ کو | زمین پہ رکھے گا ظالم نہ یہ شباب مین پاؤن
سوال بوسۂ رخ مین اگر کرون اُس سے | تو ہنسکے شوخی سے دکھلاے وہ جواب مین پاؤن
ابھی سے قاتل عالم ہی دیکھیے کیا ہو | وہ مہ رکھے جو شفق کو چہ شباب مین پاؤن

سید آغا حسن موسوی امانت تخلص ولد میر آغا باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میان دلگیر مرثیہ گو

پری کے چہرے سے بہتر ہین آج تاب مین پاؤن | بجا ہی رخ کیطرح رکھ جو تو نقاب مین پاؤن
یہ چال سیکھا ہے مہروش سے کیونکہ بھلا | نہ ہین گے ہاتھ نہ ہین جسم آفتاب مین پاؤن
نظر جو آئین وہ تلوے تو ہاتھ ملنے لگے | نہ دیکھے ہونگے پری نے بھی ایسے خواب مین پاؤن
لگاؤن عمر بھر آنکھون سے اور رکھون سر پہ | جو وقت نشاء پڑے ساغر شراب مین پاؤن
زمین پہ چاندنی شہسوار ہی ہر گام | قمر ہی ہالے مین یا ہین ترے رکاب مین پاؤن
سوال وصل کا کرتا ہون مین جو اُن سے | خدا کی شان دکھاتا ہی وہ جواب مین پاؤن
وہ دل جلا ہون کہ مطلق نہ مجھ سے بن آئے | لگا دے سیخ کے جاکر کوئی کباب مین پاؤن
پکڑ لے ہاتھ مرا ساقیا براے خدا | کہ لڑکھڑاتے ہین اب نشاء شراب مین پاؤن

ولہ

طواف کعبہ کو سے صنم ہین ہین مصروف
نہ ایک گام چلین ہگے رہ صواب مین پاؤن

ہمیشہ شرم ہی اعلی کو اسفل سے زیادہ
چھپین نہ منہ کیطرح پردۂ نقاب مین پاؤن

جنون مین لاکھ پھرا شکل مرغ قبلہ نما
کبھی نہ گھر سے ہوے باہر اضطراب مین پاؤن

خدا کے فضل سے وہ دن نصیب ہو یوسف
روان ہون سوے نجف عشق بوتراب مین پاؤن

شیخ عبد الرؤف مرحوم شعور ولد حسن رضا عرف البیتی میان باشندۂ بلگرام مقیم
لکھنؤ شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

بنے ہین رشک قمر پیکر حباب مین پاؤن
مسیح دھوے نہ کیون طشت آفتاب مین پاؤن

ثناے صنعت خالق بیان ہو کس منہ سے
بناے اُس نے عجب ہاتھ کے حجاب مین پاؤن

شعاع مہر کی صورت نہ چھپ سکیگا کبھی
فروغ حسن جو پھیلائیگا نقاب مین پاؤن

نہ سمت خیر اُٹھے ہین نہ راہ خیر چلے
یہ کس شمار مین ہین ہاتھ کس حساب مین پاؤن

جو کی نہ قالب خاکی سے روح وقت سفر
نہ اس سوار کا اُلجھا کبھی رکاب مین پاؤن

ہر ایک نقش قدم پر کٹین گے سیکڑون سر
دھرے تو حسن ترا کوچۂ شباب مین پاؤن

یہی ہی خوف مجھے وہ کھڑے جو ہین لب جو
لگائین آگ نہ رنگ حنا سے آب مین پاؤن

قریب ہو نہ رہائی اگر اسیری سے
نہ رکھے موج ہوا قلعۂ حباب مین پاؤن

یہ نازکی ہی کہ آنے مین عذر لنگ ہی آج
بلند و پست پڑے شب جو اُنکے خواب مین پاؤن

چلی ہی سرد ہوا آہ کی جو روئے ہم
سمیٹے برق نہ کیون دامن سحاب مین پاؤن

ہزار جرم سے بدتر ہی اک تہی دستی
جو کاٹ مارے گئے ہین رہ ثواب مین پاؤن

ردیف پاؤن

پاؤن

افتخار الدولہ معین الملک قمر الدین خان بہادر صولت جنگ عرف مرزا حاجی نائب اول مرزا غازی الدین حیدر پادشاہ قمر تخلص خلف منشی مرزا جعفر منشی بیلی صاحب رزیڈنس لکھنؤ صاحب دیوان ہندی و فارسی شاگرد مرزا قتیل

پازیب نرگسی ہی ترے یار پاؤن مین ۔۔۔ یا ہی ہجوم چشم طلبگار پاؤن مین

دامن مین پکڑون کسطرح اُس گلکا دوڑکر ۔۔۔ ز دست رس نہ طاقت رفتار پاؤنمین

پابند موج نکہت گل مین ہون ای جنون ۔۔۔ زنجیر کیون پنہائی ہی بیکار پاؤن مین

دست جنون نہونے دے رسوا کوے وحشت ۔۔۔ اُلجھین جو چاک جیب کے کچھ تار پاؤنمین

تونے ملا ہی خون کسی بیگناہ کا ۔۔۔ رنگ حنا نہین ہی ترے یار پاؤنمین

وحشت جنون کا تحفہ یہ ہاتھ آیا ہی مرے ۔۔۔ کوئی نہ سمجھے اسکو کہ ہی خار پاؤنمین

جون شمع کیون نہ آتش ہجران جلی مجھون ۔۔۔ سر سے لگے تو جا کے بجھے یار پاؤنمین

اپنے قدم سے کیون نہو دریا لہو کا دشت ۔۔۔ ہر آبلہ ہی دیدۂ خونبار پاؤن مین

گھر مین قمر کے تو نہین آتا ہی کس لیے ۔۔۔ مہندی لگی ہی تیرے نگار پاؤنمین

محمد امیر الدین آزاد شاعر نامی بریلی صاحب دیوان

مہندی لگا کے بیٹھ رہا یار پاؤن مین ۔۔۔ معدوم یان ہی قوت رفتار پاؤنمین

ڈرتا ہون بیٹھے بیٹھے ترا پاؤن سو نجاے ۔۔۔ ل دون مین اپنے دیدۂ بیدار پاؤنمین

ایڑی نہین ملائم و رنگین لگا دیے ۔۔۔ دست قضا نے حور کے رخسار پاؤنمین

نقش قدم سے توسن جانان کے گل کھلے ۔۔۔ باندھے پھرے ہی گلشن و گلزار پاؤن مین

[illegible]

کیونکر تبان ہنسا کا زیور کرے نہ قتل	حکم ہی سپاہی مجھسے ہین تلوار پاؤن مین
جو نقش پا ہی درہم زر سے نہین ہی کم	رکھتے ہین کیا یہ ہم بت زر دار پاؤن مین
کیا بد چلین ہو مثل زر قلب پھر گئی	کھوٹی ہی چال ای بت عیار پاؤن مین
پایا یہ پایا پاے نگارین سے آپکے	رنگ حنا ہی آتش گلزار پاؤن مین
ہتھکڑیون کے نہ حد ہی نہ کچھ بیڑیونکا حصر	دو تین ہاتھ مین ہین تو دو چار پاؤن مین
جوش جنون مین ہی خلش خار کا مزا	پاپوش پھینکے اب میری بیزار پاؤن مین
افضل وہ گل چھڑے دن سے کیونکر اٹھائے ہاتھ	ہی نازکی سے رنگ حنا بار پاؤن مین

ہدایت علی **بیخود** خلف میر مہدی عزیزو نہین شیخ محمد خوشنویس لاہوری کے باشندہ دہلی

جنبش نہین ہی سایہ دیوار سے مجھے	حلقہ بنا ہی روزن دیوار پاؤن مین

شیر بیشہ سخن شیخ امام بخش مغفور **ناسخ** خلف الرشید شیخ خدا بخش باشندہ لکھنو

تین دیوان انکے یادگار ہین

لگنے دو خاک کوچہ دلدار پاؤن مین	پاپوش کچھ نہین مجھے درکار پاؤن مین
بیڑی نڈال پاؤن مین او طفل برہمن	کافی ہی مجکو رشتہ زنار پاؤن مین
جھنکار کیون نہ نیند اڑایا کرے کہ ہی	زنجیر بہر دیدہ بیدار پاؤن مین
یون مجکو تیرے گھر مین پھنساتا ہی جذب شوق	لگتا نہین کبھی سر دیوار پاؤن مین
یہ ناتوان ہون اٹھ نہین سکتا مرا قدم	الجھا ہی جیب کا جو کوئی تار پاؤن مین
رنگ حنا نہین کہ صفاے بدن ہی یہ	پھوٹا ہی رنگ عارض دلدار پاؤن مین

یوسف بکے بکے ہین سودا ہوا انھین
زنجیر چھین تیرے خریدار پاؤن مین
اسدرجہ ہتے آدمیون سے اٹھا سکی
اب زندگی کریگی بسر چار پاؤن مین
دوڑا مین گال چھونے کو قاتل کو اب لگا
دو چار تیغ ہاتھ مین دو چار پاؤن مین
دل دوڑتا ہی کوچہ دلدار کی طرف
بیچے نہین ہی طاقت رفتار پاؤن مین

پاؤن

[illegible]

وله

[illegible]

[illegible]

وحشت سے پہونچین جو ہم گلزار کوئی یار مین
غنچہ ہاے آبلہ ہو جائین خندان پاؤن مین

اُسکے تلون سے ملین سونے مین کیا آنکھونکو ہم
ناخن پر نور رہین چشم نگہبان پاؤن مین

مثل رفتار آج اُسکے رقص کی بھی کرنے لگا
پیچنی پہنا دون اے کبک خرامان پاؤن مین

ہوتی ہے مہندی کی حالت اے پری رو بار بار
ایک دن مل لے ذرا خون شہیدان پاؤن مین

اے جنون نکلین گے جیتے جی نہ مثل استخوان
ہو گئے جزو بدن خار مغیلان پاؤن مین

میرے آنکھونسے اگر دیکھے تو اپنے حسن کو
ہوا بھی زنجیر تیری زلف پیچان پاؤن مین

حسرت چاک گریبان کیا ہے ہاتھونکو ہے
وحشتین کیا کیا نہین اے ضعف پنہان پاؤن مین

شہر کے جانب جو چلتا ہون تو اُٹھتے ہی نہین
لگ گئی جیسے جنون خاک بیابان پاؤن مین

چشم تر حیرت مین ہے کیا تری صورت دیکھکر
حلقۂ زنجیر بھی ہے چشم گریان پاؤن مین

دشت وحشت مین چلا جاتا ہون کیا مانند تیر
چبھتے ہین ہر چند کانٹے مثل پیکان پاؤن مین

باغبان بھی کیون نہ گل مہندی لگائے پاے سرو
تو لگے مہندی جو اے سرو خرامان پاؤن مین

وادی وحشت مین شیر دلنے نکل ڈالتے ہین ہم
چبھتے ہین ناسخ اگر خار مغیلان پاؤن مین

شیخ قادر علی موحد خلف شیخ چراغ علی باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد خواجہ وزیر وزیر

ضعف سے کیا طاقت رفتار ہو یان پاؤن مین
موج نقش پا ہوئی زنجیر پیچان پاؤن مین

واکرین پائچے تو نکلے برق رخشان پاؤن مین
آبلے پھوٹے یہان ہے جوش باران پاؤن مین

آپ رکھتے ہین جو نور ماہ تابان پاؤن مین
آبلونسے یان بھی ہین تارے نمایان پاؤن مین

مل رہے تھے کیا حنا اغیار جانان پاؤن مین
خون فشان تھی آج چشم آبلہ یان پاؤن مین

پاؤن

ہر شاخ گل خمیدہ ہوا تسلیم کے لیے
گلشن مین رکھے جلوہ نازک دماغ پاؤن

آئے اگر ہماری عیادت کو وقت نزع
گھستے کبھی نہ آپ کے اے خوش دماغ پاؤن

محفل مین سنکے بولا جو مجھ سے وہ شعلہ رو
کیا کیا ہوئے رقیب سیہ رو چراغ پاؤن

مشتاق راہ عشق کا ہم جان بین اُٹھین
گر اُس صنم کا ڈھونڈھ نکالین سراغ پاؤن

گلگشت کو جو وہ بت نازک دماغ آئے
آنکھونسے چوم لین ابھی گلہائے باغ پاؤن

ثابت ہوا یہ ہمکو رہ عشق سے ولی
پائینگے جستجو سے ہمارے فراغ پاؤن

سید الدولہ بخشی الملک مرزا محمد رضا خان بہادر صاحب حضرت سلطان عالم
برق خلف مرزا کاظم صاحب باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ
پارس

منشی ... ولد لالہ ... لالہ بہاری لال باشندۂ لکھنؤ ... دیوان ہندی و فارسی ... طوطی رام عاصی

... ہی وہ زلف گرہگیر پاؤن مین
... کس طرح سے مجھے زنجیر پاؤن مین
... قیس کی تصویر پاؤن مین
... نقش قدم ہی ... خورشید ... تحریر پاؤن مین
کیا جانتے ... یار کی تحریر پاؤن مین
کیونکر قلم چلا کر ادا ہوسکے وصف زلف
... ہی سلسلہ دم تحریر پاؤن مین
خاک ... کو میری کب صورت طلا
تھی نزار اس پری سے یہ اکسیر پاؤن مین

امیر علیخان ہلال ولد نواب خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد ... میر علی اوسط رشک

اُلجھے نہ جو وہ زلف گرہگیر پاؤن مین
زنجیر ڈالیے کسی تدبیر پاؤن مین

ردیف نون — پاؤن

پارس سے بھی زیادہ ہی تاثیر پاؤن مین
چھوتے ہی خاک ہوتی ہی اکسیر پاؤن مین

کچھ بیشی نصیب سے اپنے عجب نہین
بدلے جبین کے ہو خط تقدیر پاؤن مین

حیران ہی بزم غنچہ دہانون کو حنا رہی
کیا گلبدن ہی آپکے تصویر پاؤن مین

مانع ہی طول موے سر یار کیا چلے
اُلجھی ہوئی ہی زلف گرہگیر پاؤن مین

آیا جو صید گاہ مین صیاد دیکھنا
لپٹین گے دوڑ دوڑ کے نخچیر پاؤن مین

غربال ہونگے خار دشت وحشت مین آبلے
پائینگے سر اُٹھانے کے تعذیر پاؤن مین

یہ رنگ کون ہی نہین آتا جو تو یہان
مہندی لگی ہی کیا بت بے پیر پاؤن مین

کیا سرگذشت کہیے کہ مثل زبان خار
ای گل نہین ہی طاقت تقریر پاؤن مین

اُٹھتا نہین قدم بھی نزاکت سے یار کا
خلخال ہی کہ لوہے کی زنجیر پاؤن مین

رکھتے ہین برق تاج سمجھکر سر و نیر لوگ
کیا نقش پائے پائی ہی توقیر پاؤن مین

خلیفہ میر گلزار علی اسیر خلف میر ولی محمد نظیر اکبرآبادی صاحب دیوان شاگرد اپنے والد ماجد کے

مل ڈال خون عاشق دلگیر پاؤن مین
مہندی لگا نہ ای بت بے پیر پاؤن مین

گردش مین تیرا ساتھ تو دیتا پہ کیا کرون
چھالے بہت ہین ای فلک پیر پاؤن مین

ٹھوکر سے قتل عام کرین کیون نہ وہ صنم
ناخن نہین ہین رکھتے ہین شمشیر پاؤن مین

پابستہ ہین جو ہون تو گرفتار وہ بھی ہین
اُنکے کڑے ہین میرے ہی زنجیر پاؤن مین

کیسا وطن سے جلد قدم اُٹھتا ای اسیر
وہ بیڑیان نڈالتی تقدیر پاؤن مین

... پاؤن مین ... زنجیر پاؤن مین ... تقدیر پاؤن مین ... پاؤن مین [illegible]

... پاؤن مین ... زنجیر پاؤن مین ... شمشیر پاؤن مین ... پاؤن مین [illegible]

زائر کربلاے معلی امیر با توقیر نواب مرزا والا جاہ عاشق خلف نواب دلیر الدولہ مرزا محمد علی خان بہادر عرف آغا حیدر نیشاپوری باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد مرزا سرفراز علی قادر

ہم نہ ٹھہرینگے پڑے کیسا ہی لنگر پاؤنمین
سر مین سودا ہی ہمارے اور چکر پاؤنمین

ہین گرفتار محبت قید ہستی مین سبھی
سلسلہ ہی ایک ہی زنجیر کا ہر پاؤن مین

کر دیا کاہیدہ ایسا جوش سودا نے مجھے
استخوان پا بنے ہین خار چبھ کر پاؤنمین

قصد جب میرے سیہ خانے کا اُس مہ نے کیا
کیسی کیسی اُلجھی وان زلف معنبر پاؤنمین

اب کہین فیض قدم سے میرے خارستان نہین
دشت گردی مین کیا کانٹون نے گھر پاؤنمین

ناتوان مجنون ہون میرے پاؤنمین ٹہری نڈھال
موج سیل اشک ہی اب دیدۂ تر پاؤنمین

ہم بحب علی پیکر کرینگے طی صراط
ایسے میخوارونکے لغزش ہوگی کیونکر پاؤنمین

پشت خم یہ بار غم سے ہی قدم اُٹھتا نہین
اپنے سر کے ضعف سے لگتی ہی ٹھوکر پاؤنمین

گرم رو ایسا ہو نہین دیوانۂ آتش قدم
بنگیا ہر دانۂ زنجیر اخگر پاؤن مین

ربط حسن و عشق ہی وان پھول ہین یان داغ ہین
ہی وہان خلخال یان بیری کا زیور پاؤنمین

پنڈلیان میری رگڑ سے بیڑیونکے بچ گئین
دھجیان لپٹین گریبان کی جو چھٹکر پاؤنمین

آنکھون کی رہ دل عاشق لہو ہو کر بہا
غیر نے مہندی لگائی تیرے دلبر پاؤنمین

داروغۂ اخبار ملکی سلطانی ذکی الدولہ میر تصور علی تصور خلف میر صفدر علیخان قدیم باشندۂ بنارس مقیم لکھنؤ صاحب دیوان ہندی و فارسی اور ریختی

ہو گیا ہی نقرئی چھلا سہرا پاؤن مین
ایکسا سفالی دکھائی یار نے زینت مین بھی
خون عاشق ہو بسا مہندی کے لگا پاؤن مین
غم نہین کچھ برہنہ پائی کا ای وحشت مجھے
آبلہ پڑ کے بنے گا پاسے تا پاؤن مین

پاؤن

سنبل سوداسے مجنون سبز ہوجاے ابھی
مجکو ٹھکراے اگر لیلا سے گیسو پاؤن سے

دل کا دکھنا مٹگیا اُنکے جو آپہونچے قدم
کھودیا یک دست سیرا در دپہلو پاؤن نے

زلف اڑیری تک لٹکتی رہتی ہو رفتار مین
سیکھتا ہو چال کیا ہندوسے گیسو پاؤن

سرکو رکھکر وصل مین بیٹھا جو وہ سرو روان
قد آدم بڑھ گیا رتبے مین زانو پاؤن سے

سحر کے رفتار کا سکہ بٹھا دہ چرخ پر
کھو دو لوح قمر مین نقش جادو پاؤن سے

کفش پا مین جان پڑتی ہو دم رفتار یار
ہر ستارہ اُڑ رہا ہو بنکے جگنو پاؤن سے

ای پری کا غذ حنائی ہو بیاض چشم کا
وصل مین آنکھین جو ملنے دے مجھے تو پاؤن سے

بیٹھی ہو پی تم کنار نہر اگر گھوڑا اُٹھا
بوسہ لینے مین چپک جاے لب جو پاؤن سے

وہ دل پر داغ کو تلوو نسے ملتے ہین منیر
آتی ہو عطر گل خورشید کی بو پاؤن سے

محمد الہ یار خان سحاب خلف محمد ہارون خان رسالہ دار باشندہ خیر آباد مقیم لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد برق

آتش رنگ حنا سے کیا بھبھو کا پاؤن ہی
ای پری نظرون مین لیئے صاف شعلا پاؤن ہی

ہر ستارہ تیرے چوٹی کا ہی رشک آفتاب
نور کے سانچے مین کیا صانع نے ڈھالا پاؤن ہی

ہر قدم پر مردے زندے کرتے ہین انداز پا
ای بتو معجزنما گویا تمھارا پاؤن ہی

کیون تصور سے جگر پر ہو نہ صدمہ ہجر مین
صاف اگر الماس کا ٹکڑا تمھارا پاؤن ہی

آسمانی پاجامہ آسمان سے کم نہین
غیرت خورشید تیرا ای مسیحا پاؤن ہی

شعلے نقش پاے جانان سے نکلتے ہین سحاب
اس تماشا گاہ مین اُسکا تماشا پاؤن ہی

مولف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد سید شاہ حسین حقیقت وطن بزرگون کا خوست مولد ومسکن مولف لکھنؤ کمترین تلامذۂ خواجہ وزیر او رمیر علی اوسط رشک

خون اپنے بسملو نکا شوق سے مل پاؤن میں
یہ نہیں رنگ حنا جو ہو مبدل پاؤن میں

بڑھ کے لپٹے ہیں جو وان زلف مسلسل پاؤن میں
پڑتی ہی زنجیر یان بھی آج یا کل پاؤن میں

گرمی رفتار سے گھنگرو کے دانے بھن گئے
بنگئی ہی شعلۂ جوالہ چھاگل پاؤن میں

اس قدر جوش جنون سے آبلہ ہین ہی جلن
جلتی ہی ہر ایک انگلی مثل مشعل پاؤن میں

ہون وہ سرگردان کہ مجنونکو بھی مجھسے خار ہی
چبھتے چبھتے بنگیا کانٹونکا جنگل پاؤن میں

یہ بچھاوت اے چمن آراترے قدمونسے ہی
ہی گل مخمل نہیں پاپوش مخمل پاؤن میں

آنکھ کی گردش پہ پیس کر انکو بھیجے چشم زخم
بدلے مرہم کے لگاؤنگا مین کاجل پاؤن میں

وحشت کو ورد پاکر ین ترے کرم سے اے جنون
ملکے سو چھالے بنے ہین ایک بادل پاؤن میں

خفتگان خاک بھی سن لین تو آئین وجد مین
ارغنون سے کم نہین اے یار چھاگل پاؤن میں

مالی ہی منت جو قاصد لائیگا خط کا جواب
دوڑ کر پہلے لگاؤنگا مین صندل پاؤن میں

امتحان چلنے کا میرے گر کرے ہندوی زلف
یار دونین بھی ستی کیطرح کاجل پاؤن میں

بنگیا سارا دو پٹہ صاف موج بحر نور
جب دبایا یار نے چنے کو آنچل پاؤن میں

باعث زینت ہوئی ریگ بیابان جنون
بنگیا ہر آبلہ مقیش کا کفل پاؤن میں

پھر بہار آئی ہوا سرسبز پھر نخل جنون
آبلے نکلے نہین پھوٹی ہی کوپل پاؤن میں

در پہ مسجد کے لنڈھائین بیٹھ کر ایسی شراب
آئے زاہد بھی تو لپٹے مر کے دلدل پاؤن میں

پاؤن

[illegible]

باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان مع مثنوی و قصاید شاگرد رشید

مرزا جعفر علی حسرت

آئے گر اُس رشک گل بن صحن گلشن زیر پا
ہر روش سمجھین کہ ہے یہ خاک گلخن زیر پا

لطف گلگشت چمن دیکھا نہ کچھ بے نوخطان
سبزۂ نورستہ تھا مانند سوزن زیر پا

پیرہن کا تیرے وحشی کے عجب نقشہ ہوا
ہے گریبان زیر دامن اور دامن زیر پا

لاغری یان تک ہوئی ہے تیرے دیوانے کی آہ
آگیا ہو کر کشادہ طوق گردن زیر پا

کیا عجب گر معجز ہیسے حسن کے چومے قدم
لائے گر تصویر قالین کو وہ بن ٹھن زیر پا

پہونچے سر تک باغ مین اُس بن جو پاؤن سنے لگے
ڈھیر انگارون کا تھا پھولون کا خرمن زیر پا

شمع روشن یان وہ تربت پر نظر آنے لگے
جسکے تیرے دل جلے کا آئے مدفن زیر پا

کفش نو آیا پہنکر جب وہ حیرأت عشوہ گر
سب زراہ دوستی بولے کہ دشمن زیر پا

طالب علیخان مرحوم عیشی ولد علی بخش خان باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان فارسی مع قصاید وغیرہ اور ایک دیوان ریختہ اور نثر کا مجموعہ اور ایک سرو چراغان انکا ہے شاگرد رشید مرزا قتیل

کیا دبا صرصر گلو انکا تیرے دامن زیر پا
رُندھ گیا ظالم دل مرغان گلشن زیر پا

پاک طینت دب چلین ہی نخوتو نے دکر گیا
نور کا ہوتا نہین زنہار مسکن زیر پا

بسکہ ہون مین ناتوان خو کردۂ افتادگی
سایے کے مانند ہے میرا نشیمن زیر پا

ساقیا اتنی تو مجھ پلوا کہ ہنگام خرام
گوشۂ دستار اُلجھے جا سے دامن زیر پا

[illegible]

بسکہ بجھتا ہے پتنگا غم سے [illegible]
جب ہوا وہ [illegible] طوق گردن زیر پا
[illegible]
بیگ تفسیدہ سے ہے ہر گام گلخن زیر پا

مہدی حسین خان آباد خلف غلام جعفر خان باشندۂ لکھنؤ [illegible] غزل سے انکا ایک

پا

دیوان ہے شاگرد رشید [illegible]
شیخ امام بخش ناسخ

[illegible]

اسقدر رہون گرم رو راہ طلب مین ای جنون	جل گیا سو جاسے ہی صحرا کا دامن زیر پا
کسکے پلکون کا تصور دشت مین آباد ہی	ہر زبان خار ہی مانند سوزن زیر پا

شاہزادہ مرزا محمد سعید الدین عرف مرزا فیاض الدین بہادر حلم تخلص خلف الرشید مرزا محمد ریاض الدین عرف مرزا محمد جان بن مرزا خرم بخت بہادر بن مرزا جہاندار شاہ ولیعہد حضرت شاہ عالم بادشاہ دہلی اولاد مین حضرت صاحبقران امیر تیمور گورکانکے مقیم بنارس صاحب دیوان شاگرد میر نواب نواب

گرچہ ہی سیر چمن مین گل کا خرمن زیر پا	گاہ بھولے سے بھی لا عاشق کا مدفن زیر پا
نازکی کہتے ہین اسکو وہ چبھے مانند خار	آے اُس گلکے جو فرش کا رسوزن زیر پا
پاے نازک کو کہین تیرے نہ کچھ پہونچے ضرر	فرش گل کو تو نہ لا او شوخ پرفن زیر پا
دیکھ مسی کی اوداہٹ لعل لب پر یار کے	بلبلین ملنے لگین گھاسے سوسن زیر پا
کب حنا کے رنگ سے اُسکے کف پا سرخ ہی	لعل کے رکھتا ہی اپنے یار معدن زیر پا
جائین کیون ہم گلستان کو ناز گلچین کیون سہین	زخم سے تلوونکے خود رکھتے ہین گلشن زیر پا
کسطرح کوے صنم کو حلم جائے دشت سے	آبلہ بڑھکر کرے گا کار رہزن زیر پا

سید اکرام علی توانا خلف سید سبحان علی باشندۂ فتح پور ہسوا صاحب دیوان پہلے شاگرد منشی تونگر سنگھ عاشق کے تھے کہ وہ شاگرد مرزا قتیل کے تھے جب یہ ناتوان تخلص کرتے تھے جب شیخ امام بخش ناسخ الہ آباد مین تشریف فرما ہوے اور میر صاحب انکے شاگرد ہوے توانا تخلص کیا

ڈپٹی کلکٹر ضلع اناوا کلب حسین خان بہادر نادر ولد نواب کلب علی خان بنارسی انکا کلام پسند خاص و عام ہی صاحب دیوان شاگرد ناسخ

یا علی دارین مین نادر کو کیجے سرفراز	روندیے صبح و مسا سرہاے دشمن زیر پا

محمد عیسی مرحوم تنہا باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد نامی شیخ غلام ہمدانی مصحفی

روندتے پھرتے جو ہین صحرا و گلشن زیر پا	ایکدن ہوتا ہی تنہا اُنکا مسکن زیر پا
کسقدر دشت جنون پر خار تھا مین کیا کہون	تیرے وحشی کے ہوئے لاکھون ہی مدفن زیر پا
کشتۂ مژگان کے اُسکے خاک پر مت جا صبا	آ نجاے تیرے کوئی نوک سوزن زیر پا
نا امیدانہ قفس مین کہ رہی تھی عندلیب	پھر بھی آوے گی مرے دیوار گلشن زیر پا
اسقدر بلبل نے خون رویا فراق یار مین	شاخ مرجان بنگئی شاخ نشیمن زیر پا

صادق حسین خان صادق ولد نثار علی خان خواہرزادہ تاج الدین حسین خان کمبوہ باشندۂ لکھنؤ شاگرد رشک

ای جنون یہ خون بہاتا ہی کہ روغن زیر پا	ہر چراغ آبلہ رہتا ہی روشن زیر پا
طوق و بیڑی کی نہین حاجت ہی ای آہنگرو	ہی گریبان ہاتھ مین صحرا کا دامن زیر پا
آتش رنگ حنا ہی باعث بیتاب سہی	خاک کبکان وری کرتی ہی شیون زیر پا
ناتوانی نے یہ وحشت مین جھکایا ہی مجھے	پاؤن کی زنجیر سر پر طوق گردن زیر پا
عرش اعلی پر گئے معراج کو جس شب نبی	آسمان صادق دانۂ انجم کی خرمن زیر پا

حکیم وحید اللہ خان وحید خلف حکیم سعید اللہ خان باشندۂ کاکوری ملازم راجہ بھرت پور صاحب دیوان

ہی غضب پہونچی تری زلف دراز مین زیر پا	کاٹ کھاتی ہی جو آجاتی ہی ناگن زیر پا

ہوگئے وارستۂ دامن شہید ناز سب | آگیا چلنے مین اُس گل کا جو دامن زیر پا
تنکوڑ یابین جو عکس اُسکے کف پا کا پڑے | ہون حباب بحر جون فانوس روشن زیر پا
دیکھنے والونکو ہوتا ہی گمان غربال کا | اسقدر خار بیابان سے ہین روزن زیر پا
گل سے افزون ہی کف پائے نگارین کی بہار | ہی عجب اگر بلبلون کا ہو نشیمن زیر پا
سنگ مقناطیس کی صورت نچھوٹے لعل سے | لائے گر دل کوئے اس بت کا تو سن زیر پا
دیکھا اُسکو ہوا بیخود حسام خیرہ چشم | بدلے مہندی کے لگا یا اُس نے انجن زیر پا

مرزا اکبر علی عشرت باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان

خار صحرا سے ہوے ہین اتنے روزن زیر پا | کیا عجب زنبور کا ہووے نشیمن زیر پا
اس لیے آتا نہین گور غریبان کیطرف | تا نہ آجائے کسی عاشق کا مدفن زیر پا
لخت دل کو مل کے تلوونسے کہا قاتل نے یون | لعل کا پیدا ہوا ہی اپنے معدن زیر پا
خود بخود نکلا وہین دل سے ہمارے یا علی | آگیا چلنے مین جانان کے جو دامن زیر پا
گل کھلاتے ہین ترے وقت مشی نقش قدم | سبکو ہوتا ہی یقین ہی تیرے گلشن زیر پا
سرکشی دنیا دو روزہ مین کیا عشرت کروں | ایک دن لوگونکے ہوگا اپنا مدفن زیر پا

شیر بیشۂ سخنوری شیخ امام بخش مغفور ناسخ خلف شیخ خدا بخش باشندۂ لکھنؤ تین دیوان انسے یادگار ہین

باغمین روندے بہت پھولونکے خرمن زیر پا | لاکبھی اپنے شہیدونکے بھی مدفن زیر پا
یہ اثر تیری حنا کا ہی کہ کان لعل ہو | ایک دن آجائے گر ہیرے کی معدن زیر پا

دوستو ستمگر روندتا ہی دل پہنکر کفش تو
اک پری زیبا ہی کہنا تجکو دشمن زیر پا
اس عمارت کو نہ تو سر پر اٹھا ایجائے گا
دیکھ اے غافل ذرا تیرا ہی مسکن زیر پا
رقص مین آتی نہین یہ تیرے گنہگاری کی صدا
کرتے ہین آسودگان خاک شیون زیر پا
ہون مین وہ بیخود کہ دفع صیقل ہوا آبلہ
گر حنا سے پر ہو ناسخ تو چندن زیر پا

ولہ

جاکے کوے یار مین سجدہ نکرنے پائے ہم	ہی بجا تقدیر سے سر کی گرہنے تقدیر پا
رہ گذار یار سے آگے نہین اُٹھتے قدم	نقش پاے یار کیا کر لیتے ہین تسخیر پا
بزم مین فانوس کیا آئینہ تصویر ہی	شعلہ ہی شمع پر فندق شمع ہی تصویر پا
سر نقاہت سے پڑا رہتا ہی اپنے پاؤن پر	کاکل سر ہوگئی ہی اندنون زنجیر پا
تیرے کوچے مین قدم رکھنے کا ہی مجکو گناہ	سر مرا کیون کاٹتا ہی چاہیے تعزیر پا
کوے جانانسے نکلنے کا کیا مین نے جو قصد	سو گئے اُٹھنے سے پہلے دیکھنا تزویر پا
سبز سے سرخ ایکدم مین ہوگیا رنگ حنا	اسقدر رکھتا ہی تاثیر وہ پری تسخیر پا

سید غالب علی شمیم ولد سید حیدر بخش باشندہ بنارس صاحب دیوان شاگرد مرزا الطاف حسین

مین نہین گوشہ نشین ہون باعث تقصیر پا	ناتوانی ہوگئی ہی باعث زنجیر پا
رہبر اہل جنون ہوتے ہین اسباب جنون	پیچھے پیچھے ہم ہین آگے نالۂ زنجیر پا
عزم کوے یار ہی لیکن قدم اُٹھتا نہین	یہ قصور ناتوانی ہی نہین تقصیر پا
پھاڑکر دامن کو لازم باندھنا ہی اے شمیم	ہی ابھی قسمت مین گردش چاہیے تدبیر پا

میان یحیی خان عرف قلندر بخش جرأت ولد حافظ امان باشندہ دہلی مقیم لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد رشید مرزا جعفر علی حسرت

تلوے ہون ایسے کیونکہ فراموش نقش پا	دیکھے سے جسکے صاف گیا ہوش نقش پا
افتادہ رہگذر مین یہ حیران ہی جو آہ	شاید کہ لیگیا ہی کوئی ہوش نقش پا
جرأت مالغت ہی گراُس گلی کے بیچ	آگے سے کم ہوا ہی کچھ اب جوش نقش پا

شیخ ولی اللہ محب صاحب دیوان باشندہ دہلی

قالین کی ہی بہار ترا جوش نقش پا
کیا کیا نہ رنگ گل ہی ہم آغوش نقش پا
آسودگان خاک سے ہی دور شور حشر
ہوتے نہین کبھی ... گوش نقش پا

ردیف پا

مرزا جعفر علی حسرت

رقت تا وہان سراغ ہی مجہہ خاکسار کا	جس جا نہ نقش پا ملے از جوش نقش پا

افتخار الدولہ معین الملک قمر الدین خان بہادر صولت جنگ عرف مرزا حاجی نائب اول مرزا غازی الدین حیدر بادشاہ قمر تخلص خلف منشی مرزا جعفر استاد بیلی صاحب رزیڈنس لکھنؤ صاحب دیوان ہندی و فارسی شاگرد مرزا قتیل

ازبسکہ اُسکے کوچے مین ہی جوش نقش پا	چھلتا ہر گڑے سے دوش کے ہی دوش نقش پا
افتادگی کا بار اُٹھایا ہی دوش پر	یہ بار دیکھو اور تن و توش نقش پا
کردن کشون کا سر ہو گا خاک راہ	کرتا ہی یہ بیان لب خاموش نقش پا
دیکھے بغور ہمسے جو واماندگان کا حال	واماندگی ہو اپنی فراموش نقش پا
جس جا قدم پڑا ہی قمر میرے ماہ کا	مطلع ہی آفتاب کا آغوش نقش پا

میر حسن صاحب دیوان اور مثنوی پدر میر خلف میر ضاحک باشندہ لکھنؤ شاگرد میر ضیاء الدین ضیا

افتادگی جو چاہیے تو کر ہوش نقش پا	آئینہ خاکسارونکا ہی دوش نقش پا
ازبسکہ گرم رو گئے ہین رہرو عدم	شاہد ہی اُنکے حال کا یان جوش نقش پا
وہ مست جو گیا ہی اُسے چھوڑ راہ مین	تکتا ہی دیکھ دیکھ مدہوش نقش پا
کچھ تو صدا ہے آہ یہ خاک ہی کہ جو	اُودھر کو لگ رہا ہی حسن گوش نقش پا

نواب منصور خان مغفور مہر خلف نواب محبت خان بن حافظ الملک حافظ رحمت خان صوبہ دار کٹیھر باشندہ بریلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد قلندر بخش جرأت

خاک اپنی اس لیے ہوئی ہمدوش نقش پا	شاید ہو پائون اُسکا ہم آغوش نقش پا

نواب ظفریاب خان راقم خلف
نامیان اولاد مین حافظ الملک حافظ رحمت خان
صوبہ دار کیہر باشندہ بریلی مقیم لکھنؤ
صاحب دیوان شاگرد رشید نواب منصور خان ہم

روشن کے ہاتھ سے نہین پاسکے فراغ یا
دم بدم سے ہم سے کہتے ہین ہون دامن داغ یا
ٹھوکر دربان کو ہرگز سے آہ ہمکو کمال یا
جو ہم پہ چڑھ نہین سکے تو ہو سکے جراغ یا
اسکا سر غرور ہی اب آسمان پر
رکھتا نہین زمین پہ وہ بہر دماغ یا
ہر دیا مین شمع سان تری محفل مین ہمکو
سر کاٹ اس کے ہیچ و سیاہ کے داغ یا
راقم سے جنون مین دشت مرا ہی وہ کہ
رکھتا نہین ہی جس مین کوئی بوم و زاغ یا

بیخود تخلص قدما مین ہین ذرا کچھ حال معلوم نہو
کیسے ایدر دیرسے ہی سراغ یا
آبیٹھے تیرے کوچے مین تیرا سراغ یا

شاعر نامی غلام ہمدانی مرحوم مصحفی ولد ولی محمد

باہر رکھون نہ بزم سے ای رشک باغ یا	جون شمع سر کے گل سے کرون تا نہ داغ یا
کرتے مین ہمارے معاند سمجھ کے قتل	ہر گھر مین دیکھ بھال کے رکھتا ہی زاغ یا
دل تفتگانکے خاک سے ہی آبلے کا خوف	رکھتا نہین ہی کچھ وہ زراہ دماغ یا
روشندلونکا حد سے نہ بڑھکر قدم پڑے	باہر رکھے نہ سائے سے اپنے چراغ یا
پیدست دیا نہ صاحب کیفیتون کو جان	ہی دست میکشونکا برا سے ایاغ یا
سودا ہی زلف یار مین گم گشتہ دلکا	پھر گھر مین کیون رکھے ہی تو پھر سراغ یا

شاعر نامی یحیی مان سوف قلندر بخش مرحوم جرأت ولد حافظ مان دہلوی مقیم لکھنؤ

صاحب دیوان شاگرد حسرت

دشت سخن مین رکھیو نہ تو بے سراغ یا	ہووئیگا ورنہ توسن معنی چراغ یا
رنگ حنا سے شوخ کے ہر جا فصل مین	رشک بہار رہا تھا ہین اور رشک باغ یا
نکہت سے ہون گلون کی حواس اپنے منتشر	تجھ بن رکھین چمن مین جو ہم بیدماغ یا
مانند گل شگفتہ ہو ہر داغ سینے پر	رکھدے جو اپنی چھاتی پہ وہ رشک باغ یا
ای گل نہ اپنی بزم مین آنے دے غیر کو	بہتر یہ ہی کہ باغ مین رکھے نہ زاغ یا
جرأت بہت یہ چرخ گردون ہی تنگ یان	پھیلائے کیونکہ کوئی بعیش و فراغ یا

مرزا جعفر علی مرحوم حسرت ولد ابو الخیر دہلوی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد سنگہ دیوانہ

دونون جہانکی قید سے ہیئے فراغ یا	آبیٹھے راہ دوست مین اسکا سراغ یا
غنچے کے دلکو خون کرے یہ رنگ رو ترا	رنگ حنا سے دیوے ہی لالے کو داغ یا

یا

شاعر نامی مرزا محمد رفیع سودا مرحوم ... صاحب دیوان

غلام علی ... مصحفی ... صاحب دیوان ... یا

... عشق ... یا

... بیدماغ یا

رنگین سے ہر خار بیابان ہوا ہی | چھل چھل کے ہوا زخم ہر اک آبلۂ پا
زنجیر کی حاجت نہ اُنھین قید کی حاجت | الفت تری جن لوگون کو ہی سلسلۂ پا
ہر چند گرفتار ہین زنجیر جنون مین | جاتا ہی لیے دشت کو پر ولولۂ پا
تنہا تو ارادہ جو کرے ملک عدم کا | منزل سے کچھ اتنا تو نہین فاصلۂ پا

نواب مرزا تقی مغفور ہوس خلف نواب مرزا علیخان مقیم لکھنؤ صاحب دیوان انکی ہر غزل مین مضمون لیلی مجنون کا ضرور ہوتا ہی اور مثنوی لیلی مجنون انکے یادگار ہی شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

اب خار مغیلان سے ہی بیجا گلۂ پا | پھوٹے ہین مدد انکی سے سب آبلۂ پا
دن حشر کے کوئی شور قیامت نہ سنے گا | جسوقت ہلا دینگے ہم سلسلۂ پا
کی راہ محبت مین مشقت جو اُنھون نے | اتنا ہمین معلوم نہ تھا حوصلۂ پا
طی کر نہ سکے گرم روان دشت محبت | اس راہ مین چل چل کے تھکے قافلۂ پا
ہم جا نہین سکتے ہین ہوس شرم کے مارے | ہر چند گھر اُسکا ہی بہ یک فاصلۂ پا

مظفر علیخان مرحوم مظفر خلف غلام علیخان بن بھکاری خان باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان شاگرد میر تقی میر

مانع نہین چلنے کا مرے سلسلۂ پا | پر رکھنے نہین دیتا قدم آبلۂ پا
کیا پوچھتے ہو فرق وجود او رعدم کا | گر غور سے دیکھو تو ہی اک فاصلۂ پا
پھرتا ہی لیے آٹھ پہر مجھکو مظفر | کس سے مین کرون جاکے اب اپنا گلۂ پا

محسن

خواب مین آئے اگر فرش مشجر زیر پا / میری قسمت سے بنے ہر برگ خنجر زیر پا

آبلہ پائی کی آسایش جسے حاصل ہوئی / جانتا ہی آبلے کو بالشِ پر زیر پا

صورتِ دامانِ گل دل ہوگیا بس چاک چاک / آگیا ہی باغ مین بلبل کا جب پر زیر پا

نور سے تیری کمت پاکے عجب کیا جو بنے / خاک کا ہر ذرہ خورشید منور زیر پا

ہی یہی تعبیر سر پر آئے گی کالی بلا / خواب مین دیکھی ہی شب زلفِ معنبر زیر پا

جس نے کی ہی سایہ سان وضعِ ملائم اختیار / سختیِ ایام سے ٹوٹی نہ دیگر زیر پا

ہی کہان وہ شوکت و دارائی و جاہ و حشم / سیکڑون کے آگئی قبرِ سکندر زیر پا

سیکڑون کٹ جائینگے سر صورتِ نخلِ حنا / یون نہ ملیے منحدی ای ترک ستمگر زیر پا

واہ رے پاسِ ادب کوسون پھرا ہون دور دور / تا نہ آئے سایۂ دیوارِ دلبر زیر پا

قدر نیکو تکی نہ ہو کم لاکھ وہ پامال ہون / آبرو جاتی نہین گو آئے گوہر زیر پا

ساقیا ایسی پلادے مے رہے باقی نہ ہوش / ہو سبو سے بادہ سر پر اور ساغر زیر پا

خلق عالم مین نہوگا کوئی مجھسا مستحکام / زہر میٹھا بنگیا آئی جو شکر زیر پا

کل بسِ انکی خاک سے کانٹے اگین گے دیکھنا / آج جو رکھتے نہین برگِ گل تر زیر پا

منکسر کرتی ہی آخر صحبتِ اہلِ کمال / دو پہر کو سایہ آجاے ستمگر زیر پا

رزق اپنا آسیا سان منحصر گردش مین ہی / ہی لکھا شاید مرا خط مقدر زیر پا

تیرہ بختی سے مرے وہ بن گیا سنگ سیاہ / جب کبھی آیا ہی عالی سنگِ مرمر زیر پا

مولف تذکرہ سید محسن علی محسن ولد سید شاہ حسین حقیقت باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر او میر علی اوسط رشک

زور ایسی لاغری کا اے جنون ایسا بڑہتا — ساتھ بیڑی کے چلا آتا ہی لنگر زیر پا
سر پہ رکھین چوم کر اُسکو ادب سے ساتیا — راہ مین ٹوٹا ہوا آئے جو ساغر زیر پا
فیض ہی تیرے قدم کا موج زن ای بحر آرا — گر صدف آجاے تو بنجائے گوہر زیر پا
نقش پا سپنے مجھے ایسا ہونین ضعیف — زندہ رہ جاون اگر قسمت سے بجکر زیر پا
موج سے بڑہکر لطافت مین ہی انگلی پانؤ کی — ہی پیا بڑی یا حباب آب کوثر زیر پا
کیا ہی رنگ اپنا جمائین ہم حنا کیطرح سے — کاش پہونچا ہے ہمین رنگ مقدر زیر پا
عشق مین اُس کے لگے ہر ابسکی نظر مین خار ہیچ — کوئی بھی لاتا نہین کانٹا سمجھکر زیر پا
آئیگا میرے بیابان مین جو وہ شیرین ادا — ریگ بنجائے گی رشک خام شکر زیر پا
جس زمین پر تم قدم رکھو بنے وہ آسمان — ذرہ ہاے خاک چمکین بنکے اختر زیر پا
ای پری قمری اُسے شمشاد سمجھے باغ مین — تو جو لاے سایۂ نخل صنوبر زیر پا
گورے گورے پانؤ مین یہ رنگ مہندی کا نہین — صبح جنت کی شفق رکھتا ہی دلبر زیر پا
اُسکے ہم وار فتۂ رفتار محسن کیون نہون — سنگ آکر بولتے تھے جیکے اکثر زیر پا

ایڑیان

شیر بیشۂ سخن شیخ امام بخش ناسخ خلف شیخ خدا بخش باشندۂ لاہور مقیم لکھنو
تین دیوان اُنسے یادگار ہین

ایسے پنچے ہین نہ ہین ایسی بشر کی ایڑیان — پنجۂ خورشید کے نیچے قمر کی ایڑیان
نقرئی تھین پہ ہوئین جہاد بیسے زر کی ایڑیان — کسقدر نازک ہین میرے سیمبر کی ایڑیان

ایڑیان اسمٰعیل

مسجد اقصٰی سے پہونچا عرش اعلٰی تک براق
چھو گئین ناسخ شہ شاہ بحر و بر کی ایڑیان

فدا حسین فدا خلف شیخ کریم اللہ
باشندۂ قصبۂ دیبا کا ضلع بلند شہر
صاحب دیوان شاگرد نواب مصطفٰی خان شیفتہ

شاگرد خواجہ وزیر

سید محسن علی محسن ولد سید ...

ایڑیان ہمنے رگڑکر زیست کی اپنی بسر — جب سے دیکھین ای قدا اُس فتنہ گر کی ایڑیان

حکیم وحید احمد خان وحید ولد حکیم سعید احمد خان بن حاذق الملک عبد اللہ خان
باشندہ بدایون واقع رہیل کھنڈ ملازم راجہ بھرت پور صاحب دیوان

ہین جو منصوری سے مذہب سیمبر کی ایڑیان — کب خدا دکھلا سے اُس رشک قمر کی ایڑیان

ذبح کرکے مجکو ای قاتل تو جاتا ہی کہان — کچھ رگڑنا دیکھ لے مجھ نوحہ گر کی ایڑیان

لب اگر ہین یاقوت دندان در ہین سیمین ساق ہین — پنجۂ مرجان کے پنجے اور زر کی ایڑیان

استقدر دوڑا یا ہین نے اُسکو شوق خط مین آہ — گھس گئین آخر کو میرے نامہ بر کی ایڑیان

اُس جگہ پہونچے تصور سے نہ ہے قسمت وحید — شل رہی ہو جائین جہان پیک نظر کی ایڑیان

امیر علی خان ہلال خلف تراب خان باشندہ لکھنو صاحب دیوان شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

کو ٹھے سے دکھلا رہا ہی آج قاتل ایڑیان — راہ رو کیونکر نہ رگڑین مثل بسمل ایڑیان

کفش زرین جب پہنکر جاتے ہین گلگشت کو — پیستی ہین سینہ نین مثل حنا دل ایڑیان

یون ہی ان مین داغ لگ جائیگا تم رہنے تو دو — سیب ترسے کرتے ہو ناحق مقابل ایڑیان

گھنگرو بولین نیم جانونکے ترے قدمون تلے — تو ہی قاتل ہین اسی جیسا گل کے قابل ایڑیان

رات دن اندھیر ہی رکھتے ہین وہ پھیلا کے پاؤن — نور ماہ و مہر کردیتی ہین زائل ایڑیان

آج کل وہ سرو قد چلنے لگا پنجونکے بل — اتبو سوے عالم بالا ہین مائل ایڑیان

دیکھو تو دھوتا ہی کیا بڑھ بڑھ کے دستِ موج بھی — لاؤ تو اک روز تا دامان ساحل ایڑیان

کیا سراپا نور ہی تو ای ملک سیرت بشر — رنگ رو سے حور کردیتی ہین زائل ایڑیان

ایڑیان

تلوے

شیخ عبدالغنی غنی تخلص ولد شیخ عبدالصمد ساکن کانپور شاگرد مولوی ہادی علی اشک

جنت مین نہین ایسے کسی حور کے تلوے	اللہ نے بنائے ہین ترے نور کے تلوے
مین ایڑیان اُسوقت رگڑتا ہون زمین پر	یاد آتے ہین جب خواب مین اُس حور کے تلوے
اے شوق محبت جو قدم رنجہ کرے وہ	آنکھون سے لگاون بہت مغرور کے تلوے
ساق شجر نور ہی وہ ساق بلورین	لاریب ہین برگ شجر طور کے تلوے
ای جوش جنون ابتو یہی وقت مدد ہی	کھجلاتے ہین پھر عاشق مجبور کے تلوے
شفاف ہین اسدرجہ کہ دیکھے نہین ایسے	گویا کہ بنے ہین ترے بلور کے تلوے
سرگرم محبت مین ہین تلوو ٹنے لگی ہی	کیونکر نہ جلین عاشق مہجور کے تلوے
چھائی ہی بہت خاک جو صحرا ے جنون کی	چھلتے ہین سراپا ترے رنجور کے تلوے
فیض قدم اہل حق اللہ رے اللہ	آنکھون سے لگائے گئے منصور کے تلوے
اُڑ جاتا ہی نقش کف پا لوح لحد سے	ای رشک پری ہین ترے کافور کے تلوے
دیکھا مہ تابان کو غنی خواب مین شبکو	آنکھون سے ملونگا مین کسی حور کے تلوے

سید آغا حسن موسوی امانت خلف میر آغا باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان
شاگرد رشید میان دلگیر مرثیہ گو

ایسے پر نور نہین دیکھے ہین پیارے تلوے	عارض حور سے بہتر ہین تمہارے تلوے
ہی ضیا روے زمین پر ترے قدمو ٹنے لگی	فلک حسن کے ثابت ہین ستارے تلوے

تلوے — امانت

وحشت پہ عداوت ہی کیا شہر کا چلنا ہی محال
آدھی دو راستے مین زخمی ہوے سارے تلوے
آئینہ بن ہی صفائی مین بلور ہین اب
پشت پا سے نظر آتے ہین تمہارے تلوے
آئی جب فصل جنون اُٹھ گئے صحرا کو قدم
دیدۂ دل سے سمجھتے ہین اشارے تلوے
[illegible]

ڈھنگ مین پاے لگا رین ہین وہ لوح یاقوت — بلکہ ہین رنگ مین یاقوت سے اچھے تلوے
کبک و طاؤس چلین خاک تمھارے آگے — ایسے پنجے کسی نے پاے نہ ایسے تلوے
دشت پرخار مین کیا پھر ہین دوڑا ٹھنگے — پھر کچھ ان روزونین کھجلاتے ہین اپنے تلوے
آبلے خار بیابان سے ٹپکا ڈاسے ہین — ابتدا ای جوش جنون ہو گئے پھوڑے تلوے
رنگ رخسار پری جیسے اڑا جاتا ہی — پاے ہین تم نے وہ دنیا مین انوکھے تلوے
اجو وہ نام خدا چلتے ہین پنجو نکے بل — رہتے ہین روے زمین سے بہت اونچے تلوے
فرق و ذات کے مانند ہی انکین انکین — کیون ملاتے ہو رخ شمس و قمر سے تلوے
ہاتھ اس جیم پہ اس شوخ نے تلوا سے ہین — شب وصلت مین ذرا چھو جو گئے تھے تلوے
منھدی ملتا ہی جو وہ شوخ تو چھل جاتے ہین — ایسے نازک تو کسی کے نہین دیکھے تلوے
ای ہلال ابکی ہوا ماہ صفر غربت مین — چلے آیئنہ یہان دیکھو گے کیسے تلوے

سردار مرزا سردار تخلص خلف الرشید سید محمد طبا طبائی باشندهٔ لکھنؤ
شاگرد خواجۂ وزیر وزیر

ای قمر ہین ترے مہتاب سے بہتر تلوے — صاف آتے ہین نظر مہر منور تلوے
میرے گھر مین جو قدم رنجہ کرین آپ کبھی — اپنے آنکھون سے لگایا کرون دن بھر تلوے
مژدہ ای جوش جنون دشت مین آئی ہی بہار — پھر کھجاتے ہین کئے دن سے برابر تلوے
بس گئے عطر حنا سے گل قالین سارے — رکھدئے تم نے جو ای جان معطر تلوے
گل گلشن کا شرف دشت نوردی سے ملا — چھد کے کانٹون سے بنے لالۂ احمر تلوے

تلوے

قطعہ تاریخ انطباع کتاب از نتائج طبع محسن

نقش پا سے ترے بس جائین نہ کیونکر کلیان
گل جنت سے زیادہ ہین معطر تلوے

بلبلین دیکھ جو لین باغ مین دھو دھو کے پئین
نکلے سیست کے آنے سے گل تر تلوے

شاید آ پہونچی ہی پھر دشت نوردی کی بہار
کچھ تو ہی وجہ جو کھجلاتے ہین اکثر تلوے

کام کر جاتے ہین بچھونکا دل عاشق پر
پائنچے سے کبھی ہوتے ہین جو باہر تلوے

جب کبھی دشت تصور سے ذرا سہلایا
بولے وہ ناز سے میرے نہین تیرے تلوے

رات دن آگ کے مانند جلا کرتے ہین
گبر سے کہد و کہ پوجے مرے آکر تلوے

کف افسوس ملین شرم سے پھر منھ نہ دکھائین
خوبرویون کو دکھا دے جو وہ دلبر تلوے

چھو لیے جس نے ہوا قتل وہ ای ظلم شعار
کیا لکیرون کے عوض رکھتے ہین خنجر تلوے

قصد چلنے کا کرین ہم جو ترے کوچے سے
پاؤن اٹھین بھی تو رہ جائین چمٹکر تلوے

ای جنون تو جو سلامت ہو تو یہ خار ہین کیا
نشترون سے بھی نہ ہونگے کبھی باہر تلوے

ہو رہے نقش کف پا کا گمان ہو سبکو
خاک پر گر کبھی رکھین ترے لاغر تلوے

کر دعا خالق اکبر سے یہی ای محسن
جب تلک جسم مین انسانکے رہین سر تلوے

ہر مبصر کو رہین مثل بصارت یہ عزیز
چشم حاسد مین ہون نشتر کے برابر تلوے

حرف منقوط مین تاریخ سنا کر یہ کہو
اوس ستمگار کی آنکھون سے لگا کر تلوے

اور کیا چاہیے ہو اسکے سوا ای پیارے
پلے تو حور کے چہرے سے بھی بہتر تلوے
۱۲۹۹

تمت

قطعہ تاریخ از نتائج طبع ... فرمودہ مصنف

تاریخ

قطعہ تاریخ از شاہ غلام اعظم افضل

بدوے خواستم چو از افضل	گفت دل نسخۂ سرور افزا ۱۲۶۹

قطعۂ تاریخ از لالہ رام سہاے رونق شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

میر محسن علی بباغ جہان	باد خندان چو گل بعز و وقار
کرد تالیف طرفہ تذکرہ	کہ نظیرش ندیدکس زنہار
ہر ورق رشک تختۂ گلشن	صفحہ اش رونقش نسیم بہار
لطف الحان درین چمن پیداست	از ہمہ طوطیان شکر بار
رنگ و بوے دگر بہر شعر است	طرفہ گلدستہ الیست از اشعار
بہر تاریخ او ز اہل سخن	بود ہر ایک غزل سرا چو ہزار
کلک رونق بدیہ کرد رقم	از ریاحین پر ست این گلزار ۱۲۶۹

ایضاً

سید محسن علی نمود آن تالیف	نو تذکرہ کزو ہویدا حسن ست
ہر مصرع دراوست غیرت سروقدان	ہر بیت چو ابروبتان با حسن ست
شیرازۂ او بود زجعد خوبان	از ہر صفحات صاف پیدا حسن ست
رونق چون کرد فکر تاریخ خرد	فرمود کتاب با سراپا سخن ست ۱۲۶۹

قطعۂ تاریخ طبعزاد مرزا علی حسین کیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

محسن علی صاحب چو این تالیف کرد	شد احسن و مرغوب برحق تذکرہ
شد معجم و مہمل دو تاریخش رقم	زیب و سرور عصر و رونق تذکرہ ۱۲۶۹

تاریخ

سراپا سخن داشتہ نام آن

سراپا سخن از زبان عجم

قطعۂ تاریخ فرمودہ ... شاگرد رشید محمد اصغر علیخان نسیم دہلوی

عجب تذکرہ جمع گردید الکنون

قطعۂ تاریخ میرزا محمد رضا خان برق

[illegible]

میر محسن علی رقم فرمود	تذکرہ بہر ساکنان ہند
اختراع عجیب وطرز جدید	یادگار است درمیان ہند
گل تازہ زنخل فکر شگفت	شد معطر دماغ جان ہند
ہر گل رنگ وبو دگر دارد	این سراپاست بوستان ہند
سال اتمام گفت طبع بہار	شجرۂ عہد شاعران ہند

قطعہ تاریخ طبعزاد محمد حسن خان طبیب تخلص باشندۂ فرخ آباد شاگرد منیر

واہ رے مضمون رنگین خوش لکہا ہے لطیف	لوگ اگر اسکو کہین رشک چمن ہی بیجا
مصرع تاریخ ہاتف نے کہا یہ ای طبیب	یادگار طبع ارباب سخن ہی یہ بجا

ایضاً در صنعت بینہ

میرے مشفق نے لکہا ہی تذکرہ کس طور کا	ہو سکے کیونکر کسی سے ای طبیب اسکا جواب
ہی شمار بیّنہ سے مصرع سال آشکار	واہ دیکہا تذکرہ وہ شاعر ونکالا جواب

قطعہ تاریخ طبعزاد شیخ فدا حسین تخلص فدا ساکن قصبۂ دبیائی ضلع بلند شہر وکیل عدالت میرٹھ

کیا تذکرہ لطیف ونادر	محسن نے فدا رقم کیا ہی
کیا حسن معانی ہی سراپا	ہر حرف پہ اُسکے جان فدا ہی
گویا ہی خزینہ جواہر	جو لفظ ہی لعل بے بہا ہی
ہی دافع دردہاے عشاق	نسخہ نہین نسخۂ شفا ہی

تاریخ محسن

اک یہ ہی اس کا فیض صحبت
جو بات ہی اُسکی کیمیا ہی
ہی محسن شاعران دوران
تب اُس سے یہ تذکرہ لکہا ہی
محتاج ہین کر لکہون اسکی تاریخ
جس سال ہین مختتم ہوا ہی
ہاتف نے کہا زروی احسنت
از بس یہ بیاض دلکشا ہی
۱۲۹۹

قطعہ تاریخ طبعزاد شیخ نظام الدین نظامی باشندۂ قصبۂ دبیا ضلع بلندشہر

برکت تا محسن علی رنگ بیان شاعران
تامہ او علم رت صد تو رہا اعجاز
بیاض صبح بیناز دبیاض تامہ اش
باسواد کاکل لیلی سواد حسن
جلوہ گاہ صد ہزاران نوعروسان معنی
آسمان صد فلک نور شید وماہ ومحسنت
وسیم از

قطعهٔ تاریخ طبع زاد امراؤ ناتھ اکبری مخلص دیوان سرکار مہاراجہ رنجیت سنگھ والی لاہور

[illegible] فانوس خیالات [illegible] حسن مقالات [illegible] نظامی [illegible] حشمت [illegible] سخن کا [illegible] خورشید کمالات [illegible] محسن علی [illegible]

چو این نسخهٔ [illegible]
سراپا سخن شد عیان
ملک سال تالیفش گفت از فلک
سراپا سخن یادگار جہان ۱۲۹۹

قطعهٔ تاریخ طبع زاد سید آغا جان ضبط شاگرد میر ہادی علی بیخود

ایضاً

وستہ از یاسمین وضیمران ونسترن | نی کہ دستنبویہ از کافور و مشک و عنبر است
شاعر رنگین رقم یعنی نظامی کز زبان | ہر چہ گوید خوشتر از صد نغمۂ جان پرور است
زد نوای سال اتمامش برنگ عندلیب | از حروف معجمہ کز گلستان بہتر است ۱۲۹۹

ایضاً

در گلستان معانی محسن رنگین کلام | تا فشاندست تازه گلبن از بہار فکر
نی بیان نکتہ سنجان زد رقم بل ریختہ | گوہر شاداب دستار ابر گوہر بار فکر
نامۂ نو طرز را ہم وا و رنگ گلستان | کرد روشن بزم اہل معنی از انوار فکر
ای نظامی عندلیب خوشنوای گلکہن | سال اتمامش بگفتا حبذا گلزار فکر ۱۲۹۹

ایضاً

میر محسن علی پاک گہر | نکتہ دان نکتہ سنج نکتہ نگار
کز پی گلشن بلاغت نظم | جنبش کلک اوست باد بہار
وز پی دامن فصاحت نثر | طبع او ہست ابر گوہر بار
نظم او رشک صد فلک پروین | نثر او را ہزار نثرہ نثار
تا بہ تذکیرہ ذکر اہل سخن | نقش زد در مرقع گفتار
وہ چہ ارژنگ پیکر معنی | وہ چہ باغ گل ہمیشہ بہار
کان یاقوت و لعل شاداب است | معدن جوہر و در شہوار
ای نظامی گہر فشان کلکم | گفت سالش کہ مخزن اشعار ۱۲۹۹

تاریخ

[illegible]

ایضاً

[illegible]

[illegible]

درسخن فہمی و اخلاق و محبت لاریب	کس نہ دیدست در آفاق جواب محسن
کرد ترتیب عجب تذکرۂ اہل زبان	کہ ازان گشت عیان رأے صواب محسن
گفت تاریخ چہ خوش از سر انصاف عشقی	این سراپا سخن ایجاد جناب محسن ۱۲۶۹

قطعۂ تاریخ طبع زاد نور العین سید محمد حسین محمد طولعمرہ

والد من چون نوشت این تذکرہ	ہست ہر یک مصرعش برجستہ
سال ختمش عندلیب طبع گفت	از گل معنیست این گلدستہ ۱۲۶۹

قطعۂ تاریخ فرمودہ لالہ دھنپت راے زار شاگرد خواجہ وزیر وزیر

میر حسن نے لکھا تذکرہ ایسا دلچسپ	مثل محبوب ہوا زیب کنار عالم
زار اب مصرع برجستۂ تاریخ لکھوں	یہ ہی بے شبہہ گلستان بہار عالم ۱۲۶۹

قطعۂ تاریخ طبع زاد عبد الرحیم خان رحیم شاگرد میر بادشاہ علی تجوید

کیا تذکرہ لکھا ہی یہ محسن نے ای رحیم	ہر بیت جسکی کم نہین ابروے حور سے
کیا خوب اختتام کی تاریخ یہ ہوئی	یہ نور کا کلام ہی یہ شعر نور کے ۱۲۶۹

قطعۂ تاریخ طبع زاد اشرف علی اشرف شاگرد محمد اصغر علیخان نسیم

نہین ایک صورت پہ دور فلک	شب و روز ہی اک نیا سلسلا
کوئی محو راحت کوئی محو غم	کسی کو کسی سے ہی کچھ واسطا
کہین یاد دنیا مین جوش طرب	کوئی خوف عقبی سے ہی پارسا
کوئی آستان بوس دلدار ہی	در شاہ پہ ہی کوئی جبہہ سا

تاریخ

نمایش ہوئی قدر اشرف نسخہ
ہوا تاز بر دار فلک سر
یہ سال لکھ کلک زیبا رقم
سراپاے خوبان رنگین ادا ۱۲۶۹

خاتمة الطبع منقول از مطبوعہ ناطق
طبع زاد شاعر جادو بیان استاد زمان
محمد اصغر علیخان نسیم

میر محسن علی حمیدہ صفات
لطف رکھتی ہی انکی ہر ہر بات
صاحب خلق جامع اوصاف
صورت آدمی طبیعت صاف
انکی ہی نظم نثر بھی خوب
دونون فن اسکے خلق کو مرغوب
الغرض اسکے دلمین یون آیا
شعرا کا کلام منگوایا
فکر صافی سے اُس نے دی ترتیب
شکل پیدا ہوئی عجیب و غریب

واہ کیا تذکرہ کہ جسکی دھوم
ہند کے ملک سے گئی تا روم

اک جہان کو پسند دل آیا
ایسا بھایا کہ پھر نہ کچھ بھایا

تذکرے اور بھی ہین یہ ہی اور
شائق اس مین اگر کرینگے غور

حظ وافر اُٹھائینگے کیا کیا
لطف لذا اس مین پائینگے کیا کیا

سچ تو یہ ہی کہ جتنے ہین اُستاد
ہی ہر اک کا نئی طرح ایجاد

سو وہ سب اِس مین آشکارا ہی
ادب آموز ہر اشنا را ہی

جو اِسے دیکھیے از تہیۂ دل
چند ون ہین ہو شاعر کامل

لطف پیدا کرے کلام اُسکا
ملک و اطراف مین ہو نام اُسکا

دولت لازوال مہمان ہی
جلد لے لو متاع ارزان ہی

اب قلم اور رنگ لاتا ہی
اک فسانہ نیا سناتا ہی

صاحب مطبع او دھ اخبار
با دل شاد و طبع گو ہر بار

یون مؤلف سے گرم شوق ہوے
ابتو کچھ ہم بھی محو ذوق ہوے

لائے تذکرہ کہ وہ چھپ جاے
رونق طبع بھی مزا دکھلاے

سن کے ایسا کلام بر جستہ
وہ اُٹھا لائے جلد سر بستہ

جب وہ آئی ملاحظے مین تمام
التفات نظر ہوا انعام

شکل مضمون بہت پسند آئی
ہر سخن نے بہار دکھلائی

کیون نہو قدر دان کہان ایسا
واقعی مہربان کہان ایسا

قطعہ تاریخ طبعزاد تدبیر الدولہ منشی مظفر علیخان بہادر اسیر شاگرد مصحفی

ایک ساعت نزہ سے خالی
چھپ گیا تذکرہ یہ نام ہوا
لکھ یہ ہی اب خزینۂ اشعار

تاریخ

قطعہ تاریخ مرزا اسد اللہ خان صاحب غالب دہلوی

سات اور سات ہوتے ہین چودہ	بہ امید سعادت افزائی
غرض اس سے ہین چادہ معصوم	جس سے ہی چشم جہان کو بینائی
اور بارہ امام ہین بارہ	جس سے ایمان کو ہی توانائی
انکو غالب یہ سال اچھا ہی	جو ائمہ کے ہین تولائی

قطعۂ تاریخ امیر علیخان ہلال شاگرد رشید میر علی اوسط رشک

چھپا میر محسن علی کے سبب	وہ نسخہ کہ ہین جس مین زیبا سخن
لکھوای ہلال اسکی تاریخ طبع	چھپا نور کا یہ سراپا سخن

قطعۂ تاریخ فرمودۂ میر علی ضامن شوق خلف الرشید میر علی اوسط رشک

آن محسن و مستجمع اخلاق و کرم	تلمیذ امام شعرای اردو
از سعی بلیغ خویش یکجا فرمود	ترصیع کلام شعرای اردو
من بعد چو خواست طبع آن مخزن حسن	دارندۂ نام شعرای اردو
ہاتف از شوق گفت فصلی اعداد	شد طبع کلام شعرای اردو

قطعۂ تاریخ طبعزاد محمد عبد البصیر بلگرامی حضور تخلص شاگرد میر وزیر صبا

سراپای سخن مطبوع گشتست	کسی این تہنیت گفتی بمن دوش
حضور این طرفہ سال طبع گفتم	جو گشتم ساعتے در فکر خاموش
حروف بے نقط بگذار اول	بس انگہ بنگری ای صاحب ہوش
ازین مصرع بخوان تاریخ طبعش	لب و رخسار و چشم و بینی و گوش

قطعۂ تاریخ … ضامن علی جلال … سراپای سخن … مطبوع … گفتہ جلال … طبع …

قطعۂ تاریخ … اسمعیل … طبعزاد … تخلص صاحب …

… این تذکرہ … چون بالکمال … شوق … سراپای سخن … نقش … صورت … ختم …

قطعۂ تاریخ … سال طبع …

فخر آباد … سراپا …

قطعۂ تاریخ … طبیب …

… مطبوع … سراپا … جب …

تاریخ سراپا سخن

تالیف یہ اسکی ہی کہ تعریف مین جسکی
ہر برگ زبان اور ہر اک غنچہ دہن ہی
صورت یہ ہوئی شہرۂ تمام شعرا کی
اس وجہ سے وہ محسن ارباب سخن ہی
ہر شعر ہر اک موجۂ دریاے معانی
ہر مصرعہ تر آبرو در عدن ہی
رنگینی اشعار کی کسطرح ہو تعریف
گلہاے معانی سے عیان صحن چمن ہی
ہر صفحہ ہی اسکا ورق گل سے برابر
ہر ایک ورق صفحۂ گلہاے سخن ہی
ہر سطر ہی ہر سطر نشان خط مضمون
جو نقطہ ہی وہ نافۂ آہوے ختن ہی
آمد کی یہ معنی ہین اسے کہتے ہین آمد
کس درجہ ہر اک شعر مین بیساختہ پن ہی
ہجری کی یہی ہی طیب اسکی یہ تاریخ
مضمون ہی یہ مجموعۂ شیرین سخن ہی

ایضاً

۱۲۹۰

سنہ

محمد رضا خان برق

[illegible] تذکرهٔ [illegible]

قطعهٔ تاریخ طبعزاد [illegible]

مطبع مصطفائی [illegible]

سال طبع تذکرهٔ این است [illegible]

[illegible]

سید محسن علی کے تذکرے کو دیکھکر	کچھ نہیں بھاتا کسیکو اب سواے ذکر شعر
ہجری و فصلی و تاریخ مسیحی ہو طبیب	رقم مضمون گو ہے منظوم نظم فکر شعر

قطعهٔ تاریخ طبعزاد مرزا علی حسین کیوان شاگرد شیخ امام بخش ناسخ

چہ اشعار مطبوع و رنگین	رضا مین گل نکتہ دانی
خرد کرد گلچین سال	گل باغبان معانی

قطعهٔ تاریخ طبعزاد شیخ نظام الدین نظامی باشندهٔ قصبه بیانی ضلع بلندشہر

محسن علی نے تذکرهٔ شاعران لکھا	اسنفت گو ہی مصحفی و ناسخ و رفیع
پوچھا جو میں نے آج نظامی سے سال طبع	بولا عجیب نسخہ ہی دلکش زہی بدیع

قطعهٔ تاریخ طبعزاد دیوان امرناتھ اکبری تخلص دیوان سرکار مہاراجہ رنجیت سنگھ والی لاہور

چو در لکھنؤ طبع شد این کتاب	باین خط و نظم فصاحت شعار
بگفتم من از لطف زیر لب	سراپا سخن جاودان یادگار

ایضاً

چو در لکھنؤ طبع شد این کتاب	ز شاخ قلم تازه شد این بہار
خرد زد رقم سال ختم این چنین	بدنیا سراپا سخن یادگار

قطعهٔ تاریخ طبع زاد میر زین نور شاگرد فتح الدوله مرزا

تاریخ

[illegible]

قطعهٔ تاریخ طبعزاد منشی جواہر سنگه جوہر محافظ دفتر محکمهٔ عالیه چیف کمشنر بہادر ملک اوده شاگرد خواجه وزیر وزیر

میر محسن علی شاعر خوش فکر و ذکی	چھپ چکا تذکره جس وقت سراپا اُنکا
فکر تاریخ ہوئی مجکو تو بولا یه سروش	کہیے جوہر که سراپا سخن روح افزا

قطعهٔ تاریخ طبعزاد لاله رام سہاے رونق شاگرد امام بخش ناسخ

میر محسن علی سراپا خلق	شاعر افصح و بلیغ و فرید
ساخت تالیف تذکره سجیح	که کسی مثل وے ندید و شنید
شد سراپا سخن ازان نامش	که سراپا از دست حسن پدید
گفت ہاتف که کن رقم تاریخ	صور حسن و عشق آن بکشید

ایضاً

چو تالیف نو میر محسن علی کرد	که لطف سخن هست از وے هویدا
رقم کرد تاریخ آن کلک رونق	مرقع سراپا ز حسن هست پیدا

ایضاً

شفیقے ساخت تالیفی که از وے	هویدا نو طلسم حسن و عشق است
بوقت طبع رونق گفت تاریخ	که پیدا نو طلسم حسن عشق است

ایضاً

چون شفیقی تذکره با طرز نو تالیف کرد	بیرقم گفت سال طبعش ای رونق بجو

تاریخ

از من بیچاره بپرفرا ایشن ... پیدا شد
یا سرا اخلاص کشادم زبان لال را
این چنین تاریخ طبعش گفتم از جوش طرب
سالها منصف با انصاف یاران قال را
در گذشته از سر چشم ...
افضل از این تذکره ...

قطعۂ تاریخ طبع از مولف

محسن یہ مین نول کشور ہیں سدا فیض انکا جہان مین برملا ہو
یارب دائم رہین خوش اقبال ہر نظم مری یہی دعا ہو
کیونکر نہون زیر بار منت مطبوع یہ تذکرہ کیا ہو
لکھ طبع کا سال تو بھی محسن زیبا یہ نظم دلربا ہو

کو درج کلاہ سراپا سخن ہی
ہم دفتر طبع ہی تحفہ سراپا سخن ہی
سراپا سخن کیسے مطبوع سراپا سخن ہی
عجیب داب ہر سراپا سخن ہی
سراپا سخن بھی عجیب سراپا سخن ہی

قطعۂ تاریخ طبع از مرزا ... شاگرد ...

ہست تاریخ سن طبعش اتم		یکہزار و دو صد و ہفتاد و ہفت ١٢٧٧

الیضاً

مطبوع ہوئی کتاب محسن		مشہور ہوئے جناب محسن
ہر فن مین اتم ہین وہ یکتا		عالم مین نہین جواب محسن
تاریخ سر بیان سے ہی یہ	١٢٧٧	ہی بے بدل انتخاب محسن ١٢٧٧

قطعۂ تاریخ طبع از شیخ الٰہی بخش عشقی شاگرد میر علی اوسط رشک

نول کشور نے چھاپا جو اس سراپا کو		ہر ایک بول اٹھا خوب لاجواب چھپا
کہی یہ عیسوی تاریخ طبع عشقی نے		کلام اہل زبان خوب انتخاب چھپا

الیضاً

زمانے مین ہی غل یہی چار سو		کہ مطبع سے نکلا سراپا سخن
کہی خوب تاریخ عشقی نے یہ		چھپا نور کا یہ سراپا سخن ١٢٧٧

قطعۂ تاریخ طبع از اشرف علی اشرف شاگرد محمد اصغر علیخان نسیم

در سراپا تذکرہ چون طبع گشت		بہر تاریخش شد اشرف تر زبان
جمع الفاظ سراپا کرد و گفت		زلف سر رخ لب جبین یا سال آن ١٢٧٧

قطعۂ تاریخ طبع از سید محمد حسین خلف مولف

چھپا تذکرہ کیسا ہی نام خدا		کہ ہر اک کو دلچسپ و مرغوب ہی
لکھو اب عیسوی مین یہ تاریخ طبع		سراپا سراپا سخن خوب ہی ١٨٦١

تاریخ

خاتمۃ الطبع

حمد و ثنا اس خالق ارض و سما کو ... سزاوار ہی جسنے ... جلوہ ... سراپا ... لطف ... حبیب ... ایک لفظ کن سے ... لائق آ ... اور نعت مصطفیٰ ... سید ... اشرف انبیا محمد مصطفیٰ ... جسکی شان مین ... لولاک لما خلقت الافلاک ... زبان ... اما بعد ... بفضل ... حسن ... مطبع ... صاحب ... تذکرہ ... بتاریخ ... مطابق ... [illegible]

دیوان عاشق - از پنڈت کنہیا لال -

دیوان واسطی - کلام سید فضل رسول خان تعلقدار سندیلہ -

دیوان ضامن - از سید ضامن علی شاہ -

دیوان شاگرد ناسخ - ایک ہم قافیہ و ہم بحر بمقابلہ غزلیات ناسخ لکھنوی از منشی ہر چند رائے -

دیوان چمنستان جوش - کلام نواب احمد حسن خان -

دیوان حمد ایزدی - کلام مفتی غلام سرور لاہوری -

دیوان سخاور - از منشی بختاور سنگھ -

مجمع الاشعار - چیدہ چیدہ استادوں کا کلام یکجائی اردو و فارسی -

حسن منظر - شعرائے نامی فارسی و اردو کا کلام چیدہ -

دیوان گویا - کلام فقیر محمد بہادر رسالدار متخلص بہ گویا -

گلدستۂ امانت - از مصنف اندر سبھا -

دیوان حیرت مصنفۂ حکیم حافظ عبد الرحمن خان -

توشۂ آخرت - چیدہ قصائد و غزلیات حمد و نعت مصنفۂ مولوی سید مظفر علی صاحب -

دیوان سخن دہلوی جلی قلم - نہایت بلیغ و فصیح از فخر الدین حسین متخلص بہ سخن -

دیوان میکش - جلد اول موسوم بہ میخانۂ عشق مولفۂ سورج بھان صاحب -

دیوان شہیدی - مولفۂ مولوی کرامت علیخان متخلص بہ شہیدی -

گلدستۂ حفیظ اللہ خان - اردو فارسی و اشعار مختلف اقسام کے مع فرہنگ جسکی خوبی دیکھنے پر موقوف ہے از مولوی حفیظ اللہ خان ساکن دہلی -

ترجمہ شرح قصائد عرفی - موسوم بہ عجیب و غریب از مولوی عبد المجید خان -

دیوان سحر سامری حصہ اول و دوم یکجائی - مصنفۂ منشی دیبی پرشاد متخلص بہ سحر بدایونی -

مثنویات

مثنوی بہارستان نادان - ترجمہ مثنوی غنیمت از منشی کامتا پرشاد -

مثنوی موجۂ تخم - مع مثنوی نالۂ حزین از گوپال سہائے -

مثنوی زینت انجمن - در مدح نواب غوث محمد خان والی جاورہ

مثنوی سعادتین - از منشی انوار حسین -

مثنوی دلاویز - از رشید الدین احمد خان لکھنوی -

مثنوی رموز العاشقین - معروف بہ تیرہ ماسہ از تصنیف حضرت طالب شاہ -

مثنوی حیرت افزا - مع غزلیات قاسم علی لکھنوی -

مثنوی طلسم جہان مصنفۂ سید فرخ حسین

مخمس کربلا مصنفۂ مولانا سید فضل حسین -

مثنوی در صفت کشمیر موسوم بہ جنت بینظیر مع لاونی بدھ گیان از شاعر باکمال سری کاشی گر مرلی خیال مصنف لاونی بنارسی معروف و لاثانی مطبوعہ غیر

مثنوی دریائے تعشق - از حضرت واجد علیشاہ -

مثنوی بلبل حیرت - تعریف مکانات اجودھیاپوری بنا کردہ مہاراجہ رام کشن سنگھ بہادر مصنفۂ منشی جواہر لال

مثنوی حور جنان - اسم تاریخی ہدیۂ حیدری از گلشن الدولہ مرزا علیخان -

مثنوی گلدستۂ سخن - در نعت از حب علی خان -
مسدس کریما - از میاں نظیر اکبر آبادی -
بارہ ماسہ دین سنگھ ہیڈ ماسٹر اسکول ضلع بہیلی -
اندر سبھا امانت - و مداری لال بالتصویر -
بارہ ماسہ برہ باریس - از منشی کنہیا لال -
بارہ ماسہ سندر کلی -
مجموعہ بارہ ماسہ و ماسبہ بنی ماد معروف خیر اشاد مقصود -
مثنوی گلزار نسیم - مشہور بہ نظم گل بکاولی -
مثنوی میر حسن دہلوی بالتصویر
مثنوی یوسف زلیخا - از استاد وقار -
ایضاً - منظوم از شاعر نازک خیال منشی نند کشور -
شرح یوسف زلیخا جامی - تصنیف ملا محمد شاہ جسکا ترجمہ
جناب مولانا ابو الحسن فرید آبادی نے فرمایا -
مثنوی خورشید روشن -
مثنوی دفتر سحر - مصنفہ منشی مرزا محمد عباس
متخلص بہ ہوش -
مثنوی گلشن عشق - در بیان واقعات راجہ نل
و چترسین از منشی عنایت اللہ صاحب -
نوید بخش - مصنفہ مشرف علیشاہ صاحب صوفی متخلص بہ شرف

واسوخت

مجموعۂ واسوخت کامل - از شاعران خوش فکر دو جلد
ہیں کہ جسکے آغاز ہر واسوخت میں نام شاعر و تخلص اور
نام اُنکے اُستاد کا مع مختصر حالات اُنکے لکھا ہے گویا اسکو
مجموعۂ تذکرہ شعرا بھی سمجھنا چاہیے -

واسوخت خرد امانت -
واسوخت بحر - از شیخ امداد علی -
واسوخت نظام رعنا - از نواب محمد مردان علیخان -
اجل نامہ - مصنفہ شیخ فدا حسین خان تخلص بہ ...
بطور واسوخت جدید الطبع -
واسوخت ناظم - از نواب محمد یوسف علیخان بہادر -
واسوخت ہلال - از مرزا احمد
واسوخت سپہر - از مرزا محمد عباس -
واسوخت لا ادری -
واسوخت شمیم - از منشی رام سروپ -
واسوخت نوائی - از پنڈت اجودھیا ناتھ -
واسوخت ہمت - از منشی ...
واسوخت فغان حیدر - از آغا حیدر علی بیگ دہلوی
ثانی واسوخت نمک - مصنفہ منشی ساجی مل برہمن
متخلص بہ نمک -
واسوخت حکیم - از سید غضنفر علی صاحب -
واسوخت مہر - مصنفہ عبد اللہ خان مہر
واسوخت صفیر - از سید فرزند احمد صاحب -
واسوخت جذب -
واسوخت قلق - از خواجہ اسد صاحب -
واسوخت عیش - از منشی فدا علی صاحب -
واسوخت عقیل - از شیخ محمد حسن صاحب -
واسوخت فدا ... - ان واسوخت مرقومہ بالا کے
علاوہ مجموعہ ... واسوخت اور بھی شامل ہیں)